مقیاسِ ہدایت

جنید زمان پیر طریقت حضرت علامہ

ابو عبدالوہاب مولانا محمد عمر صاحب

المقیاس پبلشرز

۴۔ دربار مارکیٹ، لاہور

(مقیاس مناظرہ حصہ دوم)

كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ (انعام ۱۲۵)

مِقْيَاسُ الْوَهَّابِيَّةِ

فِي

اِثْبَاتِ التَّوْحِيْدِ وَالرِّسَالَةِ

مناظرہ واہگرہ و مانا ٹنبہ

کتب نمبر ..... جلسہ قادریہ عالیہ

مرتبہ

ابو عبدالوہاب محمد عمر دار المقیاس اچھرہ لاہور

marfat.com

(جملہ حقوق بحق ناشران محفوظ)

اڈیشن دوسرا۔ سنہ 1983

ناشر

المقیاس پبلشرز

۷۔ دربار مارکیٹ لاہور

marfat.com

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ،

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ،

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی ءَ اللّٰہُ خَیْرٌ اَمَّا یُشْرِکُوْنَ ،

اما بعد غیر مقلدین وہابیوں کی بطالت دینی جب کھولتی ہے تو بیچارے کہیں غیر معروف علاقے میں چیلنج مناظرہ کر دیتے ہیں۔ چنانچہ موضع ماڑ شبہ ۱۱/۱۲ ۲۷ ضلع لائل پور میں ایسا ہوا جب فقیر (محمد عبدالحکیم اچھروی) وہاں پہنچا تو غیر مقلدین کا کوئی سرغنہ مولوی تو نہ تھا البتہ مولوی احمد دین صاحب گکھڑوی اور ساتھ ایک مُلّاں لے کر وہاں ڈیرہ ڈالے ہوئے تھے جو دیہاتی مسلمانوں کو بھی خلار ہے تھے۔ فقیر نے بہتیرا انکار کیا لیکن کوئی غیر مقلد وہابی مناظرے کے لئے نہ تیار ہوا اور شامیں بائیں کر کے وقت ٹال دیا لیکن فقیر نے وہاں ہی غیر مقلدین وہابیوں کے خوب بخیے ادھیڑے عوام مسلمان وہابی مذہب سے بہت متنفر ہوئے اور وہابیوں کو جرأت دہوئی کہ کوئی پیش کر۔ وہابی پوروں کا انکار کرتا کیونکہ وہابیوں کی اصل کتابوں سے باحوالہ بیان کیا گیا تھا ان بیچاروں کی کیا جرأت تھی چند دنوں بعد شائع کر دیا کہ وہابی جیت گئے اور محمد عمر شکست کھا گیا فقیر نے خاموشی اختیار کی کہ پہلے مقیاس مناظرہ چھپ چکا ہے۔ سابقہ روایات سے عوام خود اندازہ لگا لیں گے اس سے زیادہ کیا لکھا جائے۔ لَعْنَۃُ اللّٰہِ عَلَی الْکَاذِبِیْنَ۔

بعد ازاں غیر مقلدین وہابیوں کو پھر مذہبی خارش شروع ہوئی تو ۶ ۱/۲ کو موضع واہگہ ضلع شیخوپورہ میں یہی واقعہ دہرایا گیا غیر واہگہ کے سُنّی احباب فقیر محمد عمر کو لے گئے اور انہوں نے مرعوب پہلے ہی مقرر کیا ہوا تھا کہ (۱) غیر مقلدین وہابیوں کا مذہب سچا ہے یا جھوٹا (۲) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حاضر و ناظر ہیں یا نہیں۔

marfat.com

غیر مقلدین وہابیوں کا سرغنہ حافظ عبد القادر صاحب روپڑی بمع کئی وہابی علماء کے پہنچے تو مناظرہ کلیات غیر مقلدین وہابی مذہب پر دو گھنٹے ہوا اور جو کچھ حافظ عبد القادر صاحب کے ساتھ گزری وہ تو خداوند کریم کو علم ہے یا علاقے کے مسلمانوں کو معلوم ہو چکا ہے۔ لیکن فقیر نے وہابی مذہب کی حقیقت کو طشت از بام کر دیا کہ سب دنیا سے ذلیل مذہب اگر ہے تو صرف غیر مقلدین وہابیوں کا ہے۔ اسلام اور خداوند کریم کا دشمن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور اولیاء اللہ کا دشمن پاکیزگی سے نفرت کرنے والا اور نجاست کو پسند کرنے والا یہ مذہب ہے دوسرے دو گھنٹوں میں فقیر نے محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے حاضر و ناظر ہونے کو قرآن و احادیث صحیحہ کے ۲۰ دلائل سے ثابت کر دیا اور مناظرہ باامن ختم ہوا اور غیر مقلدین وہابیوں کی شکست کا منظر قابل دید تھا حافظ عبد القادر صاحب اور ان کے رفقا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ کے عین مصداق تھے غیر مقلدین منتظمین نے عبد القادر صاحب اور ان کے رفقا کے پلوں میں پکے ہوئے چاول ڈال دیے اور پیدل چلتے ہوئے اپنے مذہب کی بطالت سے نالاں ہو کر واپس لوٹے واپسی پر اپنے وہابیوں کے رسالے میں شائع کرا دیا کہ مولوی محمد عمر اچھروی کو واہگہ میں شکست فاش ہوئی۔ پنجابی مثال مشہور ہے "گونگے دیاں سینتاں گونگے دی ماں جاندی اے" فقیر کو فوراً معلوم ہو گیا کہ موضع واہگہ میں تو وہابیوں نے اپنے کفریات خوب دل کھول کر ہنس ہنس کر سنے اور محظوظ ہوئے اب یہ چاہتے ہیں کہ ہمارے مذہبی کفریات تحریراً ابھی منظر عام پر آنے چاہئیں تاکہ جنہوں نے مناظرہ میں نہیں سنے وہ اب ان کو تحریراً پڑھ لیں چنانچہ فقیر نے وہابیوں کے وہ پول جو وہاں مناظرہ میں حافظ عبد القادر صاحب کے روبرو پیش کئے تھے اور حافظ صاحب نے سر ہلا کر انہیں تسلیم کیا اور جواب نہ دے سکے اب ان سے

marfat.com

چند اعتقادات وہابیہ بطور نمونہ بالترتیب پیش کرتا ہوں اور فقیر کا دعویٰ ہے کہ اگر کوئی شخص مذکورہ ذیل دلائل سے غلط یا جعلی ثابت کردے تو فی حوالہ

یک صد روپیہ نقد انعام دیا جاوے گا

صداقت چھپ نہیں سکتی بناوٹ کے اصولوں سے
خوشبو آ نہیں سکتی کبھی کاغذ کے پھولوں سے

○

اعلان

خدانخواستہ اگر یہ مذکورہ ذیل حوالہ جات جھوٹے تھے یا ہیں تو اب بھی غیر مقلدین تحریری جوابات بالترتیب شائع کرادیں تاکہ حق و باطل کا فیصلہ ان کی تحریر سے ہی ہو جائے۔

ابو عبدالوہاب محمد عمر اچھرہ۔ لاہور

○

marfat.com

غیر مقلدین وہابی فرقے کا مختصر نقشہ قرآن کریم میں

marfat.com

فرمانِ خداوندی ۱

اللہ تعالیٰ کائنات کی ہر شی کو محیط ہے

النساء ۵/۱۲۶ : وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيطًا ۝ اور اللہ تعالیٰ ہر شی کو محیط ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کائنات کی ہر شی کو محیط ہے۔

غیر مقلدین وہابیوں کا عقیدہ ۱

(۱) اللہ تعالےٰ نے عرش پر قرار پکڑا ہے۔

(۲) جب وہ کرسی پر بیٹھا ہے تو چار انگل بھی بڑی نہیں رہتی اور اس کے بوجھ سے چرچر کرتی ہے۔

ایک وہابی لکھتا ہے خدا عرش پر بیٹھا ہے دوسرا لکھتا ہے کرسی پر بیٹھا ہے کرسی چار انگل بھی بڑی نہیں رہتی۔ اور بوجھ ممکنات کا ہوتا ہے واجب بالذات بوجھ سے مبرا ہے خالق لامکان کے مساوی خلق کو بنانا شرک ہے۔ تم وہابی کہتے ہو اللہ تعالےٰ صرف عرش یا کرسی کو محیط ہے ذات خداوندی اور کرسی پیمائش میں برابر برابر ہیں فرمان خداوندی وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيطًا کا وہابی منکر ثابت ہوا ایک کھری بات سنا دوں یا رہم نے گیارھویں یا بارھویں مخلوق کے لئے مقرر کی تو تم بدعتی کہتے ہو لیکن تم نے تو خالق کا مکان مساوی مقرر کر دیا تم کافر نہ ہوئے؟ یہ ہے وہابیوں کی توحید کا نمونہ ۱ اب ۲ عرض کرتا ہوں۔

فرمان خداوندی ۲

(کہ ذکر اللہ زیادہ کرنا فرض ہے)

marfat.com

۱۔ جمعہ ۲۸/۱۰ : وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ اور تم تمام تب نجات پاؤ گے کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر بہت کرو۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ سب مسلمان ذکر اللہ زیادہ سے زیادہ کروگے تو تمہاری نجات ہے

وہابی عقیدہ ۲

باآواز بلند عورتوں کا مل کر اللہ اللہ کرنا بدعت ہے یہ وہابیوں کا کفر ۲ ہے۔

معلوم ہوا کہ وہابی عورتیں ذکر سے محروم اور منکر ہیں۔

قرآنی فیصلہ (۲)

الاحزاب ۲۲/۵ :- وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ

اللہ تعالیٰ کا بہت ذکر کرنے والے مرد اور بہت ذکر کرنے والی عورتیں اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ہیں۔

آیت مذکورہ سے ایماندار مرد اور عورتوں کا عمل اللہ تعالیٰ نے بیان فرمادیا کہ وہی بہت ذکر کرنے والے اور عورتیں بہت ذکر کرنے والی اللہ تعالیٰ کو پسند ہیں۔

وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ واضح ہے کہ بلند آواز سے ذکر اللہ ہو یا آہستہ دونو اللہ تعالیٰ کے نزدیک محبوب ہیں لہٰذا ایماندار مرد اور عورتیں آہستہ یا زور سے ذکر کرنے والے اجتماعی صورت میں رب کریم کو پسند ہیں۔

اب تم نے اپنی وہابیہ عورتوں کو اللہ تعالیٰ کے بہت ذکر کرنے سے بند کردیا معلوم ہوا کہ وہابیہ عورتیں اللہ تعالیٰ کے نزدیک مومنات میں شامل نہیں اور مذکور عقیدہ سے وہابی اور وہابیات منکر قرآن حکیم ثابت ہوئے اچھی اور پاکیزہ حالت میں ذکر کرنے والوں کو بدعتی کہا اور عین پلیدی کی صورت میں ذکر اللہ کا حکم جاری کردیا یہ ہے وہابیوں کی توحید،

marfat.com

فرمانِ خداوندی (۳)

اللہ تعالےٰ اپنے مومنین بندوں کو پاک و ستھرا رہنے کا ارشاد فرماتا ہے

المدثر ۔ یٰاَیُّھَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَاَنْذِرْ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ وَثِیَابَكَ فَطَهِّرْ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۝ اے چادر اوڑھنے والے قیام فرمایئے پھر اپنے رب سے ڈرایئے اور بڑائی بیان فرمایئے اور اپنے کپڑے پاک رکھیئے اور نجاست کو ترک کیجئے۔ اللہ تعالےٰ نے اِس آیۃ کریمہ میں نمازی کے لئے نجاست سے پرہیز کرنے پلیدی سے بچنے کا حکم جاری فرمایا لیکن فرقہ وہابیہ اس حکم خداوندی کا منکر ہے۔

وہابی عقیدہ (۳)

وہابی پیشاب اور جماع کے وقت ذکر کرنے کو گناہ نہیں سمجھتا۔ اور ہر منی کو پاک سمجھتا ہے وہابی مساجد کپڑے بدن برتن پلید ہیں۔ تفصیل آگے سُنیئے۔

جس کا بدن پاک صاف مقام پاک ہو خوشبو لگی ہو تو وہابی اس کو پلید سمجھتا ہے لیکن اگر کوئی ٹٹی کرتا ہو یا پیشاب، عورت سے جماع کرتا ہو تو ذکر اللہ کو گناہ نہیں سمجھتا یہ ہے وہابی توحید کا نمونہ ۳

وہابی مذہب نے مذہب اسلام کو بدنام کر دیا ہے۔ اسلام میں پاکیزگی ہے اور اسلام میں ہی خداوند کریم کی عبادت میں کامیابی ہے لیکن وہابی نے عبادت میں پاکیزگی کو ایسا بدنام کر دیا ہے کہ وہابی فرقے کے مسائل سُن کر غیر مسلم اسلام سے متنفر ہوتے ہیں لیکن جب اسلام کی اکثریت وہابیوں کے اس عقیدے کو گستاخی سمجھتے ہیں تو اقلیت کالعدم ہے اور جو فرقہ اللہ تعالےٰ خالق کا گستاخ ہے وہ مخلوق سے نبیوں اور ولیوں کے قدر کو کیا سمجھے گا اللہ تعالےٰ مسلمانوں کو اس عقیدے اور فعل سے محفوظ رکھے۔

marfat.com

بولو وہابیو

آمنا

ظاہری و باطنی نجاست کو ترک کر کے پاک و ستھرے بن جاؤ اور ذکر اللہ کو پاک حالت میں اپنا وطیرہ بناؤ چونکہ تم خداوندی ذکر اور باری تعالیٰ کی توہین کرتے ہو اسی لئے رب العزۃ تمہیں قریب نہیں ہونے دیتا اور ذکر خداوندی سے محروم رکھتا ہے اور دعا کے ہاتھ پھیلانے نہیں دیتا۔

فرمانِ خداوندی ہے

النجم ۲۷/۳۱ :- فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا : اللہ تعالےٰ کو سجدہ کرو اور عبادت کرو۔

وہابی عقیدہ ہے

وہابی مذہب میں قبر کو سجدہ کرنے سے نماز ہو جاتی ہے لہٰذا وہابی مذہب مشرک ثابت ہوا۔

"وہابی" ہمارے کسی وہابی سے ثابت کرو کہ آج تک کسی نے قبر کو سجدہ کیا ہو یہ بہتان ہے جھوٹ ہے "محمد عمر" فقیر ابھی ثبوت پیش کر دیتا ہے گھبرائے کیوں ہو مشتے از خروارے چند مقامات میں قبروں کو سجدہ کرتے دکھا سکتا ہوں۔

(۱) گجرات میں وہابیوں نے قبریں برابر کر کے اوپر مسجد بنائی بتایئے قبروں کو سجدہ نہ ہوا

(۲) موضع حافظ والا تحصیل شجاع آباد میں قبرستان کے اندر وہابیوں کی مسجد ہے قبروں کو مسمار کر کے اوپر مسجد بنائی گئی ہے۔

(۳) کراچی میں ایسے ہی وہابیوں نے قبرستان کو مسمار کر کے اوپر مسجد بنائی اور سجدہ کر رہے ہیں۔

(۴) گوجرانوالہ میں بھی وہابیوں نے قبروں کے اوپر مسجد تعمیر کی ہے اوپر نمازیں پڑھ رہے ہیں یہ تو مشتے از خروار عرض کر رہا ہوں۔

marfat.com

اس کا اصل حوالہ جس میں تحریر موجود ہے کہ قبر کو سجدہ کرے تو نماز جائز ہے مفصل آگے ثابت کروں گا۔

فرمانِ خداوندی ۵

(از روئے قرآن مجید وہابی یہودیوں کی جماعت میں شامل ہیں)

النساء ۵ :- مِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ

بعض یہودیوں سے ایسے بھی ہیں جو کلمات خداوندی کو بدلتے ہیں۔

وہابی کفر ۵

تمہارے مولوی ثناء اللہ صاحب نے قرآنی تحریف کی جو وحی الٰہی کو بدلنا یہودیوں کا شیوہ تھا یہودیوں کی طرح تمہارے اکابرین نے بھی جن کو تم اپنا بزرگ مانتے ہو قرآن کریم کے معانی بدلے۔ لہٰذا تم وہابی از روئے قرآن کریم یہودی ثابت ہوئے۔

یہ ہے وہابیوں کا کفر ۵ تفصیل عنقریب سناتا ہوں۔

فرمانِ خداوندی ۶

(اللہ تعالیٰ کے حکم کے موافق شہداء انبیاء علیہم السلام اولیاء اللہ زندہ ہیں)

ال عمران ۱۴ :- وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

اور ان لوگوں کو جو اللہ تعالیٰ کے رستے میں قتل کئے گئے ہیں۔ بالکل مردہ خیال نہ کرو۔

marfat.com

بلکہ وہ زندہ ہیں اپنے رب کی طرف سے وہ رزق دیے جاتے ہیں۔ ان کو اللہ تعالیٰ نے جو اپنے فضل سے دیا ہے وہ خوش ہیں اور جو ان کے پیچھے ہیں ان سے ملے نہیں ان سے بشارت طلب کرتے ہیں کہ ان پر کوئی خوف نہیں اور نہ ہی وہ مغموم ہوں گے۔

وہابی عقیدہ ۶

تم وہابی کہتے ہو کہ انبیاء اولیاء اللہ مردہ ہیں۔ ان کے جسم سے روح علیحدہ ہو گیا ان کو قبر میں رکھا گیا مردہ نہیں تو اور کیا ہیں۔ رب کریم فرماتا ہے کہ شہداء کے مردہ ہونے کا خیال بھی نہ کرو وہ قتل ہو چکے ہیں لیکن ان میں زندوں کی صفات موجود ہیں ہمارا قرآن حکیم پر ایمان رکھنے والوں کا یقین ہے کہ شہداء زندہ ہیں لیکن وہابی مذہب شہداء کو مردہ سمجھتا ہے اب تم فیصلہ کرلو کہ وہابی مذہب قرآن پر ایمان رکھتا ہے یا منکر؟ مومن ہے یا کافر یہ فیصلہ تم پر ہے۔

فرمان خداوندی ۷

ذلیل شئی کو پاؤں کے نیچے رکھا جاتا ہے،

حم السجدہ ۲۴/۴ : وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا رَبَّنَآ اَرِنَا الَّذَيْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ اَقْدَامِنَا لِيَكُوْنَا مِنَ الْاَسْفَلِيْنَ ۝

(اور قیامت کے دن) کفار کہیں گے اے ہمارے پروردگار جنوں اور انسانوں سے جس نے ہمیں گمراہ کیا ہے ہمارے سامنے کر ہم انہیں اپنے پاؤں کے نیچے رکھیں تاکہ وہ ذلیلوں سے ہو جائیں اس آیۃ کریمہ سے چار مسائل ثابت ہوئے۔

(۱) پاؤں تلے اس کو رکھا جاتا ہے جو گمراہ کرے تو معاذ اللہ وہابیوں کے عقیدہ سے یہ ظاہر ہوا کہ وہابیوں کو قرآن مجید نے گمراہ کیا ہے حالانکہ رب العزت کا دعویٰ ہے کہ قرآن کریم

marfat.com

ظلمت سے نور کی طرف لاتا ہے گمراہی سے ہدایت کی راہ دکھاتا ہے لیکن وہابی کا دعویٰ ہے کہ قرآن وہابی فرقے کو گمراہ کرتا ہے اب تم سوچو کہ تم کون ہو؟

(۲) کسی کو ذلیل کرنا مقصود ہو تو قدموں کے نیچے رکھا جاتا ہے معلوم ہوا کہ وہابی قرآن مجید کلام خداوندی ازلی ابدی نور کو ذلیل سمجھتا ہے اسی لئے قرآن کریم کو قدموں کے نیچے پسند کرتا ہے اور کہتا ہے کہ ظاہرہ ادب کوئی شے نہیں اس کے حکموں پر عمل کرنا ضروری ہے۔

(۳) قیامت کے دن کفار اپنے گمراہ کنندگان پیشواؤں کو قدموں کے نیچے رکھنے کی التجا کریں گے لیکن وہابی کلام خداوندی کو دنیا میں ہی اس کو پاؤں کے نیچے رکھتا ہے کیونکہ اس کو یقین ہے کہ میدان حشر میں تو کوئی ہمیں رکھنے نہ دے گا۔ خدائی قرآن سے ہم دنیا میں ہی بدلے لیں اسی لئے وہابی قرآن مجید نوری کتاب کو نیچے چٹائی پر رکھتا ہے پاؤں چارپائی پر ہوں قرآن کریم نیچے پڑا ہو تو عار نہیں سمجھتا کیونکہ قرآن وہابی مذہب میں معاذ اللہ ذلیل ہے جو وہابی کو منافق اور کافر ثابت کر کے جہنم کا ایندھن بناتا ہے۔

وہابی کا کفر ۷

اسی لئے وہابی قرآن کریم کے مجموعہ کا گستاخ ہے۔ قرآن کریم کی طرف پاؤں کرنا اوپر پاؤں رکھنا پیٹھ پیچھے رکھنا جائز سمجھتا ہے۔ کفار کا بھی یہی شیوہ ہے اور مومنین مسلمان قرآن کریم کا احترام کرتا ہے اب تم سمجھو کہ تم کون ہو؟

یہ ہے فرقہ وہابیہ کا ساتواں کفر جو قرآن کریم کا ایسا گستاخ ہے کہ ایسی گستاخی ہندو، سکھ اور عیسائی بھی نہیں کر سکتے۔

فرمانِ خداوندی ۸

قبلے کی طرف منہ کرنا حکم خداوندی ہے،

marfat.com

البقرہ ۲/۱۸۸ :- فَثَمَّ تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ، اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ بیت اللہ کی طرف منہ کر دو

وہابی عقیدہ نمبر ۵

قبلے کی طرف پاؤں کرنے کی شرعاً کوئی ممانعت نہیں

جس طرف اللہ تعالےٰ فرمائے منہ کرو وہابی پاؤں کرتا ہے لہٰذا از روئے قرآن کریم وہابی منکر قرآن مجید ثابت ہوا وہابی نے قرآن کریم کو بھی پاؤں سے ٹھکرایا پھر بیت اللہ کو بھی پاؤں سے ٹھکراتا ہے۔ اسی بنا پر اللہ تعالےٰ نے ان کے حق میں یہ ارشاد فرمایا کہ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝ اور بعض لوگوں سے وہ بھی ہیں جو زبانی اقرار کرتے ہیں کہ ہم اللہ تعالےٰ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہیں حالانکہ وہ بے ایمان ہیں جیسا کہ فرقہ وہابیہ ذات خداوندی کو عرش یا کرسی پر مقیم اور بیٹھا ہوا تسلیم کرکے کذب وحدہٗ لاشریک ہیں۔ پیشاب اور پاخانہ کے وقت ذکر کرکے توہین خداوندی کا اصرار کرتے ہیں منی کو پاک سمجھتے ہیں اور پاک وصاف ذکر کرنے والوں کو بدعتی کہتے ہیں یہودیوں کی اتباع میں قرآن کریم کا محرف فرقہ ہے قرآن کریم کو پاؤں میں رکھ کر گستاخی میں ہندوؤں اور عیسائیوں سے بھی سبقت لے گئے ہیں بیت اللہ کی طرف بجائے منہ کرنے کے پاؤں کرنے کو جائز سمجھتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی نیت سے سفر کرکے مدینہ طیبہ جانا شرک سمجھتے ہیں یہ ہے فرقہ وہابیہ کی توحید کا مختصر نمونہ اس گستاخ فرقے کو اللہ تعالےٰ اسی لئے اپنے ذکر سے محروم رکھتا ہے اور دوستی کا تعلق رب العزت نے فرقہ وہابیہ سے منقطع کر رکھا ہے فرمانِ خداوندی ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ یعنی اللہ تعالےٰ کسی قوم کی حالت کو نہیں بدلتا جب تک کہ وہ اپنے نفسوں کی حالت نہ بدلیں تو فرقہ

marfat.com

وہابیہ بھی جب تک اپنے ان غلیظ عقائد سے تائب نہ ہوں درجہ ولایت خداوندی سے محروم ہی رہینگے اور پھر طرہ یہ ہے جو اللہ تعالےٰ نے ظاہر فرمادیا کہ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا اس فرقہ وہابیہ نے باوجود کذب و منکرات خداوندی کے عوام کو دھوکہ دینے کے لئے بورڈ توحید کا لگا رکھا ہے کہ ہم توحید خداوندی کا عقیدہ سب مسلمانوں سے بہترین رکھتے ہیں ان کی توحید کا نمونہ دیکھ رہے ہو۔

یہ تو ہے وہابی مذہب جو خداوند کریم کا منکر و مکذب ہے۔ اَعَاذَنَا اللّٰهُ مِنْهُمْ وَمِنْ عَقَائِدِهِمُ الْبَاطِلَةِ فَافْهَمْ وَلَا تَزِلّ' یہ ہے وہابیوں کے موحد کہلانے کا غلط سائن بورڈ اب اس فرقہ کے اہلحدیث کہلانے کا فریب ظاہر کرتا ہوں۔

فرمانِ خداوندی ۹

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وظیفہ صلوٰۃ و سلام پڑھنا ایمان دار پر فرض ہے

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ بے شک اللہ تعالےٰ اور اس کے فرشتے محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھتے ہیں اے ایمان والو تم بھی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ و سلام پڑھو اللہ تعالےٰ جل شانہٗ نے اس آیۃ کریمہ میں ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالےٰ اور اس کے فرشتے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھتے رہتے ہیں۔ ایمانداروں کو خطاب کرکے فرمایا کہ اے ایمان والو تم بھی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر میرے فرضی حکم سے صلوٰۃ بھی پڑھو اور سلام بھی ہر مومن پر ہر وقت زیادہ سے زیادہ صلوٰۃ و سلام پڑھنا بحکم خداوندی فرض ثابت ہوا یہ بھی اللہ تعالےٰ کی طرف سے ہر مومن کو ایک خاص وظیفہ ارشاد فرمایا پھر قرآن مجید میں رب العزت نے فرمایا۔

marfat.com

محمد رسول اللہ کے وظیفے کا یہ ایک قرآنی جملہ ہے جو شان مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے متعلق تحریر شدہ ہے۔ قرآن مجید کی آیت کریمہ کا وظیفہ ہر مومن کر سکتا ہے۔ اور جو شخص رسالت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا قائل نہ ہو وہ منکر و مکذب قرآن کریم ہے اور ایسے شخص کا توحیدی اقرار کرنا بھی مردود ہے جیسا کہ ابلیس تو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جتنا بھی وظیفہ کیا جائے اتنا ہی ایمان مضبوط ہو گا اور ترقی ہو گی جس کی تفصیل انشاء اللہ آگے آئے گی اور جو شخص محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وظیفہ کو منع کرے وہ عند اللہ اسلام سے خارج ہے لہٰذا فرقہ وہابیہ اسلام سے خارج ثابت ہوا کیونکہ

وہابی کفر ۹

وہابی فرقہ میں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے ذکر کا وظیفہ شرعی نہیں لہٰذا منع ہے۔

فرمان خداوندی ۱۰

(اللہ تعالےٰ نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی تعریف قرآن کریم میں فرمائی)

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ یہ تمام رسل ہیں بعض کو ہم نے بعض پر فضیلت دی ہے اس آیتہ کریمہ میں رب العزت نے تمام انبیاء علیہم السلام کی فضیلت کا ذکر خیر فرمایا تاکہ مخلوق کو ثابت ہو جائے کہ تمام انبیاء علیہم السلام اللہ تعالےٰ کی طرف سے صاحب فضیلت ہیں ہر عیب و کمزوری سے اللہ تعالےٰ نے مبرا پیدا فرمایا ہے اور انبیاء علیہم السلام کی عیب جوئی کرنے والا مکذب قرآن ہے۔

بنی اسرائیل ۱۵/۱۰ :- اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ۝ یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آپ پر اللہ تعالےٰ کا بہت بڑا فضل ہے۔

marfat.com

اس آیۃ کریمہ میں اللہ جل شانہٗ نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی خصوصی فضیلت کا ذکر خیر فرمایا اور ثابت کیا کہ سب مخلوق سے جو شان مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا ہے اور کسی کا نہیں۔

شان مصطفےٰ بیان کرنے کا حکم خداوندی

۳۰:۔ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ یارسول اللہ صلے اللہ علیک وسلم اپنے رب کی عطا کردہ نعمت کو بیان فرمایئے۔

اس آیۃ کریمہ سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالےٰ نے جو جو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر انعامات فرمائے ہیں ان کو بیان کرنا سنانا اور ایمان رکھنا یہ حکم خداوندی پر عمل کرنا ہے حرام اور منع کا فتویٰ دینے والا مکذب و منکر قرآن ہے یہ ذکر شان مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم بیان کرنے یا سننے سے غیظ "حسد و کینہ" میں جلتا ہے باقی رہا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی تعریف اشعار کی صورت میں تو یہ بھی سنت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور سنت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین پھر تبع تابعین اور سلف صالحین سے ہے جس کی تفصیل آگے انشاء اللہ آئے گی۔

اور اشعار کی بھی دو قسمیں ہیں ایک شرعی جیسا کہ اللہ تعالےٰ اور اس کے بندوں کی تعریف اور احکامات خداوندی کی تعریف کرنا مقصود ہو تو بفرمان الٰہی اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ لَحِكْمَةً کہ اچھے شعر میں بھی حکمت ہے فائدہ ہے ثواب ہے حکم خداوندی پر عمل کرنا ہے۔ جیسا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے روبرو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین پڑھتے رہے۔

دوسری قسم لغویات "عشق بازی، مبالغہ آمیز، حکومت پرستی، مولویت پرستی، زر پرستی، اور ریاست پرستی میں اشعار کہنے تو یہ شرعاً حرام ہیں جس کے متعلق رب العزۃ نے فرمایا ہے الشُّعَرَاءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُوْنَ ایسے شعراء کی اتباع از روئے قرآن کریم حرام ہے

marfat.com

تو وہابیہ کا یہ عقیدہ کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی شان کے اشعار پڑھنے منع ہیں صراحۃً حکم قرآنی کے خلاف ہے۔

وہابی کفر (۱۰)

کی دسویں دلیل یہ ہے کہ وہابی مذہب میں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی تعریف کے اشعار پڑھنا منع اور حرام ہے تو وہابیوں کے اس عقیدے سے ثابت ہوا کہ وہابی اپنے مولویوں اور وہابی مذہب کی تعریف کے اشعار فخریہ رسالوں کتابوں اور جلسوں میں پڑھتے ہیں اور ان کو عین اسلام سمجھتے ہیں اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی تعریف کے اشعار کو حرام سمجھتے ہیں تو ثابت ہوا کہ وہابی مذہب میں شان رسالت بیان کرنا (معاذ اللہ) لغویات میں داخل ہے جس سے وہابی مذہب بھی باطل ثابت ہوا اور انکے اکابرین کی تعریف کے اشعار عذاب۔

فرمان خداوندی ۱۱

(اللہ تعالیٰ اپنے مومنین بندوں کو قرآن کریم اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف دعوت دیتا ہے)

النساء ۵ : وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ۝ اور جب ان کو کہا جاتا ہے آؤ قرآن کریم اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف آپ منافقین کو دیکھیں گے کہ وہ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے بالکل منہ پھیر لیتے ہیں۔

(۱) اس آیۃ کریمہ سے ثابت ہوا کہ جس کو قرآن کریم کی دعوت دی جائے یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف بلایا جائے جو شخص اعراض کرے وہ عند اللہ منافق ہے مومن نہیں۔

marfat.com

(۲) اس آیۃ کریمہ سے ثابت ہوا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سفر کرکے جانے کا منکر قرآن کریم کا منکر ہے کیونکہ اللہ تعالےٰ نے دعوت قرآنی و دعوت رسولی کو یکساں رکھا ہے تو منکر قرآن ہے کافر ہے منکر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہے۔

وہابیوں کا کفر ۱۱

وہابی مذہب محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف نیت کرکے سفر کرنے سے منع کرتا ہے۔

فرمانِ خداوندی ۱۲

اللہ تعالےٰ کو اپنے بندے کی عاجزی پسند ہے

۱۔ النحل ۱۴/۲۳ : اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْمُسْتَکْبِرِیْنَ بے شک اللہ تعالےٰ تکبر کرنے والوں کو دوست نہیں بناتا۔

وہابی عمل (۱۲)

(۲) تغابن ۲۱/۲ : اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ کُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ

وہابی نماز میں اکڑ کر سینہ تان کر پاؤں چوڑے کرکے کھڑا ہوتا ہے جو عبادۃ کے سراسر خلاف ہے۔ عبادۃ کے معنی غایۃ تذلل یعنی نہایۃ عاجزی کے ہیں وہابی کی ہیئۃ کذائیہ عبادۃ کے خلاف ہے لہٰذا وہابی کی عبادۃ حقیقۃً عبادت ہی نہیں۔ ابلیس آسمانوں سے ملعون ہو کر اُترا تو اسی شکل میں تو یہ ہیئۃ کذائیہ ابلیسی ہے عبادۃ خداوندی نہیں۔

۳۔ البقرہ ۲/۲۳۸ : قُوْمُوْا لِلّٰہِ قٰنِتِیْنَ اللہ تعالےٰ کے حضور میں فرمانبردار عاجز ہو کر کھڑے ہو اے وہابیو اب تم اس آیۃ کے آئینے میں اپنی نماز کی ہیئۃ کذائیہ

marfat.com

ملاحظہ فرمائیں کہ صحیح ہے یا غلط اور فیصلہ کریں کہ ہماری جماعت قرآن کی حامل ہے یا مخالف چونکہ وہابی دربار خداوندی میں بھی اپنے آپ کو متکبر ثابت کرتا ہے اسی لئے بیچارہ بھکاری بن کر ہاتھ پھیلا کر دربار خداوندی میں دعا مانگنے سے بھی محروم ہے اور مسلمانوں کو دھوکہ دیتا ہے کہ خداوند کریم سے بعد از نماز ہاتھ اُٹھا کر دعا مانگنا جائز نہیں — صاف نہیں کہتا کہ میرا عمل عبادۃ چونکہ عبادۃ خداوندی کے منافی ہے اس لئے میں حضور خداوندی میں مانگنے سے نادم ہوں کس منہ سے ہاتھ پھیلائیں کیونکہ ہاتھ پھیلانا اکڑنے کے متضاد ہے۔

ان مذکورہ آیات قرآنیہ سے ثابت ہوا کہ فرقہ وہابیہ خداوند کریم کا دشمن قرآن کریم کا دشمن ملائکہ کا منکر محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا دشمن باوجود اتنے عنادوں کے اپنے آپ کو مرجع اہلحدیث "محمدی یا وہابی کہلائے تو یہ محض بناوٹ ہے۔ وہابی مذہب اسلام سے خارج ہے کیونکہ خداوند کریم کا بھی دشمن ہے دربار خداوندی میں اکڑ کر کھڑا ہوتا ہے۔ قرآن کریم کا بھی گستاخ ہے۔ پاؤں کے نیچے رکھتا ہے۔ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سفر کرنے جانے کو یقیناً شرک کہتا ہے۔ مسلمانو اب تم سوچو کہ یہ فرقہ کس سے متعلق ہے۔

فرمان خداوندی

۴۔ الروم ۲۱/۲۲ ، كُلٌّ لَّهُ قَانِتُونَ ہر شے (مخلوق) اللہ تعالےٰ کے لئے فرمانبردار میں حاجز ہیں۔ لیکن وہابی متکبر ہیں۔ دربار خداوندی میں فرمانبردار ہو کر نہیں کھڑا ہوتا اسی لئے اللہ تعالےٰ نے فرمایا وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ کہ شیطان کے نقش قدم پر نہ چلنا کیونکہ وہ تمہارا اعلانیہ دشمن ہے وہابی جب شیطانی اطاعت کرتے ہوئے

marfat.com

متکبرانہ ہیئت کذائیہ میں اکڑ کر کھڑا ہوتا ہے تو اللہ تعالےٰ وہابی کے دل پر بھی کفر کی مہر ثبت فرما دیتا ہے سُنیے۔

وہابی متکبر کے دل پر خُدائی مہر

۵۔ المؤمن ۳۵/۴۰ : كَذٰلِكَ يَطْبَعُ عَلٰى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ (اسی طرح (یعنی جیسا کہ اس کا ظاہر متکبر ہے۔)

اللہ تعالےٰ ہر جبر کرنے والے متکبر کے دل پر مُہر لگا دیتا ہے۔

قرآنی آیات سے ثابت ہو گیا کہ وہابی فرقہ عملاً قولاً عقیدۃً متکبر ہے اللہ تعالےٰ قرآن کریم مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا سخت مخالف ہے۔ اب مسلمانو تم سوچو کہ یہ فرقہ اسلام میں کیسا ہے؟ اسی لئے وہابی مذہب میں کوئی ولی اللہ نہیں ہوا اور نہ ہو سکتا ہے اور نہ ہی ممکن ہے۔ کیونکہ وہابیوں کے دلوں پر رب العزۃ نے مُہر لگا دی ہے دل روشن ہو سکتے ہی نہیں۔

اب حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت کرتا ہوں کہ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس فرقہ کے متعلق کیا فتویٰ دیا ہے یہ آپ کے علم غیب کی بھی دلیل ہے کہ اپنے پیدا ہونے والے ایسے فرقے کا اعلان اپنی زبانی فرما دیا تاکہ میری اُمت کے سادے مسلمان اس فرقہ میں ظاہریت دیکھ کر شمولیت سے گمراہ نہ ہو جائیں رب العزت نے وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ سے شیطانی اقتدا سے منع فرمایا اور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے وہابیوں کی شکلیں اور اعمال سے متنبہ کر کے اپنی اُمت کو فرقہ وہابیہ نجدیہ کی اقتدا سے منع فرما دیا

فرمانِ خُداوندی ۱۳

نبی اللہ کو کسی قسم کی تکلیف دینے والا اللہ تعالےٰ کے نزدیک لعنتی ہے

marfat.com

الاحزاب ۲۲ إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِينًا ۝

جو لوگ اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو تکلیف دیتے ہیں ان پر اللہ تعالیٰ کی لعنت اور ان کے لئے اللہ تعالیٰ نے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کیا ہے۔

وہابی عقیدہ (۱۳)

وہابی مذہب میں بیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو گرانا واجب ہے۔

جس کو نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے ریاض الجنۃ فرمایا وہابی مذہب بیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو گرانا واجب سمجھتا ہے۔ دوسری بات بیت اللہ جس کو ابوجہل نے اینٹیں لگائیں لیکن مقام کی عزۃ رب العزت کے نزدیک مکین کی وجہ سے ویسے ہی موجود ہے جیسا کہ حضرت آدم علیہ السلام یا ابراہیم علیہ السلام کے وقت تھی ایسے ہی محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم گنبد خضرا میں مکین ہیں تو مکین کی وجہ سے بفرمان مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ریاض الجنۃ ہے اور جو ریاض الجنۃ کے مکان کو گرانا واجب سمجھتا ہے وہ ناری ہے دشمن مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ہے ابرہہ کا بھائی ہے۔ اب اس عقیدہ سے فیصلہ کر لو کہ تم کون ہو؟ چنانچہ تم نے گنبد خضرا کو شہید کر دیا یہ کام نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے کسی ہندو یا سکھ اور بھنگی نے نہیں کیا ہاں عیسائیوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اکھاڑنے کی کوشش کی لیکن ناکام رہے اور تم نے اسلامی بردے سے فائدہ اٹھا کر مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی امت کو ٹھیس پہنچائی قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَاءُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ یہود و نصاریٰ کے تو صرف مرنہال سے بغض ظاہر ہوتا تھا لیکن تمہاری تقریر و تحریر اور عملوں سے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مخالفین ہے جو تمہاری جماعت کو اسلام سے بعد المشرق والمغرب ثابت کر رہا ہے۔

marfat.com

مذکورہ بالا عقائد وہابیہ کی بنا پر اللہ تعالیٰ نے ان کا پول قرآن کریم میں بیان فرمادیا ہے

فرمان خداوندی ۱۴

نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی اتباع کے بغیر صرف اللہ تعالیٰ اور قیامت پر ایمان رکھنے والا منافق ہے

البقرہ : وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۔

اور بعض لوگوں سے وہ شخص ہے جو کہتا ہے ہم اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایمان لائے اور قیامت کے دن کے ساتھ حالانکہ وہ بے ایمان ہیں اللہ تعالیٰ کو دھوکا دیتے ہیں اور ایمانداروں کو بھی اور وہ کسی کو دھوکہ نہیں دے سکتے سوائے اپنے نفسوں کے اور وہ نادان ہیں۔

یہ وہابیوں کا نقشہ قرآن مجید میں رب العزت نے درج فرما دیا ہے اور فرمایا کہ بعض لوگوں سے ایسے بھی ہیں۔ جو اپنی زبانی اقرار کرتے ہیں کہ ہمارا اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور قیامت کے دن کے ساتھ ایمان ہے۔ ایسے بعض لوگوں پر اللہ تعالیٰ نے فتویٰ دیا کہ ایسے لوگ بے ایمان ہیں یہ ان کا اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان کا اقرار کرنا۔ ایمانداروں کو محض دھوکہ دینا ہے اور جو ایمانداروں کو دھوکہ دیتا ہے وہ دراصل اللہ تعالیٰ کو دھوکہ ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ کو دنیا کی کوئی طاقت دھوکہ نہیں دے سکتی لیکن رب العزت نے ایمانداروں کو دھوکہ دینے والوں پر ایسا بڑا جرم عائد کیا ہے کہ یہ ایسا بڑا جرم ہے جو اللہ تعالیٰ کو دھوکا دے رہا ہے کیونکہ ایمانداروں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی معیت ہے اور ان لوگوں کا دھوکہ دینا نہ خداوند کریم کو اور نہ ہی ایمانداروں کو کارگر ہو سکتا ہے بلکہ ان کے دھوکے کا وبال ان

marfat.com

کی جانوں پر ہی پڑ رہا ہے۔ کیوں بھئی ایمان والو! اس فرمان خداوندی کو ذرا ملاحظہ فرماؤ کہ یہ وہابیوں کا نقشہ صحیح ہے یا غلط بفرمان خداوندی وہابی خداوند کا بھی زبانی اقرار کرتا ہے لیکن صحیح توحید پر ایمان نہیں رکھتا رب العزۃ کو علم ہے کہ وہابی خدا کو عرش پر مستوی سمجھتا ہے جو اس کی ذات کے منافی ہے اور قیامت کا بھی زبانی اقرار کرتا ہے لیکن قیامت کا ڈر نہیں رکھتا باوجود ان دونوں اقراروں کے پھر اللہ تعالےٰ وحدہٗ لاشریک نے بے ایمان ہونے کا فتویٰ کیوں صادر فرمایا اور وہ یہی سبب ہے کہ مَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰہَ جو پہلے غلام رسول ہے وہ غلام اللہ بن سکتا ہے ورنہ نہیں دوسری وجہ فرمانِ خداوندی ہے۔ اٰمِنُوْا بِرَسُوْلِہٖ یُؤْتِکُمْ کِفْلَیْنِ مِنْ رَّحْمَتِہٖ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایمان لاؤ تو اللہ تعالےٰ اپنی رحمت سے دُگنا ثواب دے گا۔ اور جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہیں رکھتا براہ راست بغیر رسالت توحید کا اقرار کرتا ہے گو قیامت کے دن پر بھی ایمان رکھے نہ اس کا ایمان خدا پر ہے نہ قیامت پر وہ بے ایمان ہے۔ یہ ہے قرآنی نقشہ اے ایمان والو یہ نقشہ قرآنی تم خود منطبق کر لو کہ یہ کس کے مطابق ہے۔

"وہابی" مولوی صاحب تم بھی تو خدا اور قیامت پر ایمان رکھتے ہو اگر ہم پر یہ آیت صادق آتی ہے تو تم پر بھی صادق آئی ہم پر فتویٰ خداوندی بے ایمانی کا ثبت ہوتا ہے تو تم پر بھی صادق آیا مَا ھُوَ جَوَابُکُمْ فَھُوَ جَوَابُنَا۔

"محمد عمر" ہم پر یہ تمہارا فتویٰ جاری نہیں ہوتا کیونکہ ہم سنی وحدہٗ لاشریک کو بواسطہ رسالت تسلیم کرتے ہیں جس میں کفر یا شرک کا شائبہ ہی نہیں ہو سکتا اور تم وسیلے کے قائل ہی نہیں ہماری شہادت خداوندی موجود ہے مَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰہَ جو

marfat.com

غلام رسول ہے وہ غلام اللہ ہے جو غلام رسول نہیں وہ غلام اللہ نہیں وحدہ لاشریک کو عرش کا محتاج ماننا اور کرسی کے مساوی ماننا یعنی غیر محدود کو محدود کہنا یہ کفر نہیں تو اور کیا ہے اور ہم وحدہٗ لاشریک کو ہر مخلوق سے غیر محتاج یقین رکھتے ہیں۔

"وہابی" ہم اہلحدیث بھی تو رسول اللہ کے قائل ہیں اگر اہلحدیث منکر رسول ہیں تو دنیا میں کوئی حضہ کا مطیع ہو ہی نہیں سکتا۔

اب اس آیۃ کریمہ کی تفصیل عرض کرتا ہوں۔

"محمد عمر" سبحان اللہ تمہارے وہابیوں کی منافقت فقیر خداوند کریم کی کلام سے بیان کرتا ہے۔

فرمانِ خداوندی ۱۵

اللہ تعالےٰ کے نزدیک ذکر اللہ میں کمی کرنے والا منافق ہے

النساء ۵/۱۴۱ : اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ یُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى یُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا یَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِیْلًا مُّذَبْذَبِیْنَ بَیْنَ ذٰلِكَ لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَمَنْ یُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِیْلًا ۝

بے شک منافقین اللہ تعالےٰ کو دھوکہ دیتے ہیں اور وہ ان کو بدلہ دینے والا ہے اور جب نماز کے لئے کھڑے ہوتے ہیں تو سست ہو کر لوگوں کے دکھاوے کے لئے اور وہ اللہ کا ذکر نہیں کرتے مگر تھوڑا مذبذب ہیں اس کے درمیان نہ وہ اسلام کی طرف ہیں نہ کفر کی طرف جس کو اللہ تعالےٰ گمراہ کر دیتا ہے اس کو کوئی رستہ نہیں ملتا۔

marfat.com

اس آیتہ کریمہ میں رب العزۃ نے منافقین کی چھ علامتیں بیان فرمائی ہیں۔

(۱) نماز پڑھتے ہیں لیکن سستی سے۔

(۲) اللہ کے ذکر سے چراتے ہیں معمولی سا کرتے ہیں۔

(۳) اسلام اور کفر کے بین بین ہیں کفر سے بھی گریز نہیں کرتے اور اسلام میں بھی پوری طرح داخل نہیں ہوتے۔

(۴) ایسے لوگ گمراہ ہیں اللہ تعالےٰ ایسے لوگوں کو صراط مستقیم دکھاتا ہی نہیں۔

(۵) ایسے لوگوں کا نماز پڑھنا محض دکھلاوے کے لئے ہے کہ لوگ ہم سے بدظن نہ ہو جائیں۔ یہ اسلام کے دشمن ہیں دکھاوے کا عمل صالح خداوند کریم کے نزدیک مقبول نہیں ہے بلکہ مردود ہے۔

(۶) ان کا نماز پڑھنا ان کے ذہن میں خداوند کریم کو دھوکہ دینا ہے۔ ان کو نماز کا ثواب نہ ہوگا بلکہ جو دھوکے کی نماز پڑھتے ہیں اس دھوکے کا انہیں عذاب دیا جائے گا۔

خداوند کریم کا یہ فرمان بالکل واضح ہے کہ ان لوگوں کا نماز پڑھنا عبادۃ کے شوق سے نہیں بلکہ دکھاوے کے لئے ہے اور یہ دھوکہ ہے کیونکہ اگر عبادۃ خداوندی کی غرض ہو تو سنتیں نوافل اور ذکر اللہ پر بھی مصر ہیں بلکہ بجائے اصرار کے بدعت کہتے ہیں تو یہ صاف واضح ہو گیا کہ ان کی نماز محض چند رکعات ادا کرنا یہ محض دکھاوا ہے عبادۃ نہیں اسی لئے یہ عاجز ہو کر فرمانبرداری سے نہیں کھڑے ہوتے بلکہ اکڑ کر کھڑے ہوتے ہیں عبادۃ کے معنی تو نہایت عاجزی کے ہیں اس لئے وہابیوں کی عبادۃ عبادۃ ہی نہیں کیونکہ عبادۃ کا مُعَنْوَنْ ہی غلط ہے اسی لئے اللہ تعالےٰ نے يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ سے ان کی نماز کی حقیقت واضح فرمادی کہ وہابیوں کی نماز محض دھوکہ ہے مسلمانو بچ جاؤ اور نماز بھی پوری پڑھو اور فرمایا وَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ اور جب نماز پوری بمع سنن و نوافل کے ادا کر لو تو فرمایا فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ

marfat.com

نماز کو پورا کرکے بعد میں میں ذکر کرنا وہابیوں کی طرح وَلَا یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ اِلَّا قَلِیْلًا پر عمل نہ کرنا۔

قرآنی آیت (۱۶)

النساء ۶۱: وَاِذَا قِیْلَ لَھُمْ تَعَالَوْا اِلٰی مَا اَنْزَلَ اللّٰہُ وَاِلَی الرَّسُوْلِ رَاَیْتَ الْمُنٰفِقِیْنَ یَصُدُّوْنَ عَنْکَ صُدُوْدًا ۝

ان منافقوں کو کہا جاتا ہے آجاؤ قرآنی فیصلے کی طرف اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف منہ پھیرتے ہیں حق منہ پھیرنے کا۔ بتاؤ وہابیو اللہ تعالےٰ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف دعوت دیتا ہے کہ تَعَالَوْا آؤ تم کہتے ہو کہ نہیں محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف نیت کرکے جانا شرک ہے کیا یہ تمہاری اطاعت ہے یا تکذیب کہدو وہابیو کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی نیت کرکے جانا قرآن پر عمل کرنا ہے میں تسلیم کرلوں گا کہ واقعی تمہاری جماعت منکر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نہیں جیسا کہ ہم تحریراً و تقریراً اقرار کرتے ہیں ایسے ہی تم تحریراً و تقریراً انکار کرتے ہو۔

"عبدالقادر" فَبُھِتَ الَّذِیْ کَفَرَ

"محمد عمر" کون اقرار کرے یہ ہے تمہارا نفاق جو مسلمانوں کو دھوکہ دے کر کہتے ہو کہ ہم اہلحدیث ہیں اور عقیدہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دشمنی کا ہے فقیر آگے چل کر اس کی وضاحت کریگا۔

فرمانِ خداوندی ۱۷

(خداوند کریم کے نزدیک وہابی فرقہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے وسیلے کا منکر ہے)

المنفقون ۶۳: ۵ وَاِذَا قِیْلَ لَھُمْ تَعَالَوْا یَسْتَغْفِرْ لَکُمْ رَسُوْلُ اللّٰہِ لَوَّوْا

marfat.com

رُءُوْسَهُمْ وَرَاَیْتَهُمْ یَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝

اور جب ان کو کہا جاتا ہے کہ تم آجاؤ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کیلئے تمہارے لئے معافی مانگ دیں گے تو وہ اپنے سروں کو پھیرتے ہیں اور آپ ان کو ملاحظہ فرمائیں گے کہ وہ متکبرانہ صورت میں پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔

اس آیۃ کریمہ میں رب العزۃ نے منافقین کے دو عیب اسلام کے خلاف بیان فرمائے

(۱) کہ جب ایماندار ان کو کہتے ہیں کہ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف آجاؤ تمہارے گناہوں کی بخشش اللہ تعالےٰ سے کرادیں گے تو منافقین تکبرانہ لہجہ میں سر ہلا کر منہ پھیر دیتے ہیں کہ نہیں جی نبی کچھ نہیں کرسکتا یعنی نبی اللہ کے وسیلے سے بخشش خداوندی کے منکرین ہیں۔

(۲) قِیْلَ سے مومنین مراد لئے اور لَهُمْ سے منافقین کو ایمانداروں کی جماعت سے خارج کردیا

(۳) یَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ سے ثابت کردیا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ایماندار گنہگاروں کی سفارش کرکے اللہ تعالےٰ سے معافی دلاسکتے ہیں اور گنہگار امت کے واسطے دربار خداوندی میں بخشش کا وسیلہ ہیں اور یہ عقیدہ ایمانداروں کا صحیح ہے جس کا یہ عقیدہ نہیں وہ ایمان سے خالی ہے۔

(۴) مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے وسیلے کے منکرین کو رسالت کے معاند ثابت کردیا۔

(۵) منافقین کی ہیئۃ کذائیہ تکبرانہ ثابت کردی۔

وہابی عقیدہ (۱۷)

غیر مقلدین وہابی نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے وسیلے اور شفاعت کے بھی منکرین ہیں۔

(ب) ہیئۃ کذائیہ بھی متکبرانہ ہے۔ جیسا کہ نماز میں پاؤں چوڑے کرکے سینے تان کر کھڑا

marfat.com

ہونا وغیرہ صفات وہابیہ سے متصف ہیں (ج) زبان سے اہلحدیث کہلاتے ہیں اور عقیدہ بالکل حدیث کے خلاف ہے اب تم سوچو کہ یہ آیۃ کریمہ تمہارا نقشہ ہے یا نہیں ؟

فرمانِ خداوندی (۱۸)

(خداوند کریم کی طرف سے وہابیوں کو رحمت خداوندی سے محرومی)

منافقون ۲۸/۱ : سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝

ان کے نزدیک یعنی منافقین کے نزدیک ان کے لئے آپ کا بخشش مانگنا یا نہ مانگنا یکساں ہے۔ لہٰذا ان کو اللہ تعالےٰ ہرگز نہیں بخشے گا بے شک اللہ تعالےٰ بدکار قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔

سابقہ مذکورہ آیت کریمہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ان وہابیوں کے متعلق رب العزت سے سفارش کرکے بخشوانے کا ذکر فرمایا کہ یہ لوگ منافق ہیں مسلمانوں کو دھوکہ دینے کے لئے زبانی آپ کا اسم پاک اہل حدیث کہلوا کر چندہ جمع کرنے کے لئے ناجائز استعمال کرتے ہیں حقیقۃً یہ آپ کے وسیلے کے منکرین ہیں یہ میوہ رنگت میں صحیح ہے اندر سے گندہ ہے استعمال کے قابل نہیں یعنی آپ کی اُمت میں شامل نہیں اب اس آیۃ کریمہ میں فرمایا چونکہ اس فرقے کے عقیدے میں آپ کا بخشش مانگنا نہ مانگنا یکساں ہے یہ وہابیہ کہتے ہیں کہ نبی نہ کچھ سنوار سکتا ہے نہ بگاڑ سکتا ہے اس لئے ان کے اس عقیدے کی بنا پر اللہ تعالےٰ اس فرقے کو ہرگز نہیں بخشے گا کیونکہ یہ بدکار فرقہ ہے خداوند کریم کے نزدیک بھی مشرک اور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات وصفات کے بھی منکرین ہیں یہ بخشش کے قابل ہی نہیں بتاؤ وہابیو ؟ تمہیں تو اللہ تعالےٰ نے تمہارے اس عقیدے کی بنا پر اپنی بخشش سے بھی جواب دے دیا نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی

marfat.com

سفارش سے تم نے انکار کر دیا اور رب العزۃ نے تمہیں تمہارے اس عقیدے کی وجہ سے اپنی بخشش سے بھی محروم کر دیا تو تمہارا فرقہ محض سیاسی ہی رہا دین خداوندی سے تمہیں اللہ تعالیٰ نے خارج کر دیا خداوند کریم کے رحمۃ للعالمین خلق رحیم کو تم نے نہ قبول کیا رب العالمین نے تمہیں اپنی بخشش سے وارث کر دیا مسلمانو! اگر تم اس فرقے میں شامل ہو گئے تو ان کی اقتدا میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم دونوں سے محروم ہو جاؤ گے۔ وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ۔

منافق اور کافر چونکہ رب العزت اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا بھی دشمن ہے اور دلی دشمنی رکھتا ہے انسانوں کو عبادۃ خداوندی سے بدعت کہہ کر روکتا ہے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے ذکر سے اور دربار رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف جانے سے منع کرتا ہے انہوں نے شریعت اپنے گھر کی بنا رکھی ہے لہٰذا نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم اور ان کے متبعین کو ان سے جہاد کا حکم جاری فرمایا۔

التحریم ۲۸/۲ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِينَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝

اے ہر وقت خبر رکھنے والے کفار اور منافقین سے جہاد کر و اور ان پر سختی کر و اور ان کا ٹھکانہ جہنم ہے اور بہت بڑا مقام ہے۔ لہٰذا مسلمانوں کو ایسے لوگوں سے زبانی قلمی دینی ہر طرح کا جہاد فرض ہے۔

انصاف

وہابیو! اب تم خود فیصلہ کر لو کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے متعلق بفرمان خداوندی اگر تمہارا یہی عقیدہ ہے تو تم خداوند کریم کے نزدیک منافقین میں شامل ہو اور رحمت خداوندی سے محروم ہو ہمارا اصل سنت و جماعت کا تو یہ عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے مصطفےٰ صلی اللہ

marfat.com

علیہ وسلم کو ہمارے گناہوں کے سفارشی اور ہم گنہگاروں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ اور اس عقیدے کے مخالف کو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے اس انکار کی وجہ سے عذاب الٰہی سے کوئی اور چھڑا نہیں سکتا وہابیو! اگر نجات چاہتے ہو تو اب بھی اپنے عقیدے سے توبہ کر لو۔ تمہارے ملاں دربار خداوندی میں تمہیں کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتے دربار خداوندی میں سفارش مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی ہی چلے گی اور چل سکتی ہے۔

وہابی عقیدہ ۱۸

وہابی مذہب میں نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نہ سنوار اور نہ بگاڑ سکتے ہیں۔

یعنی نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی اُمت کو نہ فائدہ دے سکتے ہیں انکار کرنے سے نہ بگاڑ سکتے ہیں۔ تفصیل آگے مذکور ہے۔ اور مذکورہ آیت ۱۷ میں رب العزت نے یہ عقیدہ کفار و منافقین کا فرمایا ہے۔ لہٰذا یہ فرقہ بھی خداوند کریم کے نزدیک انہیں میں شامل ہوا۔

فرمانِ خداوندی ۱۹

النور ۱۸/۶: وَيَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۭ وَمَآ اُولٰۗىِٕكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝

وہ زبانی اقرار کرتے ہیں کہ ہم اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول اللہ کے ساتھ ایمان رکھتے ہیں پھر ان سے ایک فرقہ اعراض کرتا ہے یہ لوگ ایمان دار نہیں ہیں۔

اللہ تعالےٰ جل شانہٗ نے یہ بھی منافقین کا خاص عیب بیان فرمایا کہ منافقین ایسے بے ایمان ہیں اللہ تعالےٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ان کا ایمان کا اظہار کرنا یہ زبانی ہے دل سے نہیں عقیدت مندی سے نہیں جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی

marfat.com

زبانی آگے ثابت ہوگا۔

جب عمل اطاعت کا موقعہ آتا ہے تو بہانے سے منہ پھیر جاتے ہیں جیسا کہ تم وہابی روضہ اطہر پر جانے کو شرک کہتے ہو یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کہنے کو ہی شرک سمجھتے ہو نام لینا تمہیں گوارا نہیں صلوٰۃ وسلام سے چڑتے ہو آپ کے ذکر خیر سے چھپتے ہو اور بدعت سمجھتے ہو اسی لئے رب العزۃ نے تمہارے امنا باللہ سے زبانی توحیدی اقرار کرنے اور باالرَّسُوْل وَ اَطَعْنَا سے اہلحدیث اور محمدی کہلانے کا دعویٰ کرنا غلط ثابت کر دیا اور ان کی حقیقت واضح فرمادی کہ ثُمَّ یَتَوَلّٰی فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ یہ زبانی اقرار کرکے پھر اللہ تعالےٰ کے بھی منکرین ہیں اور کئی ان سے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے منہ پھیرتے ہیں بلکہ جانے والے کو مشرک کہتے ہیں ان میں ایمان کہاں فرمایا وَمَا اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ یہ مومنین ہیں ہی نہیں۔ ایسے لوگوں پر جو زبانی اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان کا دعویٰ کریں اور عقائد و اعمال میں سخت بغض رکھیں اللہ تعالےٰ جل شانہٗ نے وَمَا اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ سے ان کے بے ایمان ہونے کا فتویٰ صادر فرمادیا تاکہ اللہ تعالےٰ جل شانہٗ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متبعین ایسے لوگوں سے تعلق منقطع کرکے اور ان کے دھوکے میں نہ پھنسیں۔

اللہ تعالےٰ نے وہابیوں کا نقشہ اس آیۃ مذکورہ میں ایسا تیار فرمادیا کہ اس آیۃ خداوندی کو سامنے رکھ کر مسلمان متبع سنت فرقہ وہابیہ کے دھوکے میں کبھی آ نہیں سکتا۔ کیونکہ ان کے ظاہر و باطن کی حقیقت رب العزۃ نے صاف کر دی اب بھی اگر کوئی مسلمان وہابی فرقے میں جا پھنسے تو اس کی حماقت ہے۔

نوٹ : اور اب میں تم پر ڈالتا ہوں کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے کے منافقین اور غیر مقلدین وہابیوں میں کیا فرق ہے ان میں کونسا نفاق تم سے زیادہ تھا نبی کریم صلی اللہ

marfat.com

علیہ وسلم کی اقتدا میں نمازیں پڑھنے والے" روزدار" حاجی" زبانی اللہ تعالےٰ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے کلمہ گو اور فرمانبرداری کے مدعی لیکن دل سے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے بغض ابتم سوچو قرآنی آئینے میں ان منافقین اور غیر مقلدین وہابیہ میں کونسا مابہ الامتیاز فرق ہے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کے منافقین بھی پہلے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر زبانی ایمان لاکر بعد میں اعراض کرتے تھے تو ان کے حق میں اللہ تعالےٰ نے یہی آیۃ کریمہ نازل فرمائی ایسے ہی اس آیت کریمہ کا حکم قیامت تک ایسے لوگوں پر جاری رہیگا۔ جو فرقہ بھی ان کے قدم بقدم اتباع کرے اب فیصلہ تم پہ ہے۔

وہابیوں کا عقیدہ ۱۹

وہابی فرقہ اہل حدیث کا نام کہلوا کر مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی سخت مخالفت کرتے ہیں بلکہ بجائے مطیع ہونے کے اپنے برابر سمجھتے ہیں۔ غیر مقلدین وہابی بھی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرکے اہلحدیث کہلواتے ہیں اور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سفر کرکے جانے کو شرک بھی کہتے ہیں بیت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو گرانا اپنا ایمان سمجھتے ہیں تو فرقہ وہابیہ ان منافقین سے مخالفت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور نفاق میں اُن سے تجاوز کر گئے اسی نفاق کی وجہ سے اللہ تعالےٰ نے ان کو وَمَا اُولٰئِکَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ فرمایا کہ یہ لوگ بے ایمان ہیں جن کا یہ رویہ ہے میں تو کہتا ہوں کہ فرقہ وہابیہ کے لئے تو اس سے زیادہ فتویٰ جو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے دیا قرن شیطان کا وہ عین بجا ہے کیونکہ یہ لوگ تو کفار مکہ سے بھی تجاوز کر گئے ہیں۔ کفار مکہ نے بھی نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنے مکان سے نکال دیا لیکن بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ گرایا اور نہ ہی گرانے کا کسی کو حکم دیا لیکن یہ فرقہ وہابیہ ایسا ظالم فرقہ ہے کہ انہوں نے دربار رسالت مآب

marfat.com

صلے اللہ علیہ وسلم کو شہید کیا اور پھر فتوے دیتے ہیں کہ اب بھی اگر ہماری ہمت ہو تو ہم مکان مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو گرانے سے گریز نہ کریں بلکہ گرانا واجب سمجھتے ہیں۔ خداوند کریم مسلمان کو اس فرقہ سے نجات دلائے اسی لئے اللہ تعالےٰ نے ان کے موحد کہلانے کا پول اٰمَنَّا بِاللّٰہِ سے کھول دیا اور بالرسول سے ان کے اہلحدیث کہلانے کے پول کو واضح فرما دیا۔ وَاَطَعْنَا سے ان کے داڑھی رکھ کر حدیث پر عمل کرنے کا بخیہ ادھیڑ دیا اور وَمَا اُولٰٓئِکَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ کا فتویٰ لگا کر اس فرقہ وہابیہ کو مسلمانوں کی جماعت سے علیحدہ کر دیا تاکہ مسلمان اُمت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ان کے ظاہری و باطنی اعمال و عقائد سے خبردار رہیں اور دھوکہ نہ کھائیں۔

فقیر اب اس آیۃ کریمہ کی تفصیل عرض کرتا ہے۔

اس آیۃ کریمہ میں تو رب العزۃ نے وہابیوں کا پورا نقشہ کھینچ کر رکھ دیا جیسا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے حدیث شریف میں فرمادیا کہ اخیر زمانے میں ایک قوم نکلے گی۔ تمہاری نمازیں ان کی نمازوں کے مقابلے میں کچھ نہ ہوں گی ان کے روزوں کے مقابلے میں تمہارے روزے کچھ نہ ہوں گے لیکن ہنجرے سے نیچے ایمان کی رتی بھی نہ ہوگی ایسے اللہ تعالےٰ نے قرآن کریم میں ان کا نقشہ تیار کر دیا۔

۱۔ غیر مقلدوں کا زبانی اقرار کرنا کہ ہم موحد ہیں اللہ تعالےٰ نے اس آیۃ کریمہ میں اس کا پورا فوٹو تیار کر دیا کہ یَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰہِ لیکن ان کے اس اقرار کا کوئی اعتبار نہ کیا اور فتویٰ جڑ دیا کہ وَمَا اُولٰٓئِکَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ یہ لوگ بے ایمان ہیں کیونکہ زبانی توحید کا اقرار ہے لیکن ذکر اللہ سے خود بھی گریز کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی منع کرتے ہیں اللہ تعالےٰ کو عرش و کرسی کا مکین مانتے ہیں حالانکہ اللہ تعالےٰ وحدہٗ ہے اور کسی چیز کا محتاج نہیں کیونکہ قدیم ہے باقی سب حوادثات ہیں اور حادث کا محتاج

marfat.com

حادث ہوتا ہے اسی لئے فرمایا کہ یہ توحید کے معلن بے ایمان ہیں پھر غیر مقلدین وہابیوں کا دعویٰ کہ ہم مرد ہیں محض جھوٹ اور بناوٹ ہے۔

۲۔ ہم اہلحدیث ہیں کیونکہ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر ایمان رکھتے ہیں محمدی ہیں اللہ تعالےٰ نے اس فرقے کا بھی جواب دیا وَمَا أُولَٰئِكَ بِالْمُؤْمِنِينَ کہ یہ محمدی اور اہلحدیث کے ڈھنڈورا پیٹنے والے بے ایمان ہیں یہ مدعی ہیں امنا بالرسول کے اور اللہ تعالےٰ ان کے بے ایمان ہونے کا فیصلہ فرما رہا ہے کیونکہ

(ا) مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو ان سے نفرت ہے۔

(ب) یہ اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے ذاتی دشمن و قاتل ہیں۔

(ج) مکان مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو گرانا واجب سمجھتے ہیں جو مسلمانوں کا ریاض الجنہ ہے

(د) مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف نیت کر کے سفر کرنے کو شرک سمجھتے ہیں اس سے زیادہ بغض مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے اور کیا ہو سکتا ہے۔

(ر) مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنا ہادی نہیں مانتے۔

(س) مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے متعلق یہ بکتے ہیں کہ محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کسی کو فائدہ نہیں دے سکتے۔

اللہ تعالےٰ وحدہٗ لاشریک ان کے ان عقائد کی بنا پر ان کے زبانی محمدی اور اہلحدیث کہلانے کے دعویٰ کو بطالت کے گڑھے میں ڈالتے ہوئے وَمَا أُولَٰئِكَ بِالْمُؤْمِنِينَ کا فتویٰ لگا دیا کہ ان کا زبانی دعویٰ امنا بالرسول جھوٹ ہے واللہ يَشْهَدُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ خدا گواہ ہے کہ یہ لوگ جھوٹے ہیں۔

سب جھوٹ ہے یہ بے ایمان ہیں کیونکہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ان کو ذاتی

marfat.com

صفاتی عقیدۃً مذہبًا غلط ہے یہ لوگ مومن نہیں ان کے زبانی اہلحدیث یا محمدی کہلانے میں دھوکہ کھانا۔

۳- پھر انہوں نے اطاعت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا اظہار کیا اور کہتے ہیں وَاَطَعْنَا ہمارا فرقہ وہابیہ ہی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا مطیع ہے دیکھو داڑھی سنت کے مطابق صرف ہمارے فرقے کی ہے۔ مونچھیں منڈی ہوئیں نمازوں اور روزوں کے ہم پابند ہیں اطاعت میں بھی ہم سب امت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے زیادہ پابند ہیں اللہ وحدہٗ لاشریک نے ان کے اس دعویٰ کو بھی رد کر دیا اور اپنا فتویٰ جڑ دیا کہ وَمَا اُولٰٓئِکَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ کہ یہ لوگ بے ایمان ہیں اگر اللہ تعالےٰ کے نزدیک اللہ تعالےٰ کے احکامات اور اطاعت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم قبول ہوتی تو اللہ تعالےٰ ان کو وَمَا اُولٰٓئِکَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ کا فتویٰ کیوں لگاتا۔

۴- پھر اللہ تعالےٰ نے اپنے ایک حکم ثُمَّ یَتَوَلّٰی فَرِیْقٌ مِّنْھُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِکَ سے ان کے ایمان باللہ و ایمان برسول اللہ و اطاعت کے ٹھکرانے کا سبب بیان فرما دیا کہ یہ لوگ خداوند تعالےٰ پر ایمان کا دعویٰ کر کے اس کو معاذ اللہ حادث اور زمینوں آسمانوں سے غائب مانتے ہیں محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے کا دعویٰ کر کے روگردانی کا فتویٰ دیتے ہیں ان کے دربار عالیہ کو شہید کر کے ان کو تکلیف دیتے ہیں ان کا حلیہ بنا کر مسلمانوں کو اسلام کے صحیح راستے سے گمراہ کرتے ہیں۔ اس لئے یہ وَمَا اُولٰٓئِکَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ کے مستحق ہیں یہ لوگ ایمان سے خالی ہیں۔ واہ وا وہ واہ یہ ہے میرے خالق کائنات کا فیصلہ وہابیوں کے حق میں۔

marfat.com

فرمانِ خداوندی ۲۰

اَلْخَبِیْثٰتُ لِلْخَبِیْثِیْنَ وَالْخَبِیْثُوْنَ لِلْخَبِیْثٰتِ خبیث چیزیں یا خبیث عورتیں خبیث مردوں کے لئے اور خبیث مردوں کے لئے خبیث چیزیں ہی ہوتی ہیں۔

وہابی کی خوراک ۲۰

کتے بلے خنزیر کا معرق پانی اور گوہ، کچھوے اور بجو کے گوشت کو خبیث خوراک صرف وہابیوں کے لئے خداوند کریم نے پسند کر کے دی اس میں صرف وہابیوں کی کیا خصوصیت تھی ہندوؤں یا سکھوں اور بھنگیوں کو اللہ تعالےٰ خوراک عطا فرماتا یہ تمہاری مرغوبہ اور خبیثہ خوراک تمہارے کسی خاص جرم کا نتیجہ ہے اور وہ یہی ہو سکتا ہے کہ تم خداوند کریم کے بھی دشمن غیر محدود کو محدود مقرر کرتے ہو اس قرآن پاک کو تم نے بڑی بے دردی سے بدلنے کی کوشش کی نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے سخت عناد و بغض رکھتے ہو حتیٰ کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی حاضری کو ہی شرک سمجھتے ہو پاک مقامات سے تمہارا پرہیز ہے تو پاک خوراک حلوے اور کھیر پلاؤ اور حلال پاک گوشت وہ خدا تمہیں کھانا نصیب نہیں فرماتا۔

خدائی فیصلہ

اَلطَّیِّبٰتُ لِلطَّیِّبِیْنَ وَالطَّیِّبُوْنَ لِلطَّیِّبٰتِ پاک چیزیں پاک بندوں کے لئے اور پاک بندے پاک چیزوں کے لئے ہی ہیں ہم مسلمانوں کو محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی محبت کے صدقے غوث پاک رضی اور اولیاء اللہ کی غلامی کے صدقے حلوے کھیر فروٹ اور بکرے مرغ اور تیتر کا گوشت بھنا ہوا طیبات اس خداوند پاک نے ہماری قسمت میں بنا دیا ہے ہمیں طیبین دیکھا تو ہمیں یہ طیبات عطا فرما دیں اور یہی خوراک طیبہ رسل کی رہی جیسا

marfat.com

کہ ارشاد خداوندی ہے۔

یَا اَیُّھَا الرُّسُلُ کُلُوْا مِنَ الطَّیِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ۝

اس آیۃ کریمہ سے ثابت ہوا کہ اعمال صالحہ طیبہ خوراک سے منتج ہوتے ہیں اور جو لوگ خوراک طیبہ سے متنفر ہوتے ہیں اور خوراک خبیثہ کو پسند فرماتے ہیں وہ عبادۃ خداوندی سے محروم رہتے ہیں۔

وہابی نفاق کا سوال اور اس کا جواب

"وہابی" مولوی صاحب یہ تمہارا دھوکہ دینا ہے کہ جو آیتیں منافقین کے حق میں تھیں وہ ہم پر چسپاں کر دیں۔

"محمد عمر" وہابیو تم بھی یار بڑے سادے ہو اپنے مولویوں کے چکمے میں آجاتے ہو پہلے سوچو کہ جو آیتیں ایمانداروں کی صفات بیان کرتی ہوئی نازل ہوئیں کیا وہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین تک ہی محدود رہیں ؟ یا ان صفات سے اور بعد میں بھی کوئی ایماندار کہلا سکتا ہے۔ ایسے ہی جو آیتیں کفار عرب کے حق میں نازل ہوئیں کیا وہ صرف انہی تک محدود تھیں ؟ یا بعد میں بھی ان کا حکم جاری ہے اگر کوئی شخص ان کے اعمال و عقائد کو اپنالے تو عند اللہ وہ بھی کافر ہے گو زمانہ بعد کا ہی ہو اصول تفسیر ہے کہ شان نزول آیت کا خاص ہوتا ہے لیکن حکم عام ہوتا ہے ایسے ہی جو آیتیں ایمانداروں کے حق میں نازل ہوئیں جن لوگوں میں ایمانداروں کی صفات و عقائد موجود ہوں وہی ایماندار ہیں اور ایماندار کہلانے کے حقدار ہیں دوسرے نہیں ایسے ہی جو لوگ کفار عرب کی صفات سے متصف ہیں جو قرآن کریم میں رب العزۃ نے فرمائی ہیں وہ یقیناً پکے کافر ہیں ان کے

marfat.com

کفر میں جو شک کرے وہ بھی کافر ہے ایسے ہی جو آیتیں منافقین عرب کے حق میں نازل ہوئیں جو صفات و عقائد رب العزت نے اُن منافقین کے قرآن کریم میں بیان فرمائے اگر وہی صفات و عقائد قیامت تک جس فرد یا فرقے یا جماعت میں موجود ہوں وہی از روئے قرآن کریم منافق ہے کیونکہ قرآن کریم عالمین کا قانون ہے جس پر قرآن کریم کا قانون لاگو ہوگا وہی اس کے ماتحت ہوگا زمانے کا اعتبار نہیں اب وہابیو تم سوچو اور دل سے فیصلہ کرو کہ بقانون خداوندی ان منافقین کے عقائد اور صفات اور تمہارے عقائد یکساں ہیں تو تم بھی پکے ٹھوس منافق ہو ورنہ نہیں اور جس شخص یا فرقے میں منافقین کے عقائد و صفات موجود ہوں تو جو ان کے منافق ہونے میں شک کرے وہ بھی از روئے قرآن منافق ہے گو دعویٰ ایمانی کیوں نہ ہو۔ تمہارے فرقہ وہابیہ میں بھی آیات قرآنیہ نے جو منافقین کے عقائد اور صفات بیان فرمائی ہیں وہ من وعن موجود ہیں۔ بے شک سوچ لو لہٰذا تم وہابی بھی از روئے قرآن کریم پکے منافق جو تمہارے نفاق میں شک کرے وہ بھی از روئے قرآن مجید منافق ہوگا۔

فرمانِ خداوندی ۲۱

(دعا مانگنے کا خداوندی حکم اور دعا سے منع کرنے والا عند اللہ جہنمی ہے)

مومن ۲۴/۶ : وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ وَمَنْ يَّسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ۔

اور تمہارے پروردگار نے اعلان فرمایا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو اور جو شخص میرے دربار میں دعا کرنے سے تکبر میں رہتا ہے وہ ذلیل ہو کر جلدی جہنم میں داخل ہوں گے۔

marfat.com

۱۔ اس آیتہ کریمہ میں اللہ تعالےٰ نے بندے کو دعا مانگنے کی دعوت دی ہے۔

۲۔ اور جو شخص رب العزۃ سے دعا مانگنے کو روکے یا رُکے تو وہ عنداللہ متکبر ہے اور جہنم کی تیاری ہے اب تم وہابی نماز کے بعد دعا مانگنے سے منع کرتے ہو اور بدعت کہتے ہو تم سوچو کہ اس آیتہ کریمہ کی رو سے تم جہنمی ثابت ہوتے یا نہ؟ جو خود بھی اللہ تعالےٰ سے دعا نہیں مانگتے اور مسلمانوں کو بھی منع کرتے ہو خداوند کریم تمہیں ہدایت دے۔

وہابی کا عقیدہ ۔۲۱

وہابی نماز کے بعد خداوند کریم سے دعا مانگنے کو بدعت کہتا ہے لہٰذا عنداللہ جہنم کی تیاری ہے۔

"وہابی" مولوی صاحب ہماری عمر گزری ہم نے تو ایک حدیث نہیں دیکھی جس میں یہ لکھا ہو کہ نبی علیہ السلام نے فریضہ نماز کے بعد ہاتھ اُٹھا کر دعا مانگی ہو یا حکم دیا ہو۔

"محمد عمر" وہابی صاحب یار تم تو صرف نام کے اہلحدیث ہو نام رکھا لیا حدیث کی ضرورت نہیں۔ حدیث دریافت کرنی ہو تو اہل سنت وجماعت سے دریافت کرو جن کے پاس ہر قول و فعل کی آیت وحدیث موجود ہے تم نے سوال کیا ہے۔ مفصلاً ضرورت ہو تو فقیر کی کتاب مقیاس صلوٰۃ ملاحظہ فرمائیں لیکن اب فقیر مختصراً عرض کرتا ہے۔

ثم استوی علی العرش
پھر اپنے تخت پر چڑھا

(۷) تبویب القرآن ۵۰
الفرقان: ثم استوی علی العرش
پھر تخت پر جا بیٹھا۔

کیوں جی وہابیو! یاد تم نے خداوند کریم کو انسان بلکہ سب مخلوق کی مثل بنا دیا۔ حالانکہ اللہ تعالےٰ لیس کمثلہ شیئ ہے یعنی اللہ تعالےٰ کی مثل کوئی ہے ہی نہیں۔

(۸) فتوی ستاریہ ۲/۸۳
سوال (۲۹۳) زید نے بکر سے سوال کیا کہ اللہ پاک کہاں ہے؟ بکر نے جواب دیا کہ اللہ پاک عرش پر ہے قرآن شریف میں فرمان الٰہی موجود ہے کہ الرحمٰن علی العرش استوی زید نے کہا یہ بات بالکل غلط ہے اللہ میاں تو ہر جگہ موجود ہے اس کا کوئی مکان نہیں اس کی دلیل قرآن میں ہے کہ ھو الاول والاخر والظاھر والباطن الایۃ بکر نے جواب دیا کہ بھائی یہ معنی آپ نے غلط سمجھا ہے یہ تو

marfat.com

خدا کا علم ہے جو ہر جگہ موجود ہے۔

جواب: (۲۹۳) زید کا قول مثل بول اور سراسر غلط و باطل ہے۔

اللہ تعالیٰ رب العزۃ کا عرش پر مستوی ہونا ثابت ہے۔ آیت قرآنی

ا۔ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ ۔ پھر قرار پکڑا اوپر عرش کے

ب۔ اَلرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی وہ رحمٰن ہے اوپر عرش کے قرار پکڑا اس نے

(۹) فتوی ستاریہ ۲/۸۴ } خدا کو ہر جگہ ماننا معتزلہ و جہمیہ وغیرہ فرق ضالہ کا باطل عقیدہ ہے۔

محمد عمر: مذکورہ بالا عقیدہ وہابیہ سے ثابت ہوا کہ وہابیہ خداوند کریم کو حادث مانتے ہیں قدیم نہیں تسلیم کرتے اور جو شخص ذات باری تعالیٰ کو قدیم تسلیم کرے وہ خداوند کریم کا منکر ہے کافر ہے۔

قرآنی فیصلہ

استوٰی بمعنی متوجہ ہونا

مولوی صاحب اگر استوٰی کے معنی قرار پکڑنے کے بناؤ گے تو مشکل بنے گی سنو دوسری جگہ ارشاد خداوندی ہے۔

(۱) البقرۃ ۱/۳ } هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا ثُمَّ اسْتَوٰۤی اِلَی السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۝

اور اللہ وہ ذات ہے جس نے جو کچھ زمین میں ہے سب کچھ تمہارے لئے پیدا فرمایا پھر آسمان کی طرف متوجہ ہوا تو اس نے ان کو ساتوں آسمان تیار فرمائے اور وہ ہر شے کو

marfat.com

بڑا جاننے والا ہے۔

(۲) حم السجدۃ ۲۴/۱ { ثُمَّ اسْتَوٰٓى إِلَى السَّمَآءِ وَهِيَ دُخَانٌ
پھر توجہ فرمائی آسمان کی طرف اور وہ دھواں تھا۔

ان آیات سے ثابت ہوا کہ استوٰی جس معنی بموجب ان آیتوں میں استعمال ہوا ہے ایسے ہی الرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى میں بھی مستعمل ہے یعنی رحمٰن عرش کی طرف متوجہ ہوا اور یہی معنی ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ کے ہیں۔

یعنی اللہ تعالےٰ نے عرش کی طرف توجہ فرمائی۔

کیا اللہ تعالےٰ نے معاذ اللہ پہلے آسمان پر قرار پکڑا اور پھر عرش پر؟ آسمان پر بھی برابر ہی رہا یا بڑھ گیا؟ تمہارے وحید الزمان صاحب نے تو خداوند کریم کو حادث بنا دیا کیونکہ ان کے مذہب میں خداوند کریم کرسی پر بیٹھا ہے اور وہ کرسی خداوند کریم کے بالکل برابر ہے چار انگل بھی بڑی نہیں وہ خداوند کریم جس کا نشان لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ہے تم نے اس کو کرسی کے برابر تسلیم کر لیا تو بے انتہا غیر محدود ذات کو کرسی کے برابر قرار دیا یعنی محدود بنا دیا محدود قدیم نہیں رہ سکتا کیونکہ جس کی ذات محدود ہے اس کا زمان بھی محدود جس کا زمان محدود وہ حادث ثابت ہوا۔ قدیم نہ رہا جو وہابیوں کا ایمان ہے نعوذ باللہ تم نے تین کفریات کا اقرار کیا۔

(قرآنی حکم)

(اللہ تعالیٰ مکان کا محتاج نہیں)

ال عمران ۹۷ { فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ
بے شک اللہ تعالےٰ تمام جہانوں سے بے پروا ہے

ذات خداوندی کے کوئی شی برابر نہیں

(وہابی عقیدہ)

ذات باری تعالےٰ کو تم نے کرسی کا محتاج بنا دیا۔

خداوند کریم کرسی کے برابر بیٹھا ہے چار انگل

marfat.com

لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ اللہ تعالےٰ کے مساوی کوئی شیٔ ہے ہی نہیں۔

بھی بڑا نہیں اور یہ کفار کا عقیدہ تھا کہ بعد موت فرمان خداوندی ثابت کر رہا ہے، اللہ تعالےٰ فرماتا ہے اللہ تعالےٰ کے برابر ہمسادی" اور مثل کائنات میں کوئی شیٔ نہیں لیکن وہابیوں نے عرش کو مساوی کہہ دیا۔

مسلمانو اب فیصلہ تم پر ہے چاہے قرآن کریم پر یقین کر کے اللہ تعالےٰ کو لامکان لازمان تسلیم کر لو یا وہابی مذہب کو ہی سچا سمجھو۔ اب اس کو مفصلاً عرض کرتا ہوں فقیر اب تمہارے عقیدے کو قرآنی استدلال سے غلط ثابت کرتا ہے۔

اسلام میں اللہ تعالےٰ عالمین سے کسی کا محتاج نہیں

وہابی عقیدہ :۔ کہ اللہ تعالےٰ کرسی یا عرش یعنی مخلوقی مکان کا محتاج ہے کامل قرآن کریم سے

مسلمانوں کے قرآنی دلائل

قرآنی استدلال ۱ (اللہ تعالےٰ عالمین سے کسی کا محتاج نہیں)

۱۔ البقرہ ۳/۲۶۳ وَاللّٰہُ غَنِیٌّ حَلِیْمٌ = اور اللہ تعالیٰ بڑا بے پروا بڑا بردبار ہے

۲۔ آل عمران ۳/۹۷ فَاِنَّ اللّٰہَ غَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ بے شک اللہ تعالےٰ تمام جہانوں سے بے پروا ہے۔

۳۔ البقرہ ۳/۲۶۷ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰہَ غَنِیٌّ حَمِیْدٌ ○ تمہیں معلوم ہونا چاہیئے کہ اللہ تعالےٰ

marfat.com

بڑا بے پروا بڑا نرالا کہا گیا ہے۔

۴۔ العنکبوت ۶/۳۰ } اِنَّ اللّٰہَ لَغَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ بے شک اللہ تعالےٰ تمام جہانوں سے بے پروا ہے۔

۵۔ الانعام ۸/۱۴۷ } وَرَبُّکَ الْغَنِیُّ ذُو الرَّحْمَۃِ اور یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آپ کا رب رحمت والا بے پروا ہے۔

کیوں جی وہابی صاحب رب العزۃ نے ان مذکورہ پانچ آیتوں سے اپنی مخلوق کو یقین دلایا کہ تمہارا اللہ تعالےٰ عالمین سے کسی کا محتاج نہیں بے پروا ہے عرش و کرسی بھی عالمین میں شامل ہے لہٰذا عرش و کرسی سے بھی رب العزۃ کی بے پرواہی ثابت ہو گئی اللہ تعالےٰ فرماوے مجھے عالمین سے خواہ عرش ہو یا کرسی کسی کی محتاجی نہیں اور تم کہو کہ عرش پر بیٹھا ہے دوسرا کہے کہ کرسی پر بیٹھا ہے تو اب تمہاری بات تسلیم کریں یا رب العزۃ کی؟ اور سنیئے اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔

(۶) محمد ۲۶/۴ } وَاللّٰہُ الْغَنِیُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَاءُ۔
اور اللہ تعالےٰ بے پروا ہے اور تم محتاج ہو۔

اس آیۃ کریمہ میں اللہ تعالےٰ نے ثابت فرما دیا کہ اللہ تعالےٰ کسی کا محتاج نہیں باقی سب مخلوق محتاج ہیں اب فیصلہ تم پر ہے کہ خداوند تعالےٰ فرمائے تم محتاج ہو میں بے پروا ہوں اور تم کہو کہ نہیں کیونکہ اگر ہم محتاج ہیں۔ تو تُو بھی تو عرش و کرسی کا محتاج ہے اگر محتاج نہ تھا تو اس پر بیٹھنے کی کیا ضرورت تھی یہ ہے وہابیوں کا کفر جس نے کئی ہزاروں مسلمانوں کو خداوند کریم کا منکر بنا کر دور کر دیا۔

اس وہابی عقیدے کی تفصیل عرض کرتا ہوں۔

marfat.com

ایک وہابی لکھتا ہے کہ خداوند کریم نے عرش پر قرار پکڑا ہے بیٹھا ہے۔

دوسرا وہابی لکھتا ہے کہ خداوند کریم کرسی پر بیٹھا ہے اور کرسی چار انگل بھی بڑی نہیں رہتی بلکہ برابر ہے اور خداوند کریم کے بوجھ سے کرسی چرچر کرتی ہے۔

بہرصورت خداوند کریم کو صرف عرش پر یا کرسی پر بیٹھا تسلیم کریں اس عقیدے سے چار کفریات لازم آتے ہیں۔

کفر (۱) خداوند کریم جس کی ذات مخلوقات سے کسی شیئ کا محتاج نہیں وہابی نے اس کو کرسی یا عرش پر مخلوق کا محتاج اور محدود ثابت کیا۔

اور جو مخلوق سے کرسی اور عرش محدود کا محتاج ہے وہ یقیناً زمان کا بھی محتاج ہوگا اور جو مخلوق کا محتاج ہے وہ حادث ہے۔ اور رب قدیم کو حادث تسلیم کرنا کفر ہے تو یہ وہابی کا کفر ۱ ثابت ہوا۔

(کفر ۲) خداوند کریم کو عرش یا کرسی پر بیٹھا تسلیم کیا عرش یا کرسی کو پیدا کرکے بیٹھا تو وہ یقیناً پہلے کھڑا یا چلتا ہوگا پھر ہی بیٹھا ماننا پڑے گا کہ ایک حالت سے متغیر ہو کر دوسری حالت کی طرف رجوع کیا جو متغیر ہے وہ حادث ہے کیونکہ قدیم متغیر نہیں ہو سکتا۔ خداوند کریم کو عرش یا کرسی پر بیٹھا تسلیم کرکے حادث ثابت کیا تو ایسے شخص نے رب قدیم کو حادث تسلیم کر لیا اور رب قدیم کو حادث تسلیم کرنا کفر ہے تو وہابی کا اس عقیدے سے کفر ۲ ثابت ہوا۔

(کفر ۳) وہابی نے رب کریم کو کرسی کے برابر لکھا حالانکہ مخلوق سے کسی کو خداوند کریم کے برابر سمجھنا کفر ہے تو یہ وہابی کا کفر ۲ ہے۔

(نوٹ) اور وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ میں رب کریم کا کرسی پر بیٹھنا ثابت ہی

marfat.com

نہیں ہو سکتا۔ اگر کوئی وہابی قرآن کریم کی ایک آیت ایسی دکھادے کہ خداوند کریم کرسی پر بیٹھا ہے تو اس کو

مبلغ یکصد روپیہ انعام دیا جائے گا

اس آیتہ کریمہ سے تو صرف یہ ثابت ہوا کہ کرسی سب آسمانوں سے بھی بڑی ہے یہ تو کرسی کی حد بیان کی گئی نہ کہ کرسی کو غیر محدود کہا گیا تو تمہارا یہ استدلال بھی غلط ثابت ہوا۔ (کفر ۴) پھر تم نے خداوند لاشریک کا بوجھ مقرر کر دیا جو بوجھ سے پاک ہے۔

قرآنی استدلال (۲)

بیٹھنے اُٹھنے کا حل قرآن کریم سے

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ

اس ایک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں زندہ ہے ہر وقت ہر زمان ہر مکان بغیر وقت بغیر زمان بغیر مکان قائم ہے اس کو اونگھ اور نیند آسکتی ہی نہیں۔

اللہ تعالےٰ کی ذات مع صفات قدیمہ قائم و دائم ہے متغیر ہونے کا کوئی شائبہ ہی نہیں کیونکہ جو متغیر ہے وہ حادث ہے اللہ تعالیٰ قدیم ہے اللہ تعالےٰ کی ذات و صفات کو حوادث سے متصف کرنا کفر ہے۔

طٰہٰ ۱۶/۶ } وَعَنَتِ الْوُجُوْہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ ۔ اور کئی مونہہ حی و قیوم کے روبرو جھکے ہوں گے۔

اس آیتہ کریمہ میں بھی رب العزۃ کا ہر وقت حی اور ہر وقت و بلا وقت قائم و دائم ہونا ثابت ہوا۔

ال عمران ۳/۱ } اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۝

marfat.com

(ا) اللہ تعالےٰ ایسا معبود ہے جس کے سوا اور کوئی معبود نہیں ہر وقت زندہ رہا زندہ ہے زندہ ہی رہیگا۔ ایسا وقت نہ تھا کہ وہ نہ تھا تھا بھی نہ تھا تو اللہ تعالےٰ کی ذات موجود تھی۔

(ب) بالذات قائم کہنے سے ذات سے کسی کی اس کو ٹیک و آسرا نہیں محتاج نہیں باقی جو شے ہے کسی آسرے سے مکان زمان وجہ سے قائم ہے لیکن معبود حقیقی صرف اللہ تعالےٰ ہی بالذات قائم ہے۔

اگر اللہ تعالےٰ کو معاذ اللہ عرش پر مقیم تسلیم کیا جائے تو اللہ تعالےٰ بھی محدود تسلیم کرنا پڑے گا۔

تو وہابی کے اس عقیدے سے خداوند کریم کا وحدہٗ لاشریک ہونا وہابی مذہب میں غلط ہو گیا کیونکہ مکانیت اور جہت میں دوسروں کے مساوی ٹھہرایا۔ لہٰذا از روئے اسلام وہابی عقیدہ اسلام کے مخالف ثابت ہوا تو وہابی مذہب کا وہاب والا کہلانا یا موحد کہلانا یہ اصلی گھی کہنے کے مترادف ہے۔ کیونکہ مذکورہ آیت خداوندی کے رو سے تمہارا عقیدہ خداوند کریم کے قیوم بالذات ہونے کے خلاف ہے۔

قرآنی استدلال (۳)

عرش کو ملائکہ نے اُٹھایا ہوا ہے

المومن ۲۴/۱ { اَلَّذِیْنَ یَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ یُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ○ وہ ملائکہ جو عرش کو اُٹھائے ہوئے ہیں اور جو عرش معلیٰ کے چوفیرے ہیں وہ اپنے رب کی تسبیح بیان کرتے ہیں۔

(ا) اس آیۃ کریمہ سے ثابت ہوا کہ عرش معلیٰ کو ملائکہ نے اُٹھایا ہوا ہے اور تسبیح

marfat.com

خداوندی میں مشغول ہیں۔

۲۔ اس آیۃ کریمہ سے ثابت ہوا کہ عرش معلیٰ کے چوپائے ہیں کہ پھرتے ہیں اور خداوند کریم کی تسبیح بیان کرتے ہیں۔

اس آیۃ کریمہ سے وہابیوں کے دو کفر ثابت ہوئے

بتاؤ وہابیو؟ بقول تمہارے اگر خداوند کریم عرش پر کرسی پر بیٹھا ہے تو عرش کو بفرمان خداوند ملائکہ نے اٹھا رکھا ہے تو خداوند کریم کا بوجھ بمع عرش کے ملائکہ نے اٹھایا ہوا ہے تو تمہارے عقیدے کے موافق خداوند کریم معاذ اللہ اتنا ہلکا ثابت ہوا کہ خداوند کریم کو اور بمع عرش معلیٰ کے فرشتے اٹھائے ہوئے ہیں تو تمہارا عقیدہ مذکورہ آیت کے رو سے بھی غلط ثابت ہوا دوسرا کفر یہ ثابت ہوا عرش کو فرشتے محیط ہیں تو تمہارے عقیدے کے موافق خداوند کریم کو بھی ملائکہ محیط ہوئے تو یہ تمہارا دوسرا کفر ہے تو اس ایک قانون خداوندی سے تمہارے عقیدے کا دہرا کفر ثابت ہوا۔

اور صدق اپنا عقیدہ کفریہ چھوڑ کر مسلمان بن جاؤ اور خداوند کریم کو لامکان تسلیم کر کے عقیدہ صحیح بنا لو!

بولو وہابیو!

آمین

(عرش پانی پر)

قرآنی استدلال ۴۔ ھود ۱۲/۱ } وَكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ اور عرش پانی پر تھا۔ اس وقت اللہ تعالیٰ عرش پر تھا یا نہ؟ پانی سے اٹھا کر ساتویں آسمان کے

marfat.com

اوپر لے گیا جب پانی پر تھا تو یہ سمندر کا پانی غیر محدود تھا یا محدود اگر غیر محدود کہو تو یہ غلط ہے کیونکہ امریکہ کے راکٹ اس کے چوفیرے پھرتے ہیں اگر کہو پانی محدود تو عرش محدود عرش محدود تو اللہ تعالیٰ محدود ثابت ہوا یہ کفر ہے۔

قرآنی استدلال (۵)

اللہ تعالیٰ ہر شئی کا خالق ہے

(ا) المومن ۶۲/۴۰ } ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۔ یہ ہے تمہارا اللہ جو تمہارا پروردگار ہے ہر شئی کو پیدا کرنے والا ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں کس طرح تم بہتان گھڑتے ہو۔

(ب) الانعام ۱۰۲/۶ } ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۔ یہ ہے تمہارا اللہ جو تمہارا پروردگار ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہر شئی کے پیدا کرنے والا ہے تم اسی کی عبادۃ کرو۔

(ج) الزمر ۶۲/۳۹ } اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ اللہ تعالیٰ ہی ہر شئی کے پیدا کرنے والا ہے۔

(د) الحشر ۲۴/۵۹ } هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ وہ اللہ ہی پیدا کرنے والا ہے ہر عیب سے مبرا ہے۔

ان مذکورہ بالا آیات قرآنیہ سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ ہر شئی کا خالق ہے صرف وہ ایک اللہ تعالیٰ ہی خالق ہے باقی سب اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں آسمان زمین پہاڑ عرش کرسی سمندر جن انسان انبیاء علیہم السلام اولیاء اللہ ملائکہ ہوا آگ جنت دوزخ سب اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں صرف وہی ایک خالق ہے یہ ہمارا مسلمانوں کا ایمان ہے اس سے ایک ذرہ بھر ادھر ادھر نہیں ہو سکتے اللہ تعالیٰ کے سوا نہ کوئی خالق ہے نہ ہوا

marfat.com

نہ ہو سکتا ہے اور نہ ہی ممکن ہے۔ تو ان آیات مذکورہ بالا کی بنا پر جب ثابت ہو گیا کہ ہر شی کا خالق اللہ تعالےٰ ہی ہے تو عرش و کرسی کا خالق بھی وہی اللہ ہی ہے اللہ تعالےٰ وحدہ لاشریک بالذات قیوم ہے عرش و کرسی پر بیٹھنے اور برابر ہونے کا احتمال کرنا ہی اسلامی رو سے کفر ہے تم وہابیوں نے جو اللہ تعالےٰ کو عرش و کرسی پر بیٹھنا تسلیم کیا ہے یہ ان مذکورہ آیات کے برعکس ہے یہ قرآنی استدلال پانچواں ہے جس نے تمہارے عقیدے کو غلط ثابت کر دیا کیونکہ وحدہ لاشریک کا اپنی مخلوق پر قرار پکڑنا محالات سے ہے فافہم

(قرآنی استدلال ۶)

(اللہ تعالےٰ ایسی کئی کرسیاں اور کئی عرش پیدا کر سکتا ہے)

ناطر ۲۲/۱ } یَزِیْدُ فِی الْخَلْقِ مَا یَشَآءُ۔
پیدائش میں جو چاہے زیادہ کر سکتا ہے۔

اس آیۃ کریمہ سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالےٰ موجودہ عرش جیسے کئی عرش پیدا کر سکتا ہے اور یہ بھی ثابت ہوا کہ موجودہ عرش کو بڑھا گھٹا بھی سکتا ہے۔ اور موجودہ کرسی جیسی لاتعداد کرسیاں تیار کر سکتا ہے۔ اور یہ دونوں عرش اور کرسی محدود ہیں رب العزۃ غیر محدود ہے ان دونوں کی مکانیت موجود ہے خداوند کریم مکان کا محتاج نہیں۔ قرآن کریم سے اور عرض کر دیتا ہوں۔

(قرآنی استدلال ۷)
رعد ۱۳/۲ } وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَہٗ بِمِقْدَارٍ۔ ہر شی اللہ تعالےٰ کے نزدیک اندازے کے ساتھ ہے۔

اس آیۃ کریمہ سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالےٰ نے ہر شی کو اندازے کے مطابق پیدا فرمایا ہے جس کا انداز مقرر ہے اس کو خداوند کریم کے مساوی سمجھنا کفر ہے کیونکہ وہ غیر محدود ہے۔

marfat.com

بتاؤ وہابیو! اللہ تعالےٰ نے ہر شئی کو اندازے سے پیدا فرمایا تو عرش و کرسی کو بھی اندازے سے پیدا فرمایا تو تمہارے عقیدے کے موافق تو اللہ تعالےٰ نے عرش اور کرسی کو اپنی ذات کے اندازے سے پیدا فرمایا تاکہ بڑی چھوٹی نہ ہو جائے اور مکان مکین کے اندازے سے ہی تیار ہوتا ہے۔ تو ذات خداوندی کے لئے عرش و کرسی کی مکانیت مقرر کرنا اور خداوند ذات باری تعالےٰ کو مکین مقرر کرنا ہے تو تمہارا رب العزۃ کو عرش پر بیٹھا یا قرار پکڑا تسلیم کرنا مکانیت کو مستلزم ہوا۔ خداوند کریم کی مقدار مقرر ہو گئی اور ذات باری تعالےٰ کے لئے تمہارا مکان اور مقدار تسلیم کرنا اور ذات باری تعالےٰ کو مکین تسلیم کرنا کفر ثابت ہوا اب تم سوچو کہ تم وہابی خداوند کریم کی توحید کے قائل ہو اور عرش و کرسی کو خداوند کریم کے مساوی سمجھ کر مشرک ہو؟ یا ہم جو اللہ تعالےٰ کو وحدہٗ لاشریک کو غَنِیٌّ عَنِ الْعَالَمِیْن سمجھنے والے ہیں؟

وہابیو مسلمانوں کو مشرک کہنے والو؟ بتاؤ تم اس عقیدے کی بنا پر مشرک ہو یا مسلمان؟ جو خداوند کریم کے برابر کسی شئی کو نہیں سمجھتا عرش ہو یا کرسی آسمان ہو یا زمین نبی اللہ ہو یا ولی اللہ کوئی اللہ تعالےٰ کا برابر اور شریک نہ ہوا نہ ہے نہ ہوگا نہ ہو سکتا ہے نہ ہی ممکن ہے تو اس قرآنی آیات نے بھی تمہارے عقیدے کو غلط ثابت کر دیا۔

قرآنی استدلال (۸)

(اللہ تعالےٰ تمام عالمین کا پروردگار ہے)

(۱) اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ سب تعریف تمام جہانوں کے پروردگار اللہ کے لئے ہے۔

۲۔ المومن ۶۵ } اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔ سب تعریف تمام جہانوں کے پروردگار اللہ تعالےٰ کے لئے ہے۔

۳۔ المومن ۶۴ } فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ تمام جہانوں کا پروردگار اللہ تعالےٰ

marfat.com

بابرکت ہے۔

ان آیات کریمہ سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالےٰ تمام جہانوں کا رب ہے جس میں عرش کرسی زمین آسمان پہاڑ سمندر ہر چیز شامل ہیں۔

تو عالمین کا پروردگار اپنی پروردہ چیز کا محتاج کیسے ہو سکتا ہے کیونکہ اس کے قدیم ہونے کے منافی ہے۔

قرآنی استدلال (۹)

(اللہ تعالےٰ عرش عظیم کا بھی پروردگار خالق ہے)

التوبہ ۱۲۹ } اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

اللہ تعالےٰ کے سوا کوئی معبود نہیں وہی عرش عظیم کا پروردگار ہے۔

الزمر ۲۵ } سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ

آسمانوں اور زمین اور عرش کا پروردگار جو تم تعریف کرتے ہو پاک ہے

کیوں جی دلیر بتاؤ؟ اب تو قرآنی فیصلہ ہو گیا کہ اللہ تعالےٰ عرش عظیم کا خالق اور پروردگار ہے۔

کیا رب العزۃ اپنی مخلوق کے مساوی یا محتاج ہو سکتا ہے؟

یہ تمہارے عقیدے کو غلط ثابت کرنے کا ناطواں قرآنی استدلال ہے۔

خداوند کریم سے ڈرو اور توحید خداوندی پر اپنا عقیدہ صحیح کر لو اور دشمن قرآن کریم نہ بنو خداوند کریم کو فوق، شرق، غرب، زمینوں آسمانوں میں موجود تسلیم کر لو عرش و کرسی پر بیٹھنے کا عقیدہ ترک کر کے صحیح العقیدہ مسلمان بن جاؤ اگر توحید خداوندی پر ہی تمہارا عقیدہ صحیح نہ ہوا تو یاد رکھو تمہاری کوئی نیکی نیکی نہ ہو گی۔ بلکہ تمہارے اعمال نامے میں بدی لکھی جائے گی۔

marfat.com

کیونکہ تم وہابیوں نے عرش پہ بٹھا کر خداوند کریم کے وحدہٗ لاشریک ہونے کا انکار کر دیا مرزائیوں نے خداوند کریم کی ختم کی ہوئی نبوۃ پہ ڈاکہ ڈالنے کی کوشش کی اور نبوت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی اُمت سے نکل گئے تم نے توحید خداوندی پر ڈاکہ ڈال کر اپنے موحد ہونے کا اعلان کر دیا اور تم وہابی خداوند کریم کی مخلوق سے مردود ہو گئے اور مرزا غلام احمد قادیانی سے بھی تجاوز کر گئے ابلیس علیہ اللعنۃ بنی اللہ کے روبرو سر نہ جھکانے سے خداوندی مردود بن گیا لیکن تم وہابی فقیر خداوند کریم کو عرش و کرسی کا مکین سمجھ کر وحدانیت خداوندی کو داغدار بنانے کی کوشش کرتے ہو خداوند کریم کی طرف سے راندہ دربار خداوندی بن گئے۔ رب العزۃ نے وہابیوں کو اپنے سائلین کی صف سے ہی خارج کر دیا لہٰذا وہابی خیرات خداوندی سے محروم ہو گیا۔

(قرآنی استدلال ۱۰)

(رب کریم کو عرش و کرسی کے برابر سمجھنا کفر ہے)

اسلام میں اللہ تعالےٰ وحدہ لاشریک کو کوئی شے محیط نہیں ہو سکتی۔

وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ

اور یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آپ ملائکہ کو دیکھتے ہیں کہ عرش کے چوفیر کو گھیرے ہوئے ہیں اپنے پروردگار کی حمد کے ساتھ اللہ تعالےٰ کی تسبیح بیان کرتے ہیں۔

اس آیۃ کریمہ سے ثابت ہوا کہ عرش معلیٰ کے چوفیر ملائکہ رب العزۃ کی تسبیح بیان کرتے ہیں یعنی عرش معلیٰ کو ملائکہ محیط ہیں اور عرش معلیٰ محاط ہے اور تم نے عرش پر خداوند کریم کو قرار پکڑا ہوا اور بیٹھا ہوا لکھا ہے خداوند کریم کا تمہارے نزدیک چار انگل کا تفاوت نہیں ہے تو جو ملائکہ عرش کو محیط ہیں تو وہ رب العزۃ کو بھی محیط ہوں گے کیونکہ رب العزۃ

marfat.com

تمہارے نزدیک عرش پر بیٹھا ہے تو تم نے قدیم بے انتہا رب العزۃ کو محاط بنا دیا اور مخلوق مخبتی کو محیط ثابت کر دیا اور یہ کفر ہے یہ قرآنی استدلال ہے جس نے وہابی عقیدے کو باطل بنا دیا۔ وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا۔ فرمان خداوندی ہر باطل کو مٹا دیتا ہے۔

قرآنی استدلال ۱۱

خداوند کریم ہر شئی کو محیط ہے

حم السجدہ ۲۵/۶ } اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ ۝ خبردار اللہ یقیناً ہر شئی کو محیط ہے یعنی گھیرنے والا ہے۔

النساء ۵/۱۸ } وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا ۝ اور اللہ تعالےٰ ہر شئی کو محیط ہے۔

ان مذکورہ آیات قرآنیہ سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالےٰ ہر شئی کو محیط ہے اور اللہ تعالےٰ کو عرش و کرسی پر قرار پکڑا تسلیم کیا جائے اور برابر تسلیم کیا جائے جو تمہارا وہابیوں کا عقیدہ ہے۔ ان مذکورہ آیات قرآنیہ کی رو سے اللہ تعالےٰ عرش و کرسی کو محیط ثابت نہیں ہوتا تو وہابی عقیدہ کو اپنانے سے قرآن کریم کی ان مذکورہ آیات کا انکار لازم آتا ہے لہٰذا از روئے ان آیات مذکورہ کے قانون سے تمہارے وہابیوں کا عقیدہ جھوٹا ثابت ہوا۔

اب قرآنی فیصلہ عرض کرتا ہوں کہ خداوند کریم صرف عرش پر ہی ہے یا زمین و آسمانوں میں بھی بالذات موجود ہے۔

قرآنی استدلال ۱۲

marfat.com

خداوندی موجودیت قرآن کریم سے

الحدید ۲۷/۱ } هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وہی اللہ اول ہے وہی آخر ہے وہی ظاہر ہے وہی باطن ہے۔

اس آیۃ کریمہ سے ثابت ہوا اللہ تعالےٰ کی موجودیت بلاکم وکیف اول و آخر بھی ظاہر و باطن بھی ہے۔ جو نہ تسلیم کرے وہ منکر قرآن کریم ہے۔

قرآنی استدلال ۱۲

(ب) الانعام ۷/۱ } وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَفِي الْاَرْضِ اور وہی اللہ تعالےٰ آسمانوں میں بھی موجود ہے اور زمین میں بھی۔

یعنی اللہ تعالےٰ آسمانوں اور زمین میں موجود ہے لیکن ہم اس کی ہیئت کذائیہ نہیں بتا سکتے۔ اور اس کی موجودیت ضرور ہے لیکن قیام جسمیت کو مستلزم ہے جسمیت مکان کی محتاج ہے اللہ تعالےٰ کی قدامت میں فرق آئے گا یعنی حادث ثابت ہوگا اور حدوث سے ذات خداوندی مبرا ہے۔ جب اللہ اللہ تعالےٰ نے فیصلہ صاف فرما دیا کہ وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَفِي الْاَرْضِ اب اللہ سے مراد ذات الٰہ ہی ہو سکتا ہے جس سے واضح طور پر ثابت ہو گیا ہے کہ آسمانوں اور زمین میں ذات الٰہ موجود ہے جس کی وضاحت لو موجود ہے۔

قرآنی استدلال ۱۳

(ج) زخرف ۲۵/۷ } وَهُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ۔ اور وہی اللہ جو آسمان میں اور زمین میں بھی موجود ہے اور وہی بڑا دانا اور بہت بڑا علم والا ہے۔

ان آیات مذکورہ بالا سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالےٰ بذاتہٖ آسمانوں اور زمین میں موجود

marfat.com

ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تعداد میں بھی شرکت کا اعلان فرمایا۔

قرآنی استدلال ۱۴

(۱۴) المجادلہ ۲۸/۲ { اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَآ اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ اَيْنَمَا كَانُوْا

کیا آپ نے یا رسول اللہ دیکھا نہیں کہ اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو شے آسمانوں اور زمین میں ہے تین آدمیوں کی کوئی ایسی سرگوشی نہیں مگر چوتھا ان کا اللہ ہے اور نہ ہی کوئی پانچ آدمیوں کی سرگوشی ہے مگر اللہ ان کا چھٹا ہے اور نہ ہی کوئی تھوڑے یا اس سے زیادہ ہوں مگر وہ اللہ ان کے ساتھ ہوتا ہے جہاں بھی وہ ہوں یعنی فرشتے ہوں یا انسان یا جنات اللہ تعالیٰ ان کے پاس ہی ہوتا ہے۔

باوجودیکہ رب کریم انسان کے پاس موجود ہے لیکن اس نے انسان کے پاس قرار نہیں پکڑا جیسا ارشاد ہے۔

الزمر ۲۳/۱ { فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ ۔ ضرور اللہ تعالیٰ تم سے بے پروا ہے تمہارا محتاج نہیں۔

اللہ تعالیٰ جل شانہٗ نے اپنی علمی طاقت کا اظہار بھی فرمایا کہ میرا علم ہر شے کو محیط ہے۔

خداوند تعالیٰ کا علمی احاطہ

الطلاق ۲۸/۱ { وَاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ، بے شک اللہ تعالیٰ علمی لحاظ سے ہر شے کو محیط ہے۔

اللہ تعالیٰ بمع صفات تدبیر ہر شے کو محیط ہے۔

marfat.com

قرآنی استدلال ۱۵

مسلمان کا خدا بالذات مسلمان کے پاس ہے

(ا) البقرہ ۲/۲۴ } وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰہَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ ۝ اور تمہیں معلوم ہونا چاہیے یقیناً اللہ تعالےٰ متقین کے پاس ہے۔

(ب) التوبہ ۱۰/۵ } وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰہَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ ۝ اور تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ یقیناً اللہ تعالےٰ متقین کے پاس ہے۔

(ج) النحل ۱۴/۱۶ } اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ ھُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝ بے شک اللہ تعالےٰ متقیوں اور نیکی کرنے والوں کے پاس ہے۔

(د) التوبہ ۱۱/۱۶ } وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰہَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ ۝ اور تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ بے شک اللہ تعالےٰ متقیوں کے ساتھ ہے۔

(ر) العنکبوت ۲۱/۷ } وَاِنَّ اللّٰہَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ ۝ اور ضرور اللہ تعالےٰ نیکی کرنے والوں کے پاس ہے۔

(س) الانفال ۹/۲ } وَاَنَّ اللّٰہَ مَعَ الْمُؤْمِنِیْنَ ۝ اور ضرور اللہ تعالےٰ ایمان والوں کے پاس ہے۔

(ص) الانفال ۱۰/۶ } وَاصْبِرُوْٓا اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ ۝ اور تم صبر کرو بے شک اللہ تعالےٰ صبر کرنے والوں کے پاس ہے۔

(ط) المائدہ ۶/۲ } وَقَالَ اللّٰہُ اِنِّیْ مَعَکُمْ ۝ اور اللہ تعالےٰ نے اعلان کیا ہے کہ یقیناً میں تمہارے پاس ہوں۔

(ع) محمد ۲۶/۴ } وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ وَاللّٰہُ مَعَکُمْ ۝ اور اے مسلمانو! تم ہی

marfat.com

بلند رہو گے کیونکہ اللہ تمہارے ساتھ ہے۔

(ر) النساء ۵/۱۶ { يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ۔

لوگوں سے وہ چھپاتے ہیں اور اللہ تعالےٰ سے چھپا نہیں سکتے کیونکہ وہ ان کے پاس ہے جب وہ رات کو ناپسندیدہ باتیں کرتے ہیں۔

(ق) الحدید ۲۷/۱ { وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ۔ جہاں بھی تم ہو اللہ تعالےٰ تمہارے پاس ہے۔

(ل) یونس ۱۱/۷ { وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ۝ اور یارسول اللہ صلے اللہ علیک آپ جس حالت میں ہوں اور قرآن حکیم سے جو کچھ پڑھیں اور جب کسی کام کو شروع کرتے ہو تم جو بھی اعمال کرتے ہو ہم تم پر موجود ہوتے ہیں۔

(م) اَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ جہاں تم منہ پھیرو وہیں اللہ تعالےٰ کی ذات موجود ہے۔

قرآن کریم کی شہادۃ کہ اللہ تعالےٰ بندے کی شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے

(ن) ق ۲۶/۲ { وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ۝

اور ضرور ہم نے انسان کو پیدا کیا اور جو اس کے دل میں خیال آتا ہے ہم اس کو جانتے ہیں اور انسان کی گردن کی شہ رگ سے بھی ہم زیادہ قریب ہیں۔

marfat.com

اس آیۃ کریمہ میں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ میں تمہاری شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہوں لیکن وہابی کہتا ہے کہ عرش یا کرسی پر ہے اب خداوند کریم کو معتبر اور مقدم سمجھیں یا وہابی کو ہمارا مسلمانوں کا ایمان تو بہتی قرآن کریم ہے ہم چھوڑ نہیں سکتے۔

خداوند کریم ہمارے بہت قریب ہے لیکن ہمیں نظر نہیں آتا،

(۷) واقعہ ۲۷/۳ { نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ (مرنے والے کے) ہم تم سے زیادہ قریب ہیں۔

اور لیکن تم دیکھ نہیں سکتے۔ کیوں بھی خداوند کے فرمان سے ثابت ہوا کہ جب تم مرنے لگتے ہو تو ہم تمہارے بہت قریب ہوتے ہیں تاکہ ملک الموت کی ڈیوٹی ملا خلل فرمادیں ایسا نہ ہو کہ وہ ایمانداروں سے کہیں سخت برتاؤ نہ کرے اور کفار و منافقین کی روح نکالنے میں کہیں نرمی نہ برتے کیونکہ بندہ یہ نہ سمجھے کہ رب العزۃ تمام عمر تو میری شہ رگ سے بھی زیادہ قریب رہا لیکن موت کے وقت چھوڑ گیا تو رب العزۃ نے اس کا حل مذکورہ آیت میں فرمایا کہ موت کے وقت بھی میں تمہارے بہت قریب ہوتا ہوں تم دیکھ نہیں سکتے تو اس آیت کریمہ میں بھی ثابت ہوا کہ اللہ تعالےٰ کی ذاتی موجودیت زمین پر انسان کے بہت زیادہ قریب ہے۔

(۸) الانفال ۸/۲۴ { وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ یَحُوْلُ بَیْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ وَاَنَّهٗٓ اِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ - اور تمہیں معلوم ہونا چاہیئے کہ بے شک اللہ تعالےٰ بندے اور اس کے دل کے درمیان آڑ بن جاتا ہے۔ اور حقیقت یہ ہے کہ تم اللہ ہی کی طرف اکٹھے کئے جاؤ گے۔

اس آیۃ کریمہ میں اللہ تعالےٰ نے فرمایا کہ بندہ جب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی اطاعت میں فرمانبرداری کرنے لگتا ہے تو اس کے اور اس کے دل کے درمیان حائل ہوتا ہے اور اس کی

marfat.com

ہمت کو اُبھارتا ہے کہ میرے محبوب صلے اللہ علیہ وسلم کی اطاعت میں کوتاہی نہ کرنا اور جب حکم مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے خلاف چلنے لگتا ہے تو بھی اللہ تعالےٰ اس کے اور اس کے دل کے درمیان حائل ہوتا ہے کہ میں تمہیں نافرمانی سے روکتا ہوں پھر نہ کہنا کہ مجھے کسی نے روکا نہیں اب میں خداوند کریم تیرے دل میں ڈال رہا ہوں کہ میرے محبوب صلے اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی تیرے لئے دنیا و عقبیٰ میں مضر ہوگی دیکھنا لیکن اللہ تعالےٰ زبردستی نہیں کرتا تو اس آیۃ کریمہ میں بھی رب العزۃ نے بندے کو اپنے ذاتی قرب کی اطلاع دے دی اب تم وہابی انکار کرو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ رب العزۃ تمہارے اور تمہارے دل کے درمیان حائل تو ہوتا ہے لیکن مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کرنے کی وجہ سے تم سے اعتراض کرتا ہے۔ تم وہابی چونکہ رب العزۃ کو نہ دیکھ سکتے ہو اور نہ ہی تمہارا ایمان ہے کہ رب العزۃ ہمارے قریب ہے اس لئے تم خسارے میں ہی رہتے ہو اللہ تعالےٰ تمہیں ہدایت کی طاقت دے۔ تو آیت مذکورہ سے بھی اللہ تعالےٰ کا زمین پر بندے کے قریب ہونا ثابت ہو گیا۔

(نوٹ) ان مذکورہ سولہ آیات قرآنیہ کو پڑھ کر بھی تمہارا ایمان درست نہ ہو تو سمجھ تمہیں خدا سمجھے اب آگے انشاء اللہ العزیز غیر خداوند کریم کے زمین پر بھی موجود بالذات ہونے کے اور قرآنی دلائل پیش کرتا ہے۔

قرآنی استدلال ۱۶

حضرت صالح علیہ السلام کا عقیدہ کہ اللہ تعالےٰ میرے قریب ہے

ھود ۱۲/۶۱ اِنَّ رَبِّیْ قَرِیْبٌ مُّجِیْبٌ بے شک میرا رب قریب ہے اور میری دعا قبول کرنے والا ہے۔

قرآنی استدلال ۱۷۔

marfat.com

قرآن میں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ ہمارے پاس اللہ تعالےٰ موجود ہے

الشعراء ۲۶/۶۲ } قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰى اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ قَالَ كَلَّا اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ۝

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اصحاب نے عرض کیا اے موسیٰ ہم پکڑے گئے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا ہرگز نہیں بے شک میرے پاس میرا پروردگار ہے مجھے جلد بچائے گا۔

اس آیۃ کریمہ سے معلوم ہوا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا بھی یہی عقیدہ تھا کہ خداوند کریم بالذات میرے قریب ہے۔

قرآنی استدلال ۱۸

الشعراء ۲۶/۱۵ } فَاذْهَبَا بِاٰيٰتِنَا اِنَّا مَعَكُمْ مُّسْتَمِعُوْنَ ۝

(اللہ تعالےٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کو فرمایا) تم دونو ہمارے معجزات لے کر جاؤ بے شک ہم تمہارے پاس موجود ہیں سن رہے ہیں۔

اس آیۃ خداوندی سے ثابت ہوا کہ خداوند کریم نے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کو بھی یہی حکم دیا کہ میں بالذات ہر وقت تمہارے پاس ہوں تمہاری بات ہی سنوں گا اور تمہاری مرضی ہی کروں گا۔ فرعون مردود کی کوئی کسی قسم کی بات سننے کو تیار نہیں اور نہ ہی میں اس کا ساتھ دوں گا فرمان خداوندی سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالےٰ مومن کے ہر وقت ساتھ ہوتا ہے اسی کی مرضی پوری کرتا ہے منکر مردود کی نہ مرضی کرتا ہے نہ اس کی دعا سنتا ہے اب تم سوچو کہ تم کس پارٹی میں شامل ہو فرعونی پارٹی میں یا حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پارٹی میں تم خداوند کریم کو اپنے قریب موجود بالذات بھی نہیں تسلیم کرتے اس لئے تم خداوند کریم سے

marfat.com

دعا بھی نہیں کرتے کیونکہ خداوند کریم تمہاری سنتا ہی نہیں اب بھی وقت ہے توبہ کرلو پھر وقت ہاتھ نہ آئے گا۔ جو تمہاری یہاں نہیں سنتا آگے قبر و حشر میں تمہاری کیا سنے گا۔

قرآنی استدلال ۱۹

نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ ہمارے پاس موجود ہے

التوبۃ ۱۰/۴۰ } اِذْ یَقُوْلُ لِصَاحِبِہٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا ۔

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب اپنے دوست کو فرماتے تھے تو غمناک نہ ہو بے شک اللہ تعالےٰ ہمارے پاس موجود ہے۔

اس آیۃ کریمہ سے بھی صاف واضح ہو گیا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا بھی یہی عقیدہ تھا کہ ذات خداوندی ہمارے ساتھ ہے۔ اور رب العزۃ کو بھی یہی عقیدہ پسند ہے کیونکہ حقیقت یہی ہے ورنہ اللہ تعالےٰ اس کا رد فرما دیتا کہ یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میں تو عرش یا کرسی پر بیٹھا ہوں تمہاری وہیں سے امداد کرتا رہوں گا۔ جب رب العزۃ نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے اس کلام کو پسند فرمایا اور قرآن کریم میں نقل کر دیا تو ہمارا بھی یہی عقیدہ ہونا ضروری ہے ورنہ ہم منکر قرآن ثابت ہوں گے۔

قرآنی استدلال ۲۰

ملائکہ کے پاس بھی ذات خداوندی کی موجودگی

الانفال ۸/۱۲ } اِذْ یُوْحِیْ رَبُّکَ اِلَی الْمَلٰٓئِکَۃِ اَنِّیْ مَعَکُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب آپ کے رب نے فرشتوں کی طرف وحی کی کہ میں تمہارے پاس موجود ہوں تم ایمانداروں کو ثابت قدم رکھو۔

اس آیۃ کریمہ سے بھی ثابت ہوا کہ اللہ تعالےٰ ملائکہ کے پاس بھی موجود ہے خواہ عالم ملکوت

marfat.com

میں ہوں یا عالم دنیا میں۔

قرآنی استدلال ۲۱

سب سے اخیر اللہ تعالیٰ کی موجودگی زمین پر

الرحمٰن ۲۶/۲۷ } كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۝

زمین پر جو شے ہے فنا ہونے والی ہے اور آپ کے رب کی ذات صرف باقی رہ جائے گی۔ جو بزرگی والا عزت والا ہے۔

اس آیت کریمہ سے بھی واضح ہوا کہ جب زمین پر کوئی شے باقی نہ رہ جائے گی تو اس وقت زمین پر صرف ذات خداوندی بلا کم وکیف موجود ہوگی۔

کیوں بنی وہابیو تمہیں قیامت بھی یاد نہیں جب صرف ذات خداوندی زمین پر موجود ہوگی اور کسی کا نام ونشان نہ ہوگا ایماندار خداوند کریم کی معیت والے آرام میں ہوں گے اور جن کے ساتھ معیت خداوندی نہ ہوگی جن کی نہ دنیا میں سنتا ہے نہ قبر میں تو ان کی حشر کے دن کیسے سنے گا عذاب الٰہی سے ڈرو اور رب العزۃ کو اپنے پاس سمجھو۔

قرآنی استدلال ۲۲

اللہ تعالیٰ کی ملاقات زمین پر اس کا منکر کافر ہے

الکہف ۱۶/۱۲ } قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ۝

فرما دیجئے یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کیا ہم تمہیں زیادہ خسارے والے

marfat.com

عمل کی خبر نہ دیں جن کی کوشش دنیا کی زندگی میں ہی ضائع ہو گئی اور ان کا یقین ہو چکا ہے کہ وہ اچھا کام کرتے ہیں یہی لوگ اپنے رب کی آیتوں اور رب کریم کی ملاقات کے منکرین ہیں۔ ایسے لوگوں کے تمام اعمال برباد ہو گئے اور قیامت کے دن ان کے لیے تول نہ قائم کیا جاویگا۔

اس آیۃ خداوندی سے ثابت ہوا کہ جو لوگ یہ عقیدہ رکھتے ہیں زمین پر خداوند کریم کی ملاقات نہیں ہو سکتی خداوند تعالےٰ کی موجودگی زمین پر نہیں ہے ان کے تمام اعمال اسی عقیدہ کی بنا پر ضائع ہیں۔ حالانکہ ان کو یہ یقین ہے کہ ہم عبادۃ اور اعمال صالح کرتے ہیں لیکن ان کے پتے ہریالی سے خالی ہیں کیونکہ خداوند کریم کے متعلق ہی ان کا عقیدہ صحیح نہیں۔

بتاؤ وہابیو؟ تم کہتے ہو کہ خدا عرش یا کرسی پر بیٹھا ہے اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ جو شخص زمین پر میری ملاقات کو تسلیم نہیں کرتا وہ ایمان سے خالی ہے خداوند کریم کے نزدیک کافر ہے اس کی کوئی نیکی نیکی ہی نہیں زمین پر رب العزۃ کی موجودگی تسلیم کی جائے تو ملاقات بھی ممکن ہے جو خداوند کریم کو زمین پر موجود ہی نہیں تسلیم کرتا وہ ملاقات خداوندی تک کیسے پہنچ سکتا ہے جو لقاء اللہ سے محروم ہے وہ تو توحید خداوندی کا منکر ہے۔

اللہ تعالےٰ کی ملاقات عرش و کرسی کے بغیر

قرآنی استدلال ۲۳

الکہف ۱۶/۱۲ { فَمَنْ كَانَ يَرْجُوا لِقَاءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖ اَحَدًا ۝

جو شخص اپنے رب کریم سے ملاقات کی امید رکھتا ہے تو چاہیئے کہ وہ اعمال

marfat.com

صالحہ کرے اور اپنے رب کریم کی عبادۃ میں کسی کو شریک نہ بنائے (صرف اس ایک اللہ کی ہی عبادۃ کرے ،

اس آیۃ کریمہ سے بھی ثابت ہوا کہ جو شخص زمین پر زندگی میں وحدہٗ لاشریک کی ملاقات کا قائل ہے اعمال بھی اسی کے صالح ہیں۔ ورنہ نہیں اور شرک سے بھی وہی بچ سکتا ہے جو رب العزۃ کو یہاں موجود بالذات یقین کرتا ہے ورنہ شرک سے بچ نہیں سکتا۔

اللہ تعالیٰ کی ذاتی موجودیت بلاکیف وکم زمین پر

قرآنی استدلال ۲۴

النمل ۱۹/۱ { اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖٓ اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ فَلَمَّا جَآءَهَا نُوْدِيَ اَنْۢ بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ يٰمُوْسٰٓى اِنَّهٗٓ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۔

جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی بیوی کو کہا مجھے آگ معلوم ہوئی ہے میں وہاں سے تمہارے لئے کوئی راستہ دریافت کر آؤں گا یا ایک انگارہ ہی لے آؤں گا تاکہ تم سینکو جب حضرت موسیٰ علیہ السلام اس آگ کے پاس آئے آواز آئی کہ جو اس روشنی میں آگیا اور اس کا چوفیرا برکت ہو جائے گا عالمین کا پروردگار اللہ پاک ہے اے موسیٰ میں ہی غالب حکمت والا ہو اللہ ہوں ۔

بتاؤ وہابیو؟ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے چمک دیکھی اور اس کو آگ سمجھ کر تشریف لائے تو اس چمک سے آواز آئی کہ اے موسیٰ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ میں ہی اللہ غالب حکمت والا ہوں اب یہ بتاؤ کہ وہ طور پہاڑ پر چمکیلا نور جس سے اَنَا اللّٰه کی آواز آئی وہ

marfat.com

خداوندی نور تھا یا نہ ؟ اگر نہ تھا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نبی اللہ تھے اللہ تعالیٰ اس کا رد کرتا کہ اے موسیٰ دھوکے میں نہ آنا یہ میرا جلوہ نہ تھا اگر رب کریم نے رد نہیں فرمایا بلکہ کلیم اللہ رب العزت سے گفتگو فرمانے بار بار تشریف لاتے رہے تو اس آیۃ کریمہ سے رب العزت کی موجودگی بالذات زمین پر بالکم وکیف ثابت ہوئی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اَنَا اللّٰہُ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ کا اعلان سن کر خداوند تعالیٰ کو وہاں موجود بالذات تسلیم کر لیا اللہ تعالیٰ نے اس واقعہ کو قرآن کریم میں لکھوا دیا سب ایماندار اس پر ایمان رکھتے ہیں لیکن تمہیں انکار ہے اس سے ثابت ہوا کہ تم وہابی رب العزت" قرآن کریم" انبیاء علیہم السلام" اولیاء اللہ اور تمام مومنین کے مخالف عقیدہ رکھتے ہو تو تمہارا موحد کہلانا محض دھوکہ ثابت ہوا جس کے متعلق رب العزت نے فرمایا ہے یُخٰدِعُوْنَ اللّٰہَ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَمَا یَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَھُمْ وَمَا یَشْعُرُوْنَ۔

قرآنی استدلال ۲۵

القصص ۲۰/۴ فَلَمَّا قَضٰی مُوْسَی الْاَجَلَ وَسَارَ بِاَھْلِہٖٓ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا قَالَ لِاَھْلِہِ امْکُثُوْٓا اِنِّیْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّیْٓ اٰتِیْکُمْ مِّنْھَا بِخَبَرٍ اَوْ اٰجْذَوَۃٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّکُمْ تَصْطَلُوْنَ فَلَمَّآ اَتٰھَا نُوْدِیَ مِنْ شَاطِیِٔ الْوَادِ الْاَیْمَنِ فِی الْبُقْعَۃِ الْمُبٰرَکَۃِ مِنَ الشَّجَرَۃِ اَنْ یّٰمُوْسٰٓی اِنِّیْٓ اَنَا اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ۔

جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے مہر کی مقررہ مدت پوری کر دی اپنی بیوی کو لے چلے طور کی طرف سے آگ معلوم ہوئی اپنی بیوی کو کہا تم ٹھہرو مجھے آگ

marfat.com

معلوم ہوئی ہے شاید وہاں سے تمہارے لئے کوئی پتہ لاؤں یا آگ کا انگار تاکہ تم سینکو تو جب حضرت موسیٰ علیہ السلام آگ کے پاس تشریف لائے وادی کے دائیں جانب سے مبارک بقعہ کے ایک درخت سے آواز آئی کہ اے موسیٰ یقیناً میں ہی اللہ عالمین کا پروردگار ہوں۔

ان آیات کریمہ سے ثابت ہوا کہ

۱۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو رب العالمین کی ملاقات زمین کے ایک پہاڑ طور پر ہوئی۔

۲۔ پہاڑ طور کی دائیں جانب خداوندی نور کے تجلی کا ظہور ہوا۔

۳۔ جس مقام پر رب العزۃ سے تعلق لگ جائے اس مقام کو بابرکت اور شریف کہنا جائز کتاب اللہ سے ثابت ہوا۔

۴۔ اس تجلی سے رب العزۃ نے بالذات آواز دی کہ میں اللہ رب العالمین ہوں۔

کیوں ملا جی تم تو کہتے تھے خدا عرش یا کرسی پر بیٹھا اس وقت عرش معلیٰ سے پہاڑ طور پر اتر آیا تھا تو عرش و کرسی رب العزۃ سے خالی ہو گئی؟

ثابت ہوا کہ خداوند کریم لامکان و لازمان ہے لیکن بلا کم و کیف اس کی ذات کی موجودیت ہر مکان و زمان اور بلا مکان و زمان یقینی ہے مذکورہ بالا پچیس ۲۵ قرآنی آیات سے فقیر نے اللہ تعالیٰ کی موجودگی زمینوں آسمانوں میں ثابت کر دی اب تمہاری مرضی ایمان لاؤ یا نہ اب احادیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کرتا ہوں۔

ان مذکورہ آیتوں سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ زمین پر آسمانوں میں فوق العرش موجود ہے اور جہاں چاہے اپنے نوری وجود کا ظہور فرما کر ملاقات کر سکتا ہے اور مخلوق زیادہ خداوندی سے مشرف ہو سکتے ہیں اور موحد کہلانے والو اب بتاؤ تمہارا قرآن کریم پر ایمان ہے یا

marfat.com

نہیں ؟ اگر قرآن کریم تمہارے مذہب میں سچی کتاب ہے تو قرآن کریم کی ان آیتوں سے کس کس کی تاویل کرو گے قرآن کریم خداوندی کلام کو صحیح سمجھو اور قرآن کریم پر یقین رکھتے ہوئے اپنے ایمان بمرجب قرآن کریم خداوند تعالےٰ کو زمینوں آسمانوں عرش کرسی تمام کائنات میں بالذات موجود سمجھو جس کی ذات عالمین کے بدلنے سے نہ بدل سکتی ہے نہ اس میں تغیر ہے۔

قرآنی استدلال ۲۶

ابروج ۲۰ { وَاللّٰہُ مِنْ وَّرَآءِ ہِمْ مُّحِیْطٌ } ۔ حالانکہ اللہ تعالےٰ ان کے چوفیرے سے گھیرے ہوئے ہے۔

اس آیۃ کریمہ سے بھی ثابت ہوا کہ رب العزۃ کا ہر کافر کو گھیرا ڈالے ہوا ہے۔ جو خداوند کریم کی موجودگی کا منکر ہے۔ چونکہ وہ بھی خداوند کریم کے گھیرے میں ہی کسی دن گرفت میں آنے والا ہے دل کی تسلی کے لئے اس کی موجودگی کا انکار کرتا ہے۔ بالذات اللہ تعالےٰ کی موجودگی زمین پر بھی اس آیت کریمہ سے ثابت ہو گئی۔

اللہ تعالےٰ کی بالذات موجودگی زمین پر احادیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے

رب العزۃ کی ذاتی موجودگی ایماندار کے سامنے احادیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے

۱ کنز العمال ۴/۱۰۶ { اِنَّ اَحَدَکُمْ اِذَا کَانَ فِی الصَّلٰوۃِ فَاِنَّ اللّٰہَ قِبَلَ وَجْہِہٖ فَلَا یَتَنَخَّمَنَّ اَحَدٌ مِّنْکُمْ قِبَلَ وَجْہِہٖ فِی الصَّلٰوۃِ

(خ ح م د ہ عن ابن عمر) عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارا کوئی ایماندار نماز میں داخل ہو تو اللہ تعالےٰ اس کے منہ کی طرف ہوتا

marfat.com

ہے تو تم سے کوئی ایک قبلہ رخ نماز میں نہ تھوکے۔

اس حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوا کہ خداوند کریم کی موجودگی زمین پر ہے اور نمازی کے قبلہ رخ ہونے کی وجہ کیف اللہ تعالےٰ کی موجودگی ہوتی ہے۔

(۲) کنز العمال ۴/۱۰۶ { اِنَّ اَحَدَکُمْ اِذَا قَامَ فِی صَلٰوتِہٖ فَاِنَّہٗ یُنَاجِیْ رَبَّہٗ وَ اِنَّ رَبَّہٗ بَیْنَہٗ وَ بَیْنَ الْقِبْلَۃِ فَلَا یَبْزُقَنَّ اَحَدُکُمْ قِبَلَ قِبْلَتِہٖ وَلٰکِنْ عَنْ یَسَارِہٖ اَوْ تَحْتَ قَدَمَیْہِ (د ن عن انس)

انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بے شک کوئی تمہارا جب اپنی نماز میں کھڑا ہو تو وہ اپنے رب کو پکارتا ہے اور صحیح بات ہے کہ نمازی اور قبلے کے درمیان رب العزۃ موجود ہے تمہارا کوئی بھی (خواہ بیمار ہو) قبلے کی طرف نہ تھوکے بائیں یا پاؤں کے نیچے تھوکے۔

اس حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوا نمازی کے سامنے ذات خداوندی موجود ہے۔ اور یہ فرمان خداوندی اَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْہُ اللّٰہِ کی صحیح ترجمانی ہے۔ اور سنیئے

(۳) کنز العمال ۴/۱۰۷ { اِذَا کَانَ اَحَدُکُمْ یُصَلِّیْ فَلَا یَبْزُقَنَّ قِبَلَ وَجْہِہٖ فَاِنَّ اللّٰہَ قِبَلَ وَجْہِہٖ اِذَا صَلّٰی (مالک ق ن عن ابن عمر) عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ نے فرمایا کہ تمہارا کوئی بھی نماز پڑھے تو اپنے منہ کی طرف نہ تھوکے کیونکہ اللہ تعالےٰ بندے کے منہ کی طرف موجود ہوتا ہے جب وہ نماز پڑھے۔

۴۔ کنز العمال ۴/۱۰۷ { اِذَا قَامَ اَحَدُکُمْ اِلَی الصَّلٰوۃِ اَقْبَلَ اللّٰہُ تعالےٰ عَلَیْہِ

marfat.com

بِوَجْهِهٖ فَلَا يَبْصُقَنَّ اَحَدُكُمْ فِيْ قِبْلَتِهٖ وَلَا عَنْ يَمِيْنِهٖ (حل عن ابن عمر)

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تمہارا کوئی بھی نماز کے لئے کھڑا ہو تو خداوند کریم اس کے چہرے کی طرف سامنے موجود ہوتا ہے تو تمہارا کوئی بھی قبلہ رخ اور دائیں طرف نہ تھوکے۔

۵۔ کنز العمال ۴/۱۰۷ } اِذَا قَامَ الرَّجُلُ فِي الصَّلٰوةِ يُقْبِلُ اللّٰهُ عَلَيْهِ بِوَجْهِهٖ فَلَا يَبْصُقَنَّ اَحَدُكُمْ فِيْ وَجْهِهٖ وَلَا يَبْصُقَنَّ عَنْ يَمِيْنِهٖ فَاِنَّ كَاتِبَ الْحَسَنَاتِ عَنْ يَمِيْنِهٖ وَلٰكِنْ لِيَبْصُقَ عَنْ يَسَارِهٖ — (خط عن حذيفة)

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب کوئی آدمی نماز میں کھڑا ہو تو خداوند کریم اس کے روبرو ہوتا ہے تمہارا کوئی بھی (عمداً یا بلا عذر سے) اپنے چہرے کی طرف یا دائیں طرف نہ تھوکے کیونکہ نمازی کے دائیں طرف نیکیاں لکھنے والا فرشتہ ہوتا ہے بائیں طرف تھوکے۔

۶۔ کنز العمال ۴/۱۰۷ } اِذَا قَامَ اَحَدُكُمْ فِيْ صَلٰوتِهٖ فَاِنَّهٗ يُنَاجِيْ رَبَّهٗ وَاِنَّ اللّٰهَ يَسْتَقْبِلُهٗ بِوَجْهِهٖ فَلَا يَتْفِلَنَّ اَحَدُكُمْ فِي الْقِبْلَةِ وَلَا عَنْ يَمِيْنِهٖ (عبد الرزاق عن ابن عمر)

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم سے کوئی بھی نماز میں کھڑا ہو تو بے شک وہ اپنے رب کریم کو پکارتا ہے اور یقیناً اللہ تعالےٰ بالذات اس کے سامنے موجود ہوتا ہے تو تمہارا کوئی بھی (معذور ہو یا نہ) قبلے کی طرف اور دائیں طرف نہ تھوکے۔

marfat.com

اَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰہ کا ترجمہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی زبانی

اللہ تعالےٰ ہر وقت ہر مکان بلاکم وکیف بالذات موجود ہوتا ہے،

۷۔ کنز العمال ۴/۱۰۶ } اَیَسُرُّ اَحَدَکُمْ اَنْ یَبْصُقَ فِیْ وَجْهِهٖ اِنَّ اَحَدَکُمْ اِذَا اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَاِنَّمَا یَسْتَقْبِلُ رَبَّهٗ عَزَّوَجَلَّ وَالْمَلَکُ عَنْ یَمِیْنِهٖ فَلَا یَتْفِلُ عَنْ یَمِیْنِهٖ وَلَا فِیْ قِبْلَتِهٖ وَلْیَبْصُقْ عَنْ یَسَارِهٖ اَوْ تَحْتَ قَدَمَیْهِ فَاِنْ عَجِلَ بِهٖ اَمْرٌ فَلْیَتْفِلْ هٰکَذَا یَعْنِیْ فِیْ ثَوْبِهٖ

(وعن ابی سعید) ابو سعید خدری رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم سے کسی ایک کو بھی یہ بات بھلی معلوم ہوتی ہے۔ کہ اپنے سامنے منہ کی طرف تھوکے جب بندہ قبلہ رخ ہوتا ہے تو اور کوئی بات نہیں اللہ عزوجل بالذات اس کے سامنے اور فرشتہ اس کے دائیں طرف موجود ہوتے ہیں تو اپنے دائیں اور قبلے کی طرف نہ تھوکے بائیں طرف یا قدموں کے نیچے تھوکے اگر کوئی تکلیف ہو تو کپڑے میں تھوک کر مل لے۔

۸۔ ابن ماجہ ۵۶ } حدثنا محمد بن رمح المصری انبأ اللیث بن سعد عن نافع عن عبد اللہ بن عمر قال رأی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نخامۃ فی قبلۃ المسجد وھو یصلی بین یدی الناس فحتھا ثم قال حین انصرف من الصلوٰۃ ان احدکم اذا کان فی الصلوٰۃ کان اللہ قبل وجھہ فلا یتنخمن احدکم قبل وجھہ فی الصلوٰۃ =

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

marfat.com

نے قبلے کی طرف کھنکار دیکھا اور آپ لوگوں کے آگے نماز پڑھ رہے تھے تو آپ نے کھڑے کر دیا نماز سے فراغت کے بعد آپ نے ارشاد فرمایا کہ تمہارا کوئی بھی نماز میں ہو تو اللہ تعالےٰ اس کے سامنے موجود ہوتا ہے تو کوئی شخص تم سے نماز میں قبلے کی طرف نہ تھوکے۔

۹۔ کنز العمال ۴/۱۰۸ } إِذَا قَامَ الرَّجُلُ فِي صَلٰوتِهٖ أَقْبَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بِوَجْهِهٖ فَإِذَا الْتَفَتَ قَالَ ابْنُ آدَمَ إِلٰى مَنْ تَلْتَفِتُ إِلٰى مَنْ هُوَ خَيْرٌ لَكَ مِنِّيْ أَقْبِلْ إِلَيَّ فَإِذَا الْتَفَتَ الثَّانِيَةَ قَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ فَإِذَا الْتَفَتَ الثَّالِثَةَ صَرَفَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ عَنْهُ (البزار عن جابر)

حضرت جابر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب آدمی اپنی نماز میں کھڑا ہوتا ہے تو اللہ تعالےٰ اس کے سامنے بالذات موجود ہوتا ہے تو جب متوجہ ہوتا ہے تو بندہ کہتا ہے کس کی طرف تو توجہ فرمائے گا۔ جو تیرے نزدیک مجھ سے بہتر ہوگا ؟

جب اللہ تعالےٰ دوبارہ توجہ فرماتا ہے تو بندہ پھر وہی بات کہتا ہے جب تیسری بار توجہ فرماتا ہے تو بندے سے اعراض فرماتا ہے۔

۱۰۔ کنز العمال ۴/۱۰۷ } أَيُّكُمْ يُحِبُّ أَنْ يَعْرِضَ اللّٰهُ عَنْهُ فَإِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا قَامَ يُصَلِّيْ فَإِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى قِبَلَ وَجْهِهٖ فَلَا يَبْصُقَنَّ قِبَلَ وَجْهِهٖ وَلَا عَنْ يَمِيْنِهٖ وَلْيَبْصُقْ عَنْ يَسَارِهٖ تَحْتَ رِجْلِهِ الْيُسْرٰى فَإِنْ عَجِلَتْ بِهٖ بَادِرَةٌ فَلْيَقُلْ بِثَوْبِهٖ هٰكَذَا ثُمَّ يَطْوِيْ بَعْضَهٗ عَلٰى بَعْضٍ (م د حب ك عن جابر)

marfat.com

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم سے کون شخص پسند کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے اعراض کرے بے شک تم سے کوئی شخص جب نماز پڑھنے کے لئے کھڑا ہو تو اللہ تبارک و تعالیٰ اس کے چہرے کی طرف موجود ہوتا ہے تو کوئی شخص سامنے اور دائیں نہ تھوکے بائیں طرف یا بائیں قدم کے نیچے تھوکے اگر تکلیف کی وجہ سے جلدی ہو تو اپنے کپڑے میں تھوک لے اس طرح پھر بعض کو بعض پر ملے۔

۱۲۔ کنز العمال ج ۱ ص ۱۰۰ { اَیُّھَا النَّاسُ اِنَّ اَحَدَکُمْ اِذَا قَامَ فِی الصَّلٰوۃِ فَاِنَّہٗ فِیْ مَقَامٍ عَظِیْمٍ بَیْنَ یَدَیْ رَبٍّ عَظِیْمٍ یَسْأَلُہٗ اَمْرًا عَظِیْمًا اَلْفَوْزُ بِالْجَنَّۃِ وَالنَّجَاۃُ مِنَ النَّارِ وَاِنَّ اَحَدَکُمْ اِذَا قَامَ فِی الصَّلٰوۃِ فَاِنَّہٗ یَقُوْمُ بَیْنَ یَدَیِ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ مُسْتَقْبِلَ رَبِّہٖ وَمَلَکُہٗ عَنْ یَمِیْنِہٖ وَقَرِیْنُہٗ عَنْ یَسَارِہٖ فَلَا یَتْفُلَنَّ اَحَدُکُمْ بَیْنَ یَدَیْہِ وَلَا عَنْ یَمِیْنِہٖ وَلٰکِنْ عَنْ یَسَارِہٖ وَتَحْتَ قَدَمِہِ الْیُسْرٰی ثُمَّ لِیَعْرُکْ فَلْیَشْدُدْ دَعْرَکَہٗ فَاِنَّمَا یَعْرُکُ اُذُنَ الشَّیْطَانِ وَالَّذِیْ بَعَثَنِیْ بِالْحَقِّ لَوْ اِنْکَشَفَتْ بَیْنَکُمْ وَبَیْنَہُ الْحُجُبُ اَوْ یُؤْذَنُ فِی الْکَلَامِ لَشَکَا مَا یُلْقٰی مِنْ ذَالِکَ (طب عن ابی امامۃ)

ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے لوگو جب تم سے کوئی نماز میں کھڑا ہو تو وہ رب عظیم کے سامنے بہت بڑے مقام میں ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے بہت بڑا کام چاہتا ہے جنت میں فوز و دوزخ سے نجات اور یقیناً جب تم سے کوئی نماز میں کھڑا ہوتا ہے تو اللہ عزوجل کے روبرو کھڑا ہوتا ہے اور نیکی لکھنے والا فرشتہ اس کے دائیں

marfat.com

ہوتا ہے اور ابلیس اس کے بائیں ہوتا ہے تو تم سے کوئی بھی اپنے سامنے اور دائیں نہ تھوکے بائیں طرف یا بائیں قدم کے نیچے تھوکے پھر رگڑے اور سختی سے رگڑے کیونکہ وہ رگڑا شیطان کے کانوں کو لگتا ہے قسم ہے مجھے اس ذات کی جس نے مجھے مبعوث فرمایا اگر میں تمہارے اور اس کے درمیان راز افشا کردوں یا پردہ اٹھادوں تو تم تعجب میں رہ جاؤ یا کلام کی اجازت دی جائے تو وہ اپنے کانوں کی شکایت کرے۔

۱۳۔ ابوداؤد ۱/۷۵
کنز العمال ۴/۱۰۶

حدثنا یحیٰی بن حبیب بن عربی ثنا خالد یعنی ابن الحارث عن محمد بن عجلان عن عیاض بن عبد اللہ عن ابی سعید الخدری اَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم کَانَ یُحِبُّ الْعُرَاجِیْنَ وَلَا یَزَالُ فِیْ یَدِہٖ مِنْھَا فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ فَرَأٰی نُخَامَۃً فِیْ قِبْلَۃِ الْمَسْجِدِ فَحَکَّھَا ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَی النَّاسِ مُغْضَبًا فَقَالَ اَیَسُرُّ اَحَدُکُمْ اَنْ یُّبْصَقَ فِیْ وَجْھِہٖ اِنَّ اَحَدَکُمْ اِذَا اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَۃَ فَاِنَّمَا یَسْتَقْبِلُ رَبَّہٗ عَزَّ وَجَلَّ وَالْمَلَکُ عَنْ یَّمِیْنِہٖ فَلَا یَتْفِلُ عَنْ یَّمِیْنِہٖ وَلَا فِیْ قِبْلَتِہٖ وَلْیَبْصُقْ عَنْ یَّسَارِہٖ اَوْ تَحْتَ قَدَمِہٖ فَاِنْ عَجِلَ بِہٖ اَمْرٌ فَلْیَفْعَلْ ھٰکَذَا وَوَصَفَ لَنَا ابْنُ عَجْلَانَ ذَالِکَ اَنْ یَّتْفِلَ فِیْ ثَوْبِہٖ ثُمَّ یَرُدُّ بَعْضَہٗ عَلٰی بَعْضٍ ۔

ابو سعید خدری رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم چھڑی رکھنے والوں کو پسند فرماتے مسجد میں تشریف لانے کے وقت ہمیشہ آپ کے دست پاک میں چھڑی ہوتی ایک دفعہ آپ مسجد میں تشریف لائے تو مسجد میں قبلہ رخ تھوک دیکھی تو اس کو کھرچ دیا پھر غضب ناک صورت میں مسلمانوں پر

marfat.com

متوجہ ہوئے فرمایا کہ کیا تمہیں پسند ہے کہ تم سے کوئی شخص اپنے سامنے تھوکے بے شک جب تم سے کوئی شخص قبلے کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو اس کا رب کریم عزوجل سامنے ہوتا ہے اور فرشتہ دائیں طرف اپنے دائیں طرف یا قبلہ رخ نہ تھوکے بائیں طرف یا بائیں قدم کے نیچے تھوکے اگر تکلیف کی وجہ سے جلدی ہو تو اس طرح تھوکے ابن عجلان نے کپڑے میں تھوک کر بعض کو بعض پر مل کر اسکی ہیئت کذائی بیان کی۔

۱۴۔ ابوداؤد ۱/۷۶ } حدثنا احمد بن صالح ثنا عبد اللہ بن وھب اخبرنی عمر وعن بکر بن سوادۃ الجذامی عن صالح بن خیوان عن ابی سھلۃ السائب بن خلاد قال احمد من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم اِنَّ رَجُلًا اَمَّ قَوْمًا فَبَصَقَ فِی الْقِبْلَۃِ وَرَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یَنْظُرُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم حِیْنَ فَرَغَ لَا یُصَلِّیْ لَکُمْ فَاَرَادَ بَعْدَ ذَالِکَ اَنْ یُّصَلِّیَ لَھُمْ فَمَنَعُوْہُ وَاَخْبَرُوْہُ بِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم فَذَکَرَ ذَالِکَ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ نَعَمْ وَحَسِبْتُ اَنَّہٗ قَالَ اِنَّکَ اٰذَیْتَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ صلی اللہ علیہ وسلم۔

اصحاب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے احمد رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے روایت بیان کی کہ ایک آدمی نے قوم کو جماعت کرائی اور قبلہ رخ تھوک دیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دیکھ رہے تھے جب فارغ ہوا تو آپ نے فرمایا اس کے بعد یہ شخص جماعت نہ کرائے تو اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس شخص

marfat.com

کو منع کر دیا اور اس شخص کو بھی صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کے ارشاد سے متنبہ کر دیا پھر یہ بات رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے بیان کی گئی آپ نے فرمایا بہت اچھا ہوا اور میرا یقین ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو نے اللہ اور اس کے رسول کو تکلیف دی ہے۔

اس حدیث شریف سے ثابت ہوا کہ جو شخص قبلے کا گستاخ ہے وہ اللہ تعالےٰ کا گستاخ ہے اور جو اللہ تعالےٰ کا گستاخ ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اللہ تعالےٰ کی سخت ناراضگی کا باعث ہے اور اہلحدیث کے مدعیو! یہ تمہارا ایمان ہے حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر اور قرآن کریم پر ؟

او نام کے اہلحدیثو بتاؤ تمہارا ایمان ان چودہ احادیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر صحیح ہے یا نہیں ؟ اور تمہارے مذہب میں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو ان احادیث میں فرمایا ہے کہ خداوند کریم نمازی کے سامنے بالذات موجود ہوتا ہے نمازی کو چاہیئے کہ قبلہ رخ نہ تھوکے تسلیم کیا ہے یا نہیں؟ اگر سچے اہلحدیث ہو تو تمہیں اپنے وہابی مولویوں کی تقلید میں احادیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو پس پشت نہ ڈالنا چاہیئے اور یقین کرنا چاہیئے کہ رب العزۃ زمینوں آسمانوں میں موجود بالذات ہے۔ جس کی موجودیت کی ہم ہیئت کذائیہ نہیں بیان کر سکتے اور صرف عرش یا کرسی پر قرار پکڑنے کا عقیدہ شرکیہ سمجھو کیونکہ خداوند کریم نہ مخلوق سے کسی چیز کا محتاج ہے اور نہ ہی محدود ہے۔

ہم سنیوں نے تو بفرمان خداوندی رب العزۃ کو زمینوں آسمانوں عرش و کرسی بلکہ ہر مکان و زمان کی موجودیت خداوندی کو تسلیم کر لیا ہے اور یہ سب کچھ نہ تھا وہ تھا اور کچھ نہ رہیگا وہ ذوالجلال باقی رہیگا۔ اور یہی ہمارا مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ وحدہٗ لاشریک بیٹھنے اٹھنے

marfat.com

چلنے پھرنے لیٹنے مکان و زمان سے مبرا ہے کیسے واضح الفاظ میں ہمارے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا ہے اب بھی اگر تم نے اپنے عقیدوں کو صحیح نہ کیا تو یاد رکھو قرآنی آیتوں کے انکار کی پرسش علیحدہ ہوگی اور اس مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے فیصلے سے اعراض کرنے کی خداوندی پکڑ علیحدہ ہوگی کیونکہ فرمان خداوندی ہے۔

حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے روگردانی کرنے والے پر خداوندی فتویٰ

النساء ۶۵ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتّٰى يُحَكِّمُوكَ یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم قسم ہے آپ کے رب تعالےٰ کی جب تک آپ کو واحد فیصل نہ تسلیم کرلیں وہ بے ایمان ہی رہینگے۔

وہابیو! عرصے سے تمہارا عقیدہ باری تعالےٰ کے متعلق اچھا نہیں ہے اب بھی وقت ہے موت سے پہلے ہی اپنا عقیدہ درست کرلو ورنہ اس فرمان مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے اعراض کرکے دنیا سے بے ایمان ہی جاؤ گے تو کیا فائدہ کیونکہ اصل توحید ہے پھر رسالت پھر ولایت۔ بفرمان خداوندی توحید میں تم مشرک ثابت ہوئے پھر اسی عقیدے کو درست کرنے کے لئے تمہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی سمجھایا مذکورہ حدیثیں جو تمہارے سامنے ہیں تو تم نے ان کا بھی انکار کردیا تو تمہیں درجہ ولایت کیسے حاصل ہوسکتا ہے سوچو اور اپنے باطل ملاؤں کی اقتدا میں اپنے ایمانوں کو ضائع نہ کرو۔ تمام عمر ٹکریں مار مار کر تم بوڑھے ہوگئے تمہاری پیشانی پر داغ پڑ گئے بھوکے مر مر کر عمر گزر گئی بیت اللہ کا طواف بھی کرتے ہو تمہارے ملاں زکوٰۃ و عشر بھی تم سے بٹورتے ہیں لیکن تمہیں کچھ فائدہ نہیں ہوتا خداوند کریم کے ساتھ تمہارا تعلق لگتا ہی نہیں وجہ یہی ہے کہ شرک تمہارے اندر سے نہیں جاتا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم

marfat.com

کی مخالفت تمہارے دل میں گھر کر چکی ہے جیسا کہ فقیر انشاء اللہ عنقریب عرض کرے گا اولیاء اللہ تمہیں دکھائی نہیں دیتے ہدایت کہاں سے حاصل ہو لہٰذا پہلے مسئلہ توحید میں درست ہو گے تو باقی انشاء اللہ جلد حل ہو جائیں گے۔

کیوں نجدی وہابیو! اقانیم ثلثہ کے قائل تو عیسائی تھے کہیں یار یہ مسئلہ کہ عرش کرسی اور خداوند کریم برابر ہیں۔ عیسائیوں سے تو نہیں لیا؟ تمہارا عقیدہ بھی وہی عیسائیوں والا ہے فرق صرف اتنا ہے کہ وہ خداوند کریم حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور مریم علیہا السلام کو اقانیم ثلثہ مانتے ہیں اور تمہارے مذہب میں خداوند کریم عرش معلیٰ اور کرسی تینوں برابر برابر ہیں چار انگلی کا بھی فرق نہیں۔ رب العزۃ نے تشابہت قلوبھم میرے خیال میں تمہارے لئے ہی نازل فرمائی تم تو نجدی موحد ہونے کا دعویٰ کرتے ہو لیکن اقانیم ثلثہ کو کہاں چھپاؤ گے معلوم ہوا کہ ہاتھی کے دانت دکھانے کے اور کاٹنے کے اور یہ صرف مثال ہی نہیں حقیقت ہے جو وہابیوں کے عین منطبق ہے۔

بتلیئے جناب ہم نے کبھی انبیاء علیہم السلام کو خداوند کریم کے برابر کہا ہے یا کسی نے لکھا ہے ہمارے ہاں جس کی برابری مخلوق کے برابر ہے وہ خدا وحدہٗ لاشریک بننے کے قابل ہی نہیں ممکن ہی نہیں۔

یَنْظُرُوْا بِہٖ مجھے نظر آیا جو ان لوگوں کو نظر نہیں آیا دوسرے مقام پر فرمایا فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ میں نے رسول کے قدموں کی مٹی ایک مٹھی لی فَقَذَفْتُهَا اس کو میں نے جمادات کے اس بچھڑے کے منہ میں ڈال دیا تو وہ بچھڑے کی آواز دینے لگ گیا۔ اللہ تعالےٰ نے فرمایا کہ رسول علیہ السلام کے قدموں کے تلووں کی مٹی کی برکت تھی جس نے جمادات کے بچھڑے کو بولنے کی طاقت عطا فرمائی مولوی ثناء اللہ وہابی نے قرآنی انکار کرتے ہوئے رسول علیہ السلام کے قدموں کی مٹی کی برکت اور اس کے اصل آواز کا انکار کر کے کہ دیا کہ مصنوعی چڑیا کی طرح دبانے سے بولتا تھا یہ تکذیب قرآنی ہے۔ اب جس کا دل چاہے مولوی ثناء اللہ کی اقتدا کر کے قرآن کا انکار کرے اور چاہے قرآن کریم کا اقرار کرتے ہوئے مولوی ثناء اللہ کو منکر قرآن کہہ کر نبی اللہ کے قدموں کی مٹی کے اثر پر ایمان لائے کہ واقعی بفرمان خداوندی نبی اللہ کے قدموں کی مٹی کی ایسی برکت ہو سکتی ہے۔

۲۶۔ ترک اسلام ۱۰۸ } اس آیت میں حضرت ابراہیم کے ایک خواب کا قصہ مذکور ہے۔ کہ انہوں نے خواب میں بیٹے کو ذبح کرتے دیکھا کہ اس کام پر آمادگی ظاہر کی تو خدا نے ان کو اس کام سے روک دیا اور فرمایا قربانی کرنی ہو تو دنبہ کر دو۔ "محمل علمی" مولوی ثناء اللہ صاحب وہابی نے اس عبارت میں مسلمانوں کو دھوکہ دینے کے لئے قرآن کریم کی صراحۃً تکذیب کی ہے۔

خدائی فیصلہ

الصفت ۲۳/۳ } فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ

marfat.com

قَدْ صَدَّقْتَ الرُّؤْيَا إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ۝

جب حضرت ابراہیم علیہ السلام اور اسماعیل علیہ السلام جھک گئے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اسماعیل علیہ السلام کو پہلو کے بل لٹایا ذبح کرنے کے لئے، ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو آواز دی کہ اے ابراہیم تیرا خواب سچا ہو گیا بے شک ہم نیکی کرنے والوں کو ایسے ہی بدلہ دیتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اس آیت مذکورہ میں ثابت کیا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت اسماعیل علیہ السلام کو ذبح کرنے کے لئے جھکے اور حضرت اسماعیل علیہ السلام ذبح ہونے کے لئے جھک گئے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کو ذبح کرنے کے لئے پہلو کے بل لٹا دیا تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں نے آواز دی کہ اے ابراہیم تیرا خواب سچا ہو گیا تو اسماعیل کو چھوڑ دے یہ ہے قرآن کتاب اللہ فرمان خداوندی

مولوی ثناء اللہ وہابی کی تحریف قرآنی

لکھتے ہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام بیٹے کو ذبح کرنے کا خواب دیکھ کر صرف آمادگی ظاہر کی تو خدا نے اس کو روک دیا تو مولوی ثناء اللہ کا قرآن کریم سے صاف انکار ظاہر ہے اللہ تعالیٰ فرماوے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کو زمین پر لٹا دیا لیکن مولوی ثناء اللہ صاحب وہابی کہتے ہیں نہیں صرف آمادگی ظاہر کی تو یہ مولوی ثناء اللہ وہابی کا قرآنی انکار ہے تو مولوی ثناء اللہ وہابی نے قرآن تحریف کر کے قرآن کریم کا انکار کیا ہے تو مثال مشہور ہے (گرو جھانڈے پٹنے چیلے جان خرچ) ثابت ہوا کہ وہابی فرقہ قرآن کا منکر و محرف ہے۔

marfat.com

وہابی مذہب کا ملائکہ اور قرآن سے انحراف

۲۷۔ فتوی ثنائیہ ۱/۲۱۷ } س: ہاروت و ماروت دو فرشتے تھے یا دو آدمی یا دو بادشاہ زیادہ صحیح قول کونسا ہے،

ج: میری تحقیق یہ ہے کہ آدمی تھے تفسیر فتح البیان کا میلان بھی اسی طرف معلوم ہوتا ہے۔ ۱۲ محرم ۳۹ھ

فرمان خداوندی

اس آیۃ کریمہ میں وحدہٗ لاشریک نے قرآن کریم میں مَلَکَیْنِ کا لفظ ارشاد فرمایا کہ ہاروت اور ماروت دو فرشتے تھے۔ ملک کی فتح ہے جس کے معنی قرآن کریم میں فرشتے کے ہیں۔ رب کریم نے ہاروت اور ماروت دونوں کو فرشتے فرمایا اور وہابی الاپتا ہے کہ فرشتے نہیں بلکہ آدمی تھے اب فیصلہ تم پر ہے۔

وہابی مذہب

"میری تحقیق یہ ہے کہ آدمی تھے"

مولوی ثناء اللہ صاحب وہابی کی اس تحریر سے دو مطلب ثابت ہوئے۔

(۱) وہابی مذہب خدا کے دو فرشتوں ہاروت اور ماروت کے فرشتے ہونے کے منکرین ہیں۔

(۲) وہابی اس مسئلہ میں مکذب قرآن مجید ہے۔

marfat.com

وہابیوں کی قرآنی تحریف کے چند نمونے فقیر نے تمہارے سامنے پیش کئے ہیں۔ ایسی تحریف میرے خیال میں کسی آریہ اور عیسائی نے بھی نہیں کی جو وہابی نے کر کے دکھادی اب تم فیصلہ کرلو وہابی یہودیوں کی ہم مثل ہے یا اسلامی حمایت میں یہ فرقہ کام کرتا ہے

مولوی ثناء اللہ صاحب وہابی کی تحریف قرآنی پر وہابی داد

الاعتصام ۳۰ ربیع الاول ۱۳۷۷ھ
مطابق ۲۵ اکتوبر ۱۹۵۷ء

علوم دین کے گلزار تھے ثناء اللہ
ادب کے تلزم ذخار تھے ثناء اللہ
انہوں نے سنت و توحید کو فروغ دیا
دمن کے ذہن ضیاء بار تھے ثناء اللہ
کوئی بھی مذہبی نکتہ کب ان سے پنہاں تھا
مثال دیدۂ بیدار تھے ثناء اللہ

یہ چند اشعار وہابیوں نے ان کے مرنے کے بعد ان کی تعریف میں پڑھے جن سے وہابی مذہب میں ان کی مقبولیت کا علم عوام مسلمانوں کو ہو گیا ہے اور وہابی مذہب کی توحید کا بھی علم ہو گیا کہ غیر مقلدین وہابیوں کو خداوند کریم اور قرآن کریم سے کتنی محبت ہے اور کیسا عمل ہے اور قرآن کریم کو کیسا جانتے ہیں صحیح یا غلط اقرار یا انکار اور اپنے وہابی اکابرین کا حکم حکم قرآنی سے کم سمجھتے ہیں یا زیادہ قرآن کریم کو مقدم سمجھتے ہیں یا اپنے ملاؤں کو؟

marfat.com

قرآنی فیصلہ

کتاب اللہ کو بدلنا یہودیوں کی سنت ہے

(۱) المائدہ ۶/۳ { فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيثَاقَهُمْ لَعَنَّاهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوبَهُمْ قَاسِيَةً يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ عَن مَّوَاضِعِهِ وَنَسُوا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوا بِهِ۔

یہودیوں کی عہد شکنی کی وجہ سے ہم نے ان کو اپنی رحمت سے دور کر دیا اور ان کے دلوں کو سخت کر دیا کیونکہ وہ خداوندی آیتوں کو اپنے مقام سے بدلتے تھے اور جو ان کو نصیحت دی گئی اس سے کچھ انہوں نے بھلا دیا۔

اس آیۃ کریمہ خداوندی سے ثابت ہوا کہ یہودیوں نے خداوندی وعدے پر صحیح ایمان لانے کی عہد شکنی کی اور جو ان کو نصیحت دی جاتی تھی ان سے بعض کو وہ چھوڑ دیتے اور آیت خداوندی کو بدل کر بیان کرتے بعینہٖ یہی فرقہ وہابیہ کا وطیرہ ہے جیسا کہ مولوی ثناء اللہ وہابی کی تحریف شدہ چند عبارات قرآنیہ تمہارے سامنے پیش کی گئیں اور مولوی ثناء اللہ کوئی معمولی وہابی نہیں ہے بلکہ وہابی مذہب کا سرغنہ ہے۔ جنہوں نے قرآنی آیات کی تحریف کی ہے۔

(۲) النساء ۵/۷ { مِنَ الَّذِينَ هَادُوا يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ عَن مَّوَاضِعِهِ

بعض یہود کلمات اللہ کو بدل دیتے تھے۔

(۳) المائدہ ۶/۶ { وَمِنَ الَّذِينَ هَادُوا سَمَّاعُونَ لِلْكَذِبِ سَمَّاعُونَ لِقَوْمٍ آخَرِينَ لَمْ يَأْتُوكَ يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ مِن بَعْدِ مَوَاضِعِهِ

اور بعض یہودیوں سے جھوٹ کے سننے والے ہیں اور دوسری قوم کو سننے والے ہیں،

marfat.com

دوسری قوم کی باتیں جو آپ کے پاس نہیں آتے اور آپ کی باتوں کو اُلٹ پلٹ بیان کر دیتے ہیں۔

ان آیات مذکورہ بالا سے ثابت ہوا کہ قرآن کریم اور احادیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو اُلٹ پلٹ کرنا یہود کا شیوہ تھا اب تم بھی قرآن پاک اور احادیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو اُلٹ پلٹ بیان کرتے ہو اب تم سوچو کہ تم کون ہو؟

مولوی عبدالقادر روپڑی نے عُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ کے معنی کو ہر کے مناظرہ میں تبدیل کئے جس کو انتظامی کے صدر مدرس شاہد ہیں انہوں نے میدان مناظرہ میں کہدیا کہ حافظ عبدالقادر صاحب نے قرآن کریم کے معنی تبدیل کئے ہیں۔

خداوند کریم کے نزدیک کلام اللہ کو بدلنا کفار کا شیوہ ہے

۴۔ الفتح ۲۶/۲ } يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ۔ کفار کا ارادہ ہے کہ اللہ کے کلام کو بدل دیں۔

کیوں بھئی وہابیو اب تم ہی فیصلہ کرو کہ رب کریم فرماوے کہ کفار کلام اللہ کے بدلنے کا ارادہ رکھتے ہیں لیکن بدل نہیں سکتے کیونکہ فرمان الٰہی ہے۔ نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ہم نے ہی اس قرآن کو نازل کیا ہے اور اس کے نگہبان بھی ہم ہی ہیں لہٰذا کفار کو جرأت نہ پڑی کہ وہ قرآن کریم کو بدلیں کوشش مزید کی مگر انہوں نے بھی اپنی پوری طاقت سے بدلنے کی کوشش کی اب تم سوچو تم کون ہو۔

مولوی ثناء اللہ کی تحریر لکھی گئی اس کا رد شروع ہو گیا۔ مولوی ثناء اللہ کا رد کر کے اپنے وعدے کو میرا رب کریم پورا کر رہا ہے۔ مسلمانو کیا تمہارا یہ خیال ہے کہ وہابی

marfat.com

فرقہ ناجائز ہو جائیں گے ہرگز نہیں یہ لوگ اپنے مولویوں کے جال میں پھنس چکے ہیں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

(۵) البقرہ ۱/۹ } اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ یُّؤْمِنُوْا لَکُمْ وَقَدْ کَانَ فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ یَسْمَعُوْنَ کَلَامَ اللّٰهِ ثُمَّ یُحَرِّفُوْنَهٗ مِنْ بَعْدِ مَا عَقَلُوْهُ وَهُمْ یَعْلَمُوْنَ۔

کیا پھر تم طمع کرتے ہو کہ یہ لوگ تمہارے نزدیک ایمان دار بن جائیں گے حالانکہ ان سے ایک فرقہ اللہ تعالیٰ کے کلام کو سنتے تھے پھر سمجھنے کے بعد اس کو بدل دیتے تھے اور وہ اپنے تبدیل کرنے کو جانتے تھے (کہ ہم کلام اللہ کو تبدیل کر رہے ہیں)

کیوں بھئی مسلمانو کیا فرقہ وہابیہ اور یہودیوں میں بموجب اس آیت کریمہ کے کچھ فرق ہے؟ یہودیوں نے جس بے دردی سے کتاب اللہ کو بدلا اسی بے دردی سے وہابیوں نے قرآن کریم بدلنے کی کوشش کی اور کر رہے ہیں اب فیصلہ تم پر ہے کہ یہ فرقہ کس زمرے میں داخل ہے۔

(وہابی عقیدہ ۵)

وہابی توحید ۵

وہابی فرقہ قرآن مجید کا بے ادب ہے

فتوی ستاریہ ۱/۵ } سوال (۴)، قرآن مجید اور کتب احادیث کا ادب شرع محمدی نے سوائے عمل کے کہاں تک بتایا ہے اور فی زمانہ جو قرآن

marfat.com

شریف وکتب حدیث کا ادب کیا جاتا ہے مثلاً پشت ان کی جانب نہیں کی جاتی اور ان سے اوپر نہیں بیٹھا جاتا یہ کہاں تک صحیح و قابل عمل ہے ؟

جواب (۴) قرآن مجید وکتب حدیث کا سب سے مقدم اور بڑھ کر ادب یہی ہے کہ جو کچھ ان میں اوامر و نواحی ہیں ان کی تعمیل کی جائے اور ان کو بسر وچشم بلا چون و چرا کے قبول وتسلیم کر لیا جائے اور سب سے بڑی اور مضر ترین بے ادبی یہی ہے کہ ان کے احکام کی قبولیت میں کسی غیر شیئی کو خارج سمجھا جائے وہ ادب کہ جو مطلوب مِنَ اللہ اور دو نوگروہ ثقلین یعنی انس اور جن جس کے مخاطب اللہ مکلف ہیں وہ تو یہی ہے رہا ظاہری ادب سو یہ تکلیف مالا یطاق بدلیل لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا (الایۃ) ہے جو شخص کرے بہت اچھا نور علی نور ورنہ کوئی مواخذہ نہیں ہاں جو شخص بنظر حقارت ظاہری ادب نہ بجالائے تو بیشک وہ سخت مجرم اور عذاب الیم کا مستوجب و مستحق ہے۔

(نوٹ) مسلمانوں غیر مقلدین وہابیوں کی مسجدوں میں جا کر دیکھو چٹائیوں پر قرآن کریم رکھے ہیں۔

اور مذکورہ بالا وہابیوں کے تحریر سے بھی ثابت ہو گیا کہ جو شخص قرآن شریف کی طرف پشت کر کے بیٹھا ہو تو یقین کرو کہ گستاخ وہابی ہے اللہ تعالےٰ فرماوے وَ اَنْزَلْنَآ اِلَیْکُمْ نُوْرًا مُّبِیْنًا ہم نے تمہاری طرف ظاہرہ نور بھیجا ہے بیان کرنے والا وہابی صاحب روشنی کی روبرو منہ کے سامنے ضرورت ہے یا پیٹھ کی طرف اسی لئے تم گمراہی سے نہیں نکل سکتے کیونکہ تم نور اللہ کو بجائے سامنے رکھنے کے پس پشت رکھتے ہو اور پر بیٹھتے ہو تو اللہ تعالےٰ تمہیں صراط مستقیم سے محروم رکھتا ہے آنکھیں رب العزت نے

marfat.com

چہرے کی طرف رکھی ہیں اور تمہارے پچھلی طرف وہ عضو لگا دیا جس کی آنکھیں نہیں گندگی نکلنے کا مرکز ہے تم نور اللہ کو بجائے آنکھوں کے سامنے رکھنے کے گندگی نکلنے کے روبرو رکھتے ہو۔ یہ ہے وہابی مذہب جو کتاب اللہ نور اللہ قرآن مجید کا بھی گستاخ ہے۔

اور وہابیہ نے اس امر کی اجازت بھی دے دی کہ قرآن کریم کے اوپر بیٹھا جائے یا پاؤں رکھ لے جائز ہے لیکن اس کے احکامات پر عمل کرتا ہے تو کوئی حرج نہیں اللہ تعالےٰ جس کا ایمان چھین لیتا ہے۔ اس کا عقل بھی مفقود ہو جاتا ہے وہ کسی حکم الٰہی کو سمجھنے سے قاصر رہتا ہے۔ دوسرا جواب

وہابیو! سنو مظروف قابل احترام اور ذی شان ہو تو ظرف کا احترام بالتبع فرض ہوتا ہے جیسا کہ مسجد معبود نہیں ہے لیکن معبود کی عبادۃ کا ظرف ضرور ہے۔ تو اس کا احترام بھی ذکر اللہ کی وجہ سے فرض ہے مسجد میں جنبی، حائضہ عورت "نجس آدمی بمع جوتوں کے داخل نہیں ہو سکتا کیونکہ مقام عبادۃ خداوندی ہے۔ تو مظروف کی وجہ سے ظرف کا احترام لازمی ہوا ایسے ہی قرآن کریم بفرمان خداوندی وَاَنْزَلْنَا اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا زمین ثابت ہے یہ اوراق جس میں سیاہی سے قرآن کریم لکھا ہوا ہے۔ یہ قرآن مجید کا ظرف مبین ہے جب قرآن کریم نور مبین ہے اس کا احترام ہر ایماندار پر فرض ہے تو ان اوراق بین الافتین جو مظروف قرآن مجید ہے کا احترام بطریق اولیٰ فرض ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالےٰ کا ارشاد ہے لَا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ قرآن کریم کے مظروف اوراق قرآن کو پلید آدمی ہاتھ نہیں لگا سکتا جب تک کہ پاک نہ ہو تو جن اوراق پر قرآن کریم لکھا گیا اس کو بھی قرآن مجید کہا جاتا ہے۔ جن کا احترام ہر ایماندار پر فرض ہے اور وہ قوم جو کتاب اللہ، نبی اللہ، اولیاء اللہ اور آیات اللہ یعنی مقامات متبرکہ کا گستاخ ہے۔ وہ قرب

marfat.com

خداوندی سے محروم ہے اور ایسی قوم فرقہ ناجیہ کہلانے کی حقدار نہیں۔

وہابیو! یارتم تو عبادۃ خداوندی کو بدعت سمجھتے ہو جس سے ثابت ہوتا ہے کہ تمہیں خداوند کریم سے ہی حقیقۃً عناد ہے کیونکہ تم قرآن کریم کے بھی گستاخ ہو۔

کتاب اللہ کو پشت کرنی یہودیوں کی سنت ہے

(۱) البقرہ ۱/۱۲ } وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

اور جب آئے ان کے پاس اللہ تعالےٰ کی طرف سے تصدیق کرنے والے جو ان کے پاس تھی تو اہل کتاب سے ایک فرقہ نے اللہ کی کتاب کو پشت کی جانب ڈالا گویا کہ وہ جانتے ہی نہیں۔

اس آیۃ کریمہ سے ثابت ہوا کہ کتاب اللہ کو پیٹھ پیچھے رکھنا یہودیوں کا فعل ہے اب وہابیو! تم سوچو کہ قرآن کریم کو پیٹھ پیچھے رکھ کر تم کس فرقے میں داخل ہوئے اور اوپر بیٹھ کر تو پکے جہنمی ہو گئے۔

(۲) ال عمران ۴/۱۹ } فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ یہودیوں نے کتاب اللہ کو اپنی پشتوں کے پیچھے ڈال دیا۔

اس آیۃ کریمہ سے بھی ثابت ہوا کہ کتاب اللہ کو پس پشت ڈالنا یہودیوں کی سنت ہے مسلمانوں کو یقین ہو گیا کہ واقعی وہابیت یہودیت سے ماخوذ ہے۔ اور ویسے ہی گستاخ ہیں۔

marfat.com

قدموں کے نیچے رکھنے کا قرآنی فیصلہ

حم السجدہ ۲۴/۴ } وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا رَبَّنَا اَرِنَا الَّذَيْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ اَقْدَامِنَا لِيَكُوْنَا مِنَ الْاَسْفَلِيْنَ ۝

اور کفار کہیں گے اے ہمارے پروردگار جن اور انسان سے جس نے ہمیں گمراہ کیا انہیں ہمیں تو دکھا دے ہم انہیں اپنے قدموں کے نیچے رکھیں تاکہ وہ ذلیل ہو جائیں۔

(۱) قرآن کریم کی اس آیۃ کریمہ سے ثابت ہوا کہ جو گمراہ کرنے والے ہوں ان کو قدموں کے نیچے رکھا جاتا ہے۔

(۲) دوسری بات یہ ثابت ہوئی کہ جس کو ذلیل کرنا مقصود ہوتا ہے اسے قدموں کے نیچے رکھا جاتا ہے۔

وہابیو! اب تم سوچو کہ تم قرآن کریم کتاب اللہ کو چٹائیوں پر جہاں تمہارے پاؤں کے تلوے لگتے ہیں وہیں تم قرآن کریم رکھتے ہو اب بتاؤ؟ یا تو قرآن نے شیطانی فرقہ قرار دیا ہے تو زمین پر قدموں کے تلوؤں کے برابر رکھتے ہو یا قرآن کریم کو تم ذلیل کرنا چاہتے ہو۔ کہ اس کتاب نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا شان کیوں لکھا ہے۔ یا انہیں یقین ہے کہ قیامت کے دن یہ وہابیوں کے خلاف شہادت دینے والا ہے۔

marfat.com

وہابی عقیدہ ۶

وہابی توحید ۶

غیر مقلد وہابی قرآنی عزت سے محروم ہے

فتوی ستاریہ ۱/۱۸۲ } سوال (۲۵۰) لوگ جو قرآن تلاوت کرتے وقت قرآن مجید کو بوسہ دیتے ہیں درست ہے یا نہیں نیز جلسوں میں جب قرآن پڑھا جاتا ہے تو لوگ کھڑے ہو جاتے ہیں درست ہے یا نہیں۔

جواب (۲۵۰) ہر دو فعل ثابت نہیں خلاف سنت و تعامل صحابہ نہیں۔

وہابی کے اس عقیدے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہابی کے نزدیک حجر اسود جتنا وقار بھی قرآن کریم کا نہیں۔

"محمل عمر" نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

ابو داؤد ۲ } قُوْمُوْا اِلٰی سَیِّدِکُمْ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنے سردار کی عزت کے لئے کھڑے ہو جاؤ۔ قرآن کریم کائنات میں ہمارا سردار ہے لہٰذا ہمیں قرآن کریم کی تعظیم کے لئے اُٹھنا ہمارا ایمانی فرض ہے۔

وہابی مذہب بے ادبی کرنے کو جائز سمجھتا ہے پاؤں کے نیچے پس پشت رکھتا ہے اور قرآن کریم کے ادب و احترام کو خلاف سنت سمجھتا ہے وہابی صاحب بیٹے کو بوسہ دیتے وقت کبھی تحقیق کی ہے کہ اِنَّمَآ اَمْوَالُکُمْ وَاَوْلَادُکُمْ فِتْنَةٌ حکم خداوندی ہے اس کو بوسہ دینے کے لئے تیار نہیں کبھی اپنی بیوی کو بوسہ دیتے وقت سوچا ہے کہ تیرے اطوار خلاف سنت ہیں میں بوسہ دینے کے لئے تیار نہیں بوسہ محبت کا تقاضا ہے محبت خداوندی

marfat.com

ہیں اگر اس کی کتاب سے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہوئے بوسہ دے دیا تو خلاف سنت کیسے ہو سکتا ہے ایسے ہی اگر قرآن کریم کی تعظیم کے لئے کھڑا ہو جائے تو کونسا شرک لازم آئے گا ایسا کرنے والا ثواب کا مستحق ہے۔

وہابی عقیدہ ۷

وہابی توحید (۷)

وہابی فرقے کا قرآن مجید سے انحراف

فتوی ثنائیہ ۲۱۲ } س: قرآن شریف میں ذکر ہے کہ اولیاء اللہ و شہداء مردے نہیں ہیں اور شاید ایک آیت بھی اس مضمون کی ہے کہ اولیاء اللہ اس دنیا سے دوسری دنیا میں منتقل ہو جاتے ہیں مرتے نہیں اس سے لوگوں کا خیال ہے کہ وہ مدد بھی کر سکتے ہیں۔ اور سنتے بھی ہیں اس کا جواب قرآن و حدیث سے دیں۔

(ج) مردے کے معنی ہیں جس کی روح جسم سے الگ ہو جائے شہید پر یہ تعریف صادق آتی ہے۔ اس لئے اس کے مردہ ہونے میں کیا شک ہے اگر اس کی روح جدا نہ ہو تو شہادۃ کیسی ہو! مگر زندگی کا اصل مقصد وہ پا گئے اس لئے منع کیا گیا کہ ان کو مردے نہ کہو یا مت سمجھو یہ نہیں کہ وہ دراصل مردے نہیں۔ اگر دراصل وہ مردے نہیں ہیں تو قبر میں کیوں رکھے گئے اور ان کی بیویوں کی ان کی عدت کیوں گزاری گئی بعد عدۃ نکاح ثانی کیوں کیے۔

(۲۳ جمادی الثانی ۳۹ھ)

marfat.com

حکم خداوندی کہ شہدا علیہم السلام کو مردہ نہ کہو

(۱) البقرہ ۲/۱۹ } وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ بَلْ اَحْيَاءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ۝

اور جو شخص اللہ تعالےٰ کے راہ میں قتل کیا گیا تم اسے مردہ نہ کہو بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تم بے وقوف ہو۔

فرمان خداوندی کہ شہدا علیہم السلام کو مردہ خیال کرنے سے بھی ایمان ضائع ہو جاتا ہے

(۲) ال عمران ۳/۱۶۹ } وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ فَرِحِيْنَ بِمَا اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

اور جو اللہ تعالےٰ کی راہ میں قتل کئے گئے ہیں ان کو مردہ ہونے کا بالکل خیال نہ کرنا بلکہ زندہ ہیں اور ان کو ان کے رب کریم کی طرف سے رزق دیا جاتا ہے اللہ تعالےٰ نے اپنے فضل سے جو ان کو دیا وہ بہت خوش ہیں اور جو ان سے ابھی ملے نہیں ان کے پیچھے ہیں ان سے مبارک طلب کرتے ہیں ان پر کوئی خوف نہیں اور نہ ہی وہ غمناک ہوں گے۔

بتاؤ وہابیو؟ تم نے یہ عبارت لکھ کر یا جو تم ایسے الفاظ تقریروں میں کہتے ہو۔ مذکورہ دونو آیات قرآنیہ کی رو سے تم اسلام میں داخل رہے یا خارج؟ فیصلہ تم پر ڈالتا ہوں۔

marfat.com

وہابی عقیدہ (۸)

وہابی توحید ۸

وہابی مذہب خداوند کریم اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا گستاخ ہے

(۱) وہابی کوئی نماز پڑھے فریضہ سنن نوافل خداوند کریم سے دعا مانگنے کا مستحق نہیں رحمت خداوندی سے محروم ہے اور نہ ہی دربار خداوندی میں اسکی شنوائی ہے

(۲) وہابی مرجائے تو اس کے ورثا اور اکابرین اس کے لئے دعا مغفرت بھی نہیں کرتے کیونکہ ان کو یقین ہے کہ اس کی ذات شرعی نہیں تمام عمر بدن منی سے پلید رہا پلید پانی سے وضو کرتا رہا اس کی تمام عمر مطلقہ ثلثہ پر رجوع کرکے زنا کرتا رہا باپ بیٹا اکٹھے زنا کرتے رہے نوافل اور سنن سے محروم رہا۔ انبیاء علیہم السلام اور اولیاء اللہ کی تمام عمر اس نے گستاخی کی لہٰذا اس کے لئے دعا خیر کرنا گناہ ہے دوسری بات یہ ہے کہ رب العزۃ ہماری بات تسلیم بھی نہیں کریگا کیونکہ ہم بھی یہی جنس ہیں

(۳) وہابی نماز کے بعد ذکر اللہ درود شریف سے محروم ہے بلکہ ذکر اللہ درود شریف پڑھنے والے کو بدعتی کہہ کر پکارتا ہے۔ نماز کے بعد ذکر اللہ اور درود شریف پڑھنا بدعت ہے لیکن پیشاب اور جماع کے وقت مباح سمجھتا ہے۔

وہابی عقیدہ (۹)

وہابی توحید (۹)

وہابی مذہب میں پیشاب اور جماع کے وقت ذکر اللہ جائز ہے

marfat.com

فقہ محمدیہ کلاں $\frac{۱}{۱۲-۱۳}$ } پیشاب اور جماع کے وقت ذکر کرنا مکروہ تنزیہی ہے تحریمی نہیں اگر کوئی ایسی حالت میں اللہ کا ذکر کرے تو گنہگار نہیں ہوتا۔

محمد عمر: مسلمانو! خدارا انصاف کرو کہ وہابی موحد ہے؟ یا نہیں خداوند کریم سے دشمنی رکھتا ہے یا نہیں؟ اس سے کچھ تعلق رکھتا ہے یا اس سے بیزار ہے معاذ اللہ خداوند کریم اس کے ذکر کو نگاہ نفرت سے دیکھتا ہے یا نگاہ محبت سے؟

شب برأت کو نوافل وہابی کے نزدیک بدعت اکٹھے مل کر ذکر اللہ کرنا بدعت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا نام لینا شرک عورت کے ساتھ ننگے جماع کرتے وقت لاالہ الااللہ کا ذکر کرنا کوئی گناہ نہیں سبحان اللہ وہابی نے ذکر اللہ کا وقت چن کر پسند کیا

اے گستاخو! تم اپنے آپ کو موحد کہلاتے ہو مسجدوں میں مل کر ذکر اللہ کرنا بدعت کیونکہ مقام پاک ہے اور عورت سے جماع کرتے وقت ذکر اللہ کرتے ہو اس سے زیادہ گستاخی اور کیا ہو سکتی ہے۔ یہ ہے تمہاری توحید۔

مسلمانو! سن لو وہابی مذہب میں اولیاء اللہ کے متبرک حجروں میں ذکر اللہ کرنا شرک مسجدوں میں مل کر ذکر اللہ کرنا بدعت اور پیشاب خانوں میں پیشاب کرتے وقت وہابی کا ذکر اللہ کرنا بدعت و شرک گناہ سے خالی ہے یہ ہے وہابی توحید جس کو وہابی معاذ اللہ پیشاب خانوں میں واضح کرتا ہے۔ مسلمانوں کے نزدیک یہ افعال قبیح ہے اور اسلام کی توہین ہے۔

لہٰذا خداوند کریم کے ساتھ تعلق رکھنے والے مسلمانوں کو وہابیوں سے سلام و کلام حرام سمجھنا چاہیئے کیونکہ گستاخ خداوند کریم ہیں۔

---

marfat.com

حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے فیصلہ

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے پیشاب کی حالت میں ذکر سے ممانعت کردی

ابوداؤد شریف ۱/۴ } نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک آدمی مہاجرین سے حاضر ہوا تو آپ پیشاب کر رہے تھے تو آپ نے جواب نہ دیا فارغ ہوکر وضو کرکے پھر آپ نے عذر پیش کیا کہ میں پیشاب کر رہا تھا فَقَالَ اِنِّیْ کَرِھْتُ اَنْ اَذْکُرَ اللّٰہَ تَعَالٰی اِلَّا عَلٰی طُھْرٍ اَوْ قَالَ عَلٰی طَھَارَۃٍ ۔

تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے بُرا مانا یا کہ اللہ تعالےٰ کا ذکر بغیر طہارۃ کے کروں۔

اے اہلحدیث کہلانے والو پیشاب کرتے وقت ذکر اللہ کو جائز سمجھتے ہو سبحان اللہ یہ ہے وہابی توحید اور تمہارا حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے خلاف عمل کرنا۔

وہابی عقیدہ (۱۰)

وہابی توحید (۱۰)

غیر مقلد وہابی بیت اللہ کا بھی گستاخ ہے

فتوی ستاریہ ۱/۱۵۲ } سوال (۲۲۱) کیا قبلہ رخ پاؤں کرکے سونا جائز ہے (رسائل حکیم محمد عاشق از ابوہر)

جواب (۲۲۱) لیٹنے والے کی نیت اگر توہین کعبہ نہ ہو تو درست ہے۔

"محمد عمر" وہابی سمجھتا بھی ہے کہ قبلہ رُخ پاؤں کرنا گستاخی ہے لیکن پھر فتوی دیتا ہے

marfat.com

کہ اگر تو ہیں کعبہ نیت نہ ہو تو درست ہے جب سر سے کعبے کی طرف پاؤں کرنا توہین ہے تو نیت کا کیا سوال کسی کو گالی بکی جائے اور پھر کہے کہ میری نیت نہ تھی تو جس کو گالی کہی جائے وہ دو لپھڑ منہ پر رسید کرے گا اور پھر کہدے گا اوہو مولوی صاحب میری نیت نہ تھی ویسے ہی تمہارے گالی نکالنے سے مجھے جوش آگیا یہ وہابی صاحب کی سادگی کی دلیل ہے جرم کرکے کہتا ہے نیت نہ تھی سبحان اللہ۔

قرآنی فیصلہ

(۱) ال عمران ۴/۱ } اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَکَّۃَ مُبٰرَکًا وَّھُدًی لِّلْعٰلَمِیْنَ ۔

بے شک پہلا گھر جو لوگوں کے لئے بنایا گیا جو مکے میں ہے بابرکت مقام ہے اور عالمین کے لئے ہدایت ہے۔

(۲) البقرہ ۲/۱۸ } وَ لِکُلٍّ وِّجْھَۃٌ ھُوَ مُوَلِّیْھَا فَاسْتَبِقُوا الْخَیْرٰتِ ۔

اور ہر ایک کے لئے وجہ ہے وہ اسی کی طرف پھرنے والا تو تم نیکیوں کی طرف سبقت کرو۔

(۳) البقرہ ۲/۱۷ } فَوَلِّ وَجْھَکَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَحَیْثُمَا کُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْھَکُمْ شَطْرَہٗ ۔

پھر اپنا منہ مسجد حرام کی طرف پھیریئے اور جہاں بھی تم ہو وہ اپنے موہوں کو مسجد حرام کی طرف پھیرو۔

کیوں بھئی وہابیو؟ بتاؤ اللہ تعالےٰ فرمائے کہ بیت اللہ کی طرف منہ کرو اور تم وہابی

marfat.com

اپنے پاؤں بیت اللہ کی طرف کرو۔ تم وہابی فرقہ مکذب، منکر و گستاخ قرآن ثابت ہوئے یا نہ ؟ اب وہابی اور مسلمان کا فرق یہ ثابت ہوا کہ جو شخص بیت اللہ کی طرف پاؤں کر کے لیٹا ہو یقین کرو کہ وہ وہابی ہے کیونکہ وہ مسلمانوں کے قبلے کی طرف پاؤں کر کے بیت اللہ کی گستاخی کرتا ہے۔ مکذب قرآن کریم ہے کیونکہ اللہ تعالےٰ فَوَلُّوا وُجُوْهَكُمْ فرماتا ہے کہ قبلے کی طرف اپنے منہ کرو اور وہابی پاؤں کرتا ہے مسلمانو! وہابی مذہب کا ایک یہ بھی نشان یاد رکھنا۔

(۴) البقرہ ۱/۱۵ } وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ۝

اور جب ہم نے بیت اللہ کو لوگوں کے لئے ثواب اور امن کی جگہ بنائی۔ ثواب کی جگہ کا احترام ضروری ہے جیسا کہ جوتے پہن کر مساجد میں نہیں داخل ہو سکتا کیونکہ جائے ثواب ہے تو جائے احترام بھی ہے ایسے ہی بیت اللہ جائے ثواب ہے اس طرف حکم خداوندی مونہہ کرنے کا ہے۔

البقرہ ۲/۱۷ } سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِيْ كَانُوْا عَلَيْهَا۔ تو جو مسلمان بیت اللہ کی طرف مونہہ کرے گا اس کو ثواب ہو گا کیونکہ بفرمان خداوندی مثابۃ للناس ہے اور پاؤں کرنے والا گستاخ اور گنہگار ہے

اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ صفا اور مروۃ شعائر اللہ ہیں جہاں ولیہ کے قدم ٹک جائیں وہ شعائر اللہ بن جائیں تو جس کا انبیاء علیہم السلام نے طواف کیا ہو بھلا وہ شعائر اللہ کیوں نہیں بن سکتے اور میری سمجھ میں بات آگئی حقیقت یہ ہے کہ یہ قبلہ چونکہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا پسندیدہ ہے اس لئے وہابی پاؤں کرتا ہے۔

marfat.com

البقرہ ۲/۱۴۴ } فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا ہم ضرور اس قبلے کی طرف آپ کا رخ پھیر دیں گے۔ جس طرف کو رسول اللہ صلے اللہ علیک آپ نے پسند فرمایا۔

چونکہ یہ بیت اللہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پسندیدہ ہے اور جس سے آپ کو محبت ہے وہابی اس کو شرک سمجھتا ہے واقعہ فیر عرض کرتا ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے دل میں بات آئی کہ یا اللہ یہود و نصاریٰ کو ہم سے ہر کام میں تو نے الگ کر دیا ہے۔ قبلہ بھی اگر بدل دے تو ٹھیک ہے اللہ تعالےٰ نے فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ کا حکم دے کر مسجد حرام کی طرف رخ کر دیا تو وہابی نے شرک توڑنے کے لئے بیت اللہ کی طرف پاؤں کرنے کو جائز قرار دے دیا۔ آپ کا بیت اللہ کی طرف رخ کرنے کو کفار نے بُرا منایا تو اللہ تعالےٰ نے ان کو جواب دیا۔

البقرہ ۲/۱۴۵ } وَلَئِنْ أَتَيْتَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ بِكُلِّ آيَةٍ مَا تَبِعُوا قِبْلَتَكَ اگر آپ یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان کو تمام دلائل پیش کریں یہ آپ کے قبلے کی طرف رخ نہ کریں گے۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس بیت اللہ کی طرف رخ کیا کفار نے اس طرف رخ نہیں کیا لیکن ان کی رنجیدگی کو پورا کرنے کے لئے وہابیوں نے پاؤں کرنے کا فتویٰ دے دیا۔ وہابیو تم سوچو کہ تم کس زمرے میں ہو۔

مسلمانو! اب تم سوچو جو وحدہٗ لاشریک کو مخلوق کا محتاج مانیں غیر محدود کو محدود کہیں قدیم کو حادث کہیں جب ذات خداوندی کے ہی منکر ہیں اپنی مرضی کا خدا انہوں نے تسلیم کر لیا ہے تو بیت اللہ کی وہ کیسے تعظیم کر سکتے ہیں جو فرقہ خداوند کریم کا منکر پاک مقام پر ذکر اللہ کرنے کو بدعت کہیں اور پیشاب کرتے ہوئے خدا کا ذکر کریں۔

marfat.com

بیت اللہ کی گستاخی کریں وہ قوم مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور قرآن کریم اور اولیاء اللہ کا کیا قدر کر سکتے ہیں۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے نزدیک بیت اللہ کا نشان

جامع صغیر ۲/۱۷۶ } اَلنَّظْرُ اِلَی الْکَعْبَۃِ عِبَادَۃٌ (ابو شیخ عن عائشہ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کعبے کو دیکھنا عبادۃ اللہ ہے۔

اب وہابیو تم بتاؤ نظر چہرے پر ہے تو کعبے کی طرف چہرہ کیا آنکھیں کہیں تو عبادۃ اللہ لکھی گئی اور اگر پاؤں کئے تو کھاتے میں کعبے کا گستاخ و بے ادب لکھا گیا تو گناہ لازمی ہے وہابی فرقہ خداوند تعالےٰ "قرآن کریم" "بیت اللہ" انبیاء علیہم السلام خصوصاً نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم" اولیاء اللہ اور اسلامی متبرکہ مقامات کا پورا اور صحیح گستاخ و بے ادب ہے اور سب کا بے ادب کبھی بخشش کا اُمیدوار نہیں ہو سکتا۔ ایک کے گستاخ کی نجات نہیں جو سب کا گستاخ ہو اس کا کیا ٹھکانا۔

حرمت اللہ بیت اللہ کی تعظیم کرنا ہر مومن مسلمان پر فرض ہے

الحج ۲۲/۲۹ } وَلْیَطَّوَّفُوْا بِالْبَیْتِ الْعَتِیْقِ ذٰلِکَ وَمَنْ یُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰہِ فَھُوَ خَیْرٌ لَّہٗ عِنْدَ رَبِّہٖ ۔

اور چاہیئے کہ لوگ بیت اللہ (قدیم گھر) کا طواف کریں اور جو شخص اللہ تعالےٰ کے عزت والے مقامات کی تعظیم کریں گے تو اللہ تعالےٰ کے نزدیک ان کیلئے

marfat.com

خیر ہو گی۔

اللہ تعالےٰ نے اس آیۃ کریمہ میں بیت اللہ کو حرمت اللہ کا خطاب دے کر عزت بخشی ہے انسان کو ان کی تعظیم کرنا شرک یا منع نہیں ہے بلکہ حکم الٰہی پر عمل کرنا ہے اور جو ان کی تعظیم نہ کرے وہ دشمن خداوند اور منکر قرآن ہے اور بیت اللہ یعنی مسلمانوں کا کعبہ جو تمام دنیا سے پہلا مقام برکت ہے۔ جیسا ارشاد خداوندی ہے

اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَکَّۃَ مُبٰرَکًا وَّھُدًی لِّلْعٰلَمِیْنَ۔

بے شک پہلا گھر جو لوگوں کے لئے تیار کیا ہے وہ ہے جو مکے میں ہے بڑا بابرکت ہے اور عالمین کے لئے ہدایت کا مقام ہے۔

بتاؤ وہابیو! تمام عالمین میں سب سے پہلا مقام بیت اللہ ہے جس کی عزت و برکت قرآن کریم سے ثابت ہوئی تو تمام عالمین سے پہلا بابرکت اور عزت والا مقام اللہ تعالےٰ نے اسی کعبہ کو تیار فرمایا اور اللہ تعالےٰ نے حرمت اللہ کی عزت کرنا ہر ایماندار پر فرض کر دیا تو بیت اللہ کی تعظیم کرنا ہر ایماندار پر خداوند کریم نے فرض فرما دیا اب تم کہتے ہو اور تم نے کعبے کی طرف پاؤں کرنا جائز کہ دیا۔

اب بتاؤ کہ تم مکذب قرآن کریم ثابت ہوئے یا نہ؟ حرمت اللہ کے گستاخ ثابت ہوئے یا نہ؟ اللہ تعالےٰ ھُدًی لِّلْعٰلَمِیْنَ فرمائے تم اسے پاؤں دکھاتے ہو خوب ھدیٰ للعالمین کا قدر کیا۔ یہ ہے فرقہ وہابیہ

اے قرآن مجید کتاب اللہ کو پس پشت ڈال کر گستاخی کرنے والو بیت اللہ کی طرف پاؤں کر کے سب سے اوّل خداوند کریم کے حرمت اللہ کی گستاخی کر کے حدود خداوندی کو توڑنے والو تمہارے نزدیک دنیا میں سوائے تمہارے نجد کے جس پر تم

marfat.com

سلام پڑھتے ہو سَلَامٌ عَلٰی نَجْدٍ وَعَلٰی مَنْ حَلَّ بالنجد کے کوئی عزت والا مقام نہیں اور سوائے نجدی سلطان کے تمہارے نزدیک کوئی نبی اللہ ہادی اللہ صاحب عزت نہیں ثابت ہوا کہ اللہ کے حرمت اللہ" اللہ تعالےٰ کے دین اسلام" اللہ تعالےٰ کے قرآن کریم" اللہ تعالےٰ کے خاص نبی اللہ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اللہ تعالےٰ کے اولیاء اللہ اور ایماندار امت محمدیہ سے تمہارا کوئی تعلق نہیں اور نہ ہی تم اس زمرے میں شامل ہو۔

شعائر اللہ کی تعظیم

الحج ۱۷/۴ } وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ۝
اور جو شخص اللہ تعالےٰ کی نشانیوں کی تعظیم کرے گا بیشک یہ پاک دلوں کی دلیل ہے۔

جب اوپر ثابت ہو گیا کہ وہابی فرقہ حرمت اللہ کی حدود کو توڑنے والا گستاخ ہے تو اس آیۃ مذکورہ سے یہ ثابت ہو گیا کہ شعائر اللہ یعنی بیت اللہ" حجر اسود" صفا مروہ" گنبد خضرا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم" جبل احد" مساجد اللہ خصوصاً مسجد حرام اور مسجد نبوی وغیرہم کی تعظیم کرنے والا پاکیزہ دل رکھتا ہے اور جو ان کی تعظیم سے محروم ہے اس کا باطن عند اللہ یعنی بقانون قرآن کریم پلید ہے ظاہراً منی سے پلید پلید پانی پلید کپڑے باطناً حرمت اللہ کتاب اللہ کی گستاخی سے پلید اسی لئے اللہ تعالےٰ نے ان کی خوراک بھی ان کی جنس ہی بنائی گوہ" کچھوا" بچھو" خنزیر اور منی کیونکہ باطن پلید کو خوراک بھی پلید ہی زیبا ہے یہ میرے رب العزۃ کی تقسیم ہے اس لئے

marfat.com

تم نے خداوند کریم کا انکار کر دیا۔

نہ بنی وہابیو عبد الوہاب لگتی بات کرنا کہ قبلے کی طرف پاؤں کرنا تعظیم ہے یا گستاخی اور بیت اللہ کا گستاخ عند اللہ گنہگار ہوگا یا مثاب؟ قرآن کریم کے تم گستاخ بیت اللہ کے بھی گستاخ خداوند کریم نے بھی تمہیں اس کے بدلے میں مقام دیا تو نجد خوراک و لباس عطا فرمایا تو دنیا سے نرالا۔ اب تم سوچو کہ تمہارا خداوند کریم سے کیسا تعلق ہے۔

مسجد حرام کے گستاخ کو سزائے خداوندی

الحج ۱۷/۲۲ } اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَیَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِیْ جَعَلْنٰہُ لِلنَّاسِ سَوَآءَ نِ الْعَاکِفُ فِیْہِ وَالْبَادِ وَمَنْ یُّرِدْ فِیْہِ بِاِلْحَادٍ بِظُلْمٍ نُّذِقْہُ مِنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ۝

بے شک جن لوگوں نے کفر کیا اور اللہ تعالیٰ کے راستے سے پھر گئے اور مسجد حرام سے منہ پھیر لیا جس کو ہم نے مقامیوں اور مسافروں کے لئے یکساں بنائی ہے۔ جو شخص اس میں ظلم سے کجروی کا ارادہ رکھتا ہے ہم اسے دردناک عذاب چکھائیں گے۔

(۱) اس آیتہ کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے مسجد حرام اور فی سبیل اللہ یعنی صراط مستقیم کو یکساں درجہ عطا فرمایا۔

(۲) مسجد حرام اور صراط مستقیم سے اعراض کرنے والے پر کفر کا فتویٰ عائد فرمایا۔

(۳) مسجد حرام میں داخل ہونے والے مسافر و مقیم عزت و عبادۃ کرنے والے کو یکساں

marfat.com

ثواب ملتا ہے اور روگردانی کرنے والوں کو یکساں عذاب الیم کی سزا ملتی ہے۔

(۴) مسجد حرام کی گستاخی کرنے والا قدمی ہو یا لسانی عند اللہ کافر ہے۔ عذاب الیم کا مستحق ہے۔

اور وہابیو مسجد حرام کی طرف پاؤں کر کے گستاخی کرنے والو قرآن کریم کے قانون سے تو اس عقیدہ وہابیہ پر عمل کر کے نجات کی کوئی صورت نہیں بنتی کیونکہ وہابی عمل جہنم کی طرف لے جا رہا ہے اب تم فیصلہ کر لو کہ وہابی مذہب از روئے قرآن کریم عذاب الیم کی طرف لے جانے والا تمہیں پسند ہے یا نبی کریم اور اولیاء اللہ کا طریقہ جو شعائر اللہ کے احترام کا سبق دیتا ہے یہ درست ہے ؟

قرآن کریم نے چونکہ فرقہ وہابیہ کے ہر عقیدے کا رد کیا ہے اسی لئے وہابی مولویوں نے قرآن کریم کو بھی پس پشت ڈالنے کا فتویٰ دے دیا اور پاؤں کے نیچے رکھ دیا یہ ہے فرقہ جو موحد ہونے کا مدعی ہے۔

اب مسلمانو! فیصلہ تم پر ہے۔ اصحب فیل نے بھی بیت اللہ سے دشمنی کی تو اس کا جو حشر ہوا وہ قرآن کریم میں مذکور ہے اب جو اس فرقہ کا حال ہوتا ہے وہ فقیر اخیر میں عرض کرے گا۔

احادیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے بیت اللہ کا احترام

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی زبانی قبلے رخ تھوک ڈالنے کی ممانعت

(۱) بخاری شریف ۱/۵۸ } حدثنا قتیبۃ قال نا اسماعیل بن جعفر عن حمید عن انس بن مالکؓ ان النبی صلی اللہ علیہ

marfat.com

وسلم رَأٰی نُخَامَۃً فِی الْقِبْلَۃِ فَشَقَّ ذَالِکَ عَلَیْہِ حَتّٰی رُءِیَ فِی وَجْھِہٖ فَقَامَ فَحَکَّہٗ بِیَدِہٖ فَقَالَ اِنَّ اَحَدَکُمْ اِذَا قَامَ فِی صَلَاتِہٖ فَاِنَّہٗ یُنَاجِیْ رَبَّہٗ اَوْ اِنَّ رَبَّہٗ بَیْنَہٗ وَبَیْنَ الْقِبْلَۃِ فَلَا یَبْزُقَنَّ اَحَدُکُمْ قِبَلَ قِبْلَتِہٖ وَلٰکِنْ عَنْ یَسَارِہٖ اَوْ تَحْتَ قَدَمِہٖ ثُمَّ اَخَذَ طَرَفَ رِدَائِہٖ فَبَصَقَ فِیْہِ ثُمَّ رَدَّ بَعْضَہٗ عَلٰی بَعْضٍ فَقَالَ اَوْ یُفْعَلُ ھٰکَذَا ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے قبلہ کی طرف تھوک دیکھی حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم پر یہ بہت شاق گزری حتیٰ کہ آپ کا رنگِ انور سرخ ہو گیا کھڑے ہو کر آپ نے اپنے دست مبارک سے اس کو صاف کیا پھر ارشاد فرمایا کہ تمہارا کوئی مسلمان جب نماز میں کھڑا ہو تو وہ اپنے رب کو پکارتا ہے اور یقیناً بندے اور قبلے کے درمیان اللہ تعالےٰ موجود ہوتا ہے تمہارا کوئی آدمی قبلے کی طرف نہ تھوکے بائیں طرف یا بائیں پاؤں کے نیچے تھوکے پھر آپنے اپنی چادر کا ایک پلّہ لیا اس میں تھوکا ایک دوسرے کو مل دیا فرمایا ایسے کرلے۔

کیوں جی وہابیو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم تو قبلہ رخ تھوکنے سے ناراض ہو جائیں اور تم اس طرف پاؤں کرو اب تم سوچو کہ کس طرف تھوکا جاتا ہے اور پاؤں کس کو دکھایا جاتا ہے۔

marfat.com

مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی کہ مسلمان اپنے دونوں فرجین قبلے کیطرف نہیں کر سکتا

بخاری شریف ۱/۵۷ } حدثنا علی بن عبد اللہ قال ناسفین قال نا الزھری عن عطأ بن یزید اللیثی عن ابی ایوب الانصاری اَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ اِذَا اَتَیْتُمُ الْغَائِطَ فَلَا تَسْتَقْبِلُوْا الْقِبْلَةَ وَلَا تَسْتَدْبِرُوْھَا الخ

ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم سے کوئی ایک ٹٹی جائے تو وہ نہ قبلے کو منہ کرے اور نہ ہی قبلے کی طرف پیٹھ پھیرے۔

کیوں جی! مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی زبانی تم نے بیت اللہ کی تعظیم سن لی اور یہ بھی سن لیا کہ تمام روئے زمین کے مسلمانوں کو اپنے بیت اللہ کی گستاخی سے منع فرمایا اور تعظیم کا حکم جاری فرمایا۔

او اہلحدیث کہلانے والو یہ ہے تمہارا اعلان اور یہ ہے تمہارا عمل ہاتھی کے دانت دکھانے کے اور کاٹنے کے اور۔

قبلے کی طرف کا احترام مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی زبانی

ابو داؤد ۱/۷۵
کنز العمال ۴/۱۰۶ } حدثنا یحیٰی بن حبیب بن عربی ثنا خالد یعنی ابن الحارث عن محمد بن جحلان عن عیاض بن عبد اللہ عن ابی سعید الخدری ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com

كَانَ يُحِبُّ الْعَرَاجِيْنَ وَلَا يَزَالُ فِيْ يَدِهٖ مِنْهَا فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ فَرَأَى نُخَامَةً فِيْ قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ فَحَكَّهَا ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ مُغْضَبًا فَقَالَ أَيَسُرُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَبْصُقَ فِيْ وَجْهِهٖ اِنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَاِنَّمَا يَسْتَقْبِلُ رَبَّهٗ عَزَّ وَجَلَّ وَالْمَلَكُ عَنْ يَمِيْنِهٖ فَلَا يَتْفِلُ عَنْ يَمِيْنِهٖ وَلَا فِيْ قِبْلَتِهٖ وَلْيَبْصُقْ عَنْ يَسَارِهٖ اَوْ تَحْتَ قَدَمِهٖ فَاِنْ عَجِلَ بِهٖ اَمْرٌ فَلْيَفْعَلْ هٰكَذَا وَوَصَفَ لَنَا ابْنُ عَجْلَانَ ذَالِكَ اَنْ يَتْفِلَ فِيْ ثَوْبِهٖ ثُمَّ يَرُدَّ بَعْضَهٗ عَلٰى بَعْضٍ =

ابو سعید خدری رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم بل دار چھڑی کو پسند فرماتے اور ہمیشہ اپنے دست پاک میں مٹھی دار چھڑی رکھتے مسجد میں تشریف لائے تو مسجد میں قبلے کی طرف کھنکار دیکھا تو اس کو کھرچ دیا پھر غضب ناک حالت میں لوگوں کے سامنے تشریف لائے فرمایا کیا تمہیں پسند ہے کہ تم سے کوئی قبلے کی طرف سامنے موجود ہوتا ہے اور فرشتہ اس کے دائیں طرف اپنے دائیں طرف اور قبلہ رُخ نہ تھوکے بائیں طرف یا بائیں قدم کے نیچے تھوکے اگر تکلیف کی وجہ سے جلدی ہو تو ایسے تھوکے اور ابن عجلان نے کپڑے میں تھوک کر مل دیا۔ فرمایا ایسے کرلے۔

اس حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے بھی ثابت ہوا کہ جس حرکت میں سخت اور گستاخی بیت اللہ ثابت ہو وہ حرکت رُخ قبلہ میں کرنا ایمان سے خارج ہونا ہے اس کی طرف تھوکنا گستاخی لہٰذا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے ممانعت فرمادی اور غضبناک

marfat.com

بھی ہے تاکہ میری امت کو ثابت ہو جائے کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو بیت اللہ کا بہت بڑا احترام ہے اور بیت اللہ کی معمولی گستاخی کو بھی آپ پسند نہیں فرماتے اب تم خود سوچو کہ تمہارے روبرو کوئی شخص تمہاری طرف پاؤں کر کے بیٹھ جائے یا لیٹ جائے تو تم اس کو برا مناؤ گے یا نہیں؟ جب تمہیں یہ فعل ناگوار گزرتا ہے تو رب العزۃ کو یہ فعل کیسے گوارہ ہو سکتا ہے اور پھر نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو بھی یہ تمہارا فعل تکلیف دہ ہے۔

اللہ تعالےٰ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو ناراض کر کے تمہارا کیا ٹھکانہ

بیت اللہ کی گستاخی کرنے والا اللہ تعالےٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف دینا چاہتا ہے،

ابوداؤد ۱/۶۷ } حدثنا احمد بن صالح ثنا عبد اللہ بن وھب اخبرنی عمر وعن بکر بن سوادۃ الجذامی عن صالح بن خیوان عن ابی سھلۃ السائب بن خلاد قال احمد من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم اَنَّ رَجُلًا اَمَّ قَوْمًا فَبَصَقَ فِی الْقِبْلَةِ وَرَسُوْلُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یَنْظُرُ فَقَالَ رَسُوْل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حِیْنَ فَرَغَ لَا یُصَلِّیْ لَکُمْ فَاَرَادَ بَعْدَ ذَالِکَ اَنْ یُّصَلِّیَ لَھُمْ فَمَنَعُوْہُ وَاَخْبَرُوْہُ بِقَوْلِ رَسُوْلِ اللہِ صلی اللہ علیہ وسلم فَذَکَرَ ذَالِکَ لِرَسُوْلِ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ نعم وحسبت انہ قال اِنَّکَ اٰذَیْتَ اللہ ورسولہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

marfat.com

نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے احمد رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نے قوم کو جماعت کرائی تو قبلے کی طرف تھوک دیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم دیکھ رہے تھے۔ جب وہ فارغ ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے بعد اس کی اقتدا میں کوئی نماز نہ پڑھے لوگوں نے اسے روک دیا اور اُسے کہہ دیا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تیری اقتدا سے ہمیں منع فرما دیا ہے یہ واقعہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو سنا دیا گیا کہ ہم نے اس امام کو امامت سے روک دیا ہے فرمایا بہت اچھا راوی نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ آپ نے فرمایا تو نے اللہ تعالےٰ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو تکلیف دی ہے۔

وہابیو جو شخص شعائر اللہ ولی اللہ کے قدموں کی جگہ کی تعظیم نہ کرے وہ منکر و مکذب قرآن ہے پھر جو شخص بیت اللہ کی تعظیم کو پس پشت ڈالے۔ اللہ تعالےٰ جس طرف منہ کرنے کا حکم جاری فرمائے اس طرف وہ پاؤں کرے تو ایسا شخص گستاخ بیت اللہ منکر و مکذب قرآن کیوں نہ ثابت ہوگا۔ اور اس حدیث شریف سے بھی ثابت ہوا کہ بیت اللہ کے گستاخ کی امامت حرام ہے لہٰذا وہابیوں کی اقتدا میں نماز حرام ثابت ہوئی

"وہابی" مولوی صاحب بخاری شریف میں لکھا ہے کہ قبلہ رخ پاؤں کرنے جائز ہیں۔

"محمد عمر" وہابی صاحب فرمان مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم تم نے سنا نہیں مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ۔ جس نے مجھ پر جھوٹ بولا وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے۔

marfat.com

بفرمان مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم تمہارا مقام جہنم ہی ہے اور کچھ نہیں اب تمہارے سامنے وہ الفاظ جس سے تم نے غلط بیانی کی ہے وہ الفاظ لکھتا ہوں۔

بخاری شریف ۱/۱۱۴ } ابو حمید سعدی سے روایت ہے کہ اس نے کہا کہ مجھے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی نماز زیادہ یاد ہے نماز کا بیان کرتے ہوئے ابو حمید رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا وَاِذَا سَجَدَ وَضَعَ یَدَیْہِ غَیْرَ مُفْتَرِشٍ وَلَا قَابِضِہِمَا وَاسْتَقْبَلَ بِاَطْرَافِ اَصَابِعِ رِجْلَیْہِ الْقِبْلَۃَ فَاِذَا جَلَسَ فِی الرَّکْعَتَیْنِ جَلَسَ عَلٰی رِجْلِہِ الْیُسْرٰی وَنَصَبَ الْیُمْنٰی۔

ابو حمید رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی نماز کا پورا عمل بیان فرمایا اور کر کے دکھایا جب سجدہ کیا تو نہ بازو بچھائے اور نہ ہی پہلو سے لگائے اور اپنے دونو پاؤں کی انگلیاں قبلہ رخ رکھیں اور جب دونو رکعتوں میں بیٹھے تو بائیں پاؤں پر بیٹھے اور دایاں کھڑا رکھا۔

وہابی صاحب تمہارے استدلال کے قربان جائیے حتی سے گدھ لکھتے ہو حوز سے حمار قرآن مجید کے بھی معرف مشہور ہو لیکن حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو بھی بدلنے کے تم امام ہو۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی نماز ادا کرنے کی ہیئت کذائیہ ابو حمید رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے بتائی کہ اپنے دونو پاؤں سجدے کی حالت میں ایسے سیدھے رکھے کہ ان کی انگلیوں کا رخ عین سمت قبلہ تھا اور جب التحیات بیٹھا تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی نماز کا طریقہ دایاں پاؤں کھڑا کر کے اور بائیں پر بیٹھ کر دکھایا کہدو وہابیو آ منہ

marfat.com

سر سجدے میں وہ بھی قبلہ رخ اور پاؤں کی انگلیوں کا رخ عین قبلے رخ اور پاؤں کے تلوؤں کا رخ پچھلی طرف تاکہ ثابت ہو جائے کہ یا اللہ میں تیرے دربار میں تیرے قبلہ کی طرف سر سے پاؤں تک جھکا ہوا ہوں لیکن میں پاؤں کے تلوے پیٹھ کی طرف رکھ رہا ہوں تاکہ تیرے گستاخوں میں نہ لکھا جاؤں۔ اور دائیں پاؤں کو التحیات میں کھڑا رکھا اور بائیں پر بیٹھے یہ بھی تمہارے خلاف ہے کیونکہ تم دونو پاؤں التحیات میں بائیں طرف نکالتے ہو لو لو وہابیو

آمنّا

یہ تھی تمہارے استدلال والی حدیث جس سے قبلے رخ تلویں کرنا ثابت نہ ہوا اور حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر تمہارا بہتان ثابت ہو گیا اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ حدیث شریف کو لگاڑتے ہو یا عمل کرتے ہو۔

دُنیائے وہابیت کو فقیر انعامی چیلنج کرتا ہے کہ اگر کوئی وہابی بخاری شریف کی ایک حدیث یا کسی کتب احادیث سے ایک حدیث دکھا دے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہو کہ قبلے کیطرف پاؤں کے تلوے کر لیا کرو یا نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم خود تمام عمر میں ایک دفعہ بھی بیت اللہ کی طرف پاؤں کر کے لیٹے یا بیٹھے ہوں تو ایسے شخص کو

مبلغات یک صد روپیہ نقد انعام

دیا جائے گا ورنہ خدا کا خوف کرو رب کریم جدھر فَثَمَّ تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ فرما رہا ہے ادھر منہ ہی کرو پاؤں نہ کرو پاؤں اور منہ میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ عام رواج کی طرف دیکھو تو بھی ادب کے خلاف ہے بے ادبی کر لی تو کر دیا کہ نیت بے ادبی کی نہیں مجلس میں بیٹھے ہوں تو کسی بزرگ یا مولوی یا باپ کی طرف پاؤں کر کے بیٹھیں یا لیٹیں

marfat.com

تو تم خود سوچو کہ کتنی ناراضگی کرے گا گستاخ کہے گا بیت اللہ تو دور معلوم ہوتا ہے لیکن جب بیت اللہ کی طرف ایماندار متوجہ ہوتا ہے تو رب العزت متوجہ اور سامنے ہوتا ہے۔ تو تم نے بیت اللہ کی طرف پاؤں نہیں کئے بلکہ ذات خداوندی جو اقرب ہے اس کی طرف پاؤں کئے تو تم خداوندی گستاخوں میں لکھے گئے بجائے اس کے کہ تم اللہ تعالےٰ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی رضا کا باعث بنو تم ان کے غضب کا باعث بن گئے تو تمہارا وہابیوں کا فرقہ مغضوب علیہم میں کم نہ رہا اب تم سوچو کہ تم نے صراط مستقیم کی طرف پاؤں کر کے گستاخی کی اور کیلئے اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ کے غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ بن کر جہنم قبول کر لیا اب تم سوچو کہ تم کیسے رہے؟

تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ

وہابی توحید کے یہ دس اصول فقیر نے تمہارے سامنے رکھ دیئے ہیں اب فیصلہ تم پر ہے کہ وہابی فرقہ اپنے دعوے کے موافق صحیح اور سچے موحد ہیں یا نہیں اور وہابی فرقہ موحد کہلانے کا حقدار ہے یا نہیں؟ یہ عشرہ کاملہ وہابی کے وہ عقائد و اعمال ہیں جو ان کی اصل کتابوں سے لکھے گئے ہیں جن سے وہابی ایک کا بھی انکار نہیں کر سکتا گر وہاں دے ٹپنے چیلے جان شڑپ یہ ہے فرقہ وہابیہ کی توحید کا نمونہ اب آگے فقیر ان کے اہلحدیث کہلانے کا پول بھی واضح کرتا ہے کہ فرقہ وہابیہ کو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے کتنا تعلق ہے۔

marfat.com

صلی اللہ
علیہ وسلم

غیر مقلدین وہابیوں کا

محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے تعلق

marfat.com

وہابیوں کا عقیدہ (۱۱)

وہابیوں کی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے عداوۃ (۱)

وہابی مذہب میں ذکر اللہ اور درود شریف کا متبرک وقت،

فتوی ثنائیہ ۱/۳۵۶ / ۳۵۷ } س: عورتیں حیض اور نفاس کے دنوں میں ذکر اذکار تسبیح یا درود شریف پڑھ سکتی ہیں یا نہیں۔

ج: حائضہ عورت پر روزہ کی قضا لازم ہے نماز معاف ہے اور درود وغیرہ سے منع کی کوئی قوی دلیل نہیں ذکر اور درود پڑھ سکتی ہے ۲۸ ذی الحجہ ۳۱ھ

محمد عمر: مسلمانو بتاؤ جس ذکر کو اللہ تعالےٰ پاک اور اس کے فرشتے پاک پڑھیں اور تم پلید پڑھو۔

کیا تم پلید مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھو تو تمہارا عمل سنت اللہ ہے یا سنت ملائکہ ہے یا سنت وہابیہ ہے؟

وہابی فرقہ عملاً و قولاً گستاخی میں مشہور ہے جیسا کہ مسلمان کو اس تحریر سے ثابت ہو گیا۔

تمہارے وہابی مذہب میں شب برات با برکت رات اور برکت وقت میں پاک آدمی ہو یا عورت ذکر اللہ اور درود شریف نہیں پڑھ سکتی لیکن بصورت حیض پڑھ لے تو مضائقہ نہیں۔ اب تم فیصلہ کر لو کہ تمہارا مذہب وہابی خداوند کریم اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا کتنا وقار سمجھتا ہے اور نجاست کو کتنا؟ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر سابقین سے اللہ تعالےٰ اس کے بعد اس کے فرشتے اب تم فیصلہ کر لو کہ معاذ اللہ وہ پلید

marfat.com

وجود سے پڑھتے ہیں یا پاک وہ تو ہر نجاست سے پاک ہیں جس سے ثابت ہوا کہ درود شریف پڑھنا پاکیزہ وجودوں کا فعل ہے پلید اس کر نہیں پڑھ سکتا تمہارے وہابی مذہب کی کتب سے صاف واضح ہو گیا ہے کہ وہابی فرقہ اللہ تعالےٰ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے منکرین اور گستاخ ہیں اور مسلمانوں کو دھوکہ دینے کے لئے ظاہراً صالحیت کی تصویر بنا رکھی ہے اور اعلان توحید و سنت محض دھوکہ بازی ہے۔ ابلیس وجوداً "حقیقۃً" ظاہراً و باطناً بالذات پلید ہے اس لئے وہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھتا ہی نہیں۔ اب تم سوچو کہ تم فرقہ وہابیہ اللہ تعالےٰ اور اس کے ملائکہ اور مومنین کے دھڑے میں شامل ہو یا ابلیسی زمرے میں؟۔

وہابی عقیدہ (۱۲)

عداوۃ (۲)

وہابیوں کے نزدیک محمد رسول اللہ کا وظیفہ لا الہ الا اللہ میں شامل نہیں

فتوی نذیریہ ۱/۴۴۹ } سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ وظیفہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا جائز ہے یا نہیں بینوا توجروا

الجواب: وظیفہ مجموعہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا ثابت نہیں ہے وظیفہ کے واسطے صرف لا الہ الا اللہ ہے واللہ تعالےٰ اعلم حررہ: السید ابوالحسن عفی عنہ (سید نذیر حسین)

ھوالموفق بیشک ذکر اور وظیفہ کے لئے صرف لا الہ الا اللہ ہے اور ذکر لا الہ الا اللہ کے ساتھ محمد رسول اللہ کا انضمام کسی روایت سے ثابت نہیں فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے افضل الذکر لا الہ الا اللہ افضل الدعاء الحمد للہ الحمد للہ

marfat.com

رواہ الترمذی وابن ماجہ یعنی افضل ذکر لا الہ الا اللہ ہے اور افضل دعا الحمد للہ ہے۔

"محمد عمر:"۔ اس عبارۃ مذکورہ سے نام کے اہلحدیث کہلانے والوں کا پول کھل گیا کہ ان کا دعویٰ سچا ہے یا جھوٹا جو فرقہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے ذکر کو وظیفہ نہ سمجھے اس جیسا بدقسمت کون ہو سکتا ہے قرآن کریم پڑھ کر دیکھو۔

محمد رسول اللہ صلی علیہ وسلم کا وظیفہ اللہ تعالےٰ خود پڑھتا ہے

الاحزاب ۲۲/ { اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ۔

بے شک اللہ تعالےٰ اور اس کے فرشتے محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھتے ہی رہتے ہیں

بتاؤ وہابیو! کیا یہ وظیفہ ہے یا نہیں؟ وظیفہ وہی ہے جو متواتر پڑھا جائے اللہ تعالےٰ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا وظیفہ ہر وقت پڑھتا رہتا ہے کیا تمہیں خداوند کریم سے بھی عناد ہے کہ جس کے ذکر کو وہ اپنا وظیفہ بنائے تم اس سے باز رہتے ہو۔

اللہ تعالےٰ جل شانہٗ نے تمام مسلمانوں کو محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا وظیفہ پڑھنے کا ارشاد فرمایا

الاحزاب ۲۲/ { یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ۝ اے ایمان والو تم بھی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com

پر درود شریف پڑھو اور سلام بھی پڑھو حق سلام پڑھنے کا۔

کیوں جی! اب تو اللہ تعالےٰ نے ایمان والوں کو بھی محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے وظیفے پڑھنے کا حکم جاری فرما دیا۔ لیکن اللہ تعالےٰ نے یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی شرط لگا کر بتا دیا کہ ہر شخص محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وظیفہ پڑھتا ہے وہ اٰمَنُوْا میں شامل نہ ہو۔

چونکہ تم نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے اسم پاک کو پڑھنا پسند نہیں کرتے اللہ تعالےٰ نے تمہیں ایمانداروں کی جماعت سے ہی خارج کر رکھا ہے۔

وہابی عقیدہ (۱۳)

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے وہابیوں کی عداوۃ (۳)

محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی تعریف کے اشعار پڑھنا وہابی مذہب میں حرام ہے

فتوی شنادیہ ۱/۹۹ } سوال (۸۷) فی زمانہ جو ایک رواج عام مسلمانوں میں ترقی کر رہا ہے۔ باقاعدہ مجلس میں مغزلیات آپ کی ولادت میں باآواز بلند پڑھی جاتی ہیں بعد ازاں شیرینی بھی تقسیم کی جاتی ہے آیا اس کا شریعت محمدیہ میں ہمیں پتہ چلتا ہے یا نہیں؟ اور لوگ اس کو کار خیر سمجھ کر رونق دیتے ہیں یہ فعل سنت ہے یا بدعت ہے؟ (مسائل عبدالحکیم از بجنور)

جواب (۸۷) شریعت محمدیہ میں فی زمانہ بہیئت کذائیہ جو مجالس میلاد منعقد کی جاتی ہیں ان کا ثبوت شریعت محمدیہ میں قطعاً مفقود اور لاپتہ ہے بلکہ ایسی مجلسیں شریعت محمدیہ میں مرسوم بمجالس شرکیہ و بدعیہ ہیں اور ایسی مجلسوں میں اشعار و

marfat.com

غزلیات وغیرہ پڑھنا اور سننا دونو حرام ہیں۔

"محمل عمر" وہابیو! بتاؤ کیا نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم حسان بن ثابت رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو منبر پر بٹھا کر دشمنان رسالت صلے اللہ علیہ وسلم کی ہجو اور اپنی تعریف اشعار میں نہ سنتے تھے؟

اہلحدیث کا نام رکھا حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر ڈاکہ ڈالنے والو فقیر بخاری شریف سے عرض کرتا ہے۔

(۱) بخاری شریف ۱/۴۵۶ { حدثنا علی بن عبد اللہ ثنا سفیان ثنا الزھری عن سعید ابن المسیب قال مَرَّ عُمَرُ فِی الْمَسْجِدِ وَحَسَّانُ یُنْشِدُ فَقَالَ کُنْتُ اُنْشِدُ فِیْہِ وَ فِیْہِ مَنْ ھُوَ خَیْرٌ مِنْکَ ثُمَّ الْتَفَتَ اِلٰی اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ فَقَالَ اَنْشُدُکَ بِاللّٰہِ اَسَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ اَجِبْ عَنِّیْ اَللّٰھُمَّ اَیِّدْہُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ قَالَ نَعَمْ۔

سعید بن مسیب رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ مسجد سے گزرے اور حضرت حسانؓ اشعار پڑھ رہے تھے۔ حسان رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے کہا کہ میں مسجد میں اشعار پڑھا کرتا تھا اور اس میں تم سے بہتر موجود ہوتے تھے (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے فرمایا کہ تمہیں خدا کی قسم صحیح صحیح بتاؤ کہ تو نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ فرماتے تھے کہ اے حسان تو میری طرف سے جواب دے اور دعا بھی

marfat.com

فرمائی کہ اے اللہ جبرئیل علیہ السلام سے اس کی مدد فرما ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جواب دیا کہ ہاں بالکل سچ ہے۔

اس حدیث شریف سے ثابت ہوا کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بھی حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے شان میں مسجد میں اشعار پڑھے جاتے تھے اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے زمانہ میں بھی مسجد میں شان رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم کے شان میں اشعار پڑھتے رہے۔ مسجد میں شان رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم میں اشعار پڑھنا سنت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور سنت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین ثابت ہوئے۔

وہابی فرقہ جو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے تعریفی اشعار پڑھنے کو حرام کہتا ہے اپنے وہابیوں کے اکابرین اور وہابی علماء کے اشعار پڑھنا فخر اور وہابی اسلام سمجھتا ہے ثابت ہوا کہ یہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے اوصافی اشعار پڑھ کر رحمت کے فرشتے کا خواہشمند نہیں بلکہ وہابی جہنمی ملائکہ والشر رحمت غرقابی کی معیت کو پسند کرتا ہے اسی لئے اللہ تعالیٰ اور اس کے رحمت والے فرشتوں سے متنفر ہے اسی لئے آپ کے وظیفہ سے گریز کرتا ہے۔

اور اپنے مولویوں کی تعریف کے اشعار اپنے ہر رسالوں میں شائع کرتے ہیں۔ مختصراً سنئے مولوی ثناء اللہ صاحب وہابی کے شان میں لکھا گیا ہے۔ (مسلک اہلحدیث کا ترجمان داعی)

الاعتصام

جمعۃ المبارک ۲۰ ربیع الاول ۱۳۷۷ھ ہجری مطابق ۲۵ اکتوبر ۱۹۵۷ء
مولوی ثناء اللہ امرتسری۔

marfat.com

پروفیسر خالد یزدانی ایم اے

علم دین کے گلزار تھے نثار اللہ
ادب کے قلزم ذخار تھے نثار اللہ

کوئی بھی مذہبی نکتہ کب ان سے نہاں تھا
مثال دیدۂ بینا رہے نثار اللہ

ہر ایک معرکہ میں جبل استقامت تھے
وطن کے غازی جرار تھے نثار اللہ

وہابیو! اب بتاؤ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے شان میں اشعار پڑھنے وہابی مذہب میں حرام اور شمولیت مجلس حرام لیکن منحرف قرآن مبدل دین حقہ کے سرغنہ کے شان میں اشعار بنانا لکھنا پڑھنا اور مجالس میں سنانا ثواب تو یہ وہابی مذہب کو ہی زیبا ہے۔

(۲) البدایۃ والنہایۃ ۲/۲۵۸ } قَالَ خُزَیم بن اوس هَاجَرْتُ إِلَى رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم فَقَدِمْتُ عَلَيْهِ مُنْصَرِفًا مِنْ تَبُوكَ فَاَسْلَمْتُ فَسَمِعْتُ الْعَبَّاسَ بن عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللهِ إِنِّيْ أُرِيْدُ اَنْ اَمْتَدِحَكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم قُلْ لَا يَفْضُضِ اللهُ فَاكَ فَاَنْشَاَ يَقُوْلُ ۔

marfat.com

مِنْ قَبْلِهَا طِبْتَ فِي الظِّلَالِ وَفِي مُسْتَوْدَعٍ حَيْثُ يُخْصَفُ الْوَرَقُ
ثُمَّ هَبَطْتَ الْبِلَادَ لَا بَشَرٌ أَنْتَ وَلَا مُضْغَةٌ وَلَا عَلَقُ
بَلْ نُطْفَةٌ تَرْكَبُ السَّفِينَ وَقَدْ أَلْجَمَ نَسْرًا وَأَهْلَهُ الْغَرَقُ
تُنْقَلُ مِنْ صُلْبٍ إِلَى رَحِمٍ إِذَا مَضَى عَالَمٌ بَدَا طَبَقُ
حَتَّى احْتَوَى بَيْتُكَ الْمُهَيْمِنُ مِنْ خِنْدَفَ عُلْيَا تَحْتَهَا النُّطَقُ
وَأَنْتَ لَمَّا وُلِدْتَ أَشْرَقَتِ الْـ أَرْضُ وَضَاءَتْ بِنُورِكَ الْأُفُقُ
فَنَحْنُ فِي ذَالِكَ الضِّيَاءِ وَفِي النُّـ ـوْرِ وَسُبْلَ الرَّشَادِ نَخْتَرِقُ

خزیم بن اوس رضی اللہ تعالیٰ نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہجرۃ کی اور غزوۂ تبوک سے واپسی پر میں خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے اسلام قبول کیا عباس بن عبد المطلب سے میں نے سنا فرماتے تھے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرا ارادہ ہے کہ میں آپ کی تعریف کروں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ اللہ تعالیٰ تیرا منہ کبھی بند نہ کرے گا حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اشعار پڑھنے شروع کر دیے۔

یہ نعت حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے روبرو پڑھی پھر آپ نے دعا بھی فرمائی۔ اس حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے آپ کی نعت پڑھنی سنت ثابت ہوئی اور یہ بھی ثابت ہوا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اپنے نعت خواں سے خوش ہوتے ہیں اور دعائیں دیتے ہیں معلوم ہوتا ہے کہ تمہارا اہلحدیث نام کہلانا محض بناوٹ ہے اور مسلمانوں کو دھوکہ دینا ہے ورنہ حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سنتے ہی تمہارا عمل اور عقیدہ صحیح ہو جانا چاہیئے۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی عیب جوئی میں تم وہابی فرقہ ہندو سکھ عیسائی اور

marfat.com

یہودی سے سنت لے گئے ہو اور جب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا کوئی امتی مسلمان تعریف کرے تم اس کو حرام کہتے ہو حالانکہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا شان بیان کرنا قرآن کریم سے ثابت ہے حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین تابعین تبع تابعین اور تمام سلف صالحین کا معمول ہے البتہ ابلیس اس عمل سے محروم ہے اب تم سوچو کہ تم کس زمرے میں شامل ہو؟

(۳) الخصائص الکبریٰ ۱/۱۹۰ } کاخرج البیھقی عن عائشۃ قالت لما قدم النبی صلی اللہ علیہ وسلم المدینۃ جعل النساء والصبیان یقلن = حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم جب مدینہ طیبہ تشریف لائے عورتوں اور بچوں نے یہ نعت خوانی کی۔

طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَيْنَا مِنْ ثَنِيَّاتِ الْوَدَاعِ
وَجَبَ الشُّكْرُ عَلَيْنَا مَا دَعَا لِلّٰهِ دَاعٍ

اے فرقہ وہابیہ اگر تم واقعی سچے اہلحدیث ہو تو حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے موافق مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی نعت خوانی کو سنت سمجھو اور خود نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی نعت خوانی کے اشعار پڑھ کر سنت پر عمل کرو اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی نعت خوانی کرنے والوں کو برا نہ سمجھو اور نہ ہی برا کہو اگر اس کے منہ سے کوئی غلط لفظ نکلے جو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے حق میں گستاخی ہو تو اسے محبت کے لہجے میں سمجھانے کی کوشش کرو وہابی فرقہ کی تقلید ترک کرو حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنی زندگی کا عمل اول بناؤ۔

marfat.com

وہابیوں کا عقیدہ (۱۴)

وہابی عداوت (۴)

وہابی مذہب میں مجلس میلاد شریف کا انعقاد شرک ہے،

فتوی ستاریہ ۱/۶۴ سوال (۱) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ ہیئت مروجہ کے ساتھ مجلس میلاد کا انعقاد از کتاب وسنت جائز ہے یا نہیں اور اس قسم کے فعل کی کوئی دلیل قرون ثلثہ مشہود لہا بالخیر از منہ ائمہ اربعہ رضوان اللہ علیہم اجمعین میں مل سکتی ہے یا نہیں اگر قرون ثلثہ میں میلاد مروجہ کا وجود نہ مل سکے تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات کے کتنے دنوں بعد یہ فعل دنیائے اسلام میں رائج ومروج ہوا ہے؟

(المستفتی مولوی محمد عبدالمعبود صاحب از دیناج پور)

جواب (۱) ہیئت مروجہ کے ساتھ مجلس میلاد کا انعقاد از روئے کتاب وسنت قطعاً حرام اور بدعت بلکہ داخل فی الشرک ہے کیونکہ اس کا ثبوت نہ تو خود رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ کسی صحابی سے نہ کسی تابعی سے غرض قرون ثلثہ میں اس کا وجود بالکل مفقود ہے نہ از منہ ائمہ اربعہ میں اس کا پتہ لگتا ہے بلکہ ساتویں صدی میں یہ بدعت بجانب خود ایجاد کی گئی ہے۔

محمد عمر:۔ کیوں جی وہابیو قرآن مجید کتاب خداوندی کا نام کیوں نہیں لیا تمہاری زبانی ثابت ہوا کہ میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم کا ذکر خیر انفرادی یا اجتماعی طور پر کرنا قرآن کریم سے ثابت ہے سنت اللہ ہے اور جو مسلمان کہلا کر سنت اللہ کا منکر

marfat.com

ہے اور بدعت کا فتوی دیتا ہے وہ موحد کہلانے کا حقدار نہیں۔ ملاحظہ ہو فقیر کی کتاب مقیاس میلاد شریف جو قرآن شریف احادیث صحیحہ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین، تابعین، تبع تابعین اور ائمہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے معمولات سے میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم کا بیان کرنا مستحسن ثابت کیا ہے۔ وہابیوں کا میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم کے دن منانے کی اس لئے مخالفت ہے کہ رب العزت نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی ولادۃ باسعادۃ کے دن سے ابلیس کی پرواز آسمانوں کی طرف سے بند کر دی ہے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے قبل شیاطین کی ترسیل آسمانوں کی طرف جاری تھی۔ جب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی ولادۃ ۱۲ ربیع الاول شریف میں ہوئی۔ تو اللہ تعالےٰ نے شیاطین کی پرواز آسمانوں کی طرف سے بند کر دی جیسا کہ ارشاد الٰہی ہے۔

وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ وَجَعَلْنَاهَا رُجُومًا لِّلشَّيَاطِينِ وَاعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيرِ ۝

اور ہم نے آسمان دنیا کو ستاروں سے مزین کیا اور ستاروں کو شیاطین کے لئے مار مقرر کر دی اور ان کے لئے دوزخ کا عذاب تیار کیا ہے۔

ستاروں کو یہ حکم خداوندی کہ شیاطین آسمانوں کی طرف بڑھیں تو تم ان پر ٹوٹ پڑو اور بھگا دو اس حکم خداوندی کا اجرا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی ولادۃ کے دن سے شروع ہوا تو یہ فرقہ وہابیہ ہر ۱۲ ربیع الاول شریف کو سوگ مناتے ہیں کہ ہمارے بڑے کو اس دن سے کیوں روکا گیا اور پھر جیسا کہ ستارے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے سایہ

marfat.com

آسمانوں کے لئے زینت کا سامان بھی ہیں اور شیاطین کو مارنے کا فائدہ بھی دیتے ہیں ایسے ہی ہم بھی سنت اللہ پر عمل کرتے ہوئے میلاد شریف کے دن بجلی کے بلبوں اور ٹیوبوں سے جلسوں کو سجاتے ہیں تو وہ بھی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی یوم ولادۃ کی خوشی میں زیبائش کا ثواب بھی پاتے ہیں اور قرن شیطان یعنی فرقہ وہابیہ کو مار کا فائدہ بھی دیتے ہیں تو حقیقۃً فرقہ وہابیہ کو مجالس میلاد شریف مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے انعقاد سے شرک اسی سے پٹتا ہے کہ ہمارے اکابرین کو آسمان کی طرف بڑھنے سے روکنے کا دن ہے۔ تو یہ ان کے فطری انس کے تعلق کا سبب ہے جس مجبوری کی بنا پر یہ بیچارے شرک کہتے ہیں ورنہ شرک تو وہ ہوتا ہے کہ جو کام خداوند کریم کے لئے کرنا تھا۔ وہ مخلوق کے لئے کیا جائے تو ذات خداوندی کی طرف میلاد شریف کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا جو انتظام مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے کیا جاتا ہے۔ اللہ تعالےٰ کے لئے نہیں کیونکہ ولادۃ محال ہے۔ یوم ولادۃ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم میں قرآن مجید و احادیث صحیحہ کے موافق عمل کیا جاتا ہے اور انشاء اللہ ہوتا رہیگا۔ وہابی عقیدہ (۱۶)

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے وہابی عداوۃ (۵)

فتاویٰ ستاریہ ۳/۷ } اور درود جو آج کل مخترعین نے اپنی طرف سے بنائے ہیں۔ مثل درود تاج اور درود لکھی وغیرہ یہ سب خلاف شرع اور حدیث کی رو سے بدعت ہیں ان سے بچنا ضروری ہے۔

"محمد عمر" وہابی مذہب میں محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر احترام و ادب کے ساتھ

marfat.com

درود شریف پڑھنے بدعت ہیں لیکن نجدی پر سلام پڑھنا یہ سنت وہابیہ ہے بدعت نہیں

تحفہ وہابیہ مولوی اسمٰعیل غزنوی ص۱ | سَلَامٌ عَلٰی نَجْدٍ وَ مَنْ حَلَّ بِالنَّجْدِ سلام ہو نجد پر اور نجد کے رہنے والوں پر۔

کیوں فرقہ وہابیہ مہربانی کرکے ذرا یہ بھی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے الفاظ کسی حدیث سے دکھا دو یا فقیر اس کے خلاف دکھاتا ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ تم فرقہ وہابیہ نجدیہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی مخالف پارٹی ہو آپ کی مخالفت میں تمہیں کوئی چیز پسند نہیں۔

او اہلحدیث کہلانے کے مدعیو تم وہابیوں نے تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے نجدیوں کو مقدم سمجھا ہے اور نجد کو گنبد خضرا سے زیادہ شان والا سمجھا ہے۔ اور ذکر مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے نجد اور نجدیوں کے سلاطین کا ذکر وہابی کا عین ایمان ہے فدا یہ تو فرمایئے کہ نجدی پر سلام سنت واجب اور فرض ہے؟ یا یہ تمہاری ایجاد وہابیہ ہے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر درود شریف ہزاروں طرق سے مذکور ہے اور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے جب بھی سوال کیا گیا تو آپ نے علیحدہ فرمایا جس سے ثابت ہوا کہ درود شریف جس زبان میں جس طریقے سے پڑھا جائے صحیح ہے بشرطیکہ گستاخانہ الفاظ نہ ہوں مودبانہ الفاظ میں ہم ہر طرح درود شریف پڑھ سکتے ہیں کیونکہ حکم خداوندی صَلُّوْا عَلَیْہِ عام ہے اگر اس کی زیادہ وضاحت مطلوب ہو تو فقیر کی کتاب مقیاس میلاد کا مطالعہ فرمائیں انشاء اللہ ایمان دل کی تسلی ہو جائے گی۔ فقط

marfat.com

وہابی عقیدہ (۱۷)

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے وہابیوں کی عداوۃ (۶)

وہابی مذہب میں گنبد خضرا اور اولیاء اللہ کی زیارت گاہیں شرک و الحاد کا سبب ہیں،

(۱) فتح المجید عبدالرحمٰن بن حسن وہابی ۲۰۸

فَاِنَّ هٰذِهِ الْقِبَابَ وَالْمَشَاهِدَ الَّتِیْ صَارَتْ اَعْظَمَ ذَرِیْعَةٍ اِلَی الشِّرْكِ وَالْاِلْحَادِ وَاَكْبَرَ وَسِیْلَةٍ اِلٰی هَدْمِ الْاِسْلَامِ وَخَرَابِ بُنْیَانِهٖ غَالِبٌ۔

پھر یقیناً یہ تمام قبے اور زیارت گاہیں جو شرک اور الحاد کا بہت بڑا ذریعہ بن چکی ہیں اور اسلام کے مٹانے اور اس کی بنیادوں کو کھوکھلا کرنے کی بہت بڑا وسیلہ ہیں

"محمد عمر":- وہابیو! اب تم ہی بتاؤ اگر تمہارے مذہب میں کوئی ایک سمجھدار انسان ہے کہ ہمارے مزارات اولیاء اللہ پر خصوصاً گنبد خضرا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس کیا ہزاروں کی تعداد میں قرآن شریف نہیں پڑھتے؟ اور پڑھ پڑھ کر صاحب قبر کو ثواب پہنچایا جاتا ہے کیا گنبد خضرا محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے دربار شریف میں ہر وقت صلوۃ وسلام اور قرآن شریف نہیں پڑھا جاتا؟ اللہ تعالےٰ اور اس کے ملائکہ کا درود شریف گنبد خضرا پر نازل ہوتا ہے۔ یا گنبد خضرا کو دیکھ کر واپس ہو جاتا ہے۔

کیا دربار رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم میں ہزاروں اقطاب، ابدال، اوتاد اور اولیاء اللہ حضری نہیں دیتے؟ جس سے تم محروم ہو اور اللہ تعالےٰ تمہیں محرومیت

marfat.com

کی توفیق ہی نہیں دیتا بلکہ تمہارے دلوں میں ابلیس ڈالتا ہے کہ تم وہاں جانا حرام سمجھو اور اللہ تعالےٰ ابھی تم سے مصطفےٰ صلے علیہ وسلم کے عناد کی وجہ سے ناراض ہے۔ وہ بھی تمہیں ادھر جانے کی توفیق نہیں دیتا۔ تمہاری کوٹھیاں بہترین سے بہترین تمہارا فتویٰ ان پر نہیں چلتا تمہیں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے گنبد خضرا سے حسد ہے تمہاری مسجدیں لاکھوں روپے سے بنتی ہیں کیا یہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے؟ کیوں نہیں تم کھجور کے چھپر میں سنت کے مطابق نماز ادا کرتے اور ان لاکھوں روپے کی لاگت والی مساجد میں نمازیں پڑھنا حرام کہدیتے اور گرانے کا فتویٰ دیتے اگر تمہاری غیر شرعی مساجد میں تمہاری نمازیں ہو سکتی ہیں تو ہمارا اللہ تعالےٰ ملائکہ کا درود شریف گنبد خضرا کو دیکھ کر واپس نہیں لوٹ سکتا۔

"وہابی": مولوی صاحب وہاں قبروں کو سجدے نہیں ہوتے؟

"محمد عمر": وہابی صاحب انصاف تو تمہارے پاس ہے ہی نہیں تم بتاؤ کہ ہمارے مذہب میں ایک فتویٰ دکھاؤ کہ کسی عالم یا بزرگ نے لکھا ہو کہ قبر کو سجدہ کرنا جائز ہے۔ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْ اُعِدَّتْ لِلْکَافِرِیْنَ۔

دوسرا جواب" ہماری مسجدوں میں محراب کے آگے کوئی قبر دکھاؤ۔

تیسرا جواب: تمہاری مسجدوں سے ہمارے مقامات مقدسہ پاک ہیں کیونکہ وہاں پانی بھی پاک ملتا ہے تمہارے ہاں پلید ہمارے مقامات مقدسہ میں منی سے لبریز کپڑوں والا نہیں جا سکتا تمہاری مسجدوں میں منی کے لبریز کپڑے لے کر جاتے ہیں۔ اور جائز چوتھا جواب: بعض کے جرم کرنے سے تمام کو منع نہیں کیا جاتا جیسا کہ تمہاری مساجد سے کئی تمہارے وہابی جوتے کپڑے اور کئی دوسری اشیاء چوری کر کے لے جاتے ہیں کیا

marfat.com

تم نے کبھی فتوی دیا کہ مسجدوں میں داخلہ بند ہے کیونکہ جوتے چوری ہوتے ہیں۔ استنجا خانوں میں ملتی کر جاتے ہیں مسجدوں کے حجروں میں جو کچھ تمہارے ملاں کرتے ہیں جن کا تحریری ثبوت فقیر کے پاس موجود ہے تم نے کبھی مسجدوں میں جانا ترک کیا ایسے ملاؤں کو کبھی تم نے اقتدا ترک کی۔

اب بھی کہدو وہابیو! آمنہ

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے ستر اصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین کو وہابیوں نے شہید کر دیا بعد از وصال وہاں جانے کو شرک کہتے ہیں۔ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو معاذ اللہ مٹی برابر سمجھتے ہیں۔ عبادت سے قاصر ہیں مسجدوں کو چڑیا گھر بنایا ہوا ہے پھر بھی مدعی ہیں کہ صرف ہم اسلام میں موحد ہیں باقی سب مشرک ہیں۔

فقیر دنیا وہابیت کو چیلنج کرتا ہے کہ ایک آیت یا ایک حدیث محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی دکھا دو کہ آپ نے فرمایا ہو کہ میری قبر کو بھی زمین کے برابر کر دینا یا اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دفن کیا تو اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کے حجرہ شریف کو گرا دیا ہو کہ کل کو جو گرائے گا وہ موحد کہلائے گا ہم ہی کیوں نہ موحد کہلائیں یا اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر بھی شرک کا فتوی جڑ دو کسی امام یا صحاح کے محدثین نے گنبد خضرا کے گرانے کا فتوی دیا ہو یا گروایا ہو تم مسلمانوں کی بنی جائز سمجھتے ہو جیسا کہ گزر چکا ہے ہم قبر کو سجدہ

او وہابیو! دشمنان محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم حشر میں تمہارا کیا حال ہوگا اور قبر میں حشرات الارض تم سے کیوں نہ بدلے لیتے ہونگے اور لیں گے اسی لیے تم بجو کو وہابی تحفہ سمجھ کر کھاتے ہو کیونکہ بجو تم سے ضرور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے بدلے لیتا

marfat.com

ہو گا۔

تمہارا یہ فتویٰ تمہاری مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے عداوۃ کی بین دلیل ہے اس سے زیادہ کیا عداوۃ ہو سکتی ہے کہ کفار مکہ نے آپ کے مکان میلاد کو نہ گرانے کا فتویٰ دیا نہ گرایا نہ ہی مشورہ کیا تم ان سے بھی سے گئے گزرے جنہوں نے خداوند کریم کے دارالحکومت عالمین اور مرکزی دارالایمان کو شرک و الحاد کا مرکز کہا اور اس کا گرانا فرض سمجھا یار تمہیں اتنی تکلیف کرنے کی کیا ضرورت ہے جب تمہارے نزدیک گنبد خضرا شرک و الحاد کا وسیلہ ہے تو تم سیدھے عرش پر پہنچنے کی کوشش کرو اور مندروں اور گرجوں میں پناہ لے لو۔ کیونکہ تم شرک میں پھنستے ہو مسلمان اپنے نبی علیہ السلام کے پاس جاتے ہیں تو جانے دو۔

وہابی عقیدہ (۱۸)

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے وہابی عداوۃ (۷)

وہابیہ کو بیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سخت عناد ہے

(۱) تطہیر الاعتقاد محمد بن اسمٰعیل امینی ۲۶

(فَاِنْ قُلْتَ، هٰذَا قَبْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَدْ عُمِرَتْ عَلَيْهِ قُبَّةٌ عَظِيْمَةٌ اُنْفِقَتْ فِيْهَا الْاَمْوَالُ (قُلْتُ) هٰذَا جَهْلٌ عَظِيْمٌ بِحَقِيْقَةِ الْحَالِ

اگر تو سوال کرے کہ یہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر پر جو ایک بہت بڑا قبہ تعمیر کیا گیا ہے اور اس پر بہت مال خرچ کیا گیا ہے یہ شرعاً

marfat.com

کیسا ہے،

میں (محمد بن اسمٰعیل امیر یمنی وہابی، جواب دیتا ہوں کہ یہ حقیقۃً بہت بڑی جہالت ہے۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا گنبد خضرا وہابیوں کے مذہب میں بت ہے

(۳) تحفہ وہابیہ مولوی اسمٰعیل غزنوی ۵۹ } آج کل صالحین کی قبور پر جو گنبد اور قبے بنائے گئے ہیں وہ بھی بطور ایک بت کے ہیں۔

وہابی مذہب میں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف بھی بت ہے

(۴) کتاب التوحید محمد بن عبد الوہاب ۱۰ } نَعُدُّ مَا تُقَرَّبَ بِهٖ اِلَى اللّٰهِ مِنْ نَّارٍ اَوْ كَوْكَبٍ اَوْ قَبْرِ صَالِحٍ اَوْ غَيْرِ صَالِحٍ وَغَيْرِ ذَالِكَ فَهُوَ صَنَمٌ۔ ہر وہ چیز جس سے اللہ کا قرب حاصل ہو آگ ہو یا ستارہ یا کسی بزرگ کی قبر ہو (نبی ہو ولی)، یا بزرگ نہ بھی ہو اور اس کے علاوہ تو وہ بت ہے۔

پھر وہابی کا نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم پر بت کا فتویٰ لگا کر بھی جی نہیں بھرا آخر مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور اولیاء اللہ کے گنبد خضرا اور دیگر گنبدوں کو گرانے کا فتویٰ دے دیا۔

وہابی مذہب میں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے روضۂ اطہر کو گرانا واجب ہے

(۵) عرف الجادی ۶۰ } واز بنا بر قبر نبی آمدہ پس بر ہر چہ مرفوع یا مشرف بودن قبر نفتہ راست آید از منکرات شریعت باشد و انکار بران

marfat.com

وبرابر ساختنش بخاک واجبست برمسلمین بدون فرق در آنکہ گور پیغمبر باشد یا غیر او

قبر پہ دیوار بنانا منع ہے تو جو قبر اونچی یا بلند ہو منکرات شریعت سے ہے اس کا انکار کرنا اور زمین کے ساتھ برابر کرنا مسلمانوں پہ واجب ہے پیغمبر کی قبر ہو یا کسی اور کی۔

محمد عمر: وہابیو! بتاؤ کیا تم نے اپنے آباو اجداد کی قبروں کو بھی گرا کر زمین کے برابر کیا ہے تمہارے بڑوں کی قبریں سلامت رہیں۔ اور ہماری اور ہمارے محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبروں کو گرا کر زمین کے برابر کرتے ہو۔ فقیر اب قبوں کا ثبوت حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے پیش کرتا ہے سنیئے۔

اللہ تعالےٰ کے بندوں کی رہائش گاہ پر گنبد تعمیر کرنا قرآن کریم میں

الکہف ۱۵/۳ } فَقَالُوا ابْنُوا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا۔

انہوں نے کہا کہ اصحاب کہف کی رہائش گاہ پر عمارت تعمیر کردو۔

اصحاب کہف جو سابقہ امتوں کے اولیاء اللہ سے ہیں اللہ تعالےٰ ان کو پہاڑ کی غار میں وفات دی ہے ایک دفعہ وہ بیدار ہوئے اور ان کا ایک ولی اللہ کھانا لینے کے لئے شہر میں گیا تو مسلمان لوگ محب اولیاء اللہ تھے وہ ان کی زیارۃ کو ان کے پیچھے ہو لئے تو اللہ تعالےٰ نے پھر ان کو غار میں پردہ پوش کر دیا تو ان مسلمانوں کی بات کو اللہ تعالےٰ نے نقل فرمایا انہوں نے کہا کہ ان کی غار پہ جہاں یہ پردہ پوش ہیں ان کے اوپر گنبد تعمیر کردو چنانچہ اللہ تعالےٰ نے ان کے اس گنبد بنانے کا ذکر ان کی عقیدت مندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بیان فرمایا کہ انہوں نے اصحب کہف کی غار کے اوپر گنبد تعمیر کر دیا۔

marfat.com

اگر اللہ کے بندوں کی رہائش گاہ پر تعمیر بقول تمہارے سب سے بڑا شرک کے اسباب سے تھا تو اللہ تعالےٰ نے ان کا کیوں نہ رد فرمایا کہ انہوں نے اصحب کہف کی غار پر عمارت بنا کر شرک کا بڑا سبب تیار کر دیا اللہ تعالےٰ نے ان کا رد نہ کیا بلکہ ان کی ہمت کو سراہا جس سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالےٰ کے بندوں کی آرامگاہ پر عمارت بنانا یہ شرک یا گناہ نہیں بلکہ قرآن کریم سے ثابت ہوا لہٰذا فَقَالُوا ابْنُوا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا اصحب کہف کی آرامگاہ پر بعد میں تعمیر ہوئی اور اللہ تعالےٰ نے اس بعد کی تعمیر کو سراہا برا نہیں کہا ایسے ہی گنبد خضرا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی آرامگاہ پر بعد میں تعمیر ہوا جو از روئے قرآن کریم صحیح ہے اور قابل تعظیم ہے اللہ تعالےٰ نے اصحب کہف کی غار پر بعد کی تعمیر کو گرانے کا ارشاد نہیں فرمایا تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اوپر کی تعمیر گنبد خضرا کی تعمیر صحیح ہے اور اس کو گرانے کا فتویٰ دینے والا دشمن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہے مکذب قرآن کریم ہے بعض نے کہا کہ ہم ان پر مسجد بنائیں گے تو نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے قبور پر مساجد بنانے سے منع فرمادیا تعمیر سے منع نہیں فرمایا بلکہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو عمارت میں دفن کیا۔

تفسیر نسفی ۳/۶ { فَقَالُوا حِيْنَ تَوَفَّى اللّٰهُ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ (ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا) اَىْ عَلٰى بَابِ كَهْفِهِمْ لِئَلَّا يَتَطَرَّقَ اِلَيْهِمُ النَّاسُ ضَنًّا بِسِتْرِ بَيْتِهِمْ وَ مُحَافَظَةً عَلَيْهِمَا كَمَا حُفِظَتْ تُرْبَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالْخَطِيْرَةِ۔

علامہ نسفی نے کہا ہے کہ جب اصحب کہف کو اللہ تعالےٰ نے وفات دی تو

marfat.com

لوگوں نے کہا ان پر یعنی ان کے دروازے کے باہر ان کی غار پر عمارت بنائی جائے تاکہ لوگ بدعقیدگی سے ان کی قبروں پر پاؤں نہ رکھیں اور اس عمارت سے ان کی آرامگاہ کی حفاظت ہو جائے گی۔ جیسا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کی حفاظت گنبد مبارک سے کی گئی ہے۔

حدیث شریف سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں قبے کا موجود ہونا

(۱) مسلم شریف ۱۰/۱۱۷ حدثنا محمد بن عبد اللہ بن نمیر قال نا ابی قال نا مالک وھو ابن معول عن ابی اسحٰق عن عمرو بن میمون عن عبد اللہ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فَاَسْنَدَ ظَهْرَهٗ اِلٰی قُبَّةِ آدَمَ فَقَالَ اَلَا لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ =

حضرت عبد اللہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت آدم علیہ السلام کے قبے سے ٹیک لگا کر ہمیں خطاب فرمایا پھر فرمایا کہ جنت میں سوائے مسلمان آدمی کے کوئی شخص داخل نہیں ہوگا۔

"محمل عمر" مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث شریف سے ثابت ہوا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں حضرت آدم علیہ السلام کا قبہ موجود تھا جس کو آپ نے گروایا نہیں بلکہ اس سے ٹیک لگا کر وعظ فرمایا کہ جنت میں سوائے مسلمان کے کوئی نفس داخل نہ ہوگا اب تم بتاؤ کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت آدم علیہ السلام کے قبے سے ٹیک لگائی تم مسلمان ہوئے یا نہ؟ اور تم بتاؤ کہ نبی اللہ کا قبہ

marfat.com

اسلامی مرکز ثابت ہوا یا نہ ؟ انبیاء علیہم السلام کے قبے تو اسلامی شعار ہیں تم نے یا ہندوؤں کے مندروں کے قبے دیکھے ہوں گے وہ واقعی کفر کے اسباب ہیں انبیاء علیہم السلام کی قبریں اور قبے تو طوفان نوح علیہ السلام میں بھی نہیں گرے اللہ تعالےٰ ان کی حفاظت فرمائی جو آج تک چلے آرہے ہیں۔

کیونکہ نوح علیہ السلام نے دربار خداوندی میں دعا کی تھی کہ لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكَافِرِينَ دَيَّارًا۔ اے اللہ تمام روئے زمین پر کفار کا ایک مکان بھی نہ رہنے دے۔ اللہ تعالےٰ نے یقیناً ہندوؤں کا ایک مندر نہ چھوڑا اس آیۃ کریمہ سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ اے اللہ مسلمانوں کے مکانات اور قبور بھی گرادے انبیاء علیہم السلام اور مومنین کے مکانات اور قبور کو اللہ تعالےٰ کے عذاب نے چھیڑا ہی نہیں لیکن تم کانگرسی ملاں وہی بدلہ لیتے ہو کہ نوح علیہ السلام نے اللہ تعالےٰ سے بددعا کر کے ہمارے کانگریسیوں کا ایک مکان ایک گھر کوئی مندر نہ چھوڑا تو اس کا بدلہ ہم لیں گے اعلان کر دیا۔

کہ وہابیو! اب تم بھی نبی اللہ یا ولی اللہ کا ایک قبہ نہ رہنے دو گرا کر زمین کے برابر کر دو یہ مسلمانوں نے بت تیار کر رکھے ہیں شرک کا مرکز بنے ہوئے ہیں مسلمانو! اب تم ہی بتاؤ کہ اولیاء اللہ کے قبوں کو جہاں وزارت قرآن پڑھا جاتا ہے اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا گنبد خضرا جو رب العزۃ ملائکہ اور ایمانداروں کے صلوۃ وسلام کا مہبط بنا ہوا ہے۔ کانگرسی ملاں کو بت نظر آتا ہے کیونکہ منکر خداوند کریم اور منکر محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور اولیاء اللہ ہے مسلمانوں کو بدظن کر کے رحمت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے محروم رکھتا ہے لہٰذا وہابی دشمن اسلام ثابت ہوا۔

مفسر نے قرآن کریم سے ثابت کر دیا کہ حضرت نوح علیہ السلام نے دعا فرمائی

marfat.com

لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكَافِرِينَ دَيَّارًا یا اللہ کفار کا ایک مکان بھی زمین پر نہ رہنے دے صرف لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ دَيَّارًا سے تعمیم نہیں فرمائی کہ زمین پر کسی کا مکان بھی نہ رہنے دے ہم مسلمان پھر بنالیں گے۔ ایسے ہی نوح علیہ السلام کی اس دعا سے یہ بھی ثابت ہوا کہ کافروں کی قبروں کو بھی روئے زمین پر نہ رہنے دے کیونکہ اس سے بھی شرک و الحاد کا خطرہ ہے۔

اس آیۃ کریمہ سے صاف واضح ہے کہ طوفان نوح علیہ السلام میں اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کی دعا قبول فرماتے ہوئے کفار کا ایک مکان ایک قبر نہیں چھوڑی لیکن انبیاء علیہم السلام اور اولیاء اللہ مومنین کے مکانات اور قبور کو اللہ تعالیٰ نے برقرار رکھا جو اس آیۃ سے واضح ہے ورنہ نوح علیہ السلام کی دعا کا الٹ ہو جائیگا تو نوح علیہ السلام کے اس دعا اور عمل کا بدلہ اب وہابی لیتا ہے کہ نوح علیہ السلام نے ہمارے اکابرین کے ایک مکان کو باقی نہیں رہنے دیا سب کی صفائی نہیں کرائی اب ہم اپنے وہابیوں کو فتوے دیتے ہیں۔ کہ انبیاء علیہم السلام خصوصاً بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اولیاء اللہ کا ایک مکان باقی نہ رکھا جائے۔ وہابیوں پر سب کو گرا کر زمین کے برابر کرنا واجب ہے لیکن ہندوؤں کے مندروں کے گنبدوں پر یہ فتوی عائد نہیں کیا عیسائیوں کے گرجوں پر یہ فتوی نہیں جڑا سکھوں کے گوردواروں پر یہ فتوی نہیں دیا جس سے ثابت ہوا کہ یہ فرقہ صرف حزب اللہ کا ہی دشمن ہے اور حضرت نوح علیہ السلام کے زمانے کا بدلہ اب لینا چاہتے ہیں کہ نوح علیہ السلام نے ہمارے اکابرین کا خصوصیت سے نام لے کر صفایا کرادیا تو ہم حزب اللہ کا خصوصی نام لے کر ان کے گھروں کی صفائی کردیں گے لہٰذا مسلمانو وہابیوں کے ان عقائد و اعمال کو دیکھ کر بچ جاؤ۔ اور اپنے اکابرین کی عزت و ناموس اور ان کے

marfat.com

متبرکہ مقامات کو برقرار رکھو تو کفر و شرک و الحاد سے بچو گے ورنہ نہیں۔

مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم کے مکان کی ہیئت کذائیہ قبہ تھا

(۲) الطبقات الکبریٰ لابن سعد ۲/۶۷ { وَكَانَ عُبَادُ بْنُ بِشْرٍ عَلٰى حَرَسِ قُبَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَعَ غَيْرِهٖ مِنَ الْاَنْصَارِ يَحْرُسُوْنَهٗ كُلَّ لَيْلَةٍ۔

عباد بن بشر انصار کے ساتھ ہر رات مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم کے قبے کی حفاظت کرتے۔

اس حدیث شریف سے ثابت ہوا کہ بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو حجرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کا تھا اس کی ہیئت کذائیہ قبے کی شکل تھی تو جس شکل پر مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنا گھر تیار فرمایا اسی شکل پر اوپر قبے تعمیر کئے گئے تو یہ قبے کی تعمیر سنت مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم ثابت ہوئی صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جنگوں میں آپ کے تشریف لے جانے کے بعد مدینہ طیبہ میں اس کی نگہبانی کرتے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ کا حجرہ جو بشکل قبہ تھا اسی میں مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم وصال سے پہلے آرام فرماتے تھے اور بعد از وصال بھی اسی قبے میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے آپ کو دفن کیا اور اسی قبے میں اب بھی آپ تشریف فرما ہیں۔ اور غزوات میں بھی جو آپ کے لئے ٹھہرنے کی جگہ بنائی جاتی وہ بھی بشکل قبہ ہی ہوتی تھی۔

اب مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم کی تمام عمر کی رہائش گاہ بعد از وصال آپ کی قیامت تک

marfat.com

کی آرامگاہ متبرک مقام کو جو وہابی فرقہ بت اور شرک و الحاد کا بہت بڑا وسیلہ اور اسلامی بنیاد کو خراب کرنے والا مقام کہتا ہے دنیا میں وہ ابلیس سے بھی زیادہ نبوۃ کا دشمن ہے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی گستاخی میں عیسائی اور ہندو سے بھی سبقت لے گیا ہے افسوس صد افسوس ایسی قوم پر جو محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا کلمہ پڑھ کر مسلمان کہلا کر مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے متعلق ایسا بڑا عقیدہ رکھے تو اس کو مسلمان کہلاتے ہوئے شرم آنی چاہیئے چہ جائیکہ مرجد اور اہلحدیث کہلا کر مسلمانوں کو ایمان سے پھسلائے۔

(۳) ابن خلدون ۲/۶۳ { فَرُفِعَ فِرَاشُهُ الَّذِیْ قُبِضَ عَلَیْهِ حُفِرَ لَهُ تَحْتَهُ =

نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا بستر جس پر آپ کا وصال ہوا اٹھایا گیا اور وہیں اس کے نیچے قبر شریف کھودی گئی۔

ابن خلدون کی اس عبارت سے واضح ہوا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کے حجرے مبارک میں جو مسقف تھا دفن کیا گیا جس ہیئۃ کذائیہ سے ثابت ہوا کہ قبر کے چاروں طرف دیوار ہو اوپر چھت ہو یا گنبد یہ امت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے سنت ہے بدعت نہیں ہے۔

اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو بڑی جرأت ہوئی کہ انہوں نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی آرامگاہ مکان کے اندر تیار کر دی ان کو اتنا ڈر بھی نہ آیا کہ محمد بن عبدالوہاب کے ماننے والے ایسے پیدا ہوں گے جو ہم پر بھی فتویٰ شرک لگائیں گے اور اس بیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو شرک و کفر و الحاد کا بہت بڑا وسیلہ کہیں گے میرے خیال میں وہابیوں کو ہندو مت کے بنارسی قبے توحید کا مرکز نظر آتے

marfat.com

ہوں گے۔اسی لئے مدینہ طیبہ کا نوری قبہ شرک کا بڑا ذریعہ نظر آتا ہے سبحان اللہ رے وہابی تیری توحیدی نظر خداوند کریم مسلمانوں کو تیرے اس علم اور توحید سے محفوظ رکھے۔

آمین ثم آمین

قبر مسقف مکان میں سنت ہے

(۴) مجمع الزوائد ۹/۳۳ فَاسْتَقَامَ رَأْيُهُمْ عَلَى اَنْ يَّدْفِنَ فِيْ بَيْتِهٖ تَحْتَ فِرَاشِهٖ حَيْثُ قُبِضَ رُوْحُهٗ۔

تمام اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی رائے کا اتفاق ہو گیا کہ آپ کے بستر کے نیچے آپ کے مکان میں جہاں آپ کا وصال ہوا ہے دفن کیا جائے۔

محمد عمر: اس حدیث شریف سے ثابت ہوا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف آپ کے مکان شریف میں جو بشکل قبہ یعنی گنبد تھا اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے بنائی اگر قبر کے چوفیر اور اوپر چھت یا گنبد شرک ہوتا یا معاذ اللہ حرام ہوتا تو خلفاء راشدین محققین جن کی اتباع کے متعلق نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علیکم بسنتی وسنت خلفاء الراشدین

ابن ماجہ ۵ وَسَتَرَوْنَ مِنْ بَعْدِيْ اِخْتِلَافًا شَدِيْدًا فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ عَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ وَالْاُمُوْرَ الْمُحْدَثَاتِ فَاِنَّ كُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ۔

marfat.com

نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے بعد تم سخت اختلاف دیکھو گے تو اس وقت تمہارے لئے میری اور میرے ہدایت یافتہ خلفاء راشدین کی سنت تم پر لازمی ہے اس پر ثابت قدمی سے مضبوط رہنا اور نئے نئے کاموں سے اجتناب کرنا کیونکہ وہ گمراہی ہے۔

نام کے اہلحدیث کہلانے والو اپنے فرقے کا نام تو تم نے محدثین والا مقرر کرلیا لیکن سنت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور سنت خلفاء راشدین کو شرک والحاد کا سبب کہتے ہو۔ میرے خیال میں تو تمہیں گوبند سنگھ اور نانک صاحبان کی سنت پر ہی بھروسہ ہے۔

جب فرقہ وہابیہ نے گنبد خضرا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو شرک والحاد کا سبب کہدیا تو وہابیہ کے عقیدے کے موافق یقیناً خلفاء راشدین محدثین نے اسلام میں سب سے اول شرک کی بنیاد قائم کی اسلام میں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے خلفاء راشدین کو مشرکین کہنے والے کبھی کسی صورت سے اسلام میں داخل نہیں ہوسکتے ہیں۔ کلا وحاشا! جو خلفاء راشدین کو موجد شرک سمجھیں ان کو اسلام سے دور کا بھی تعلق نہیں لہٰذا مسقف مکان یا گنبد میں قبر کا ہونا یہ سنت ہے اس کو شرک والحاد کا سبب کہنے والا فرقہ خود اسلام کے دشمن ہیں اور مسلمانوں کو دھوکہ دے کر اسلام سے بے بہرہ کرنا چاہتے ہیں۔ بفرمان مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم خلفاء راشدین محدثین خیر القرون سے قرن اولیٰ کے باشندے ہیں اولین مومنین صراط مستقیم پر اولین چلنے والے جن میں شرک کی ہوا کا ایک معمولی جھونکا بھی محسوس کرنا کفر ہے۔ ان کے نزدیک قبر پر مسقف مکان شرک نہیں اور فرقہ وہابیہ موجودہ گنبد خضرا کو جو بیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہے

marfat.com

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے اپنے رہائشی قبر پر واقع ہے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے خود تعمیر کیا تھا وہ تحت الثریٰ سے عرش معلیٰ تک بیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہی ہے بیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو گرانے والا فتوے دینے والا وہابی ہے برباد شدہ قوم نوح علیہ السلام کا بدلہ لینا چاہتا ہے۔

(نوٹ) اہلحدیث کہلانے والو بتی یہ مسئلہ ذرا بتاؤ کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے بیعۃ الرضوان کے درخت کو شرک کے ڈر سے اکھڑوا دیا جس سے ثابت ہوا کہ بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ اور آپ کے تمام اصحاب کو یقین تھا کہ اس میں اسلام کے خلاف کسی قسم کی حرکت نہ ہوگی بلکہ برکت رہے گی جیسا کہ وہ بابرکت سمجھتے رہے لیکن وہابی بمع صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے تمام امت محمدیہ صلے اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کرتے ہوئے بیت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو بھی اسی شرک و کفر میں ملوث کرتا ہے اعاذنا اللہ منکم بتاؤ حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے درخت کو اکھڑوا دیا بیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو کیوں نہ گروایا بلکہ گنبد حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کو گرا کر مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی آرامگاہ بنائی جاتی بینوا وتوجروا ؟ ورنہ اُدْخُلُوْا مَادًا۔

نوٹ ۲ = نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث دکھاؤ کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہو کہ قبر مکان کے اندر ہو تو مکان گرا دیا کرو یا مکان کے اندر نہ بنانے کا حکم دیا ہو۔ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فاتقوا النار التي وقودها الناس والحجارة۔

غیرت اب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ

marfat.com

عنہا کے مکان میں ثابت کرتا ہوں۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کے مکان شریف میں آپ کی قبر مبارک

(۵) الطبقات الکبریٰ ۲/۳۰۷ } قَالَ مُسْلِمٌ وَقَدْ اُثْبِتَ لِیْ بِالْمَدِیْنَۃِ اَنَّ الْبَیْتَ الَّذِیْ فِیْہِ قَبْرُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَیْتُ عَائِشَۃَ وَاِنَّ بَابَہٗ وَبَابَ حُجْرَتِہٖ تُجَاہُ الشَّامِ وَاِنَّ الْبَیْتَ کَمَا ھُوَ سَقْفُہٗ عَلٰی حَالِہٖ وَاِنَّ فِی الْبَیْتِ جُرَّۃً وَخَلْقَ رِحَالِہٖ =

حضرت مسلم رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ مدینہ طیبہ میں وہ مکان جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر ہے وہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ والا مکان ہے اس مکان کا دروازہ شام کی طرف تھا اور مکان کی چھت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے کی اپنی حالت پر ہی تھی اور مکان میں چھید اور پرانے کجاوے کی لکڑیاں لگی تھیں۔

اس حدیث شریف سے ثابت ہوا کہ اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کے حجرہ مبارکہ میں ہی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی آرامگاہ قبر شریف تیار کی جس سے قبور پر چھت کا ہونا سنت ثابت ہوا۔

(۶) گنبد خضرا میں زائد زمین بعد میں شامل کی گئی کی چھٹی دلیل وہابی صاحب تم تو

marfat.com

یار نام کے اہلحدیث ہو حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے تم بے بہرہ ہو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مختصر عرض کرتا ہوں۔

ترمذی شریف ۱/۱۲۶ ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مومن کی قبر میں یفسح لہٗ فی قبرہ سبعون ذراعا فی سبعین ثم ینور لہٗ۔

ایماندار کی قبر شریف کو ستر ستر ہاتھ مربع فراخ کیا جاتا ہے پھر اس کو منور کیا جاتا ہے۔

چلو زیادہ نہ سہی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر سے کم از کم ستر ستر ہاتھ چوفیرا تو قبر شریف ہی ہے۔ اب تمہارا کہنا کہ گنبد خضرا میں زائد جگہ شامل کی گئی ہے۔ یہ ایماندار کے لئے حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے عین موافق ہے اور تمہارا کہنا حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے بے خبری کی دلیل ہے۔

قبر پر بنا کرنا سنت اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ہے

(۶) المستدرک ۳/۵۴۴ اخبرنی ابو یحیٰی محمد بن عبد اللہ بن محمد بن عبید بن یزید المقری الامام بمکۃ حرسہا اللہ تعالےٰ ثنا محمد بن علی بن زید الصائغ ثنا سعید بن منصور ثنا ھشیم ثنا ابو حمزہ ثنا عمر ان بن عطاء قال شھدت وفاۃ ابن عباس بالطائف فولیہ محمد بن الحنفیۃ وکبر علیہ اربعا وادخلہ القبر من قبل رجلیہ وخرب علیہ

marfat.com

لِبِنَاءَ شَلَّا شًا وَالَّذِیْ حَفِظْنَا عَنْهُ نَحْوًا مِّنْ اَرْبَعِ مِائَةِ حَدِیْثٍ۔

عمران بن عطا رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے کہا کہ میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما کی وفات کے وقت طائف میں حاضر ہوا اس کا ولی محمد بن حنفیہ تھا اس کے جنازے میں اس نے چار تکبیریں پڑھ کر جنازہ پڑھایا اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما کو پاؤں کی طرف سے قبر میں داخل کیا اور اس کی قبر پہ تین دن سائبان تانا اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے ہم چار سو حدیثوں کے لگ بھگ روایت کرتے ہیں۔

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ قبر پہ اگر سایہ رکھا جائے بنایا جائے تو سنت اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ہے۔ بدعت و شرک و الحاد کا سبب کہنے والا دشمن اسلام ہے۔

"وہابی" نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہٗ کو فرمایا کہ اونچی قبروں کو برابر کردو۔ گنبد خضرا گرانا تو واقعی کسی حدیث شریف سے ثابت نہیں لیکن اونچی قبروں کو زمین کے برابر کرنا تو حدیث شریف میں مذکور ہے۔ سنو

المعجم الصغیر للطبرانی ۲۹ } ثنا احمد بن بشر الترمذی ابو حفص ثنا احمد بن محمد بن عمار الرازی ثنا اسحق بن سلیمان الرازی ثنا المفضل بن صدقة ابو حماد الحنفی عن ابی الهیاج الاسدی قَالَ بَعَثَنِیْ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ فَقَالَ اَتَدْرِیْ مَا اَبْعَثُكَ اَبْعَثُكَ عَلٰی مَا بَعَثَنِیْ عَلَیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَدَعْ تِمْثَالًا اِلَّا كَسَرْتَهٗ وَلَا قَبْرًا مُشْرِفًا اِلَّا سَوَّیْتَهٗ لَمْ

marfat.com

یَسْوَدُّ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ اِلَّا الْمُفَضَّلَ وَلَا عَنْہُ اِلَّا اِسْحٰقُ السَّاذِیُّ تَفَرَّدَ بِہٖ مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ ۔

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کسی تصویر کو توڑنے کے بغیر نہ چھوڑے اور کوئی قبر اونچی نہ رہے اس کو برابر کر دے ۔

جواب (۱) پہلی بات تو یہ ہے کہ ابو اسحٰق سے سوائے مفضل کے کسی نے روایت نہیں کی لہٰذا خبر احاد ثابت ہوئی جو کسی محدث کے نزدیک معتبر نہیں ۔

جواب (۲) سَوَّیْتُہٗ کے معنی امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے کوہان کی شکل سے ہٹا کر چورس کرنے کے لئے ہیں ۔

جواب (۳) تسویہ کے معنی درست کرنے کے ہیں گرانے کے نہیں ۔

تسویہ کے معنی قرآن کریم میں تیار کرنے کے ہیں

(ا) البقرہ ۱/۳ } ثُمَّ اسْتَوٰۤی اِلَی السَّمَآءِ فَسَوّٰىہُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ۔

رب کریم آسمان کی طرف متوجہ ہوا پھر ان کو سات آسمان تیار کئے ۔

(ب) الحجر ۱۵/۲۹ } فَاِذَا سَوَّیْتُہٗ وَ نَفَخْتُ فِیْہِ مِنْ رُّوْحِیْ فَقَعُوْا لَہٗ سٰجِدِیْنَ ۔

تو جب میں آدم علیہ السلام کو تیار کر لوں گا اور اس میں اپنی روح سے پھونک دوں گا پھر تم اس کے لئے سجدے گر جانا ۔

(ج) ص ۳۸/۷۲ } فَاِذَا سَوَّیْتُہٗ وَ نَفَخْتُ فِیْہِ مِنْ رُّوْحِیْ فَقَعُوْا لَہٗ

marfat.com

مُجْدِیْنَ = ترجمہ سابقہ ہو چکا وہی ہے۔

اس آیت کریمہ میں بھی سَوّٰی کے معنی تیار کرنے کے ہیں۔

ثابت ہوا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو قبر مُسَنَّم ہو اس کو تیار کر دے کیونکہ مسنم مسلمان کی قبر کا نشان ہے اور جو مُسَنَّم نہ ہو اس کا ذکر ہی نہیں فرمایا کیونکہ وہ غیر مسلم کی ہو گی۔

نوٹ: مسلمانوں کی قبروں کے مٹانے اور گرانے کا حکم نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے کسی حدیث میں فرمایا ہی نہیں اگر کوئی وہابی دکھا دے تو فقیر اس کو پانچ روپے نقد انعام دے گا۔

اب فقیر اونچی قبر کرنا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی سنت ثابت کرتا ہے۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف اونچی ہے

قبر زمین سے بلند اونچی بنانا سنت ہے

(۱) بخاری شریف ۱/۱۸۶ } حدثنا محمد قال اخبرنا عبد اللہ قال اخبرنا ابو بکر بن عیاش عن سفیان التمار انہ حدثتہ انہ رأی قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم مُسَنَّماً =

سفیان التمار سے روایت ہے کہ اس نے بیان کیا کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر اس نے زمین سے اونچی کوہان کی طرح [illegible]۔

marfat.com

محمل علمی:۔ او نام کے اہلحدیث کہلانے والو! فقیر نے بخاری شریف کی حدیث سے ثابت کر دیا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کوہان کی طرح زمین سے اونچی تھی اب تم ایک حدیث دکھا دو کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف زمین کے برابر دیکھی گئی۔

ورنہ خداوند کریم سے ڈرو اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور خلفاء راشدین کو مشرک نہ کہو اور بدعتی وہابیو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کو بت کہنے والو تمہیں تو چاہیئے کہ تم گورو بند سنگھ کا کلمہ پڑھو تو مسلمانوں کے ساتھ تمہارا جھگڑا ہی ختم ہو جائے کیونکہ اسلام میں قبریں کوہان کی طرح اونچی بنانا سنت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ہے اور تمہارے نزدیک وہ بت ہے۔

مسنماً کا ترجمہ محدثین کی زبانی

زرقانی ۸/۲۹۴ } مُسَنَّمًا اَیْ مُرْتَفِعًا مسنم کے معنی اونچی بلند۔

وہابیوں کے امام محدث کی زبانی

نیل الاوطار ۴/۸۹ } مُسَنَّمًا اے مُرْتَفِعًا
شوکانی } مسنم کے معنی اونچی بلندی والی

او نام کے اہلحدیث کہلانے والو! بتاؤ بخاری شریف کی حدیث کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف مُسَنَّمٌ ہے اور مُسَنَّمٌ کے معنی تمہارے وہابیوں کے امام محدث نے بلند کئے ہیں اب بھی قبروں سے نیچا کرنے پر تمہارا ایمان

marfat.com

درست نہ ہو تو پھر تم اہلحدیث کہلانے کے حقدار نہیں فرقہ پرست ہو۔ اور تمہارے جن مذکورہ وہابیوں نے مزارات زمین کے برابر گرانے کا فتویٰ دیا ہے وہ مکذب حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ہیں اور مسلمانوں کو دھوکہ دیتے ہیں۔ اور دشمن مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور اولیاء اللہ ہیں اب تم سوچو کہ تم وہابیوں کا یہ عقیدہ بنا کر تم کون ہو؟

اور تمہارا فرقہ وہابیہ حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا دشمن ہے یا نہیں؟

(۲) بیہقی شریف ۴/۳ } اخبرنا ابوعمر والادیب انبا ابو بکر الاسماعیلی ثنا محمد بن عمر ان المقابری ثنا احمد بن یونس ثنا ابوبکر بن عیاش ثنا سفیان التمار قَالَ رَأَیْتُ قَبْرَ النبی صلے اللہ علیہ وسلم مُسَنَّمًا

امام بیہقی سفیان التمار سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف اونچی کوہان کی طرح دیکھی۔

(۳) بیہقی شریف ۳/۴ } واخبرنا ابوعمر وانبا ابوبکر ثنا الحسن ثنا حبان عن ابن المبارک انبا ابوبکر بن عیاش عن سفیان التمار اَنَّہٗ حَدَّثَہٗ اَنَّہٗ رَأَی قَبْرَ النَّبِیِّ صلی اللہ عَلَیْہِ وسلم مُسَنَّمًا۔

سفیان التمار کی روایت ہے اس نے حدیث بیان کی کہ اس نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف اونچی کوہان کی طرح دیکھی۔

(۴) بیہقی شریف ۴/۴ } وَصَفَتْ رُؤْیَۃُ سُفْیَانَ التمار قبرالنبی صلی

marfat.com

اللہ علیہ وسلم مستانکانتہ غیر عما کان علیہ فی القدیم فقد سقط جدارہ فی زمن ولید بن عبد الملک وقیل فی زمن عمر بن عبد العزیز ثم اصلح ۔

بعض نے کہا ہے ولید بن عبد الملک کے زمانے میں اور بعض نے کہا ہے کہ عمر بن عبد العزیز کے زمانے میں آپ کے مکان شریف کی دیوار گر گئی تھی پھر اس کو درست کیا گیا۔

سلف صالحین آپ کے گنبد کو گرنے سے بچائیں اس کی تعمیر کریں لیکن فرقہ وہابیہ ہمارے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے گنبد کے گرانے کا فتویٰ دیں اعاذنا اللہ من ھذا المذھب ۔

(۵) ابوداؤد ۲/۱۰۳ } حدثنا احمد بن صالح ابن ابی فدیک اخبرنی عمر وبن عثمان بن ہانی عن القاسم قال دخلت علی عائشۃ فقلت یا امہ اکشفی لی عن قبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وصاحبیہ رضی اللہ عنہما فکشفت لی عن ثلثۃ قبور لا مشرفۃ ولا لاطئۃ مبطوحۃ ببطحاء العرصۃ الحمراء قال ابو علی یقال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقدم و ابو بکر عند راسہ وعمر عند رجلیہ راسہ عند رجلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۔

عثمن بن ہانی قاسم سے روایت ہے کہ میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا کہ امی جی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

marfat.com

کی قبر شریف اور صاحبین کی مبارک قبریں کھول کر مجھے زیارۃ تو کرائیے تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے تینوں قبروں سے اچھاڑ اٹھایا تو وہ تینوں ہی سرخ زمین پر نہ زیادہ اونچی تھیں اور نہ ہی زمین سے برابر تھیں ابو علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے کہا کہ کہا جاتا ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کچھ آگے تھی اور ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ آپ کے سر مبارک کے قریب تھے اور حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی قبر شریف رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاؤں کے قریب اور ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے سر کے قریب تھی۔

اس حدیث شریف سے ثابت ہوا کہ

(۱) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور صاحبین رضوان اللہ علیہم اجمعین کی قبور پر اصحاب معطےٰ صلے اللہ علیہم اجمعین نے کپڑے کے اچھاڑ چڑھائے۔

(۲) ثابت ہوا کہ تینوں قبریں نہ زیادہ اونچی اور نہ ہی زمین کے برابر بلکہ اوسط درجے کی تھیں۔

(۶) طبقات الکبریٰ لابن سعد ۲/۳۰۶ } اخبرنا سجید بن محمد الوراق الثقفی عن سفیان بن دینار قال رأیت قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم وأبی بکر وعمر مسلمۃ۔

سفیان بن دینار سے روایت ہے اس نے کہا کہ میں نے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف اور حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما کی قبروں کو بلند کوہان کی طرح دیکھیں۔

marfat.com

(۷) الطبقات الکبریٰ لابن سعد ۲/۳۰۶ } اخبرنا محمد بن عمر حدثنی عبد العزیز بن محمد عن جعفر بن محمد عن ابیہ قال کان لبنۃ قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم شبرا۔

جعفر بن محمد اپنے باپ محمد سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک ایک بالشت بلند کی گئی۔

(۱) اس حدیث شریف سے قبر کی بلندی ثابت ہوئی۔

(۲) بلندی کی مقدار ایک بالشت سنت ثابت ہوئی۔

(۸) الطبقات الکبریٰ ۲/۲۰۷ } اخبرنا محمد بن عمر حدثنی ھشام بن سعد عن عمرو بن عثمان قال سمعت القاسم بن محمد یقول اطلعت وانا صغیر علی القبور فرأیت علیھا حصباء حمراء۔

عمر بن عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے قاسم بن محمد سے سنا فرماتے تھے کہ مجھے بچپن سے ہی قبروں کا علم ہے میں نے ان پر سرخ رنگ کی کنکریاں بھی دیکھیں۔

(۹) زرقانی ۲۹۴ } عن سفیان التمار قال الحافظ ھو ابن دینار) (انہ حدثہ انہ رأی قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم مسنما) الی مسر لفعانا زاد ابو نعیم فی المستخرج و قبر ابی بکر و عمر کذالک) مسنما کل منھما واستدل علی ان المستحب تسنیم القبور وھو قول ابی حنیفۃ ومالک

marfat.com

وَاَحْمَدَ وَالْمُزَنِیِّ وَکَثِیْرٌ مِّنَ الشَّافِعِیَّۃِ وَادَّعَی الْقَاضِیْ حُسَیْنٌ اِتِّفَاقَ الْاَصْحَابِ عَلَیْہِ۔

سفیان بن دینار سے روایت ہے کہ اس نے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف اونچی دیکھی ابو نعیم نے مستخرج میں زیادہ لکھا ہے کہ ابو بکر صدیق اور عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما کی قبریں بھی میں نے ایسی اونچی کوہان کی طرح دیکھیں اور اس سے قبروں کو کوہان کی طرح اونچی کرنا صحیح ہے اور امام ابو حنیفہ اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہما اور مزنی کا یہی عقیدہ ہے شوافع کی اکثریت کا یہی عقیدہ ہے اور قاضی حسین نے دعویٰ کیا ہے کہ تمام اصحاب کا اسی پر اتفاق ہے۔

ثابت ہوا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین تابعین اور تبع تابعین کا یہی عقیدہ اور عمل رہا ہے کہ قبر اونٹ کے کوہان کی طرح سنت طریقہ ہے۔

متقدمین اسلامی تاریخوں کی کتب سے

(۱۰) اسد الغابۃ ۱/۳۴ وَقَالَ ابو بکر سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ مَا قَبَضَ اللّٰہُ نَبِیًّا اِلَّا دُفِنَ حَیْثُ یُقْبَضُ فَرُفِعَ فِرَاشُہٗ وَحُفِرَ تَحْتَہٗ وَبَنٰی اَبُوْ طَلْحَۃَ فِیْ قَبْرِہٖ تِسْعَ لَبِنَاتٍ وَجُعِلَ قَبْرُہٗ مُسَطَّحًا وَرُشَّ عَلَیْہِ الْمَاءُ۔

ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ

marfat.com

صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے کہ نبی اللہ کا جہاں وصال ہوتا ہے وہیں دفن کیا جاتا ہے تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا بستر مبارک اٹھایا گیا اور وہیں قبر شریف کھودی گئی اور ابو طلحہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے آپ کی قبر شریف میں نو اینٹیں لگائیں اور آپ کی قبر شریف کوہٹی چرس بنائی گئی اور اس پر پانی چھڑکا گیا۔

(۱۱) تاریخ اسلام ۱/۳۲۸ } قَالَ عمرو بن عثمان بن هانی عن القاسم قَالَ قُلْتُ لِعَائِشَةَ اَكْشِفُ لِیْ عَنْ قَبْرِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وصاحبیہ فَكَشَفَتْ لِیْ عَنْ ثَلَاثَةِ قُبُوْرٍ لَامُشْرِفَةٍ وَلَا لَاطِئَةٍ مَبْطُوْحَةٍ بِبَطْحَاءِ الْعَرْصَةِ الْحَمْرَاءِ اخرجه ابو داؤد هكذا وقَالَ ابوبكر بن عباس عن سفیان التمار انه رَاَی قَبْرَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم مُسَنَّمًا اخرجه البخاری ۔

قاسم سے روایت ہے اس نے کہا کہ میں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کو عرض کیا کہ حضور مجھے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم قبر شریف اور ان کے صاحبین کی قبروں سے اچھاڑ ہٹا کر زیارت کرائیے تو انہوں نے تینوں قبروں سے کپڑا ہٹا دیا نہ بہت اونچی تھیں اور نہ زمین کے برابر تھیں سرخ زمین پر اور سفیان بن دینار نے کہا کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف اونچی کوہان کی طرح دیکھی۔

(۱۲) سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم لابن ہشام ۴/۳۴۴ } حِیْنَ وُضِعَ رَسُوْلُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ حُفْرَتِهٖ وَبُنِیَ عَلَیْهِ۔

marfat.com

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو جب لحد میں رکھا گیا اور اس پر بنا کی گئی۔

(۱۳) تاریخ طبری ۲/۴۵۲ { حِيْنَ وُضِعَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِي حُفْرَتِهٖ وَبُنِيَ عَلَيْهِ

جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اپنی قبر میں رکھے گئے اور اس پر بنا کی گئی۔

وہابی محدث کی زبانی

(۱۴) نیل الاوطار ۴/۸۹ شوکانی { وَقَدْ اِخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِي الْاَفْضَلِ مِنَ التَّسْنِيْمِ وَالتَّسْطِيْحِ بَعْدَ الْاِتِّفَاقِ عَلٰى جَوَازِ الْكُلِّ فَذَهَبَ الشَّافِعِيُّ وَبَعْضُ اَصْحَابِهٖ وَالْهَادِيُّ وَالْقَاسِمُ وَالْمُؤَيَّدُ بِاللهِ اِلٰى اَنَّ التَّسْطِيْحَ اَفْضَلُ وَاسْتَدَلُّوْا بِرِوَايَةِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ الْمُذْكُوْرِ وَمَا وَافَقَهَا قَالُوْا قَوْلُ سُفْيَانَ التَّمَّارِ لَا حُجَّةَ فِيْهِ كَمَا قَالَ الْبَيْهَقِيُّ لِاحْتِمَالِ اَنَّ قَبْرَهٗ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَكُنْ فِي الْاَوَّلِ مُسَنَّمًا بَلْ كَانَ فِي اَوَّلِ الْاَوَّلِ مُسَطَّحًا ثُمَّ لَمَّا بَنٰى جُدُرَ الْقَبْرِ فِيْ اِمَارَةِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَلَى الْمَدِيْنَةِ مِنْ قِبَلِ الْوَلِيْدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ صَيَّرُوْهَا مُسَنَّمَةً وَبِهٰذَا يَجْمَعُ بَيْنَ الرِّوَايَاتِ وَيَرْجِعُ التَّسْطِيْحُ مَا سَبَقَ فِيْ اَمْرِهٖ صلى الله عليه وسلم عَلَيًّا اَنْ لَا يَدَعَ قَبْرًا مُشْرِفًا اِلَّا سَوَّاهُ وَذَهَبَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ وَمَالِكٌ وَاَحْمَدُ وَالْمُزَنِيُّ وَكَثِيْرٌ مِنَ الشَّافِعِيَّةِ وَادَّعَى الْقَاضِيْ حُسَيْنٌ اَنَّهُ اَصَحُّ الشَّافِعِيِّ

marfat.com

عَلَيْهِ وَنَقَلَهُ الْقَاضِيْ عِيَاضٌ عَنْ اَكْثَرِ الْعُلَمَاءِ اِنَّ التَّسْنِيْمَ اَفْضَلُ وَتَمَسَّكُوْا بِقَوْلِ السَّمَّارِ وَالْاَرْجَحُ اَنَّ الْاَفْضَلَ التَّسْطِيْحُ لِمَا سَلَفَ

علامہ شوکانی وہابیوں کے اکابرین سے ہیں جن کا ارشاد ہے

افضلیت میں محدثین کا اختلاف ہے کہ قبر کو کوہان کی طرح بلند کیا جائے یا چپٹی چورس بنائی جائے تمام کا اتفاق ہے کہ امام شافعی اور بعض ان کے مقلدین، ہادی اور قاسم اور مؤید باللہ اس طرف گئے ہیں کہ قبر چورس اور چپٹی افضل ہے اور انہوں نے قاسم بن محمد بن ابی بکر اور جو اس کے موافق ہے دلیل پیش کی ہے اور انہوں نے کہا ہے کہ سفیان التمار کی حدیث اس کے متعلق حجت نہیں۔ جیسا کہ امام بیہقی نے کہا ہے ممکن ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف پہلے چورس چپٹی ہو کوہان کی طرح گول نہ ہو پھر جب عمر بن عبد العزیز کے زمانے میں ولید بن عبد الملک کے زمانے سے پہلے جب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کی دیواریں درست کی گئیں اس وقت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کو بلند کیا گیا اسی کے ساتھ تمام روایتوں کو جمع کیا جائے اور قبر کو چپٹا چورس کیا گیا عنقریب نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا ارشاد آئے گا کہ آپ نے حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کو فرمایا کہ کوئی قبر اونچی نہ چھوڑے مگر اس کو برابر کر دے اور ابو حنیفہ اور مالک احمد مزنی اور اکثریت شوافع کا اتفاق ہے اور قاضی حسین نے دعویٰ کیا ہے کہ تمام شافعیوں کا اتفاق اسی پر ہے اور قاضی عیاض نے اکثر محدثین سے نقل کیا ہے کہ کوہان کی طرح بلند قبر افضل

marfat.com

ہے اور انہوں نے سفیان التمار کے قول سے استدلال لیا ہے اور راجح قول یہ ہے کہ افضل چورس چپٹی قبر ہونی چاہیئے جیسا کہ گزر چکا ہے

"محمد عمر": مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف چونکہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے کوہان کی طرح اونچی تیار کی تھی جس میں اجتہاد کی کوئی گنجائش ہی نہیں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کو یہ اجتہادی غلطی ہوئی ہے کہ اجماع صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کو ترک کر کے اپنے اجتہاد کو مقدم سمجھا ہے اور قبر کو چپٹی چورس بنانے کا اجتہاد غلط دلیل بنائی ہے لہٰذا فقیر کے نزدیک اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم تابعین تبع تابعین کا عقیدہ کوہان کی طرح اونچی قبر تیار کرنے کا اور دیکھنے کا مشاہدہ صحیح ہے جیسا کہ بیان ہو چکا ہے۔

(۱۵) نیل الاوطار ۴/۸۹ شوکانی } (قَوْلُهٗ مُسَنَّمًا) اَیْ مُرْتَفِعًا قَالَ فِی الْقَامُوْسِ التَّسْنِیْمُ ضِدُّ التَّسْطِیْحِ وَقَالَ صَاحِبُ الْمُنْجِدِ بَسَطَهٗ (قَوْلُهٗ وَلَا لَاطِئَةً) اَیْ وَلَا لَازِقَةً بِالْاَرْضِ =

تبدأ مسنمًا کے معنی بلند کے ہیں قاموس میں تسنیم کو تسطیح کی ضد کہا ہے تسنیم اونچی تسطیح چپٹی لاطئۃ زمین کے ساتھ ملی ہوئی نہیں

نیل الاوطار ۴/۹۰ } وَتَحْرِیْمُ رَفْعِ الْقُبُوْرِ ظَنِّیٌّ۔

قبر کے اونچے کرنے کی حرمت ظنی ہے یقینی نہیں۔

"محمد عمر" کیوں جی وہابی صاحب اب تو تمہارے بڑے نے اقرار کر لیا کہ ہمارا وہابی مذہب جو قبر کے اونچے کرنے کو حرام کہتا ہے یہ محض گمان ہے یقینی سے نہیں کہہ سکتے۔ وہابی کبیر کی زبانی ثابت ہوا کہ یہ مسئلہ محض وہابیوں کی بناوٹ

marfat.com

ہے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں نے عناد ہے۔

(۱۶) مجمع بحار الانوار ۱۴۵ { رَأَیٰ قَبْرَہٗ مُسَنَّمًا لَتَسْنِیْمُ الْقَبْرِ جَعْلُہٗ کَھَیْئَۃِ السَّنَامِ وَھُوَ خِلَافُ تَسْطِیْحِہٖ مُرْ لِفَعْلَۃٌ وَاسْتَدَلَّ بِہٖ عَلٰی اِسْتِحْبَابِہٖ وَاُجِیْبَ بِاَنَّہٗ سَطَحَ قَبْرَ اِبْرَاھِیْمَ وَفَعَلَ حُجَّۃٌ لَا فَعَلَ غَیْرُہٗ وَلَا یَصِیْرُ کَوْنُ فِعْلِ الرَّوَافِضِ لِاَنَّ السُّنَّۃَ لَا یُتْرَکُ بِمُوَافَقَۃِ الْمُبْتَدِعِ وَالْمُرَادُ بِحَدِیْثِ الْاَمْرِ بِتَسْوِیَۃِ الْقَبْرِ الْمُشْرِفِ فِیْ تَسْطِیْحِہٖ لَا تَسْوِیَتُہٗ بِالْاَرْضِ جَمِیْعًا بَیْنَ الْاَخْبَارِ۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کو سفیان نے اونچی بلند دیکھی قبر کی تسنیم کے معنی ہیں کوہان کی مثل اور وہ چپٹی ہونے کے خلاف ہے یعنی اونچی دیکھی اور قبر کے اونچے کرنے کو اسی حدیث سے انہوں نے استدلال بنایا ہے اور شوافع نے جواب دیا ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے صاحبزادے کی قبر شریف کو چپٹی یعنی چورس تیار کیا اور ایسا اور کسی نے نہیں کیا اور روافض کا فعل ہمارے لئے مخالف نہیں کیونکہ بدعتیوں کی موافقت کی وجہ سے سنت ترک نہیں کی جاتی اور جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اونچی قبر کو برابر کرنے کا حکم دیا اس کا یہ مطلب نہیں کہ قبر زمین کے برابر کر دی جائے بلکہ تمام شوافع محدثین کا اتفاقی مسلک ہے کہ قبر کو برابر کرنے کا مطلب قبر کو چورس کرنے کا ہے یعنی قبر کو گولائی سے ہٹا کر چورس کر دیا جائے۔

marfat.com

"محمد عمر": کیوں بھئی وہابیوں بتاؤ تمہیں تمہارے نجدی قرن کی قسم ہے کہ تم نے جو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے فرمان کو قبر زمین کے برابر کرنے کے لئے کئے ہیں۔ کیا محدثین نے بھی یہ معنی کئے ہیں۔ بلکہ بعض محدثین کہ رہے ہیں۔ کہ قبر کو چپٹا کیا جائے۔ اور پھر شوافع جو قبر کے چپٹا کرنے کے قائل ہیں۔ یہ بھی اقرار کرتے ہیں کہ یہ روافض کی سنت ہے فافہم۔

"وہابی" مولوی صاحب قبر کو ہان کی طرح اونچی کرنی تو سنت ثابت ہو گئی لیکن سب سے بری بات یہ ہے کہ تم ان کی طرف سفر کر کے خروج کر کے پہنچتے ہو۔ یہ شریعت محمدیہ میں شرک ہے تو اس لحاظ سے وہ گنبد اور قبریں شرک کا سبب ثابت ہوئیں۔ دیکھئے ہمارے علماء نے اس کا خوب رد لکھا ہے۔

وہابی عقیدہ (۱۹)

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے وہابی عداوۃ ۸

محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی نیت کر کے سفر کرنا وہابی مذہب میں منع ہے

(۱) فتوی ثنائیہ ۱/۷۸ } س (۶) کس آیت یا حدیث میں آیا ہے کہ حضور علیہ السلام کے روضہ مبارک پر زیارت کے لئے حاضر ہونا حرام ہے (الفقیہ مذکور)

ج (۶) حرام کا فتویٰ تو ہم نے دیا نہیں البتہ ہمارا عقیدہ ہے کہ مسجد نبوی کی زیارت کی نیت کرے اسی ضمن میں دوسرا کام بھی ہو جائے تو جائز ہے کیونکہ حدیث شریف میں ہے لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَّا اِلٰی ثَلٰثَۃِ مَسَاجِد

marfat.com

یعنی مسجد کعبہ، مسجد نبوی اور مسجد اقصیٰ کے سوا کسی مکان کی بحیثیت مکان زیارت کو مت جاؤ یہ حدیث ہمارے عقیدہ کی دلیل ہے۔

(الجواب) روضہ مبارک قبر شریف کا نام ہے کیا قبر شریف کی زیارت ممکن ہے؟ ذرا حاجی جماعت علی شاہ صاحب سے پوچھ کر بتایئے۔

(۲) مسئلہ زیارۃ قبر نبوی مصنفہ حافظ عبداللہ امرتسری روپڑی (۱۸) طالب علم اور دیگر ضروریات کے لئے سفر کا کوئی حرج نہیں صرف کسی جگہ کی طرف جس میں قبر نبوی بھی داخل ہے ثواب کی نیت سے سفر کرنا جائز نہیں ہاں اگر کوئی یہاں سے مسجد نبوی کی نیت پہ سفر کرے اور وہاں پہنچکر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر کی بھی زیارت کرے تو اس کا کوئی حرج نہیں بلکہ ایسا ہی کرنا چاہیئے۔

(۳) مسئلہ سماع موتی حافظ عبداللہ امرتسری روپڑی ۹۱ وہاں سفر کرنا زیارت کے لئے جائز نہیں بلکہ مسجد نبوی کی نیت سے سفر کرنا چاہیئے۔ جب مسجد نبوی میں نماز سے فارغ ہو جائے تو قبر کی بھی زیارت کرے۔

(۴) فتح المجید شرح کتاب التوحید شیخ عبدالرحمن بن حسن ۲۱۵ وَفِي الْحَدِيْثِ دَلِيْلٌ عَلٰى مَنْعِ شَدِّ الرِّحَالِ اِلٰى قَبْرِهٖ صلى الله عليه وسلم وَاِلٰى غَيْرِهٖ مِنَ الْقُبُوْرِ وَالْمَشَاهِدِ لِاَنَّ ذٰلِكَ مِنِ اتِّخَاذِهَا اَعْيَادًا بَلْ مِنْ اَعْظَمِ اَسْبَابِ الْاَشْرَاكِ بِاَصْحَابِهَا وَهٰذِهٖ هِيَ الْمَسْاَلَةُ الَّتِي اَفْتٰى فِيْهَا شَيْخُ الْاِسْلَامِ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَغْنٰى مَنْ سَافَرَ لِتَجْرِيْدِ زِيَارَةِ قُبُوْرِ الْاَنْبِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ۔

اور حدیث میں دلیل ہے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم اور دوسری قبروں اور ٹیلوں کی طرف سفر کر کے جانے کی ممانعت ہے۔ کیونکہ یہ قبروں کو عیدیں بنا لینے ہیں بلکہ

marfat.com

یہ شرکوں کے اسباب سے بہت بڑا سبب ہے اور اس مسئلہ پر ابن تیمیہ نے فتویٰ دیا ہے یعنی جس شخص نے محض انبیاء علیہم السلام کی قبروں کی زیارت کے لئے سفر کیا وہ شرک ہے۔

(۵) تقویۃ الایمان ۱۲ } ایسے مکانوں میں دور دور سے قصد کر کے جاوے یا وہاں روشنی کرے غلاف ڈالے چادر چڑھاوے ان کے نام کی چھڑی کھڑی کر کے رخصت ہوتے وقت الٹے پاؤں چلے ان کی قبر کو بوسہ دیوے مورچل جھلے اس پر شامیانہ کھڑا کرے چوکھٹ کو بوسہ دیوے ہاتھ باندھ کر التجا کرے مراد مانگے مجاور بن کر بیٹھ رہے وہاں کے گرد و پیش کے جنگل کا ادب کرے اور ایسی قسم کی باتیں کرے تو اس پر شرک ثابت ہوتا ہے۔ اس کو شرک فی العبادۃ کہتے ہیں۔

(۶) فقہ محمدیہ کلاں ۱۰۵ } ان تینوں مسجدوں کے سوا اور کسی جگہ اور مکان متبرک کی طرف سفر کرنا درست نہیں برابر ہے کہ کسی نبی کی قبر ہو یا ولی کی لیکن اگر تقرب الی اللہ مقصود نہ ہو بلکہ کوئی اور حاجت ہو مانند تجارت اور سیکھنے علم وغیرہ کے تو اس کے لئے ہر جگہ اور ہر مکان کی طرف سفر کرنا درست ہے بالاجماع

فائدہ عظیمہ:۔ ان تمام وہابی کتب کے حوالہ جات سے خصوصاً اس آخری حوالہ سے مسلمانوں پر یقین ہو گیا کہ فرقہ وہابیہ کے سلف و خلف کا یہ اجماعی مسئلہ ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی نیت سے سفر کر کے جانا شرک و گناہ ہے اور اس مسئلہ میں فقیر کے ساتھ موجودہ وہابیوں کے اکابرین کے مناظرے بھی ہوئے ہیں۔

کیوں بھئی وہابیو سچ بولو تمہیں تمہارے سچ کی قسم جس پر سلام پڑھتے ہو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی آرامگاہ سے تمہارے نزدیک بیت زیادہ فضیلت رکھتا ہے یعنی بیت کی طرف سفر کرنا

marfat.com

مبارک اور نجدیوں پر سلام پڑھنا جائز مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی آرامگاہ ریاض الجنت حقیقی کی طرف سفر کرنا گناہ اور نجد کی طرف سفر کرنا ثواب اب تو فیصلہ کرو کہ تم اہل نجد ہو یا اہلحدیث موحد ہو یا مشرک دشمن رسالت ہو یا محب نجد؟ اور یہ بھی سوچ لو کہ قیامت کے دن نجدیوں کی مجلس میں اٹھائے جاؤ گے یا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے؟

مسلمانو جس قوم کے نزدیک تجارت کے لئے سفر کرنا بیوی یا بہو کو گھر لانے کے لئے سفر کرنا اور ہر قسم کے دنیاوی امورات کے لئے سفر کرنا جائز ہو اور آپ نے آقائے کائنات کی طرف سفر کرنا جہاں سے حصول ایمان و بخشش کی توقع ہے وہاں کا سفر کرنا وہابی فرقہ کے نزدیک شرک ہو جس کو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے دنیا میں ریاض الجنۃ فرمایا ہو اس کو شرک کا مرکز کہنا اور جس علاقے کے پہاڑوں کو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہو اَلاُحُدُ یُحِبُّنَا وَنُحِبُّہٗ اُحد پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔ ہم مسلمان مدینہ طیبہ کے علاقے کے درختوں کو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی محبت کی وجہ سے محبت کریں بابرکت سمجھیں جس زمین کو آپ نے فرمایا ہو کہ مٹی کھانی حرام ہے لیکن میرے مدینے کی مٹی کھانی جائز ہے اپنے منہ سے موت مانگنی حرام ہے۔ لیکن مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے مدینے کی زمین کے لئے موت مانگنی باعث ثواب و برکت و رحمت و بخشش ہے اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے دیدار حالیہ کی مجاور تھیں اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ان سے چادریاں لے کر زیارۃ کرتے جو حلال اس سب امورات دینیہ اسلامیہ اسباب بخشش و نجات کو شرک فی العبادۃ کہے وہ اولیاء الشیطین کے زمرے کا فرد خاص ہے۔ اسلام سے اس کو کوئی تعلق نہیں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور اللہ تعالےٰ کا کائنات میں اس جیسا کوئی دشمن نہیں قیامت

marfat.com

کے دن باقی دنیا داروں میں اس کا حشر ہو گا فَمَالَهٗ فِی الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ کا مدار ہو گا۔ زمرہ امت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے بعد المشرق والمغرب سے بھی بعید ہو گا۔

فیضراب قرآن کریم سے دربار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف محض آپ کی نیت سے حاضر ہونے کا فیصلہ قرآن کریم سے دکھاتا ہے۔

دربار محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میں آپ کی نیت سے حاضری دینا قرآن مجید سے

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سفر کر کے جانے کی پہلی آیت قرآنی

اپنا گھر چھوڑ کر محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی نیت سے سفر کرنیوالا خداوند کریم کا ملاقی ہے

(۱) النساء ۵/۱۴ { وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

اور جو شخص اپنے گھر سے نکلتا ہے ہجرۃ کرنے والا اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف پھر اس کو موت آگئی تو اس کا ثواب اللہ تعالےٰ پر لازم ہو گیا اور اللہ تعالےٰ بڑا بخشش کرنے والا بڑا رحم کرنے والا ہے۔

"محمد عمر": جب آیت وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ۔

نازل ہوئی تو جندع بن ضمرۃ نے اپنے لڑکوں کو کہا کہ مجھے محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لے چلو۔

marfat.com

تفسیر خازن ۱/۴۸۶
تفسیر معالم التنزیل ۱/۴۸۶

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَمَّا نَزَلَتِ الْآيَةُ الَّتِي قَبْلَ هٰذَا سَمِعَهَا رَجُلٌ مِنْ بَنِي لَيْثٍ شَيْخٌ كَبِيرٌ مَرِيضٌ يُقَالُ لَهُ جُنْدَعُ بْنُ ضَمْرَةَ فَقَالَ مَا لِلّٰهِ مَا عَنَا بِمَنِ اسْتَثْنَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَإِنِّي لَأَجِدُ حِيلَةً وَلِي مِنَ الْمَالِ مَا يُبَلِّغُنِي إِلَى الْمَدِينَةِ وَأَبْعَدُ مِنْهَا وَاللّٰهِ لَا أَبِيتُ اللَّيْلَةَ بِمَكَّةَ اخْرُجُوا بِي فَخَرَجُوا بِهِ يَحْمِلُونَهُ عَلَى سَرِيرٍ حَتَّى أَتَوْا بِهِ التَّنْعِيمَ فَأَدْرَكَهُ الْمَوْتُ فَصَفَقَ يَمِينَهُ عَلَى شِمَالِهِ ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ هٰذِهِ لَكَ وَهٰذِهِ لِرَسُولِكَ أُبَايِعُكَ عَلَى مَا بَايَعَكَ رَسُولُكَ ثُمَّ مَاتَ فَبَلَغَ خَبَرُهُ أَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالُوا لَوْ وَافَى الْمَدِينَةَ لَكَانَ أَتَمَّ وَأَوْفَى أَجْرًا وَضَحِكَ الْمُشْرِكُونَ وَقَالُوا مَا أَدْرَكَ مَا طَلَبَ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (وَمَنْ يَخْرُجْ مِنْ بَيْتِهِ مُهَاجِرًا إِلَى اللّٰهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ) يَعْنِي قَبْلَ بُلُوغِهِ إِلَى مُهَاجَرِهِ (فَقَدْ وَقَعَ أَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ) يَعْنِي فَقَدْ وَجَبَ أَجْرُ هِجْرَتِهِ عَلَى اللّٰهِ إِيجَابَهُ عَلَى نَفْسِهِ بِحُكْمِ الْوَعْدِ وَالتَّفَضُّلِ وَالْكَرَمِ۔

عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا جب وہ آیت نازل ہوئی جو اس سے پہلے ہے بنی لیث سے ایک بڑے مریض بوڑھے نے مذکورہ آیت کو سنا اس کو جندع بن ضمرۃ کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ اس نے کہا خدا کی قسم میں اس شخص سے نہیں جس کو اللہ تعالےٰ نے مستثنیٰ کیا ہے میں ضرور کوئی حیلہ

marfat.com

تلاش کروں گا میرے پاس اتنا مال موجود ہے جو مدینہ طیبہ تک مجھے پہنچا دے گا۔ بلکہ اس سے بھی زیادہ دور جا سکتا ہوں خدا کی قسم میں کے میں ایک رات بھی نہیں رہوں گا مجھے نکال لو لوگ اس کی چارپائی اٹھا کر لے نکلے حتیٰ کہ وہ تنعیم کے پاس پہنچے اس کو موت نے آگھیرا تو بوڑھے نے اپنی دائیں ہتھیلی بائیں پر رکھی پھر کہا اے اللہ یہ تیرے لئے ہے اور دوسرا ہاتھ یہ تیرے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے ہے میں تیری بیعت کرتا ہوں اس بات پر جس بات پر تیرے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بیعت کی پھر وہ مر گیا اس کی خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کو پہنچی تو انہوں نے کہا کہ مدینے میں اس کو دفن کرتے تو اس کو ثواب پورا مل جاتا اور مشرکوں نے مذاق اڑایا کہ بوڑھے کی خواہش پوری نہ ہو سکی تو اللہ تعالےٰ نے یہ آیت نازل فرمائی (وَمَنْ يَخْرُجْ مِنْ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ) جو شخص اپنے گھر سے نکلا اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول علیہ السلام کی طرف ہجرت کر کے پھر اس کو (راستے میں ہی) موت آگئی تو اللہ تعالےٰ پر اس کا ثواب لازمی ہو گیا۔

"محمل عمی":۔ اس آیت خداوندی سے ثابت ہوا کہ جندہ بن ضمرہ کا نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی نیت سے گھر سے نکلنا اور سفر کرنا اس کی نجات اور بخشش کا سبب بنا ہے چنانچہ بفرمان خداوندی وہ بخشا گیا تو اس فرمان خداوندی سے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی نیت کر کے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سفر کرنا بخشش و نجات ہے اور جو اس

marfat.com

شرک والحاد کہے وہ منکر قرآن حکیم ہے۔

درمنثور ج ۲ ص ۲۰۷ { (وَمَنْ يَخْرُجْ مِنْ بَيْتِهٖ) الآیۃ اخرج ابو یعلی وابن ابی حاتم والطبرانی بسند رجالہ ثقات عن ابن عباس قال خرج ضمرۃ بن جندب من بیتہ مہاجرا فقال لاہلہ احملونی فاخرجونی من ارض المشرکین الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فمات فی الطریق قبل ان یصل الی النبی صلے اللہ علیہ وسلم فنزل الوصی ومن یخرج من بیتہ مہاجرا الی اللہ ورسولہ الآیۃ (ومن یخرج من بیتہ)۔

پوری آیت کو بروایت ابو یعلی ابن ابی حاتم اور طبرانی نے ثقات راویوں کی سند سے روایت کی ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالے عنہما سے کہ ضمرۃ بن جندب اپنے گھر سے ہجرت کر کے نکلا اور اس نے اپنے گھر والوں کو کہا کہ مجھے مشرکوں کی زمین سے نکال کر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے چلو تو اس آیۃ کی وحی نازل ہوئی۔

محمد اعظمی: اس آیۃ کریمہ میں اللہ تعالے نے مکہ معظمہ کو بوڑھے ضمرہ کا گھر قرار دیا کیونکہ وہاں دشمن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آباد تھے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو الی اللہ ورسولہ فرمایا تاکہ ثابت ہو جائے کہ جو محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف جاتا ہے وہ اللہ تعالے کی طرف جاتا ہے اور جو محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جانے کو روکتا ہے وہ خداوند کریم سے روکتا ہے۔

مسلمانو! قرآن وحدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے مصطفےٰ صلے اللہ کی نیت سے سفر

marfat.com

کرنا ثواب اور بخشش کا باعث اور عند اللہ اجر عظیم کا وعدہ خداوندی ہونا اور جو فرقہ یا شخص اس کے خلاف ہو وہ قرآن مجید اور حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا مکذب ہے ایسے شخص کو "خداوند کریم" نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین، تابعین، تبع تابعین سے کوئی تعلق نہیں اور جو شخص مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی نیت سے جانے والوں کو مشرک کہے وہ جھوٹا ہے۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف جانے کی دوسری آیت قرآنی

(۲) المائدہ ۱۰۴/۷ { وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْئًا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ۔

اور جب کفار و منافقین کو کہا جاتا ہے کہ تم قرآن کریم اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف آجاؤ وہ جواب دیتے ہیں کہ ہمیں اپنے آبا کا طریقہ درست ہے کیا ان کے آبا بے علم و گمراہ تھے (تو وہ بھی گمراہ ہی رہیں گے)

"محمد عمر": اللہ تعالےٰ نے اس آیۃ کریمہ میں جو لوگ قرآنی فیصلے کو تسلیم نہیں کرتے اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف آنے سے گریز کرتے ہیں اور کہتے ہیں چونکہ ہمارے بڑے رسول اللہ کی طرف جانے کو شرک کہتے تھے لہٰذا ہم بھی جانے کو جائز نہیں سمجھتے اللہ تعالےٰ نے اس آیۃ کریمہ میں جواب دیا کہ جن کا یہ عقیدہ ہے وہ بے علم اور گمراہ اور ان کے باپ دادا بھی گمراہ اور بے علم کیونکہ جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف آنے کو شرک کہے جو ایمان کا مرکز ہے اس جیسا گمراہ اور جاہل دنیا میں اور

marfat.com

کوئی نہیں ایسے ہی جو قرآن کریم کو پس پشت ڈالے دنیا میں اس جیسا بھی گمراہ تساوے بے علم کوئی نہیں تو بزمان خداوندی جو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سفر کرنے کو شرک کہے اس جیسا جاہل اور گمراہ دنیا میں اور کوئی نہیں یہ ہے فتویٰ خداوندی۔

تیسری آیت قرآنی کہ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی نیت کر کے سفر کرنے کا حکم خداوندی اور ہر قسم کے گناہ کی بخشش کا وسیلہ ہے

(۳) النساء ۵ { وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۝

اور اگر یہ لوگ اپنے نفسوں پر ظلم کر لیں یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آپ کے پاس آئیں پھر اللہ تعالےٰ سے معافی مانگیں اور ان کے لئے محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بھی معافی مانگیں تو اللہ تعالےٰ کو بڑا توبہ کرنے والا پائینگے۔

اس آیۃ کریمہ سے ثابت ہوا کہ ظالم کسی ظلم سے متہم ہو حتیٰ کہ سب سے بڑا ظلم شرک ہے شرک" زانی" چور وغیرہم بخشش کی نیت سے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچ جائیں اور وہاں پہنچ کر اللہ تعالےٰ سے معافی مانگیں توبہ کریں پھر بھی رب کریم نے اکتفا نہیں فرمایا فرمایا وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بھی اس کے لئے معافی مانگیں کہ یا اللہ یہ میرے پاس آ پہنچا ہے اس کو معاف فرما دے تو اللہ تعالےٰ فوراً توبہ منظور کر لیتا ہے اور وہابی فرقہ اسی لئے دربار مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف جانے سے منع کرتے ہیں شرک کہتے ہیں۔ تاکہ کوئی گنہگار نہ وہاں جائے اور نہ ہی اس کے

marfat.com

گناہ بخشے جائیں تو وہ بھٹکتا ہوا ہمارے جال میں ہی پھنسے گا۔ لیکن ایماندار گنہگار حکم خداوندی کو چھوڑ کر دربار رحمۃ للعالمین صلے اللہ علیہ وسلم کو ترک کر کے وہابیوں کی کب سنتا ہے۔ مسلمانوں یہ فرقہ وہابیہ نجدیہ اس آیۃ قرآنیہ کے رد سے مکذب قرآن کریم اور منکر مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور سب سے بڑا مجرم ثابت ہوا کیونکہ جرائم کی بخشش بموجب آیت مذکورہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی سفارش کے بغیر دنیا میں محال ہے۔

جس فرقہ کی دنیا میں بخشش کی کوئی صورت نہیں اور نہ وہ خداوند کریم کی مجوزہ صورت کو قبول کرتا ہے بلکہ شرک کہتا ہے اس کی قبر و حشر میں کوئی اور صورت نجات کیسے ہو سکتی ہے۔

مسلمانو یاد رکھو اگر دنیا و عقبیٰ میں نجات چاہتے ہو تو اس مذکورہ فرمان خداوندی کے رو سے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے دربار عالیہ میں جانے کو نجات سمجھو آپ کے بالتبع مسجد اور مدینہ طیبہ کی زیارت سمجھو اصل تمام دنیا میں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ہیں مدینہ طیبہ بنا تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے صدقے مسجد نبوی کو شرف حاصل ہوا تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طفیل لیکن وہابی فرقہ چونکہ دنیا میں الٹا ہے اس کی عقل بھی الٹی کہ اصل کو بالتبع سمجھ بیٹھا ہے اور تابع کو اصل کہتا ہے پھر کہتا ہے مسجد یا مدینہ طیبہ کی نیت کر کے سفر کرے اور بالتبع دربار مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی بھی زیارت کرے سبحان اللہ کیوں جی وہابیو خداوند کریم سے اگر تمہیں کچھ ذرا سا بھی تعلق ہے تو بتاؤ کہ اللہ تعالےٰ نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی اطاعت فرض فرمائی ہے یا مسجد نبوی اور مدینہ طیبہ کی؟ ماننا پڑے گا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی اطاعت ہر مومن پر ہر وقت ہر لمحہ ہر جگہ ہر زماں فرض ہے۔ تو مذکورہ آیت کریمہ میں بھی دربار رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم میں حاضری دینے کا ہی ارشاد خداوندی ہے۔

marfat.com

اطاعت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم

فرمان خداوندی ہے۔ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ اور نہیں بھیجا ہم نے کسی رسول علیہ السلام کو مگر اللہ تعالےٰ کے حکم سے آقا بنایا جاتا ہے اور ہم مسلمان مومنین کو اللہ تعالےٰ نے بھی یہ حکم جاری فرمایا۔

يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ اے ایمان والو! تم اللہ تعالےٰ کی اطاعت کرو اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرو پھر فرمایا مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ پہلے جو شخص محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنا آقا سمجھے اور خود غلامی کرے تو واقعی ایسا شخص اللہ تعالےٰ کا غلام ہے اور پھر فرمایا وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا یعنی جو شخص بجائے غلامی کے نافرمانی کرے گا۔ یقیناً وہ ابدی دوزخی ہے۔ اب تم سوچو کہ غلام اپنے آقا کے متعلق یہ عقیدہ رکھے کہ اگر میں نے اپنے آقا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نیت کر کے سفر کیا تو مشرک بن جاؤں گا۔ تو اس کی کئی صورتیں ہیں۔

(۱) یا تو آقائے کل کائنات نے ایسے لوگوں کو جھڑک کر نکال دیا ہے تو ان سے ناراضگی کی وجہ سے نہیں جاتے۔

(۲) یا امت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میں شامل ہی نہیں ہوئے۔

(۳) یا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے کوئی ذاتی رنجش ہے۔

(۴) یا کسی ایسی جماعت میں شامل ہو چکے ہیں جن کو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے عناد ہے۔

(۵) یا اپنے اعمال کی بنا پر رنجش سے بے امید ہو چکے ہیں۔ ورنہ جس کی اطاعت سے بخشش

marfat.com

ہو اور بنات ملے اسی کی طرف سفر کرنے کو کوئی مشرک کہے تو سوائے ان پانچ صورتوں کے اس کی کوئی اور صورت نہیں۔

چوتھی آیت قرآنی کہ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی نیت کر کے سفر کرنے کا منکر خداوند کریم کے نزدیک منافق ہے۔

(۴) النساء ۵/۶۱ { وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ۝

اور جب ان کو کہا جاتا ہے کہ قرآن مجید اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف آجاؤ دیکھیں گے آپ منافقوں کو کہ وہ پوری طرح آپ سے اعراض کرتے ہیں۔

"محمل عمی": اللہ تعالیٰ نے اس آیۃ کریمہ میں منافقوں کی یہ صفت بھی بیان فرمائی کہ زبانی اقرار کرنے والے ہیں کہ ہم مسلمان ہیں نماز بھی پڑھتے ہیں روزے بھی رکھتے ہیں حج زکوٰۃ بھی ادا کرتے ہیں لیکن باطن سے کھوٹے ہیں مسلمان نہیں کیونکہ جب ان کو دعوت دی جائے کہ قرآن کریم کے حکم کو تسلیم کرلو اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف آجاؤ خواہ تمہیں مشرق و جنوب و شمال سے کیوں نہ آنا پڑے تو یہ لوگ صاف انکار کر دیتے ہیں بلکہ منع کا فتویٰ دیتے ہیں اس آیۃ کریمہ سے ثابت ہوا کہ جو لوگ سفر کر کے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی حاضری سے منع کرتے ہیں مشرک کہتے ہیں وہ خداوند کریم کے نزدیک منافق ہیں جو قرآن کریم پر ایمان رکھتا ہے اسکا فرض ہے کہ وہ ایسے لوگوں کو منافق سمجھے مسلمان نہ سمجھے ان کو جو ایماندار سمجھے ان کی زبان پر اعتبار کرے وہ قرآن کریم کا منکر ہے خداوند کریم سے اس کا کوئی تعلق

marfat.com

نہیں فافہم۔

فرمان خداوندی کہ اللہ تعالےٰ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا بغیر اطاعت کے زبانی اقرار کرنا بے ایمانی کی علامت ہے

(۵) النور ۱۸/۶ { وَيَقُولُونَ آمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُولِ وَأَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيقٌ مِّنْهُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَمَا أُولٰئِكَ بِالْمُؤْمِنِينَ وَإِذَا دُعُوا إِلَى اللّٰهِ وَرَسُولِهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ إِذَا فَرِيقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُونَ ۝

اور لوگ کہتے ہیں کہ ہم اللہ تعالےٰ کے ساتھ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بھی ایمان رکھتے ہیں اور ہم مطیع بھی ہیں پھر ان سے ایک فرقہ بعد اس کے منہ پھیر لیتے ہیں یہ ایمان دار نہیں اور جب ان کو اللہ تعالےٰ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف دعوت دی جاتی ہے تاکہ ان کے آپ حکم بنیں بعض ان سے منہ پھیر جاتے ہیں۔

محمد عمر:۔ اللہ تعالےٰ نے اس آیۃ کریمہ میں غیر مقلدین وہابیوں کا پورا نقشہ کھینچ دیا ہے۔

اس آیت کریمہ میں اللہ تعالےٰ نے فرمایا کہ بعض لوگ

(۱) اقرار کرتے ہیں کہ ہم موحد ہیں خداوند تعالےٰ کو ماننے والے ہیں۔

(۲) اور اپنا ایمان نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بھی ظاہر کرتے ہیں بظاہر اہلحدیث کہلاتے ہیں۔

marfat.com

(۳) اور یہ بھی ظاہر کرتے ہیں کہ ہم اللہ تعالےٰ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کے قائل ہیں اور کسی امام اسلف صالحین اور اولیاء اللہ کے ہم مقلد نہیں ہیں۔

(۴) جب قرآن کریم یا حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پیش کرو تو صاف روگردانی کرتے ہیں۔

(۵) اللہ تعالےٰ نے ایسے لوگوں پر فتوی ثبت فرمایا ہے کہ وَمَا اُولٰئِکَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ کہ ایسے لوگ بے ایمان ہیں۔

(۶) پھر رب العزۃ نے ان کا ایک اور کفر ثابت فرمایا کہ جب ان کو کہا جائے۔ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف آجاؤ اور آپ کو ہی واحد حاکم تسلیم کرلو تو بھی منہ پھیر لیتے ہیں۔

اس آیۃ کریمہ میں اللہ تعالےٰ نے وہابیوں کا پول کھول دیا اور ان کا پورا نقشہ کھینچ دیا کہ ان لوگوں کا موحد کہلانا جھوٹ اہلحدیث کہلانا جھوٹ بغیر قرآن وحدیث کے اور کسی کی تقلید نہ کرنا جھوٹ کیونکہ جس کا کلمہ پڑھتے ہیں محمد رسول صلی اللہ علیہ وسلم ان کی طرف جانے کو ہی برا سمجھتے ہیں اور منع کرتے ہیں بلکہ سفر کرکے جانے کو شرک کہتے ہیں۔ بیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو شرک کا بہت بڑا ذریعہ کہتے ہیں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے یہ فرقہ بے ایمان ہے ایمان سے دور ہیں اب مسلمان ان لوگوں کے ایمان کا کیسے اعتبار کریں اور ان کو مسلمان کیسے سمجھیں۔ رب العزت نے اس فرقے کا پورا نقشہ کھینچ کر جڑ کاٹ دی ہے اب کوئی عقل وعلم سے بے بہرہ ہی ان کے جال میں پھنس سکتا ہے ذی شعور اہل علم اس فرقہ سے ضرور پہلو تہی کرتا ہے۔

marfat.com

چھٹی آیت قرآنی کہ مومنین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پیچھے نہیں ہٹ سکتے

(۶) التوبۃ ۱۱/۱۵ { وَمَا كَانَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِنَ الْأَعْرَابِ أَنْ يَتَخَلَّفُوا عَنْ رَسُولِ اللَّهِ وَلَا يَرْغَبُوا بِأَنْفُسِهِمْ عَنْ نَفْسِهِ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ لَا يُصِيبُهُمْ ظَمَأٌ وَلَا نَصَبٌ وَلَا مَخْمَصَةٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلَا يَطَئُونَ مَوْطِئًا يَغِيظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُونَ مِنْ عَدُوٍّ نَيْلًا إِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهِ عَمَلٌ صَالِحٌ إِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ۝

مدینے اور چوفیرے (تمام زمین) والوں کے لئے یہ لائق نہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پیچھے بیٹھیں اور نہ وہ مرغوب سمجھیں اپنے نفسوں کو اس کے نفس سے کیونکہ مدینے شریف اور چوفیرے والے جو آتے ہیں) ان کو جو پیاس تکلیف اور بھوک اللہ تعالیٰ کے راستے میں پہنچتی ہے اور جس راستے وہ چلتے ہیں جس سے منکرین جلتے ہیں اور دشمن سے جو ان کو مال غنیمت ملتا ہے ان کے لئے ہر ایک کا عمل صالح لکھا جاتا ہے بے شک اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کا ثواب ضائع نہیں کرتا۔

محمد عمر: (۱) اس آیۃ کریمہ میں مدینے شریف والوں کو شہری فرمایا ہے باقی سب کو گنوار فرمایا ثابت ہوا کہ مدینے شریف والے شہری ہیں ان کے سامنے باقی سب گنوار ہیں۔

(۲) وَمَنْ حَوْلَهُمْ سے مراد تمام روئے زمین والے مراد ہیں جیسا کہ لِتُنْذِرَ أُمَّ الْقُرَىٰ وَمَنْ حَوْلَهَا میں تمام روئے زمین والے مراد ہیں یعنی

marfat.com

(۳) مدینہ طیبہ والوں کو بھی اور تمام روئے زمین والوں کو حکم خداوندی جاری ہوا کہ کوئی شخص مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی حاضری سے پیچھے نہ رہ جائے۔

(۴) اور مدینہ طیبہ اور تمام روئے زمین والے محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات سے اپنی ذات کو بہتر نہ سمجھیں اس لئے کہ

(۵) دربار رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم کی حاضری میں جو ان کو تکلیف بھوک اور پیاس پہنچے گی وہ اللہ تعالےٰ کے راستے میں شمار ہوگی جیسا کہ مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ میں اطاعت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اللہ تعالےٰ کی اطاعت سمجھی جاتی ہے مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف آنے والا اللہ تعالےٰ کی طرف آتا ہے ایسے ہی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف آپ کے راستے میں چلنے والا اللہ تعالیٰ کے راستے کی طرف چل رہا ہے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سفر کرنے والا فَفِرُّوْا اِلَى اللّٰهِ پر عمل کر رہا ہے۔

(۶) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے راستے کی طرف عقیدتمند چلنے والا چلتا ہے منکرین وہابیین کو بغض وکینے سے جلا رہا ہے تو اس کو ایک ایک قدم چلنے کی نیکی کا ثواب اللہ تعالےٰ کی طرف سے ملتا ہے۔ اور اس دربار رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف چل کر جو اس کو مال غنیمت بھی مل جائے (نجدی وغیرہ کا) تو ان سب کا ثواب اللہ تعالےٰ کی طرف سے ضرور ملتا ہے۔ دربار رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم میں پہنچنے والے اور کسی دشمن وہابی کے روکنے سے نہ رکنے والے کے ثواب کو اللہ تعالےٰ کبھی ضائع نہیں کر سکتا یہ ہے ہمارے

marfat.com

محبوب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف جانے والے کو ثواب اللہ تعالےٰ کی طرف سے ہے۔

(ھ) مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سفر کرنے کا سفر خدا اللہ تعالےٰ کے لئے ہے۔

اس آیۃ کریمہ سے چند احکامات کا فیصلہ ہو گیا

(ا) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کیطرف صاحب توفیق کو سفر کر کے جانا حکم خداوندی ہے

(ب) دربار رسالت صلے اللہ علیہ وسلم سے پیچھے ہٹنے والا اور ہٹانے والا منکر و مکذب قرآن کریم ہے۔

(ج) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف جانے سے راستے میں جو تکلیف ہو گی اُس کا اس کا ثواب اللہ تعالےٰ کی طرف سے ضرور ملے گا بلکہ ایک ایک قدم کا درجہ رب العزت کی طرف سے حاصل ہو گا یہ ثواب ضائع نہ ہونے کا وعدہ رب العزۃ نے پہلے ہی کر دیا ہے۔

(د) نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنی ذات میں یا کسی صفت میں کم سمجھنے والا اسلام سے خارج ہے جیسا کہ وہابی غیر مقلد اور وہابی دیوبندی سمجھتا ہے۔

(ر) اللہ تعالےٰ نے اس آیۃ کریمہ میں یہ بھی واضح فرما دیا کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف جانے والے کو جو ثواب اللہ تعالےٰ کی طرف سے حاصل ہوتا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سفر کر کے جانے والے کو دیکھ کر جس کا جلنے والا حسد و بغض کی آگ میں جلتا ہے وہ کافر ہے یہاں دنیا میں بھی جلتا ہے قبر و حشر میں جہنم کی آگ میں جلے گا۔

(س) محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی نیت سے سفر کر کے جانا عمل صالح ہے مصطفےٰ

marfat.com

صلے اللہ علیہ وسلم کے مسافر کے ان اعمال صالحہ کا ثواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ضرور ملے گا گا۔ نہیں منع نہیں شرک نہیں اس عمل صالحہ کو شرک کہنے والا منع کرنے والا منکر و کذب قرآن کریم ہے۔

(ص) دربار رسالت صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف جانے والے مسافر کو اگر کسی کافر و منکر کا مال مل جائے تو وہ مال غنیمت ہے اس کے لئے حلال ہے کیونکہ عمل صالح کے ماتحت حاصل ہوا ہے جائز ہے۔

اس آیۃ میں رب العزت نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی حاضری کے لئے سفر کر کے جانے والے کو تسلی دی اور اس کا اجر تحریری لکھ دیا تاکہ باطل کے روکنے سے آپ کا کوئی مومن رک نہ جائے۔

اور وہابیو! مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سفر کر کے جانے والے کو مشرک کہنے والو رب العزت تو فرمایا لَا یَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے نفس کو اپنے نفسوں سے کم و بھجو اور تم صنم اکبر کہو کیا تمہارا فرقات مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر ایمان رکھنے والا ہے یا منکر رسالت ہے؟ یہ فیصلہ تم پہ ڈالتا ہوں اب تم سوچو کہ تم کون ہو؟

ساتویں آیت قرآنی کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف جانے کا سفر خرچ باعث اجر عظیم اور قرب خداوندی ہے

(۷) التوبہ ۱۱/۱۲ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ یُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَیَتَّخِذُ مَا یُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ

marfat.com

الرَّسُوْلِ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔

اور بعض دیہاتیوں سے ایسا شخص بھی ہے جو اللہ تعالیٰ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے اور جو خرچ کرتا ہے اس کو اللہ تعالیٰ کی قربت اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی دعا کا ذریعہ سمجھتا ہے یاد رکھو اس کا خرچ کرنا ان کو اللہ تعالیٰ کے قریب کر دے گا اور اللہ تعالیٰ اپنی رحمت میں ان کو داخل کرے گا بے شک اللہ تعالیٰ بخشنے والا بڑا رحم کرنے والا ہے۔

تحلیل عمل (۱) اس آیۃ کریمہ سے واضح ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے قرب کے لئے جو خرچ کیا جائے یہ ایماندار کی علامت ہے اور اس خرچ سے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل ہو جاتا ہے۔

(۲) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف آپ کی دعا کے لئے جو خرچ کیا جائے ایسا شخص مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی دعا کا مستحق ہے۔ اور اس کو اللہ تعالیٰ کا قرب بھی حاصل ہو جاتا ہے۔

(۳) اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو اپنی رحمت میں ڈھانپ لیتا ہے اور گناہوں کو معاف کر دیتا ہے۔

(۴) قرآن کریم کی اس آیۃ کریمہ کے رو سے دربار مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی حاضری کے لئے خرچ کرنا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے فائدہ پہنچنے کی غرض سے اللہ تعالیٰ کے ہاں سے ضرور قرب ہوتا ہے شرک نہیں گناہ نہیں۔

---

marfat.com

آٹھویں آیت قرآنی کہ مسلمان مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے روگردانی نہ کریں

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے اعراض کرنے کی ایمانداروں کو خدائی ممانعت

(۸) الاعراف ۹/۳ { یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْہُ وَاَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ۔

اے ایمان والو! اللہ تعالےٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرو اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اعراض نہ کرو حالانکہ تم سنتے ہو۔

محمد ع ۲ ۔ اس آیۃ کریمہ میں اللہ تعالےٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اعراض کرنے سے ایمانداروں کو ممانعت کر دی ہے اور جو وہاں جانے سے روکے وہ کذب قرآن کریم ہے۔

(۱) ثابت ہوا کہ جو شخص رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے روگردانی کرے سفر کر کے جانے سے منع کرے وہ اللہ تعالےٰ سے بھی روگردان ہے۔

(۲) اللہ تعالےٰ نے وَلَا تَوَلَّوْا عَنْہُ سے حکم جاری فرمایا کہ تم اے مسلمانو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے روگردانی نہیں کر سکتے ورنہ تم صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ میں شامل ہو۔

(۳) وَلَا تَوَلَّوْا عَنْہُ یہاں تک تاکید کر دی کہ ہم کسی جگہ بھی ہوں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف پشت نہیں کر سکتے آپ خواہ زمین کے اوپر ہوں گنبد اخضرا میں ہوں وَلَا تَوَلَّوْا عَنْہُ پر عمل کرنا خداوندی غرض ہے۔

marfat.com

نویں آیت قرآنی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سفر کرکے پہنچنے سے منع کرکے ابلیس اپنا وعدہ پورا کر رہا ہے،

(۹) الاعراف ۲ } قَالَ فَبِمَا أَغْوَيْتَنِي لَأَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيمَ ۝ ثُمَّ لَآتِيَنَّهُمْ مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ أَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَائِلِهِمْ وَلَا تَجِدُ أَكْثَرَهُمْ شَاكِرِينَ قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُومًا مَدْحُورًا لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكُمْ أَجْمَعِينَ ۝

ابلیس نے کہا کہ یا اللہ تو نے مجھے گمراہ قرار دے دیا ہے میں قسم کھاتا ہوں کہ میں آدم علیہ السلام کی اولاد کے صراط مستقیم پر ان کی راہزنی کروں گا پھر ان کو آگے سے روکوں گا ان کے پیچھے، دائیں اور بائیں سے روکوں گا ان کی اکثریت کو تو شکر کرنے والے نہ پائے گا اللہ تعالیٰ نے فرمایا ذلیل راندے ہوئے آسمانوں سے نکل جا جس شخص نے ان سے تیری تابعداری کی تم تمام سے جہنم کو ضرور پُر کروں گا۔

تحمل عمر شیطان نے جب حضرت آدم علیہ السلام کی خدا کے فرمان کے موافق عزت دی اللہ تعالیٰ نے اس کو گمراہ اور کفر کا فتویٰ لگا کر جنت سے نکلنے کا حکم صادر فرما دیا پھر ابلیس نے قیامت تک عمر بڑھانے کی اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی اللہ تعالیٰ نے وہ قبول فرمالی تو اس نے کہا کہ یا اللہ تو نے مجھے گمراہی اور کفر کا فتویٰ تو دے دیا ہے لیکن مجھے قسم ہے کہ میں ان کو گمراہ کرنے کے لئے تیرے صراط مستقیم پر بیٹھ جاؤں گا اور چاروں طرف سے گھیرے میں لے لوں گا اور آدم علیہ السلام کی زیادہ

marfat.com

اولاد تیری شکر گزاری کی طرف نہ جا سکیں گے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا میرا کیا بگاڑ لوگے جو تیری اتباع کرے گا یعنی جیسا کہ تو نبی اللہ کی طرف گیا ہی نہیں تجھے اور تیرے پیروکاروں کو جہنم میں بھر دوں گا۔ اب قرآن کریم سے بیان کرتا ہوں کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سفر کرکے جانا یہی صراط مستقیم ہے۔

دسویں آیت قرآنی کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سفر کرنا صراط مستقیم پر چلنا ہے

(۱۰) الانعام ۸/۱۹ { وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِیْ مُسْتَقِیْمًا فَاتَّبِعُوْهُ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِیْلِهٖ۔

اور بے شک یہ میرا راستہ صراط مستقیم ہے اس کی اتباع کرو باقی راستوں کے پیچھے نہ لگو تمہیں وہ صراط مستقیم سے دور کر دیں گے۔

نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا راستہ صراط مستقیم ہے

یوسف ۱۳/۱۲ { قُلْ هٰذِهٖ سَبِیْلِیْ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ عَلٰى بَصِیْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِیْ

فرما دیجئے یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یہی میرا راستہ ہے میں اللہ تعالیٰ کی طرف بلاتا ہوں میں اور میرے تابعدار بصیرت پر ہیں۔

اس آیت کریمہ میں رب العزۃ نے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو فرمایا کہ آپ لوگوں کو فرما دیں کہ یہ میرا راستہ ہی صراط مستقیم راستہ ہے اور یہی راستہ خداوند کریم تک پہنچاتا ہے اور جو میرے متبعین ہیں وہ بھی صراط مستقیم پر ہیں میں اور میرے متبعین نے بصیرت سے اس راستے کو قبول کیا ہے۔

جو راستہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف جاتا ہے وہ صراط مستقیم ہے اور شیطان نے وعدہ کیا ہے لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِیْمَ کہ یا اللہ میں آدم علیہ السلام

marfat.com

کی اولاد کے راستے کو روک کر بیٹھوں گا۔ جو صراط مستقیم کی طرف آئے گا اس کو روک دوں گا اور محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا راستہ اور دوسرے قرآن کریم صراط مستقیم ہے تو جو شخص سفر مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے روکتا ہے اور شرک کہتا ہے تو وہ قرآن شیطان کا تعویذ رکھنے والا کہہ سکتا ہے دوسرے کا کام نہیں۔

مسلمانو! یاد رکھو صراط مستقیم مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سفر کرنے والا راستہ ہے جو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سفر کرنے کو شرک کہے وہ ابلیس کی ڈیوٹی لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيمَ ادا کر رہا ہے جس کے متعلق رب العزت نے فرمایا لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ کہ اے ابلیس تم سے اور تیرے پیروکاروں سے جہنم کو میں بھر پور کروں گا۔ لہٰذا مسلمانو! فرقہ وہابیہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے سفر کے روکنے والے کی پیروی نہ کرنا تاکہ ان کی اقتدا میں تم بھی وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ والے مقام میں نہ پہنچ جانا۔

گیارھویں آیت قرآنی کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے دوری پسند کرنے والا قیامت کے دن پچھتائے گا:

(۱۱) الفرقان ۱۵/۱۲ { وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِيْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا لَقَدْ اَضَلَّنِيْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِيْ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ۝

قیامت کے دن ظالم اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے دانتوں سے کاٹے گا کہے گا کاش

marfat.com

میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا راستہ قبول کرتا اے میری ہلاکت
کاش میں فلاں شخص کو دوست نہ بناتا یقیناً اس نے مجھے ذکر سے گمراہ
کر دیا بعد اس کے کہ وہ میرے پاس آیا شیطان انسان کو ذلیل کرنے والا ہے

محمد عمر: وہابیو! اب بھی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا راستہ اختیار کرو تاکہ تمہیں قیامت کے دن ہاتھ نہ کاٹنے پڑیں جو لوگ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے راستے کو ترک کریں گے قیامت کے دن وہ اپنے دونوں ہاتھ کاٹ کر کہیں گے کہ ہائے ہماری ہلاکت ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا راستہ اختیار کر لیتے تو آج ذلیل نہ ہوتے پھر افسوس سے کہیں گے کہ ہم نے فلاں شخص کو دوست بنا لیا اس نے ہمیں ذکر سے گمراہ کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی صفت ایک قَدْ اَنْزَلَ اللّٰہُ اِلَیْکُمْ ذِکْرًا رَسُوْلًا بھی قرآن پاک میں مذکور ہے تو قیامت کے دن ہاتھ کاٹ کاٹ کر افسوس کرنے والا کہے گا کہ میں نے فلاں شخص کو دوست بنا لیا اللہ تعالےٰ نے ہماری طرف ذِکْرًا رَسُوْلًا بھیجا مجھے اس دوست نے جانے سے روک دیا کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی محبت کر کے جانا شرک ہے میں شرک سے ڈر کے مارے نہ گیا مجھے کیا خبر تھی کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف پہنچنا ہی صراط مستقیم پر جانا ہے اگر دنیا میں میں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس چلا جاتا تو کبھی گمراہ نہ ہوتا تو اس آیۃ کریمہ سے ثابت ہوا کہ جو لوگ در بار مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے محروم ہیں وہ صراط مستقیم سے محروم ہیں۔ جو صراط مستقیم سے محروم وہ گمراہ ہے۔ اور یہ لوگ قیامت کے دن اپنے ہاتھ کاٹیں گے لیکن ان کو اس وقت یہ افسوس فائدہ نہ دے گا جس نے توبہ کرنی ہو آج دنیا میں کر لے۔

marfat.com

وہابیو! بقانون خداوندی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف جاؤ اور خواب بھی گمراہی سے بچ جاؤ گے ورنہ تمہاری دنیا بھی برباد اور عقبیٰ بھی خراب ہو جائے گی۔

غیر مقلدین وہابیوں کی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے مخالفت کے اسباب

(۱) مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے چونکہ وہابیوں کے اعمال و اشکال کی پوری وضاحت فرما دی ہے۔ یہ آپ کے علم غیب کی بڑی بھاری دلیل ہے۔ وہابی نے آپ کے علم غیب کا ہی انکار کر دیا اور اسی بنا پر کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہمارا پول مسلمانوں کو پہلے ہی کیوں بیان فرما دیا آپ کی طرف جانے سے ہی مسلمانوں کو شرک کہہ کر روکتے ہیں تاکہ ہمارے کہنے سے جو ہمارے جال میں پھنسا ہوا ہے وہ دربار مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم میں جا کر کہیں توبہ نہ کر بیٹھے تو ہمارے فرقے میں کمی ہو جائے گی۔

(۲) یا یہ سبب ہے کہ عقیدۃً نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دشمن ہیں اور مسلمانوں کو گمراہ کرنے اور دھوکہ دینے کے لئے اسلام میں داخل ہو گئے ہیں اور اس دلی عناد کی وجہ سے مسلمان خلامی کرنے والوں کو اپنے آقا محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سفر کر کے جانے والے کو روکتے ہیں کہ مبادا ان لوگوں کو وہاں جا کر نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے اُنس ہو جائے گا تو یہ لوگ اطاعت میں مخلص بن کر ہم سے بیعت لے جائیں گے اور پھر وہاں پہنچ گئے تو بفرمان خداوندی وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا گناہوں سے پاک ہو جائیں گے کیوں نہ ہو ان کو محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے

marfat.com

دربار عالیہ سے ہی روکا جائے تو یہ لوگ گناہوں میں ترقی کرتے کرتے اسلام سے خالی ہو کر ہماری پارٹی کو مضبوط بنائیں گے بظاہر کلمہ گو نظر آئیں گے لیکن اندر سے باغی اسلام سے دور رہ کر دوسرے مسلمانوں کو بھی گمراہ کرنے میں ہمارے امدادی بنیں گے۔

(۳) یا یہ وجہ ہے کہ چونکہ یہ لوگ رجس اور خبیث خوراک کے عادی ہیں اور ظاہری نجاست کو بھی پسند کرتے ہیں اس لئے محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم خود ان لوگوں کو قریب نہیں بھٹکنے دیتے تو یہ بیچارے مجبوراً شرک کے فتوی دے کر اپنی شرمساری ٹالتے ہیں۔ جیسا کہ ارشاد الٰہی ہے۔ الشعراء ۱۹/۱۱ } فَإِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ إِنِّي بَرِيءٌ مِّمَّا تَعْمَلُونَ تو اگر وہ آپ کی نافرمانی کریں تو آپ فرما دیجئے کہ میں تمہارے اعمال سے بیزار ہوں۔

(۴) یہ لوگ نجدی کے راتب خوار ہیں اور نجدی کو چونکہ نسبتی عداوت ہے۔ اس لئے اگر یہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ایسے عنادی عقائد نہ رکھیں اور مسلمانوں کو دربار مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے نہ روکیں تو ان کا راتب بند ہوتا ہے۔ اس لئے انہوں نے فتوی صادر کیا ہے کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی نیت کر کے سفر کرنا گناہ ہے شرک ہے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہاں سے پکارنے تام لینے یاد آوری کو شرک کہدیا اور سفر کر کے وہاں جانے سے بھی روک دیا۔ درود شریف پڑھیں تو وہ بھی ان کے مذہب میں بدعت، مسلمانو! اب تم سوچو کہ وہابیوں کو ہمارے آقا محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے دشمنی ہے یا محبت؟ محبت ہو تو اطاعت ہو سکتی ہے دشمنی سے اطاعت ممکن ہی نہیں محبت اور تعریف لازم و ملزوم کا تعلق رکھتے ہیں عناد اور عیب جوئی لازم و ملزوم

marfat.com

ہیں قرآنی فیصلہ بھی تم نے سن لیا اور ان کا عقیدہ بھی سن لیا اب فیصلہ تم پر ہے کہ تم کون ہو؟ اور تم نے کس طرف جانا ہے اور کونسا راستہ صراط مستقیم کہلا سکتا ہے اور تم کس مسلک پر چل کر صراط مستقیم پر گامزن ہو سکتے ہو؟

سانپ کس طرح ظاہراً خوشنما ہے لیکن اس کو قریب جانے سے موت کے گھاٹ اتار دیتا ہے سانپ کے ڈسنے کا علاج ممکن ہے وہابی کا کٹا ہوا جہنم کے در سے رک سکتا ہی نہیں وہابی ظاہراً کیسا صوفی اور متقی نظر آتا ہے لیکن اس کے قریب جانے سے نہ کسی کا اتقا باقی رہتا ہے نہ ایمان وَقَانَا اللّٰہُ مِنْھُمْ وَمِنْ کُلِّ غِنْھِمْ ایسے مذاہب صرف ایمان سے محرومی کے ذرائع ہیں جن سے مسلمانوں کو اجتناب فرض ہے

فیصلہ خداوندی

خداوند کریم کے نزدیک محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا دشمن انسان ہو یا جن شیطان ہے

۱۔ الانعام ۸/۱۴ } وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ۝

اور اسی طرح ہم نے ہر نبی اللہ کے دشمن کو انسان ہو جن شیطان قرار دے دیا ہے جن کا بعض ایک دوسرے کو بناوٹی مسائل بتاتا ہے۔

اس آیۃ کریمہ میں اللہ تعالےٰ نے نبی علیہ الصلاۃ والسلام کے دشمن کو انسان ہو یا جن شیطان ہونے کا فتویٰ جڑ دیا ہے اب تم وہابی محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہر بات میں عناد رکھتے ہو اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم سے عناد رکھنے والے انسانوں کو بھی اللہ تعالےٰ نے شیطان

marfat.com

دربار عالیہ سے ہی روکا جائے تو یہ لوگ گناہوں میں ترقی کرتے کرتے اسلام سے خالی ہو کر ہماری پارٹی کو مضبوط بنائیں گے بظاہر کلمہ گو نظر آئیں گے لیکن اندر سے بالی اسلام سے دور رہ کر دوسرے مسلمانوں کو بھی گمراہ کرنے میں ہمارے امدادی بنیں گے۔

(۳) یا یہ وجہ ہے کہ چونکہ یہ لوگ رجس اور خبیث خوراک کے عادی ہیں اور ظاہری نجاست کو بھی پسند کرتے ہیں اس لئے محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم خود ان لوگوں کو قریب نہیں بھٹکنے دیتے تو یہ بیچارے مجبوراً شرک کے فتوی دے کر اپنی شرمساری ٹالتے ہیں۔ جیسا کہ ارشاد الٰہی ہے (الشعراء ۱۹/۱۱) فَإِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ إِنِّي بَرِيءٌ مِّمَّا تَعْمَلُونَ کہ اگر وہ آپ کی نافرمانی کریں تو آپ فرما دیجئے کہ میں تمہارے اعمال سے بیزار ہوں۔

(۴) یہ لوگ نجدی کے راتب خوار ہیں اور نجدی کو چونکہ نسبتی عداوت ہے۔ اس لئے اگر یہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ایسے عنادی عقائد نہ رکھیں اور مسلمانوں کو دربار مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے نہ روکیں تو ان کا راتب بند ہوتا ہے۔ اس لئے انہوں نے فتوی صادر کیا ہے کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی نیت کر کے سفر کرنا گناہ ہے شرک ہے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہاں سے پکارنے تم لینے یاد آوری کو شرک کہدیا اور سفر کر کے وہاں جانے سے بھی روک دیا۔ درود شریف پڑھیں تو وہ بھی ان کے مذہب میں بدعت، مسلمانو! اب تم سوچو کہ وہابیوں کو ہمارے آقا محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے دشمنی ہے یا محبت؟ محبت ہو تو اطاعت ہو سکتی ہے دشمنی سے اطاعت ممکن ہی نہیں محبت اور تعریف لازم و ملزوم کا تعلق رکھتے ہیں عناد اور عیب جوئی لازم و ملزوم

marfat.com

مِنْهَا الْاَذَلَّ معززین مدینہ (کفار) محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں رہنے والے پہنچنے والے ذلیلوں کو نکال دیں گے۔ کفار نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضری دینے والوں کو ذلیل سمجھتے اور خود معزز بنتے اور تم ان سے بھی ترقی کر گئے کہ جو مسلمان دربار رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم میں حاضری دینے والے ہیں ان کو مشرک سمجھتے ہو اور اپنے عقائد رکھنے والوں کو موحد سمجھتے ہو۔

محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے دشمن وہابیوں کا حال قیامت میں

۲۔ الفرقان ۱۹/۳ { اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا ۝

وہ لوگ منہ کے بل جہنم میں اکٹھے کئے جائینگے انہی لوگوں کا مکان بھی برا اور راستے سے بہت بھٹکے ہوئے ہیں۔

چونکہ تم لوگ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی مخالفت زبانی زیادہ کرتے تھے اس لئے اللہ تعالےٰ تمہیں منہ کے بل اوندھے چلا کر جہنم کی طرف بھیجے گا اور اللہ تعالےٰ نے یہ بھی ثابت کر دیا کہ ان لوگوں کے پاس بھی نہ جانا کیونکہ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا ان کی جائے رہائش مجلس بری ہے اور بری مجلس سے پرہیز لازمی ہے اور ان کے ظاہری حلیوں کو دیکھ کر بھی نہ دھوکہ کھانا کیونکہ اللہ تعالےٰ نے اس سے بھی مسلمان کو بچایا ہے وَلَا تُطِعْ اَجْسَامَهُمْ کیونکہ اضل سبیلا ہیں یہ تو بفرمان خداوندی صراط مستقیم سے بہت دور بھٹکے پھر رہے ہیں مسلمانو فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ یاد رکھو اے وہابیو! دشمنان محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت

marfat.com

فرمایا ہے اب تم سوچو کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے عناد رکھ کر تم کون ہو؟ نجدی کو اپنی مخالفت کی بنا پر محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قرن شیطان فرمایا اور اللہ تعالےٰ نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کی بنا پر شیطان فرمادیا کند ہجنس باہجنس پرواز شیطان اور قرن شیطن کا جوڑ خوب ہو گیا۔

محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا دشمن خداوند کریم کا مجرم ہے

۲۔ الفرقان ۱۹/۳۱ { وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا ۝

اور ہم نے اسی طرح مجرموں کو ہر نبی اللہ کا دشمن قرار دے دیا اور یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آپ کا رب ہدایت دینے والا اور مدد دینے والا کافی ہے

یعنی جب اللہ تعالےٰ نبی اللہ کے دشمنوں کو ہدایت نہیں دیتا اور مدد نہیں فرماتا تو وہ ہدایت سے محروم ہیں کیونکہ وہ نبی علیہ السلام کی عداوت سے باز نہیں آتے خداوند کریم کے نزدیک وہ مجرمین ہیں مجرمین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہدایت و مدد خداوندی سے بھی محروم ہیں۔ دربار خداوندی میں اپنی حاجتوں کا سوال بھی نہیں کر سکتے۔ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مخالفت کے جرم میں خداوند تعالےٰ سے ہدایت کا سوال بھی نہیں کر سکتے نہ اِدھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے۔ نہ خدا ہی ملا نہ وصال صنم کے مصداق ہیں۔

کفار بھی دربار رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم میں حاضری دینے والوں کو ذلیل سمجھتے تھے اور وہاں سے نکالنے کی کوشش کرتے جیسا کہ قرآن کریم میں مذکور ہے لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ

marfat.com

فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ اللہ پاک نے محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو پہلے رات کو مسجد حرام سے سیر کرانے کے لئے مسجد اقصیٰ کی طرف کا سفر شروع کرایا راستے میں لِکُوْبَۃُ بْنُ آیَا بِنَا کے فیصلے کے موافق پہلے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر شریف کی زیارت کرائی جیسا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا سفر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر کی زیارۃ کے لئے

نسائی شریف ۱/۲۴۲/۲۴۳

اخبرنا محمد بن علی بن حرب قال حدثنا معاذ بن خالد قال اخبرنا حماد بن سلمۃ عن سلیمان التیمی عن ثابت عن انس بن مالک اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ اُتِیْتُ لَیْلَۃَ اُسْرِیَ بِیْ عَلٰی مُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ عِنْدَ الْکَثِیْبِ الْاَحْمَرِ وَھُوَ قَائِمٌ یُصَلِّیْ فِیْ قَبْرِہٖ۔

انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ معراج کی رات مجھے ایک سرخ ٹیلے کے پاس حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر پر لایا گیا اس وقت وہ اپنی قبر میں نماز ادا فرما رہے تھے۔

محمد عمر: امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے ۲ سندوں سے اس حدیث شریف کو مرفوع ثابت کیا ہے۔ بتاؤ وہابیو! اللہ تعالےٰ وحدہٗ لاشریک نے اہل قبر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر شریف کی طرف مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو سفر کرا کر سیر کرائی اللہ تعالےٰ پر کیا فتویٰ لگاؤ گے۔ اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم جو صاحب قبر کے لئے سفر کر کے تشریف لے جا رہے تھے کیا فتویٰ جڑو گے یہ اقرار کرنا پڑے گا کہ قبروں کی طرف سفر کر کے جانا سنت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم

marfat.com

حالیہ میں حاضری دینے والوں کو مشرک اور بدعتی نہ کہو ابن تیمیہ سے آج تک تمام مسلمانوں کو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی حاضری سے شرک کے فتوی لگا لگا کر روک رہے ہے سوائے تمہارے چند وہابیوں کے حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی حاضری میں کوئی فرق نہیں آیا اگر ایک وہابی بن کر دربار رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم سے محروم رہتا ہے تو اللہ تعالےٰ مسلمانوں کو بجائے ایک کے حاضری دینے والے میلیوں پیدا فرما دیتا ہے بھی دیتا ہے۔

فقیر اب قرآن کریم سے ثابت کرتا ہے۔ کہ دور دور سے اہل قبور انبیاء علیہم السلام اور مقامات مقدسہ اور قبروں کی طرف سفر کر کے جانا سنت اللہ اور سنت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہے۔

اصل قبور کے لئے سفر کر کے جانا قرآن مجید میں سُنت اللہ ہے

۱۱۔ بنی اسرائیل ۱۵/۱ { سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَی الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَہٗ لِنُرِیَہٗ مِنْ اٰیٰتِنَا اِنَّہٗ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

وہ اللہ تعالےٰ پاک ہے۔ جس نے اپنے نوری بندے کو مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک رات کے وقت سیر کرائی وہی پاک ذات ہے۔ جس نے مسجد اقصیٰ کے چوفیرے کو بابرکت بنا دیا تاکہ ہم مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنے متبرک آدمی اور مقامات کی زیارت کرائیں بے شک مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم بڑے سننے والے بہت بڑے جاننے والے ہیں۔

"محمد عمر" اس آیۃ کریمہ میں رب العزۃ نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے معراج شریف کی ابتدا

marfat.com

کہ معراج کی رات میرے لئے براق لایا گیا آگے فرمایا فَرَكِبْتُهُ میں نے اس پر سواری کی آگے فرمایا حَتّٰى اَتَيْتُ بَيْتَ الْمُقَدَّسِ براق پر سواری کر کے میں بیت المقدس پہنچا۔ کیوں جی وہابیو اب بتاؤ اہل قبور انبیاء علیہم السلام کی زیارت کے لئے براق پر سواری کر کے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو اتنا لمبا سفر طے کرانا یعنی تیز سے تیز سواری پر رب العزۃ نے سفر طے کرا کر اپنے مقامات مقدسہ کی زیارت کرائی اور پھر اہل قبور انبیاء علیہم کی زیارۃ کرائی پہلے مقامات مقدسہ کی زیارت کا ذکر حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کرتا ہوں سنیئے۔

معراج شریف کے سفر میں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو مقامات مقدسہ کی زیارت کرائی گئی

نسائی شریف ۱/۷۸ قَالَ اَنْزِلْ فَصَلِّ فَصَلَّيْتُ فَقَالَ اَتَدْرِيْ اَيْنَ صَلَّيْتَ صَلَّيْتَ بِطُوْرِ سَيْنَا حَيْثُ كَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَام ثُمَّ قَالَ اَنْزِلْ فَصَلِّ فَصَلَّيْتُ قَالَ اَتَدْرِيْ اَيْنَ صَلَّيْتَ صَلَّيْتَ بِبَيْتِ لَحْمٍ حَيْثُ وُلِدَ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَام۔

جبرئیل علیہ السلام نے فرمایا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اترئیے نماز پڑھیئے تو نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے نوافل پڑھے پھر فرمایا کہ جہاں آپ نے نماز پڑھی ہے آپ جانتے ہیں یہ کونسا مقام ہے یہ طور سینا ہے جہاں اللہ تعالےٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کلام کی (پھر آپ براق پر سوار ہوئے اور چلے) پھر فرمایا اترئیے نماز پڑھیئے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے اتر کر نوافل ادا کئے) فرمایا فَصَلَّيْتُ پھر میں نے نماز پڑھی تو جبرئیل علیہ السلام نے کہا حضور آپ کو

marfat.com

ہے اور سنت اللہ ہے۔ شرک کہنے والا منکر قرآن کریم ہے۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم مسجد اقصیٰ تشریف لے گئے تو وہاں بھی اہل قبور ہی تھے انبیاء علیہم السلام اہل قبور وہاں جمع تھے من المسجد الحرام کے فرمان سے مسجد حرام سے سفر کرکے الی المسجد الاقصیٰ منتہی سفر مسجد اقصیٰ فرمایا جہاں ایک لاکھ چوبیس ہزار اہل قبور پیغمبروں کا اجتماع تھا اللہ تعالےٰ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو بواسطہ جبرئیل علیہ السلام و دیگر ملائکہ اتنی مسافت طے کرا کر اہل قبور کی زیارۃ کے لئے لے گیا تاکہ اہل قبور کی طرف دُور دُور سے سفر کرکے جانا سنت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور سنت ملائکہ ثابت ہو جائے خداوند تعالےٰ نے فرمایا اُسریٰ اللہ تعالےٰ نے آپ کو یہ سفر طے کرایا تاکہ اہل قبور کی طرف سفر کرکے جانا سُنت اللہ بھی ثابت ہو جائے۔

بولو وہابیو تم کہتے ہو کہ ایک نبی اللہ کی طرف دور دور سے سفر کرکے جانا شرک ہے۔ اللہ تعالےٰ نے تمہارا خوب شرک توڑا کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار اہل قبور پیغمبروں کی طرف براق پر اتنی دور سے سفر کرکے سیر کرائی تاکہ ثابت ہو جائے کہ حزب اللہ اہل قبور کی طرف سفر کرنا خدائی، نبوی اور ملکی سفر پاک ہے ہاں البتہ ابلیس کی وہاں تک نہ رسائی ہے اور نہ ہی ممکن ہے اس لحاظ سے تمہیں دکھ ہو تو کوئی مضائقہ نہیں اب حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کر دیتا ہوں۔

مسلم شریف ۱/۹۱ عن انس بن مالک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اُتیتُ بالبُراق انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

marfat.com

رب العزت نے سفر بعید طے کرا کر مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو تمام انبیاء علیہم السلام اہل قبور کی زیارت کرائی۔

مسلم شریف ۹۶ } مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ وَقَدْ رَأَيْتُنِي فِي جَمَاعَةٍ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ مجھے تمام انبیاء علیہم السلام کی جماعت کی زیارت کرائی گئی آگے فرمایا فَأَمَمْتُهُمْ میں نے ان کو جماعت کرائی۔

تو ان احادیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو رب العزت نے تیز سے تیز اور بہترین سواری براق پر سوار کرا کے تمام اہل قبور انبیاء علیہم السلام کی زیارۃ کرائی پھر اللہ تعالےٰ کا فرمان لَقَدْ رَأَىٰ مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَىٰ یقیناً مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کے بڑے بڑے نشانات دیکھے اور اس سفر میں وہ مقامات مقدسہ اور انبیاء علیہم السلام تھے۔

او وہابیو! قرآن کریم اور احادیث صحیحہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہو گیا کہ دور دور سے سفر کر کے انبیاء علیہم السلام اور اولیاء اللہ کی قبور اور مقامات مقدسہ کی زیارۃ کو جانا سنت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ہے تم وہابی بھی مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا کی سنت سے اعراض کر کے اسلام، قرآن اور حدیث سے دور افتادہ اکابرین کو ترک کر کے قرآن کریم و احادیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے موافق اپنا عقیدہ درست کر لو اور گنبد خضرا اور اہل اللہ کے مقامات مقدسہ کا سفر کر کے پہنچو تا ان کی نگاہ سے تمہارا ایمان درست ہو جائے اور فرمان خداوندی أَوَلَوْ كَانَ آبَاؤُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ شَيْئًا وَلَا يَهْتَدُونَ صحیح سمجھ کر اپنے اکابرین سے

marfat.com

معلوم ہے کہ یہ کونسا مقام ہے جہاں آپ نے نماز پڑھی یہ بیت لحم ہے۔
یہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت ہوئی تھی۔

۱۔ اس حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوا کہ مقامات مقدسہ جن میں مولد النبی علیہ السلام بھی شامل ہے ان کی زیارت کے لئے دور دراز سے سفر کرکے جانا سنت ہے

۲۔ مقامات مقدسہ میں نوافل پڑھنے عبادت خداوندی کرنی ثواب ہے اور سنت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ہے۔ انہی مقامات مقدسہ کا ذکر فرماتے ہوئے رب العزت نے لَقَدْ رَاٰی مِنْ اٰیَاتِ رَبِّہِ الْکُبْرٰی فرمایا کہ یقیناً مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے معراج شریف کی رات اپنے رب کی بڑی بڑی آیتیں نشانیاں مقامات مقدسہ کی زیارت کی۔

دور دور سے سفر کرکے مقامات مقدسہ کی زیارت کرنے کو شرک کہنا یہ قرآن کریم اور سنت و عمل مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے خلاف ہے۔ اور یہ وہابیوں کا فتویٰ شرک رب العزت اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر عائد ہوا۔ حالانکہ قرآن کریم میں مذکور ہے کہ رب العزت نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو دور سے سواری پر سفر طے کرا کر مقامات مقدسہ کی زیارت کرائی جو سنت اللہ اور سنت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور سنت ملائکہ بھی ثابت ہوئی اور مانعین محض مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے تعصب کی بنا پر حرام اور شرک کہتے ہیں۔

مقامات مقدسہ کی زیارت کے بعد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو رب العزت نے بواسطہ جبرئیل علیہ السلام اہل قبور انبیاء علیہم السلام کی زیارۃ کرائی جو حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے ملیئے۔

marfat.com

کی طرف دیکھئے اور تاکہ ہم تمہیں نشان بنادیں اس آیۃ مبارکہ میں بھی رب العزت نے عزیر علیہ السلام کے وجود کو آیت کا لفظ استعمال کیا۔

جب ثابت ہوا کہ انبیاء علیہ السلام کا وجود ایات اللہ ہیں خواہ زمین کے اوپر ہوں جیسا کہ حیات دنیوی میں یا آسمانوں پر ہوں یا عالم دنیا و برزخ میں ہوں تمام عالمین میں انبیاء علیہم السلام کا وجود مبارک آیات اللہ ہیں جب نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالے مسجد حرام سے سفر عظیم طے کرکے مسجد اقصیٰ پہنچے تو اللہ تعالے نے فرمایا لِنُرِيَهٗ مِنْ آيَاتِنَا تاکہ ہم آپ کو آیات اللہ کی زیارت کرائیں اور آیت اللہ وہاں ایک لاکھ چوبیس ہزار اہل قبور پیغمبر تھے جن میں زندہ بھی تھے اور اہل قبور بھی تو سب کو آیت اللہ فرمایا تو زندہ اور اہل قبور انبیاء علیہم السلام جو ہمیشگی زندگی قبول کرچکے ہیں ان آیات اللہ کی سفر کرکے زیارۃ کرنا سنت مقرر ہوگیا اور اولیاء اللہ کو بھی آیات اللہ میں رب العزت نے شامل فرمایا ہے۔

اصحٰب کہف اولیاء اللہ بھی عجیب آیت اللہ ہیں

الکہف ۱۵/۱ } اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ آيَاتِنَا عَجَبًا ۝ بے شک غار اور تختی والے ہماری عجیب آیتوں سے ہیں۔

اس آیۃ کریمہ میں اللہ تعالے نے اصحٰب کہف کو اپنے آیات عجیبہ سے فرمایا۔ آگے چل کر اصحاب کہف کے متعلق فرمایا ذٰلِكَ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ یہ اصحاب کہف اللہ تعالے کے نشانوں سے نشانات ہیں۔

الانبیاء ۱۷/۹۱ } وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ہم نے مریم علیہا السلام اور اس کے بیٹے عیسیٰ علیہ السلام کو ہم نے عالمین کے لئے آیت اللہ بنایا۔

marfat.com

نفرت کرو۔

آیات کے لغوی معنی نشانات کے ہیں۔ انبیاء علیہم السلام بھی چونکہ قدرت خداوندی کے کارخانے کے خواص سے ہیں اس لئے اللہ تعالےٰ نے انبیاء علیہم السلام پر آیت کا لفظ استعمال فرمایا یعنی انبیاء علیہم بھی اللہ تعالےٰ کی قدرت کے خاص نشانات ہیں جس شخص نے رب العزت کا پتہ دریافت کرنا ہو تو اللہ تعالےٰ اپنا نشان انبیاء علیہم السلام کا فرماتا ہے اسی لئے اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ کی تشریح صِرَاطَ الَّذِينَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ سے فرمائی اور منعم مِنَ اللّٰهِ مَعَ الَّذِينَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا کی طرف اشارہ فرما دیا جس سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالےٰ کی طرف سے تمام مخلوق میں منعم من اللہ اور مقدم انبیاء علیہم السلام کا وجود مبارک ہے اسی لئے اللہ تعالےٰ نے انبیاء علیہم السلام کو اپنا نشان ظاہر کیا اور فرمایا۔

انبیاء علیہم السلام کا وجود ایت اللہ ہے

مریم ۱۹/۲۱ } وَلِنَجْعَلَهٗٓ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا تاکہ ہم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو لوگوں کے لئے اپنی نشانی اور اپنی طرف سے رحمت بنا دیں۔

تو اس آیۃ کریمہ میں اللہ تعالےٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وجود کو اپنی قدرت کا نشان بتایا اور آیات اللہ میں شامل فرمایا۔

حضرت عزیز علیہ السلام کو اپنا نشان فرمایا

البقرہ ۲/۲۵۹ } وَانْظُرْ اِلٰى حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ اٰيَةً اے عزیز علیہ السلام اپنے گدھے

marfat.com

سے زیادہ فوقیت رکھتا ہے وہ بھی بطریق اولیٰ آیات بینات میں شامل ہے جو ان کی زیارت سے روکے اس جیسا ظالم اور منکر قرآن دنیا میں کوئی نہیں تو فرمان خداوندی لِنُرِيَهٗ مِنْ آيَاتِنَا انبیاء علیہم السلام کے مقامات مقدسہ اولیاء اللہ کے مقامات مقدسہ مثلاً مقام حضرت مریم علیہ السلام وغیرہا کی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو رب العزت نے مسافت بعید طے کرا کر زیارۃ کرائی تاکہ ان تمام مقامات انبیاء علیہم السلام اور مقامات اولیاء اللہ کی سفر کر کے زیارہ کرنا آیات اللہ کی زیارت بن جائے اور جو ان سے روکے شرک وکفر کے فتوے لگائے گا وہ منکر قرآن ہے۔

آیات الٰہیہ کے منکرین کو گرفت الٰہی

آل عمران ۳/۴ } وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ

جو اللہ تعالےٰ کی نشانیوں کا انکار کرے گا تو بے شک اللہ تعالےٰ بہت جلد حساب لینے والا ہے۔

ان آیات اللہ کی زیارت کے منکرین سے اللہ تعالےٰ جلد حساب لے گا جو آخر کتاب میں عرض کروں گا۔

"وہابی" مولوی صاحب تم نے تو اہل قبور انبیاء علیہم السلام اور اولیاء اللہ اور ان کے مقامات متبرکہ کو آیات اللہ یعنی خداوند تعالےٰ کی قدرت کے نشانات ثابت کر دیے ہم نے تو آج تک قرآنی جملوں کو ہی آیات سنا تھا۔

"محمد عمر" آیات کو اللہ تعالےٰ نے نو چیزوں پر استعمال فرمایا ہے۔

۱۔ انبیاء علیہم السلام کے وجود کو آیت اللہ فرمایا جیسا کہ قرآن کریم سے پہلے ذکر ہو چکا۔

marfat.com

اس آیت کریمہ میں رب العزت نے حضرت مریم علیہا السلام جو ولیہ تھی اور حضرت عیسیٰ علیہا السلام کو آیات اللہ میں شمار فرمایا اور حضرت مریم علیہ السلام کے جنے کے مقام کی بھی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو زیارۃ کرائی اور آپ نے وہاں دو نفل بھی ادا فرمائے۔

تو معراج شریف کی رات میں اللہ تعالےٰ نے فرمایا لِنُرِيَهٗ مِنْ آيَاتِنَا تاکہ ہم آپ کو اپنے آیات اللہ کی زیارۃ کرائیں آیات اللہ عام ہے تاکہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو مقامات مقدسہ کی زیارہ کو اور انبیاء علیہم السلام اور بعض کی قبر کی بھی زیارۃ کرائے اور آیات قرآنیہ میں اولیاء اللہ بھی آیات اللہ فرمایا کہ وہ بھی اللہ تعالےٰ کی نشانیوں میں شامل ہیں ان کی زیارت کے لئے سفر کر کے جانا بھی سنت ثابت ہو جائے اور جو اولیاء اللہ کا مقام ہوتا ہے وہ بھی آیت اللہ کہلاتا ہے جیسا کہ فرمایا

انبیاء علیہم السلام کا مقام بھی آیت اللہ ہے

ال عمران ۴ } فِيْهِ آيَاتٌ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ بیت اللہ میں آیات بینٰت ہیں جن میں ایک آیت بینۃ مقام ابراہیم علیہ السلام ہے یعنی وہ پتھر جس پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تعمیر بیت اللہ کے وقت قیام کیا تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے جائے قیام والے پتھر کو رب کریم نے آیات بینٰت میں شامل فرمایا جو گنبد خضرا ہے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قیام گاہ ہے جہاں آپ کی بیٹھک ہے جو گنبد خضرا میں شامل ہے آپ کے بیعت کرنے کا مقام ہے وہ بھی گنبد خضرا میں شامل ہے ان مقامات مقدسہ پر مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے قدم مبارک پھرتے رہے جن مقامات کی رب العزت نے قسم کھائی طٰہٰ حضور آپ کے قدموں کے غبار یا مقام کی قسم وہ مقام ابراہیم علیہ السلام

marfat.com

کا سرکاری دفتر ہے جس میں ملائکہ ملازم ہیں اور دفتر مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے منشی ہیں قاصد ہیں۔

اور آسمانوں پر بیت معمور، جنت، لوح، قلم وغیرہم آیات اللہ ہیں۔

آیت کے معنی قرآنی کلمات کے مجموعے کو آیت کہا جاتا ہے

(۱) تِلْكَ آيَاتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَ اللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ۔ یہ اللہ تعالےٰ کی آیتیں ہیں۔ یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہم ان کو صحیح آپ پر پڑھتے ہیں۔ یہ بیان کرنے والی کتاب کی آیتیں ہیں۔

"محمد عمر" اس آیۃ کریمہ میں رب العزت نے صرف کلمات خداوندی یعنی کلمات قرآنیہ کا نام آیت مقرر فرمایا یہ قرآن کریم بھی قدرۃ خداوندی کے نشانات سے ایک نشانی ہے کیونکہ باعلان خداوندی اس کی مثل بھی سوائے خداوند تعالےٰ کے کوئی پیش نہیں کر سکتا۔

آیت صرف نشانی کے معنی ہیں

۲۔ البقرۃ ۲/۲۴۸ } وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖ ان کے نبی (داؤد علیہ السلام) نے ان کو کہا کہ طالوت کے بادشاہ ہونے کی نشانی یہ ہے

"محمد عمر" اس آیۃ کریمہ میں رب کریم نے آیت کے معنی صرف نشانی کے مراد لئے ہیں۔

الذاریات ۲۶/۱ } وَفِي الْاَرْضِ اٰيَاتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ اور زمین میں یقین کرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔

الجاثیہ ۲۵/۱ } اِنَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ بے شک

Imamat.com

۲۔ اولیاء اللہ کے وجود بھی آیات اللہ ہیں یہ بھی قرآن کریم سے بیان کیا جا چکا ہے۔
۳۔ انبیاء علیہم السلام کے مقامات بھی آیت اللہ ہیں جیسا کہ قرآن کریم میں مذکور ہوا مقام ابراہیم علیہ السلام حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مقام ولادۃ طور سیناء جس پہاڑ پر حضرت موسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ سے ہمکلام ہوئے۔
۴۔ قرآنی جملوں کو بھی آیات کہا گیا جیسا کہ آگے عرض کرتا ہوں۔
۵۔ محض نشان کے معنی میں آیت استعمال ہوا یہ بھی ذکر کرتا ہوں۔
۶۔ قدرت خداوندی پر بھی اللہ تعالیٰ نے لفظ آیت استعمال فرمایا۔
۷۔ جن پر عذاب الٰہی نازل ہوا ہو وہ بھی آیات میں شامل ہیں۔
۸۔ انبیاء علیہم السلام کے معجزات سے جو صادر ہو وہ آیت اللہ میں شامل ہے۔
۹۔ قیامت پر بھی آیت استعمال کیا گیا۔

زمینوں آسمانوں کے خصوصی مقامات کو آیات کہا گیا

یوسف ۱۲/۱۰۵ } وَكَأَيِّن مِّنْ آيَةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَمُرُّونَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُونَ اور آسمانوں اور زمین میں کئی نشانیاں ہیں جن پر سے وہ گزرتے ہیں اور وہ اس سے روگردانی کرتے ہیں۔

محمد عمر اللہ تعالیٰ نے اس جملہ قرآنیہ میں ثابت کر دیا کہ آسمانوں کے نیچے اور زمین کے اوپر اللہ تعالیٰ کے بندوں کے کئی متبرک مقامات ہیں جن آیات اللہ سے گنبد خضرا بھی روئے زمین کے اعلیٰ آیت بینات سے آیت بینہ ہے جس مقام کا زمین و آسمانوں میں کوئی آیت اللہ میں اس کے مقابلے کی آیت بینہ نہیں گنبد خضرا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم

marfat.com

جَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً وَاَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ۔

اور نوح علیہ السلام کی قوم نے جب رسولوں کو جھٹلایا ان تمام کو ہم نے غرق کر دیا اور لوگوں کے لئے ان غرق شدہ کو اپنی قدرت کی نشانی بنا دی اور ظالموں کے لئے ہم نے تکلیف دینے والا عذاب تیار کیا ہے۔

"محمل عمر": اس جملہ قرآنیہ میں رب العزت نے معذب من اللہ کو اپنی قدرت کی نشانی فرمایا تاکہ یہ ثابت ہو جائے کہ اللہ تعالےٰ مکذبین رسل کو تباہ و برباد کر دیتا ہے جو دوسروں کے لئے عبرت ثابت ہوتی ہے یہاں لِلنَّاسِ اٰيَةً فرمایا یعنی لوگوں کے لئے وہ معذب من اللہ خدائی قدرت کا نشان بن گئے۔

نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم قوم لوط کے مقام سے گزرے تو رو کر اور دوڑ کر تشریف لے گئے تاکہ ثابت ہو جائے کہ خداوند تعالےٰ کے عذاب شدہ مقام سے ڈر کر گزرے اور عقیدہ یہ رکھے کہ یا اللہ مجھے نبی اللہ کے مکذبین میں شامل نہ فرمانا۔

تو قرآن کریم کی اس آیت مبارکہ میں وحدہٗ لاشریک نے معذب من اللہ کو اپنا نشان بیان فرما کر لفظ وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً فرما دیا کہ آیت اللہ سے یہ عذاب شدہ لوگ بھی ایک آیت ہیں یعنی قدرت خداوندی کا نشان ہیں۔

انبیاء علیہم السلام کے معجزات بھی آیات اللہ ہیں

(۵) بنی اسرائیل ۱۵/۱۲ } وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ =
اور یقیناً ہم نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو نو واضح معجزات دیے۔

marfat.com

آسمانوں اور زمین میں ایمان داروں کے لئے نشانیاں ہیں۔

البقرۃ ۳/۴ } قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْ اٰيَةً قَالَ اٰيَتُكَ اَنْ لَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اِلَّا رَمْزًا ۔

زکریا علیہ السلام نے فرمایا کہ میرے لئے کوئی نشان فرما دے اللہ تعالیٰ نے فرمایا تیرا نشان یہ ہے کہ تو لوگوں سے تین دن کلام نہ کرے گا سوائے اشارے کے۔

آیت کے معنی قدرۃ خداوندی

۳۔ بنی اسرائیل ۱۵/۲ } وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ رات اور دن کو ہم نے قدرت کی دو نشانیاں بنائی ہیں۔

"محمد عمر": اس جملہ قرآنیہ میں اللہ تعالیٰ نے رات اور دن کو اپنی قدرۃ کی نشانیاں بیان فرمایا تو یہ دن اور رات بھی آیات اللہ ہیں جو شخص یہ کہے کہ یہ قدرۃ خداوندی سے نہیں کوئی ان کو تبدیل نہیں کرتا بلکہ خود بخود یہ نظام بدل رہا ہے وہ قدرۃ خداوندی کا منکر ہے۔

رب العزت نے اس آیۃ کریمہ میں اپنی قدرۃ کی دو نشانیاں رات اور دن اپنی مخلوق کو بتائیں تاکہ میری اس قدرۃ کو دیکھ کر میری مخلوق میری توحید کی قائل ہو جائے اور ان کو یقین ہو جائے کہ یہ سوائے خالق کائنات کے اور کوئی نہیں کر سکتا:

معذب من اللہ پر بھی آیت کا لفظ استعمال ہوا

(۴) الفرقان ۱۵/۴ } وَقَوْمَ نُوْحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ اَغْرَقْنٰهُمْ وَ

marfat.com

سے نشان لایا ہوں (اس آیۃ کریمہ میں بھی اللہ تعالےٰ نے معجزات کو آیت فرمایا۔

(۷) الاعراف ۸/۱۰ } هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً۔

حضرت صالح علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ اللہ تعالےٰ کی اونٹنی تمہارے لئے نشانی ہے۔

صالح علیہ السلام کو اللہ تعالےٰ نے جو معجزہ عطا فرمایا اور ان کی دعا سے پتھر سے اونٹنی کو پیدا فرما دیا اور اپنی قدرت کا اور حضرت صالح علیہ السلام کی صداقت نبوۃ کا نشان مقرر کر دیا۔

یہ تو فقیر نے جملہ معترضہ کے طور پر بیان کر دیا ہے آمدم بر سر مطلب کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو رب العزت کا معراج کی رات دور سے مسافت طے کرا کر مقامات مقدسہ کی زیارت کرانا جن میں قبور و اہل قبور شامل ہیں سنت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم قرآن کریم سے ثابت ہوا زیارۃ قبور و اہل قبور کے لئے دور سے سفر کر کے جانے کو شرک کہنے والا قرآن مجید کا مکذب ہے اور قبور و اہل قبور و دیگر مقامات مقدسہ آیت اللہ و شعائر اللہ کی طرف دور دور سے سفر کر کے جانے والا اسلامی فریضہ ادا کر رہا ہے اور مثاب من اللہ ہے۔ عالمین میں اجر عظیم کا مستحق ہے۔ مقامات مقدسہ شعائر اللہ سے دور دور سے سفر کر کے برکت حاصل کرنا اسلامی شعائر ہے

اولیاء اللہ کے تلووں کا مقام شعائر اللہ میں داخل ہے

اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ

marfat.com

(۲) طٰہٰ ۱۶/۱ { وَاضْمُمْ يَدَكَ إِلَىٰ جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوءٍ آيَةً أُخْرَىٰ لِنُرِيَكَ مِنْ آيَاتِنَا الْكُبْرَىٰ =

اور اے موسیٰ علیہ السلام اپنے ہاتھ کو اپنی بغل میں دبا دے بغیر کسی بیماری کے چمکتا ہوا نکلے گا۔ یہ میری قدرت اور تمہاری نبوۃ کی دوسری نشانی ہے۔ تاکہ ہم آپ کو اپنی بڑی بڑی نشانیاں دکھائیں۔

(۳) طٰہٰ ۱۶/۲ { اِذْهَبْ أَنْتَ وَأَخُوكَ بِآيَاتِي وَلَا تَنِيَا فِي ذِكْرِي

اے موسیٰ تم اور تمہارا بھائی ہماری طرف سے معجزات لے جاؤ یہ میری نشانیاں ہیں اور میرے ذکر میں سستی نہ کرنا۔

(۴) طٰہٰ ۱۶/۱۲ { وَلَقَدْ أَرَيْنَاهُ آيَاتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَأَبَىٰ۔

اور ہم نے فرعون کو اپنی قدرت کے تمام نشانات۔

(یعنی جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو معجزات عطا فرمائے سب دکھائے) فرعون نے جھٹلایا اور انکار کر دیا۔

(۵) شعراء ۱۹/۲ { فَاذْهَبَا بِآيَاتِنَا إِنَّا مَعَكُمْ مُسْتَمِعُونَ =

اے موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) تم دونو میرے نشانات معجزے لے جاؤ ہم تمہارے پاس سننے والے ہیں۔

(۶) آل عمران ۳/۵ { وَرَسُولًا إِلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ أَنِّي قَدْ جِئْتُكُمْ بِآيَةٍ مِنْ رَبِّكُمْ ۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ میں بنی اسرائیل کا رسول مقرر ہوا ہوں اور تمہارے رب کریم کی طرف

marfat.com

ہیں۔ دوسری آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے ان مقدس مقامات پر قربان ہونے والوں کو شعائر اللہ فرمادیا۔

(۲) الحج ۱۷/۵ } وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ۔

اور بدنے اونٹ ہم نے تمہارے لئے ان کو اللہ تعالیٰ کی نشانیاں بنادی ہیں اور تمہارے لئے ان میں خیر ہے ان مقامات پر قربان ہونے والے جانور شعائر اللہ ہیں اور انہیں خیر ہے بھلا جو نبی اللہ کا وجود خداوند کریم کے نزدیک آیت اللہ ہے اور شعیرۃ اللہ ہے جو فرقہ ان کو گرانا واجب کہے اور گرائے اور عقیدہ رکھے بھلا اس کا تعلق اللہ تعالیٰ اور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے کیسے ہوسکتا ہے اور آیت اللہ اور شعائر اللہ کا دشمن اسلام میں کیسے داخل ہوسکتا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب وما علینا الا البلاغ۔

فیتراب احادیث صحیحہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے دور دور سے سفر کرکے شعائر اللہ آیت اللہ قبور مومنین اہل قبور کے لئے جانا ثابت کرتا ہے۔

قبور کی زیارت کے لئے سفر کرکے جانا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی زبانی

(۱) مسلم شریف ۱/۳۱۴ } حدثنا ابو بکر بن ابی شیبۃ ومحمد بن عبد اللہ بن نمیر ومحمد بن مثنیٰ واللفظ لابی بکر وابن نمیر قالوا نا محمد بن فضیل عن ابی سنان وھو ضرار بن مرۃ عن محارب بن دثار عن ابی بریدہ عن ابیہ قال قال رسول

marfat.com

فَلَآ جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ۔

بے شک صفا اور مروۃ شعائر اللہ سے ہیں تو جس شخص نے بیت اللہ کا حج کیا یا عمرہ کیا تو اس پر صفا مروہ کا طواف کرنا گناہ نہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اس آیۃ کریمہ میں فریضہ حج ادا کرنے والے کو کہا کہ صفا اور مروہ دونوں پہاڑیاں اللہ تعالیٰ کی نشانیوں سے ہیں کیونکہ ان دونوں پہاڑیوں پر اللہ تعالیٰ کی ولیہ حضرت ہاجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قدموں کے نقوں کا مقام ہے۔ خداوند کریم کے نزدیک جب ولی اللہ کے نقوں کی جگہ شعائر اللہ ہیں تو جہاں انبیاء اللہ اور اولیاء اللہ کا وجود مبارک ہو وہ جگہ شعائر اللہ میں کیسے داخل نہیں اس آیۃ کریمہ سے ثابت ہوا کہ انبیاء اللہ اور اولیاء اللہ کے مقامات اللہ تعالیٰ کی نشانیاں ہیں۔ تو ان کی قبروں کے مقامات جہاں ان کے وجود مبارک ہیں وہ بھی شعائر اللہ ہیں۔

بتاؤ بھئی وہابیو تمہیں اس پنجے کی قسم انصاف سے کہنا کہ اگر صفا اور مروہ ولیہ کے چلنے کا مقام اللہ تعالیٰ کے شعائر ہیں تو محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا گھر مبارک وما حولہ آسمان تک شعائر میں داخل کیوں نہیں ؟ یا فرقہ وہابیہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے خاص دشمنی رکھتا ہے۔ اور پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ کہ اولیاء اللہ شعائر اللہ کی تعظیم کرتے ہیں اور شعائر اللہ کی تعظیم کرنے والے اولیاء اللہ میں شامل ہیں اس آیت کریمہ سے ثابت ہوا کہ جو شخص شعائر اللہ کا گستاخ ہے ان کو گستاخ سمجھتا ہے ان کی جماعت میں کوئی ولی اللہ نہیں ہو سکتا اسی لئے فرقہ وہابیہ میں کوئی ولی اللہ نہ ہوا ہے اور نہ ہوگا اور نہ ہی ہے اور نہ ہی ممکن ہے کیونکہ شعائر اللہ کے گستاخ ہیں دشمن

marfat.com

زیارۃ کیا کرو کیونکہ قبروں کی زیارۃ کرنا دل کو نرم کرتا ہے آنکھیں بہاتا ہے اور آخرت یاد دلاتا ہے اور زیارۃ چھوڑنا نہیں۔

۱۔ اس حدیث میں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے قبروں کی زیارۃ کرنے کی ممانعت کو منسوخ فرما دیا۔

۲ اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوا کہ پہلے قبور کی زیارۃ کرنے کی ممانعت تھی بعد میں اجازت ہوئی۔

۳۔ قبروں کے پاس دلوں کو نرم کرنا خشوع وخضوع کرنا رونا آخرت کو یاد کرنا یہ لوازمات زیارت قبور سے ہے سنت ہے شرک و بدعت نہیں جیسا کہ وہابیہ نے کہا ہے۔

او نام کے اہلحدیث کہلانے والو! بتاؤ ؟

نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا حکم ہوا کہ میرے ایماندار امتی ایمانداروں کی قبروں کی زیارۃ کے لئے جائیں۔

نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا حکم ہو کہ ایماندار ایماندار مسلمان کی قبر پہ جائے تو دل نرم ہوتا ہے۔

نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ مومن مومن کی قبر پہ جائے اس کی آنکھیں روتی ہیں آخرت یاد آتی ہے۔

وہابی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور اولیاء اللہ کی قبروں پہ جانا شرک کہتے ہیں۔

وہابی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے گنبد خضرا کے پاس جائے تو مشرک ہو جاتا ہے

وہابی کا دل سخت ہوتا ہے گنہگار ہو کر آتا ہے۔

اب فیصلہ تم پہ ہے کہ تمہارا اہلحدیث کہلانا صحیح ہے یا غلط حدیث مصطفےٰ صلے اللہ

marfat.com

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کُنْتُ نَهَیْتُکُمْ عَنْ زِیَارَةِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوْهَا الخ = ابی بریدہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قبروں کی زیارۃ سے میں نے تمہیں منع کیا تھا اب میں تمہیں اجازت دیتا ہوں تم زیارۃ کے لئے جایا کرو۔

۲۔ ابوداؤد ۲/۱۰۵ } حدثنا احمد بن یونس نا معروف بن واصل عن محارب بن دثار عن ابن بریدۃ عن ابیہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نَهَیْتُکُمْ عَنْ زِیَارَةِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوْهَا فَاِنَّهَا فِیْ زِیَارَتِهَا تَذْکِرَةٌ

حضرت بریدہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پہلے میں نے تمہیں قبروں کی زیارۃ سے منع کیا اب تمہیں اجازت ہے قبور کی زیارۃ کیا کرو قبروں کی زیارۃ میں نصیحت ہے۔

۳۔ المستدرک ۱/۳۷۷ } حدثنا ابو علی الحسین بن علی الحافظ انباء عبدان الاھوازی ثنا بشر بن معاذ العقدی ثنا عامر بن یساف ثنا ابراھیم بن طھمان عن یحیی بن عباد عن انس بن مالک قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کُنْتُ نَهَیْتُکُمْ عَنْ زِیَارَةِ الْقُبُوْرِ اَلَا فَزُوْرُوْهَا فَاِنَّهُ یَرِقُّ الْقَلْبَ وَتَدْمَعُ الْعَیْنَ وَتُذَکِّرُ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَقُوْلُوْا هُجْرًا۔

انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے تمہیں قبروں کی زیارۃ سے منع کیا تھا اب

marfat.com

سے منع فرمایا پھر ان کی اجازت دے دی اور بہت زیادہ ذکر کیا اور فرمایا کہ میں تمہیں قبروں کی زیارت کرنے سے روکتا تھا پھر میرے لئے اجازت ہو گئی اب تم قبروں کی زیارت کو جایا کرو اس لئے کہ قبروں کی زیارت دل کو نرم کرتی ہے آنکھ کو رلاتی ہے آخرت یاد دلاتی ہے تم ضرور قبروں کی زیارت کرو۔

اس حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے معلوم ہوا کہ قبروں کی زیارت سے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے پہلے بحکم خداوندی منع فرمایا تھا اور بعد میں اللہ تعالےٰ نے آپ کو اجازت دے دی تو نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت مسلمہ کو مسلمانوں کی قبروں کی زیارت کا حکم جاری فرما دیا فرقہ وہابیہ جو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور صلحاء کی قبور پر سفر کر کے جانے کو منع کرتا ہے اور شرک کہتا ہے تو وہابی اس امر سے خداوند کریم اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا سخت دشمن ثابت ہوا۔

وہابیوں کی کتاب التوحید وغیرہ پڑھ کر ان احادیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو مقابلے میں رکھا جائے تو صاف صاف یقین ہوتا ہے کہ فرقہ وہابیہ نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے فرمانوں کو سامنے رکھ کر رد لکھا ہے۔ جو مسلمانوں کو ان احادیث مذکورہ بالا سے واضح ہے

(۶) بیہقی شریف ۴/۷۷ { (واخبرنا) ابوعبداللہ الحافظ ثنا ابوالعباس محمد بن یعقوب ثنا الربیع بن سلیمان (قال و حدثنا) ابوالعباس انبأ محمد بن عبداللہ بن عبدالحکم قالا انباء عبداللہ بن وھب قال اخبرنی اسامۃ بن زید ان محمد بن یحیی بن حبان الانصاری اخبرہ ان واسع بن حبان حدثہ ان ابا سعید الخدری حدثہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال نھیتکم عن زیارۃ القبور فزوروھا

علیہ وسلم کے دشمن ہو یا عامل تم خود سوچو

۴۔ نسائی شریف ۱/۲۸۵ } اخبرنی محمد بن آدم عن ابن فضیل عن ابی سنان عن محارب بن دثار عن عبد اللہ بن بریدہ عن ابیہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہیتکم عن زیارۃ القبور فزوروہا الخ

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ گذشتہ زمانے میں میں نے تمہیں قبروں کی زیارۃ سے منع کیا تھا اب حکم کرتا ہوں کہ زیارۃ قبور کے لئے جاؤ۔

(۵) بیہقی شریف ۴/۷۷ } اخبرنا ابو القاسم زید بن جعفر بن محمد علوی بالکوفۃ انبأ ابو جعفر بن رحیم ثنا محمد بن الحسین بن ابی الحسین ثنا ابو حذیفۃ ثنا ابراہیم یعنی ابن طہمان ثنا عمر و بن عامر و عبد الوارث عن انس قال نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فذکر لحوم الاضاحی والاوعیۃ وزیارۃ القبور ثم ذکر اذنہ فیہا بطولہ قال وکنت نہیتکم عن زیارۃ القبور ثم بدا لی فزوروہا فانہا ترق القلب وتدمع العین وتذکر الاخرۃ فزوروا =

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے گوشت اور سابقہ برتن اور قبروں کی زیارۃ

marfat.com

زیادہ کھا لو اور جو چاہو باقی رکھ لو میں نے تمہیں اس سے منع کیا تھا اس وقت خیر کم تھی اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو وسعت دی یعنی مسلمان غریب تھے اب مسلمان امیر ہو گئے ہیں خبردار برتن پلید نہیں ہوتا اور بے شک ہر نشے والی چیز حرام ہے۔

(۸) مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسلمانوں کو پہلے مسلمانوں کی قبروں کے احترام کا پورا پتہ نہ تھا۔ جب آپ نے ان کا احترام کچھ عرصے میں پورا سمجھا دیا تو قبور کی زیارۃ کا حکم دے دیا ایسے ہی پہلے مسلمان غربت کی وجہ سے قربانیاں کم دیتے تھے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے قربانیوں کے گوشت کا ذخیرہ ممنوع قرار دے دیا جب مسلمان متمول ہو گئے تو ذخیرے کی اجازت دے دی ایسے ہی مسلمانوں کو پہلے کھجوروں کے باسی اور صحیح منشی اور غیر منشی میں پوری تمیز نہ تھی کیونکہ عرب نشے کا عادی تھا نئے نئے مسلمان ہوئے تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے کھجوروں کے نبیذ کے برتن سے قطعاً ممانعت فرما دی جب عربوں کے دلوں کو نشہ آور چیزوں سے نفرت ہو گئی تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے نشہ آور چیزوں کے برتنوں سے ممانعت فرما دی اور فرمایا کہ ہر نشہ آور چیز حرام ہے لیکن جس کھجوروں کے عرق میں ابھی نشہ نہ ہو اس کے برتن کو استعمال کرنا جائز ہے۔

(۹) کنز العمال ۸/۹۸ { زُوْرُوا الْقُبُوْرَ فَاِنَّهَا تُذَكِّرُ الْاٰخِرَةَ (ابو ہریرہ)

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قبروں کی زیارۃ کرو وہ آخرت یاد دلاتی ہیں۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث شریف سے ثابت ہوا کہ قبور کی زیارۃ سے

marfat.com

فَاِنَّ فِیْهَا عِبْرَةً الخ :

ابو سعید خدری رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے تمہیں قبروں کی زیارۃ سے منع کیا تھا اب حکم کرتا ہوں کہ زیارۃ کو جایا کرو کیونکہ اس میں نصیحت ہے۔

(۷) بیہقی شریف ۴/۷۷
(۸) المستدرک ۱/۳۷۵

(واخبرنا) ابوعبداللہ الحافظ ثنا ابو العباس محمد بن یعقوب انبأ محمد بن عبد اللہ بن عبد الحکم انبانا ابن وھب اخبرنی ابن جریج عن ایوب بن ھانی عن مسروق ابن الاجدع عن عبد اللہ بن مسعود اَنَّ رَسُوْلَ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ اِنِّیْ کُنْتُ نَهَیْتُکُمْ عَنْ زِیَارَةِ الْقُبُوْرِ فَاَکْلِ لُحُوْمِ الْاَضَاحِیِّ فَوْقَ ثَلَاثٍ وَعَنْ نَبِیْذِ الْاَوْعِیَةِ اِلَّا فِیْ زُرُوْفِ الْقُبُوْرِ فَاِنَّهَا تُزَهِّدُ فِی الدُّنْیَا وَتُذَکِّرُ الْاٰخِرَةَ وَکُلُوْا لُحُوْمَ الْاَضَاحِیِّ وَاَبْقُوْا مَا شِئْتُمْ فَاِنَّمَا نَهَیْتُکُمْ عَنْهُ اِذَا الْحَیُّ قَلِیْلٌ فَوَسَّعَهُ اللہُ عَلَی النَّاسِ اَلَا اَنَّ وِعَاءً لَا یُحَرِّمُ شَیْئًا وَاِنَّ کُلَّ مُسْکِرٍ حَرَامٌ =

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے تمہیں قبروں کی زیارۃ اور قربانیوں کے گوشت کو تین دن سے زیادہ رکھنے اور کھجوروں کے نچوڑنے والے برتنوں کے استعمال سے منع کیا تھا اب حکم کرتا ہوں کہ قبروں کی زیارۃ کرو کیونکہ قبور کی زیارہ کرنا دنیا میں زھد سکھاتا ہے آخرت یاد دلاتا ہے اور قربانیوں کے گوشت کو تین دن سے

marfat.com

تُذَكِّرُكُمْ زِيَارَتُهَا خَيْرًا۔

نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پہلے میں نے تمہیں قبروں کی زیارۃ سے منع کیا تھا اب حکم کرتا ہوں کہ زیارۃ کیا کرو ان کی زیارۃ نیکی یاد دلاتی ہے۔

(۱۴) کنز العمال ۸/۹۸ { نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوْهَا فَاِنَّ لَكُمْ فِيْهَا عِبْرَةً (طب عن ام سلمۃ)

ام سلمہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے تمہیں قبور کی زیارۃ سے منع کیا تھا اب حکم جاری کرتا ہوں کہ ان کی زیارۃ کیا کرو کیونکہ تمہارے لئے ان میں نصیحت ہے۔

(۱۳) المستدرک ۱/۳۷۵ { حدثنا ابو بکر محمد بن عبد اللہ بن عمر البزاز ببغداد ثنا محمد بن شاذان الجوھری ثنا زکریا بن عدی ثنا سلام بن سلیم عن یحیی الجابر عن عمر وبن عامر عن انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوْهَا فَاِنَّهَا تُذَكِّرُكُمُ الْمَوْتَ

انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے تمہیں قبروں کی زیارۃ سے منع کیا تھا اب حکم دیتا ہوں کہ قبروں کی زیارۃ کیا کرو کیونکہ وہ موت یاد دلاتی ہیں۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا سفر کر کے اپنی والدہ ماجدہ کی قبر کی زیارۃ کے لئے جانا

۱۴۔ المستدرک ۱/۳۷۵ { اخبرنا ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ الصفار ثنا ابو بکر

marfat.com

منع کرتا ہے وہ عصبیت سے نڈر ہے۔

(۱۰) کنز العمال ۸/۹۸ { زُوْرُوا الْقُبُوْرَ وَلَا تَقُوْلُوْا هُجْرًا (طص عن زید بن ثابت)

زید بن ثابت رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قبروں کی زیارۃ کرو اور منع نہیں کرنا۔

(۱۱) کنز العمال ۸/۹۸ { كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوا الْقُبُوْرَ فَاِنَّهَا تُزَهِّدُ فِي الدُّنْيَا وَتُذَكِّرُ الْاٰخِرَةَ

(عن ابن مسعود) عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے۔ کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں پہلے تمہیں قبروں کی زیارۃ سے منع کیا کرتا تھا اب حکم کرتا ہوں کہ قبروں کی زیارۃ کرو کیونکہ وہ دنیا میں زہد سکھاتی ہیں اور آخرۃ یاد دلاتی ہیں۔

(۱۲) کنز العمال ۸/۹۸ { كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ اَلَا فَزُوْرُوْهَا فَاِنَّهَا تَرِقُّ الْقَلْبَ وَتَدْمَعُ الْعَيْنَ وَتُذَكِّرُ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَقُوْلُوْا هُجْرًا (ك عن ابن انس)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں پہلے تمہیں قبور کی زیارۃ سے منع کیا کرتا تھا اب حکم کرتا ہوں کہ زیارۃ کرو کیونکہ وہ دل کو نرم کرتا ہے آنکھوں کو رُلاتا ہے اور آخرۃ یاد دلاتا ہے اور منع نہیں کرتا۔

(۱۳) کنز العمال ۸/۹۸ { اِنِّیْ كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوْهَا

marfat.com

آمِنَةُ وَلَهُ سِتَّ سِنِيْنَ بِالْاَبْوَاءِ بَيْنَ مَكَّةَ وَ الْمَدِيْنَةِ كَانَتْ قَدْ مَتْ بِهِ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى اِخْوَالِهٖ مِنْ بَنِيْ نَجَّارٍ تَزُوْرُهُمْ اِيَّاهُمْ فَمَاتَتْ وَهِيَ رَاجِعَةٌ ۔

محمد بن اسحٰق نے کہا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کا وصال ہوا تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی عمر شریف چھ برس کی تھی اور آپ کی والدہ ماجدہ کا وصال ابواء مقام میں ہوا جو مکے اور مدینے کے درمیان ہے آپ کی والدہ ماجدہ بنی نجار کے اپنے خالہ زاد بھائیوں کی ملاقات کے لئے آئیں تو واپسی پر ان کا وصال مکے اور مدینے کے درمیان ابواء مقام میں ہوگیا اور وہیں دفن کی گئیں۔

(۱) ابن ہشام ۱/۱۶۹ } قَالَ ابن اسحٰق حدثنی عبد اللہ بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم اَنَّ اُمَّ رَسُوْلِ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آمِنَةُ تُوُفِّيَتْ وَرَسُوْلُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابْنُ سِتِّ سِنِيْنَ بِالْاَبْوَاءِ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ كَانَتْ قَدْ قَدِمَتْ بِهٖ عَلٰى اَخْوَالِهٖ مِنْ بَنِيْ عَدِيِّ بْنِ النَّجَّارِ تُزُوْرُهُمْ اِيَّاهُمْ فَمَاتَتْ وَهِيَ رَاجِعَةٌ بِهٖ اِلَى الْمَكَّةِ ۔

نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کا انتقال مکے اور مدینے کے درمیان ابواء میں ہوا اس وقت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی عمر شریف چھ برس کی تھی آپ کی والدہ ماجدہ اپنے خالہ زاد بھائیوں کی ملاقات کے لئے تشریف لائیں جو بنی نجار قبیلے سے تھے مکے کی

marfat.com

بن ابی الدنیا ثنا احمد بن عمران الاخنسی ثنا یحیی بن یمان عن سفیان عن علقمۃ بن مرثد عن سلیمان بن بریدۃ عن ابیہ قال زار النبی صلی اللہ علیہ وسلم قبر امہ فی الف مقنع فلم یر باکیا اکثر من یومئذ - ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین ولم یخرجاہ =

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالے عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا چہرہ مبارک کپڑے سے ڈھانپ کر اپنی والدہ ماجدہ کی قبر کی زیارۃ کی اور بڑا روئے ہم نے اس دن جیسا کبھی روتے نہیں دیکھا۔

(۱۵) ترمذی شریف ۱/۱۲۵ } حدثنا محمد بن بشار محمود بن غیلان والحسن بن علی الخلال قالوا نا ابو عاصم النبیل نا سفیان عن علقمۃ بن مرثد عن سلیمان بن بریدۃ عن ابیہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد کنت نہیتکم عن زیارۃ القبور فقد اذن لمحمد فی زیارۃ قبر امہ فزوروھا فانہا تذکر الاخرۃ =

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالے عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ضرور میں نے تمہیں قبروں کی زیارۃ سے منع کیا تھا تو یقیناً محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) کو اپنی والدہ ماجدہ کی قبر کی زیارۃ کی اجازت مل گئی ہے تم اب قبروں کی زیارۃ کیا کرو کیونکہ وہ آخرۃ یاد دلاتی ہیں۔

(۱۶) تاریخ کامل لابن اثیر ۱/۱۶۵ } قال ابن اسحق وتوفیت امہ

marfat.com

طرف زیارۃ کے لئے سفر کرکے جانا شرک ہے تو تمہارے فرقے نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر شرک کا فتویٰ لگاتے ہوئے بھی شرم نہ کی اور جو فرقہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر شرک کا فتویٰ لگانے سے نہیں ڈرتا اُمت محمدیہ اس کے لئے کیا شئی ہے۔

غیر مقلدین وہابیوں کے بزرگ محدث کا فیصلہ

۱۹) نیل الاوطار ۴/۱۱۷ شوکانی } عن بریدۃ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَدْ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ فَقَدْ أُذِنَ لِمُحَمَّدٍ فِيْ زِيَارَةِ قَبْرِ أُمِّهٖ فَزُوْرُوْهَا فَإِنَّهَا تُذَكِّرُ الْآخِرَةَ (رواہ الترمذی وصححہ)

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے تمہیں قبروں کی زیارۃ سے منع کیا تھا محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) کو اپنی والدہ ماجدہ کی قبر کی زیارۃ کے لئے اجازت دی گئی ہے لہٰذا اب تم بھی قبروں کی زیارۃ کو چلے جایا کرو کیونکہ وہ قبریں آخرۃ یاد دلاتی ہیں۔

(یہ ترمذی شریف کی روایت ہے)

کیوں بئی وہابیو! اب تو تمہارے بڑے محدث نے حدیث کی دلیل پیش کرکے اقرار کر لیا لیکن تم ٹیڑھے کے ٹیڑھے ہی تمہارے نہ اپنے بڑے پر یقین نہ ہی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور نہ ہی تمہارا خداوند کریم کے قرآن پر ایمان ہے سنیئے تمہارے شوکانی آگے لکھتے ہیں۔

۲۰) نیل للاوطار ۴/۱۱۷ } وَهٰذِهِ الْأَحَادِيْثُ فِيْهَا مَشْرُوْعِيَّةُ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ وَنُسِخَ النَّهْيُ عَنِ الزِّيَارَةِ۔ اور ان

طرف لوٹتے ہوئے ابواء میں ان کا انتقال ہو گیا۔

(۱۸) استیعاب لابن عبدالبر ۱/۱۳ { فَاَخْرَجَتْهُ آمِنَةُ اِلٰی اَخْوَالِ اَبِیْهِ بَنِی النَّجَّارِ تَزُوْرُهُمْ بِهٖ بَعْدَ سَبْعِ سِنِیْنَ مِنْ عَامِ الْفِیْلِ وَتُوُفِّیَتْ اُمُّهٗ آمِنَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ بِشَهْرٍ بِالْاَبْوَاءِ وَمَعَهَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَدِمَتْ بِهٖ اُمُّ اَیْمَنَ مَكَّةَ بَعْدَ مَوْتِ اُمِّهٖ بِخَمْسَةِ اَیَّامٍ۔

مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا بنی نجار کے اپنے خالہ زاد بھائیوں کی ملاقات کے لئے مدینہ طیبہ تشریف لائیں۔ مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم کی عمر شریف اس وقت چھ برس کی تھی آپ کی والدہ ماجدہ کا وصال عام فیل کے ایک مہینہ بعد ابواء مقام میں ہوا نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم ان کے ساتھ تھے ام ایمن مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم کو والدہ ماجدہ کے وصال کے بعد پانچ دن میں مکے لے آئیں۔

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ ابواء مقام جو مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ کی قبر شریف کی زیارت گاہ ہے مکے شریف سے پانچ منزلیں ہے اور مدینہ طیبہ سے چھ منزلیں ہے تو مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم مکے شریف میں تھے تو پانچ منزلیں مسافت طے کر کے اپنی والدہ ماجدہ کی زیارت گاہ پر پہنچتے اور جب مدینہ طیبہ پہنچتے تو چھ منزلیں مسافت طے کر کے تشریف لاتے۔

وہابیو! اب تم بتاؤ کہ مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم صرف اپنی والدہ ماجدہ کی زیارت گاہ پر زیارت کی نیت سے سفر کر کے تشریف لے جاتے رہے اب تم نے فتویٰ لگا دیا کہ قبروں کی

marfat.com

اس آیۃ کریمہ میں اللہ تعالےٰ نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے روگردانی کرنے والوں کا حال بیان فرمایا کہ ایسے لوگوں کے مونہہ دوزخ میں اوندھے کئے جائیں گے اور وہ لوگ دوزخ میں پکاریں گے کہ ہمارے مولویوں نے یا اللہ ہمیں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے بلند رکھا اور ہم تیرے حکم قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْ سے گمراہ رہے۔ تو اس دن کا پچھتانا کام نہ دے گا۔

مسلمانو! آج ہی دشمنانِ رسالت صلے اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ دو اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضری کو گناہ کا کفارہ سمجھو اگر اللہ تعالےٰ توفیق دے تو وہاں پہنچنے کی ضرور کوشش کرو اور اسلامی فریضہ سمجھو اور وہاں پہنچکر اپنے گناہوں سے توبہ کرو تاکہ گناہوں کی معافی مل جائے تاکہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم وَيُزَكِّيْهِمْ فرمانِ خداوندی کے موافق تمہیں پاک کردیں۔

غیر مقلدین وہابی کو چونکہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ابتدائی اور حقیقی عناد ہے اس لئے دربار رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سفر کرکے جانا بھی گوارہ نہیں کرتے یہ اصول ہے کہ جس سے ناراضگی ہو جب کوئی موقعہ شادی یا غمی کے اجتماع کا ہو تو وہ اپنے خاص رشتہ داروں کو واضح کردیتا ہے کہ فلاں شخص سے میری عداوت ہے اگر اس نے اس کو دعوت دی یا تم اس کے پاس گئے تو میں نہیں آؤں گا میری تمہاری بس۔

ایسے وہابی کہتا ہے کہ اگر کوئی وہابی رسول علیہ السلام کی طرف سفر کرکے گیا تو ہماری جماعت سے خارج ہے۔ دوسری بات ہے کہ اچھے کی صحبت صالح بنا دیتی ہے اور برے کی صحبت بد بنا دیتی ہے اگر کوئی شخص برے کی صحبت میں بیٹھے" جائے اور تعلق رکھے تو اس کے وہابی اس کو منع کرتے ہیں کہ کیوں اپنی زندگی برباد کرتے ہو اس کے۔

marfat.com

تمام احادیث میں قبروں کی زیارۃ کے لئے جانا شرعی ثابت ہوا اور نہ زیارۃ کرنے کی حدیثیں منسوخ ہو گئیں۔

کیوں ہی وہابیو اب بتاؤ تمہارا علامہ اور امام الطائفہ الوہابیہ اس فتوے کی رو سے ایماندار رہا یا نہ تمہارے نزدیک تو علامہ شوکانی بھی مشرک ہی ثابت ہوا۔ لیکن امام الطائفۃ الوہابیہ کو بھی تسلیم کرنا پڑا کہ قبور کی زیارۃ کے لئے جانا مسنون ہے۔

ہمارا کام کہدینا ہے یارو۔ تم آگے چاہے مانو یا نہ مانو

اب تمہارے بڑے نے تو تسلیم کر لیا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے ارشاد پر عمل کرتے ہوئے قبروں کی زیارۃ کو سفر کر کے جانا ثواب سمجھتے ہو تو فرمان مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے مطیع ہو ورنہ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِيْنَ فِيْهَا کے مستوجب ہو۔

دشمنان محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حال میدان حشر میں

الاحزاب ۲۲/۸ { يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ۝ وَقَالُوْا رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ۝

قیامت کے دن کفار و منافقین کے منہ دوزخ میں الٹے کئے جائینگے تو وہ چلائیں گے۔ افسوس ہم اللہ تعالےٰ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرتے (تو آج ناجی ہوتے) اے ہمارے پروردگار ہم نے اپنے امیروں اور بڑوں کی اطاعت کی تو انہوں نے ہمیں صراط مستقیم سے گمراہ کر دیا۔

marfat.com

کتا ہے اور رحمانی وقت میں رحمانی عبادت سے محروم ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ مسلمان کا پلہ ابلیس سے چھڑا کر رحمان سے تعلق لگا دیتے ہیں اس لئے یہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت عالیہ میں جانے سے ہی منع کرتا ہے۔

چوتھی بات یہ ہے کہ ابلیس اللہ تعالےٰ کو اپنی کمزوری کا اظہار کر چکا ہے کہ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ یا اللہ میں ہر آدمی پر اپنی طاقت خرچ کر دوں گا لیکن تیرے خاص بندوں پر میرا کوئی چارہ گر نہ ہو گا خصوصاً دربار مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم میں تو ابلیس پہنچ ہی نہیں سکتا تو یہ نجدی وہابی اس لئے بھی دربار مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم میں جانے سے روکتا ہے اور خود بھی سفر کر کے نہیں جاتا کہ وہاں اس کا پیشوا ابلیس نہیں ہے کہ وہ نہیں جا سکتا تو میں بھی نہیں جا سکتا اور وہابیو بتاؤ ؟ ابلیس بھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی حاضری سے محروم ہے اور تم بھی محروم تو تمہارا کس پارٹی سے تعلق ہوا تم خود سوچو کہ تم کون ہو۔ اب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی نیت کر کے سفر کرنا وہابی منع کرتا ہے۔ وہابیوں کی اصل عبارتیں پیش کرتا ہوں تاکہ مسلمانوں کی تسلی ہو جائے اور ان کا حقیقی عناد واضح ہو جائے۔

او مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی امت کے چور فرقہ تم تو اپنے فرقے کا نام اہلحدیث رکھ کر مسلمانوں کو خوب دھوکہ دیتے ہو جو حکم مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا منسوخ ہو چکا ہو اس کی بھی چوری کرتے ہو حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا اُلٹا مطلب بیان کر کے اُمت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی اُمت کو گمراہ کرتے ہو افتومنون ببعض الکتاب وتکفرون ببعض کا شان نزول اللہ تعالےٰ نے قبل از وقت تمہارا نقشہ ہی کھینچ دیا ہے۔ فقیر نے اتنی حدیثیں پیش کیں اب تمہاری مرضی پر موقوف ہے۔

marfat.com

پاس نہ جایا کرو اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ یا رسول صلے اللہ علیہ وسلم جب یہ لوگ اپنے نفسوں پر ظلم کرلیں تو آپ کے دربار میں حاضری دیں دور ہوں یا نزدیک شرق میں ہوں یا غرب میں جنوب میں ہوں یا شمال میں لیکن وہابی دربار رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم کی حاضری سے منع کرتا ہے۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہابی کا ارادہ ہے کہ کوئی پاک نہ ہو جائے یا دشمنی کی بنا پر نہیں جانے دیتا تیسری بات یہ ہے کہ جب کسی کا ارادہ نشے کے استعمال کا ہوتا ہے تو وہ بھنگی یا چرسی یا افیونی کی صحبت میں جانا شروع کر دیتا ہے تو وہ اس کو آہستہ آہستہ نشے کی چاٹ دیتا ہے پھر ذرا ذرا نشے کا استعمال کرا کر پورا نشئی بنا دیتا ہے۔ تو یہ وہابی یہ نجدی یہ غیر مقلد اپنی امت کو دربار رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم میں جانے سے منع کرتا ہے تاکہ ایسا نہ ہو کہ کہیں ہمارے فرقے کا آدمی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جا کر مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی روحانیت اور نور سے فیضیاب ہو گیا تو ہمارے کام کا نہ رہ جائیگا کیونکہ اس کے دل سے بغض وعناد جاتا رہے گا۔ تو وہابیوں کو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے بھی حقیقی ابتدائی عناد ہے اور اپنے فرقے سے بھی بغض ہے کہ یہ لوگ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے مستفیض نہ ہو جائیں ادھر دربار رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم سے منع کرتا ہے اُدھر ابلیس کو دعوت دیتا ہے۔ بیت الخلاء جاتے وقت اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ نہیں پڑھتا کہ اللہ تعالےٰ کی حفاظت میں نہ ہو جاؤں شیطان مجھ سے دور ہٹ جائے گا بلکہ بسم اللہ پڑھ کر ابلیس کا استقبال کرتا ہے۔ زوال اور غروب کے وقت سورج ابلیس کے سینگوں میں ہوتا ہے ان اوقات میں بھی یہ اس کا استقبال کرتا ہے تو یہ ابلیس کا پجاری ہے اس لئے شیطانی وقت میں شیطانی صحبت کو پسند

marfat.com

یہ حدیث بخاری شریف کی ہے۔ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہے اب تمہارا دل چاہے ایمان لاؤ یا نہ عمل کر دیا ٹھکرا دو لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّينِ قَد تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ دین میں زبردستی نہیں ہے گمراہی دور ہو چکی ہدایت ظاہر ہو گئی تمہارا کہنا کہ قبور پر جانا مرد عورتوں کو حرام و شرک فقیر نے احادیث صحیحہ سے عین ایمان اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی فرمانبرداری ثابت کر دی۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کا قبرستان میں تشریف لے جانا

(۲) المستدرک ۱/۳۷۶ } حدثنا ابو بکر محمد بن اسحٰق الفقیہ انبأ ابو المثنی معاذ بن المثنّٰی ثنا محمد بن المنہال الضریر ثنا یزید بن زریع ثنا بسطام ابن مسلم عن ابی التیاح یزید بن حمید عن عبد اللہ بن ابی ملیکۃ اَنَّ عَائِشَةَ اَقْبَلَتْ ذَاتَ يَوْمٍ مِنَ الْمَقَابِرِ فَقُلْتُ لَهَا يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَيْنَ اَقْبَلْتِ قَالَتْ مِنْ قَبْرِ اَخِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ فَقُلْتُ لَهَا اَلَيْسَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهٰى عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ قَالَتْ نَعَمْ كَانَ نَهٰى ثُمَّ اَمَرَ بِزِيَارَتِهَا ۔

عبداللہ بن ابی ملیکۃ سے روایت ہے کہ ایک دن حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا قبرستان سے تشریف لائیں میں نے عرض کیا اے ام المومنین کہاں سے آپ تشریف لائی ہیں۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے جواب دیا کہ اپنے بھائی عبدالرحمٰن بن ابی بکر کی قبر سے میں نے عرض کیا کہ

marfat.com

"وہابی" مولوی صاحب قبروں کی طرف سفر کر کے جانا خصوصاً مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے گنبد خضرا کی طرف سفر کر کے جانا سنت ثابت ہو گیا لیکن عورتوں کو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا تمہاری عورتیں بھی بزرگوں کی قبروں کی طرف جاتی ہیں۔ حالانکہ یہ صاف حرام ہے۔

"محمد عمر" فقیر اپنی طرف سے کچھ نہیں کہتا حدیث شریف سے عرض کر دیتا ہوں۔

قبروں میں عورتوں کا جانا اور خشوع و خضوع مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا نہ روکنا

(۱) بخاری شریف ۱/۱۷۰ / ۱/۱۷۱ } حدثنا آدم قال حدثنا شعبۃ قال حدثنا ثابت عن انس بن مالک قال مر النبی صلی اللہ علیہ وسلم بامرأۃ عند قبر وھی تبکی فقال اتقی اللہ واصبری۔

انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک عورت کے قریب سے گزرے جو قبر کے پاس رو رہی تھی آپ نے فرمایا اللہ تعالےٰ سے ڈر اور صبر کر۔

"محمد عمر" اس حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوا کہ منع فرمانے کے بعد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو قبور کی زیارۃ کا حکم جاری فرمایا اسی وقت آپ کے زمانے میں عمل شروع ہو گیا عورتیں اور مرد صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے قبروں پہ زیارۃ کے لئے جانا شروع کر دیا جیسا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے خود ایک قبر کے پاس عورت کو روتے ہوئے دیکھا اور اس کو صبر کی تلقین کی۔

وہابی فرقے کا آج منع کرنا یہ حکم مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی بر ملا مخالفت ہے۔

marfat.com

حضرت حسین رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ فاطمہ بنت النبی صلے اللہ علیہ وسلم اپنے چچا حمزہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی قبر کی زیارۃ کے لئے ہر جمعہ تشریف لے جاتیں پھر وہاں قبر کے پاس نماز پڑھتیں اور روتیں اس حدیث کے تمام رواۃ صحیح ہیں اور قبروں کی زیارۃ کے لئے لوگوں کو رغبت دلانے کے لئے مجھے یقین ہو گیا اور تاکہ گنہگار کو اپنے گناہوں کا علم ہو جائے کہ قبروں پر جانا سنت ہے وصلے اللہ علی محمد وآلہ اجمعین۔

یہ ہے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی محبوبہ صاحبزادی جن کا اپنا عمل ہے کیا وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے حکم پر عمل نہ کرتی تھیں حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالےٰ عنہا ہر جمعے کو اپنے چچا حضرت حمزۃ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی قبر شریف پر جو مدینہ طیبہ سے تین میل ہے مسافت طے کر کے تشریف لے جاتیں اور وہاں فرضی نمازیں اور نوافل قبر کے پاس ادا فرماتیں جس سے ثابت ہوا۔

(۱) کہ قبروں کے پاس نماز پڑھی جائے۔ ان کی طرف سجدہ نہ ہو تو ثواب ہے منع نہیں۔

(۲) عورتوں کا سفر کر کے قبور کی زیارۃ کے لئے جائز ہے۔ بشرطیکہ کوئی عارضہ نہ ہو عارضہ کے وقت تو حج سے بھی عورت پیچھے ہٹ سکتی ہے۔ لیٹ ہو سکتی ہے۔

(۳) قبور کے پاس رونا خشوع وخضوع جائز ثابت ہوا۔

"وہابی" مولوی صاحب یہ بات تو سمجھ میں آگئی کہ انبیاء علیہم السلام کی قبور کی طرف سفر کر کے جانا صحیح ہے لیکن یہ فرمایئے کہ یہ موجودہ گنبد خضرا تو لوگوں کی مصنوعات ہے بعد میں تعمیر ہوئی ہے اس کا درجہ کیسے بیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا ہو سکتا ہے؟

marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبور کی زیارۃ سے منع نہیں فرمایا تھا حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے فرمایا کہ ہاں پہلے منع فرمایا تھا پھر قبور کی زیارۃ کا حکم جاری فرما دیا تھا۔

"محمد عمر" یہ ہے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کا عمل جو امت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی سب سے افقہ ہیں اور انہی کا ارشاد ہے کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے پہلے منع فرمایا تھا لیکن بعد میں اجازت دے دی قبور کی زیارۃ کے لئے عورتوں کو جانے کا حکم دے دیا میں نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے آخری حکم پر عمل کیا ہے خلاف نہیں کیا۔

حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالےٰ عنہا کا قبرستان تشریف لے جانا

(۳) المستدرک ۱/۳۷۷ } حدثنا ابو حمید احمد بن محمد بن حامد العدل بالطابران ثنا تمیم بن محمد ثنا ابو مصعب الزہری حدثنی محمد بن اسماعیل بن ابی فدیک اخبرنی سلیمان بن داؤد عن جعفر بن محمد عن ابیہ عن علی بن الحسین عن ابیہ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَتْ تَزُوْرُ قَبْرَ عَمِّهَا حَمْزَةَ كُلَّ جُمُعَةٍ فَتُصَلِّيْ وَتَبْكِيْ عِنْدَهٗ هٰذَا الْحَدِيْثُ رُوَاتُهٗ عَنْ آخِرِهِمْ ثِقَاتٌ وَقَدْ اِسْتَقْصَيْتُ فِي الْبَحْثِ عَلٰى زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ نَحْرِيًّا لِلْمُشَارَكَةِ فِي التَّرْغِيْبِ وَلِيَعْلَمَ الشَّيْخُ بِذٰلِكَ اَنَّهَا سُنَّةٌ مَسْنُوْنَةٌ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۔

marfat.com

دوڑنا یا بابرکت سمجھنا جائز نہیں کیونکہ بعد کی تعمیر ہے مگر سچ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جس کا ایمان چھین لیتا ہے اس کے عقل کو بھی چھین لیتا ہے۔ کیونکہ ارشاد ربی ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ لَھَادِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا۔ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو ہدایت دیتا ہے۔

تیسرا جواب:۔ مسجد نبوی نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی تیار کردہ چھوٹی تھی بعد میں ترکوں نے زیادہ بڑھا دی جو اب تک اس کو باہر کی حد تک مسجد نبوی کا درجہ ہی حاصل رہا جو ثواب مسجد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی حد کا تھا وہی درجہ جو زمین اس میں شامل کی گئی اس کا سمجھا جاتا رہا کسی بادشاہ نے اس ترکوں کی زیادہ کردہ حد کو گرایا نہیں نہ ہی کسی وہابی نے فتویٰ دیا کہ مسجد نبوی اصل وہی ہے جو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی تعمیر کی حد ہے باقی نہیں بعد ازاں اب نجدی نے ترکوں کی حد سے بھی زیادہ مسجد نبوی کی توسیع کر دی جو مسجد نبوی میں ہی شمار ہوئی کسی وہابی نے فتویٰ شائع نہیں کیا کہ یہ زمین چونکہ بعد میں بڑھائی گئی ہے لہٰذا یہ مسجد نبوی میں شامل نہیں ہے بلکہ نجدی کی باہر والی دیواروں تک مسجد نبوی سمجھی جاتی ہے۔ لہٰذا گنبد خضرا کی حد تو وہاں تک ہی بڑھائی گئی ہے جہاں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم مہمانوں سے ملاقات کرتے تھے یا جس مقام پہ آپ اپنے اصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین سے بیعت لیتے رہے ان متبرک مقامات کو شامل کر کے اوپر گنبد خضرا تعمیر کیا گیا اور لطف کی بات یہ ہے کہ آپ کے گھر مبارک کی اصل عمارت کو ویسے ہی سلامت رکھا گیا جو گنبد خضرا کے اندر اب بھی موجود ہے اس کی وجہ سے جتنی حد گنبد خضرا میں بڑھائی گئی وہ بیت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ہے کیونکہ اس کے اندر مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں۔

چوتھا جواب اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ اللہ تعالیٰ اور اس کے

marfat.com

"محمد عمر" وہابی تمہیں اس خاص معطر پنجے کی قسم ذرا سے انصاف کی نظر سے دیکھنا عرض کرتا ہوں بیت اللہ شریف کی تعمیر پوری ابوجہل اسلام کے رول کافر نے کی اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کو گرانے کا حکم نہیں دیا کیونکہ مقام وہی متبرک تھا جو چیز وہاں لگ گئی گو کافر کے ہی ہاتھ سے لگ گئیں وہ بھی مقام کی وجہ سے بابرکت ہو گئیں جیسا رکن یمانی کو پہلے بھی بوسہ دینا برکت سمجھا جاتا تھا جب بیت اللہ شریف کی تعمیر ہوئی تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین تابعین تبع تابعین خیر القرون میں سب ابوجہل کی لگی ہوئی انہی پتھروں کو مس کرتے آئے اور متبرک سمجھتے رہے ہیں کسی نے اعتراض نہیں کیا تو معلوم ہوا کہ مقامات متبرکہ پر اگر کوئی غیر مسلم بھی تعمیر کر دے تو اس مقام کی وجہ سے وہ بھی بابرکت بن جاتی ہے

کنز العمال ۶/۲۴۴ } اِنَّ مَسْحَ الْحَجَرِ الْاَسْوَدِ وَالرُّكْنِ الْيَمَانِيِّ يَحُطَّانِ الْخَطَايَا حَطًّا رواہ عن ابن عمر

بے شک حجر اسود اور رکن یمانی کو چھونے سے وہ دونوں گناہوں کو پوری طرح مٹا دیتے ہیں۔

بتایئے رکن یمانی جس کی تعمیر ابوجہل نے کی پتھر ابوجہل نے لگائے چھونے سے وہ گناہوں کو مٹاتا ہے ماھو جوابکم فھو جوابنا =

گنبد خضرا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم تو مسلمانوں کی تعمیر ہے پاک ہاتھوں نے ہر پاک چیز سے تعمیر کیا ہے۔

دوسرا جواب وہابیو یہ تو بتاؤ کہ صفا مروہ اور اس کے مابین آجکل جو کچھ بھی تعمیر ہوا ہے وہ تمہارے سعودی نے تعمیر کیا ہے کیا کبھی تم نے فتویٰ دیا کہ اس میں

marfat.com

رواہ احمد وابو یعلی والبزار وفیہ علی بن زید وفیہ کلام وقد وثق۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے گھر سے میرے حجرے تک جنت کے باغوں سے باغ ہے اور میرے منبر جنت کے دروازوں سے ایک دروازے پر ہوگا۔

(۳) کنز العمال ۶/۲۴۹ { مَا بَيْنَ بَيْتِيْ وَمِنْبَرِيْ رَوْضَةٌ مِّنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ وَمِنْبَرِيْ عَلٰى حَوْضِيْ (رق ت عن ابی ہریرۃ)

ابو ہریرۃ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے گھر اور منبر کا درمیان جنت کے باغوں سے باغ ہے اور میرا یہی منبر میرے حوض کوثر پر ہوگا۔

مجمع الزوائد ۴/۹ { وعن سهل بن سعد انه سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ مِنْبَرِيْ عَلٰى تُرْعَةٍ مِّنْ تُرَعِ الْجَنَّةِ فَقُلْتُ مَا التُّرْعَةُ يَا اَبَا الْعَبَّاسِ قَالَ اَلْبَابُ رواہ احمد والطبرانی فی الکبیر ورجال احمد رجال الصحیح

سہل بن سعد رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے کہ میرا منبر جنت کے دروازوں سے ایک دروازے پر ہوگا میں نے عرض کیا اے ابو العباس ترعہ کسے کہتے ہیں انہوں نے فرمایا دروازے کو۔

marfat.com

فرشتے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر درود شریف ہر وقت پڑھتے ہی رہتے ہیں جو گنبد خضرا پہ نازل ہوتا ہوا اندر دربار مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم میں پیش ہوتا ہے یعنی گنبد خضرا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم بیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میں شامل ہے جو درود شریف کی گزرگاہ بنے ہوئے چودہ سو برس گزر چکے ہیں کیا یہ گنبد خضرا منزل درود شریف نہیں جب ہے تو یقیناً بابرکت ہے اور بیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا حکم رکھتا ہے۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے گنبد خضرا کا شان مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی زبانی

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے گھر اور منبر تک کا مقام جنت ہے

(۱) مجمع الزوائد ۴/۸ } عن ابی ھریرۃ وابی سعید اَنَّ رَسُوْلَ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ مَا بَیْنَ بَیْتِیْ وَ مِنْبَرِیْ رَوْضَۃٌ مِّنْ رِیَاضِ الْجَنَّۃِ وَمِنْبَرِیْ عَلٰی حَوْضِیْ قُلْتُ حَدِیْثُ ابی ھریرۃ فی الصحیح ورواھما احمد ورجالہ رجال الصحیح

ابو ہریرہ اور ابو سعید خدری رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے گھر اور منبر کا درمیان جنت کے باغوں سے باغ ہے اور میرا منبر میرے حوض کوثر پر ہوگا۔

(۲) مجمع الزوائد ۴/۸ } وعن جابر بن عبد اللہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مَا بَیْنَ بَیْتِیْ اِلٰی حُجْرَتِیْ رَوْضَۃٌ مِّنْ رِیَاضِ الْجَنَّۃِ وَاِنَّ مِنْبَرِیْ عَلٰی تُرْعَۃٍ مِّنْ تُرَعِ الْجَنَّۃِ

marfat.com

وَمِنْبَرِیْ عَلٰی حَوْضِیْ رواہ الطبرانی فی الکبیر والاوسط ورجالہٗ ثقات۔ عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت بیان کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ میرے گھر اور منبر کا درمیان جنت کے باغوں سے باغ ہے اور یہی میرا منبر میرے حوض کوثر پر ہوگا۔

(۷) مجمع الزوائد ۴/۹ { وعن الزبیر بن العوام قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ما بین بیتی الی منبری روضۃ من ریاض الجنۃ ومنبری علی حوضی رواہ الطبرانی فی الاوسط۔

زبیر بن عوام رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے کہ میرے گھر سے میرے منبر تک جنت کے باغوں سے باغ ہے اور میرا (یہی) منبر قیامت کے دن میرے حوض کوثر پر ہوگا۔

(۸) کنز العمال ۶/۲۵۴ { ما بین بیتی ومنبری روضۃ من ریاض الجنۃ ومنبری علی حوضی (حم ق ت عن ابی ہریرۃ)

ابوہریرۃ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان جنت کے باغوں سے ایک باغ ہے۔

(۹) کنز العمال ۶/۲۵۴ { ما بین بیتی ومنبری روضۃ من ریاض الجنۃ (حم ت ن عن عبداللہ بن زید المازنی)

marfat.com

ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روضہ الجنہ کی روایت

(۴) مجمع الزوائد ۴/۹ } وعن ابی بکر الصدیق قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم مَابَیْنَ بَیْتِیْ وَمِنْبَرِیْ رَوْضَۃٌ مِّنْ رِیَاضِ الْجَنَّۃِ وَمِنْبَرِیْ عَلٰی تُرْعَۃٍ مِّنْ تُرَعِ الْجَنَّۃِ۔

ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے گھر اور منبر کا درمیان جنت کے باغوں سے باغ ہے۔ اور میرا یہی منبر جنت کے دروازوں سے ایک دروازے پر ہوگا۔

روضہ الجنۃ کے متعلق سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی حدیث

(۵) مجمع الزوائد ۴/۹ } وعن سعد بن ابی وقاص اَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ مَابَیْنَ بَیْتِیْ وَمِنْبَرِیْ رَوْضَۃٌ مِّنْ رِیَاضِ الْجَنَّۃِ رواہ البزار والطبرانی فی الکبیر ورجالہٗ ثقات۔

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرا گھر اور منبر کا درمیان جنت کے باغوں سے باغ ہے

روضہ الجنۃ کی روایت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے

(۶) مجمع الزوائد ۴/۹ } وعن ابن عمر عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ مَابَیْنَ بَیْتِیْ وَمِنْبَرِیْ رَوْضَۃٌ مِّنْ رِیَاضِ الْجَنَّۃِ

marfat.com

اس حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوا کہ بیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ
...ور آپ کا منبر شریف اور اس کے درمیان کی تمام جگہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی وجہ
...سے جنت کے باغوں سے باغ ہے جس شخص کی جنت جانے کی خواہش ہو وہ مصطفےٰ صلے
...للہ علیہ وسلم کے گھر مبارک یا منبر شریف اور ما بینھما کی بایمان ویقین زیارۃ
...رے وہ یقیناً جنتی ہے کیونکہ یہ قطعہ مبارکہ اسی معہود جنت کا ایک حصہ ہے
...ں کے متعلق رب العزۃ نے ارشاد فرمایا ہے وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ
اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ۔
...دوسرا جواب: قبر شریف کو آنکھوں سے دیکھنا تو نور علی نور ہے لیکن جو شخص مصطفےٰ صلے
...علیہ وسلم کے دربار عالیہ میں ایمان ویقین سے حاضر ہو جائے وہ بھی ایسے ہے جیسا کہ اس
...نے آنکھوں سے زیادہ کر لی جیسا نابینا اگر قبر شریف کے دربار میں حاضر ہی ہو جائے
...ں کو قبر شریف نظر آئے یا نہ وہ ایسا ہی ہے جیسا کہ آنکھوں والے نے آپ کی
...شریف کو آنکھوں سے دیکھا کیونکہ وہاں ایمان ویقین سے حاضری شرط ہے۔
جیسا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی زیارہ کرنے والے ایماندار اور عبداللہ بن
...مکتوم نابینے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے اصحابی ہونے میں دونو یکساں ہیں کبھی
...ں نے سوال نہیں کیا کہ عبداللہ اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم میں داخل نہیں
...کہ نابینا تھا ایمان سے دربار مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی صحبت اور حاضری بینا اور
...نا کی یکساں تھی لہٰذا وہ اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم میں شامل تھا ایسے ہی گنبد خضرا
...ب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا گھر مبارک ہے آپ کی موجودگی اور عالمین
...والتی مرکز وہی ہے لہٰذا گنبد خضرا کے زائر ایمان وایقان سے حاضری دینے والے

marfat.com

عبد اللہ بن زید رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان جنت کے باغوں سے باغ ہے۔

(۱۰) کنز العمال ۶/۲۵۴ { مَابَيْنَ مُصَلَّاىَ وَبَيْتِيْ رَوْضَةٌ مِّنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ (ابو نعیم فی المعرفۃ عن سعد۔

حضرت سعد رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے محراب اور گھر کے درمیان جنت کے باغوں سے باغ ہے۔

(۱۱) کنز العمال ۶/۲۵۴ { مَابَيْنَ مِنْبَرِىْ اِلٰى حُجْرَتِىْ رَوْضَةٌ مِّنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ وَاِنَّ مِنْبَرِىْ عَلٰى تُرْعَةٍ مِّنْ تُرَعِ الْجَنَّةِ

(حم والشاشی عن جابر)

جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے منبر سے میرے حجرے تک جنت کے باغوں سے باغ ہے اور میرا منبر جنت کے دروازوں سے ایک دروازے پر ہوگا۔

(۱۲) بخاری شریف ۲/۱۰۹۰ { حدثنا عمرو بن علی قال حدثنا عبد الرحمٰن بن مہدی قال حدثنا مالک عن خبیب بن عبد الرحمٰن عن حفص بن عاصم عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مَابَيْنَ بَيْتِيْ وَمِنْبَرِىْ رَوْضَةٌ مِّنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ وَمِنْبَرِىْ عَلٰى حَوْضِىْ ۔

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان جنت کے باغوں سے باغ ہے۔

marfat.com

کیونکہ آپ نے اس کی تخصیص نہیں فرمائی۔

"محمد عمر" افسوس ہے تم یار اہلحدیث کہلاتے ہو لیکن کسی حدیث سے مس ہی نہیں

جواب اوّل کیا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت نہیں بیان کی کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نبی اللہ کا جہاں وصال ہوتا وہیں دفن کیا جاتا ہے۔ چنانچہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا جہاں وصال ہوا آپ کا بستر اٹھا کر وہیں آپ کو دفن کیا گیا تاکہ آپ کے مکان کی ملکیت میں فرق نہ آئے۔

جواب ۲: مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے گھر کی وصال کے بعد بھی تشریح فرما دی کہ مَا بَیْنَ بَیْتِیْ سے میرا وہی گھر مراد ہے کہ جس میں میری قبر ہوگی جیسا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی کئی صحیح احادیث میں مذکور ہے سُنیئے۔

مجمع الزوائد ۴/۸ } عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَاَبِیْ سَعِیْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللّٰه عَلَیْهِ وسلم قَالَ مَا بَیْنَ بَیْتِیْ وَمِنْبَرِیْ رَوْضَةٌ مِّنْ رِیَاضِ الْجَنَّةِ وَمِنْبَرِیْ عَلٰی حَوْضِیْ قُلْتُ حدیث ابی هریرة الصحیح ورواهما احمد ورجاله رجال الصحیح۔

ابوہریرۃ رضی اللہ تعالےٰ عنہ اور ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان جنت کے باغوں سے باغ ہے اور میرا منبر میری حوض پر ہوگا میں کہتا ہوں کہ ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی حدیث صحاح میں ہے اور ان کو احمد نے روایت اس کے رجال صحیح ہیں۔

marfat.com

کو خداوند کریم کی طرف سے ثواب و درجہ وہی ملے گا جو زائر قبر شریف کا اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی رحمت کا بھی ویسے ہی حقدار ہوگا۔

تیسرا جواب نبی اللہ جس مقام پر تشریف فرما ہوا اس کا چوفیر بابرکت بن جاتا ہے جیسا کہ قرآن شریف میں رب العزۃ نے معراج کی رات میں بیت المقدس کے متعلق فرمایا الذی بارکنا حولہٗ آپ وہاں تشریف لے گئے تو ہم نے اس کے چوفیر کو بابرکت بنا دیا۔

چوتھا جواب بیت اللہ شریف کے متعلق رب العزۃ نے فرمایا ہے۔ اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَکَّۃَ مُبٰرَکًا وَّھُدًی لِّلْعٰلَمِیْنَ۔

"وہابی" مولوی صاحب یہ روایتیں جو تم نے اپنے استدلال میں پیش کی ہیں۔ کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے گھر سے لے کر آپ کے منبر تک دنیا میں یہ جنت کا ایک حصہ ہے جو اس کی طرف سفر کر کے جانے سے روکتا ہے وہ جنت سے روکتا ہے صحیح ہے لیکن حدیث شریف میں بَیْتِیْ کا لفظ محمد علیہ السلام نے فرمایا کہ میرے گھر کے درمیان صاحب خانہ تب تک ہی کہلاتا ہے جب تک وہ زندہ ہے جب وہ چھوڑ جاتا ہے یعنی مر جاتا ہے تو وہ مر گیا اب دنیا کا گھر اس کی ملکیت سے نکل گیا تو ریاض الجنۃ بھی تب تک ہی رہا جب تک مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم زندہ رہے جب مر گئے تو اب مابین بیتی کا مصداق نہ رہیگا تو تمہارا یہ استدلال غلط ثابت ہوا کیونکہ روضۃ الجنۃ آپ کی زندگی تک ہی رہا اب نہیں۔

سوال ۲ یہ ہے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے کئی مکانات تھے جیسا کہ قرآن کریم میں بیوت النبی سے واضح ہے تو یہ بھی پتہ نہیں کہ آپ کا کونسا گھر یہاں مراد ہے

marfat.com

فرمان پر یقین ہے آپ نے فرما دیا اب تم نام کے اہلحدیث کہلانے والو بتاؤ تمہیں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث شریف پر یقین ہے ؟ تم ایمان لائے ہو ؟ اگر تم سچے اہلحدیث ہو تو کہدو۔

آمنّا

اور اب بھی دربار مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم میں سفر کرکے جانے کو حکم خداوندی اور اتباع مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم یقین کرکے اعلان کردو کہ ثواب ہے باعث بخشش و رحمت خداوندی ہے ورنہ بحکم مذکورہ رب العزت جہنم کا ایندھن بن جاؤ گے۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف و الا گھر اور منبر روضۃ الجنۃ ہے

مجمع الزوائد ۴/۶ } عن علی بن ابی طالب و ابی ھریرۃ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ مَابَیْنَ قَبْرِیْ وَمِنْبَرِیْ رَوْضَۃٌ مِّنْ رِیَاضِ الْجَنَّۃِ ۔

علی بن ابی طالب اور ابوہریرۃ رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری قبر اور منبر کا درمیان جنت کے باغوں سے باغ ہے۔

کنز العمال ۶/۲۵۴ } مَابَیْنَ قَبْرِیْ وَمِنْبَرِیْ رَوْضَۃٌ مِّنْ رِیَاضِ الْجَنَّۃِ (حم ع ض عن ابی سعید) (ھب والخطیب وابن عساکر عن جابر بن عبد اللہ)

ابوسعید خدری اور جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت ہے کہ

marfat.com

بَابُ مَا یَحْصُلُ لِاُمَّتِہٖ صلے اللہ علیہ وسلم مِنِ اسْتِغْفَارِہٖ بَعْدَ وَفَاتِہٖ

مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم کا اپنی امت کے لئے اپنے وصال کے بعد بخشش مانگنا۔

مجمع الزوائد ۹/۲۴ } عَنْ عبد اللہ بن مسعود عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم
کنز العمال ۶/۱۰۲ } قَالَ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلَائِکَتَہٗ سَیَّاحِیْنَ یُبَلِّغُوْنَ عَنْ اُمَّتِیَ السَّلَامَ قَالَ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم حَیَاتِیْ خَیْرٌ لَّکُمْ تُحْدِثُوْنَ وَتُحْدَثُ لَکُمْ وَوَفَاتِیْ خَیْرٌ لَّکُمْ تُعْرَضُ عَلَیَّ اَعْمَالُکُمْ فَمَا رَاَیْتُ مِنْ خَیْرٍ حَمِدْتُ اللّٰہَ عَلَیْہِ وَمَا رَاَیْتُ شَرًّا اَسْتَغْفَرْتُ اللّٰہَ لَکُمْ رواہ البزار ورجالہ رجال الصحیح۔

عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ روایت کرتے ہیں نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے آپ نے فرمایا اللہ تعالےٰ اور اس کے فرشتے سیر کرنے والے ہیں جو میری امت کی طرف سے مجھے سلام پہنچاتے ہیں۔ عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری زندگی تمہارے لئے بہتر ہے حدیث بیان کرتے ہو تم اور تمہارے لئے حدیث بیان کی جاتی ہے اور میرا وصال بھی تمہارے لئے بہتر ہے تمہارے اعمال میرے روبرو پیش کئے جائینگے تمہارے اعمال میں اچھے دیکھوں گا۔ اس پر میں اللہ تعالیٰ کی تعریف کروں گا اور جو برے دیکھوں گا تمہارے لئے اللہ تعالےٰ سے معافی مانگوں گا

کیوں نبی وہابیو مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کے لئے بعد از وصال بھی خداوند کریم سے معافی مانگنے کا اعلان فرما دیا ہمیں مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم کے

marfat.com

مَابَیْنَ بَیْتِیْ کی تخصیص مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی زبانی

(جواب ۳)

مجمع الزوائد ۴/۹ { عن ابی سعید الخدری ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال منبری علی ترعۃ من ترع الجنۃ ومابین المنبر وبیت عائشۃ روضۃ من ریاض الجنۃ رواہ الطبرانی فی الاوسط وھو حدیث حسن ان شاء اللہ۔

ابو سعید خدری رضی اللہ تعالےٰ عنہ روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرا منبر جنت کے دروازوں سے ایک دروازے پر ہوگا اور میرے منبر اور عائشہ کے گھر کا درمیان جنت کے باغوں سے باغ ہے۔

دار قطنی ۲/۲۷۹/۲۸۰ { حدثنا ابو عبید والقاضی ابو عبد اللہ وابن مخلد قالوا نا محمد بن الولید البشری نا وکیع نا خالد بن ابی خالد وابو عوانۃ عن الشعبی والاسود بن میمون عن ھارون ابی قزعۃ عن رجل من ال حاطب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من زارنی بعد موتی فکانما زارنی فی حیاتی ومن مات بأحد الحرمین بعث من الامنین یوم القیامۃ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے میرے وصال کے بعد میری زیارۃ کی گویا کہ اس نے میری زندگی میں میری زیارۃ کی اور جو شخص دونوں حرمین سے یعنی مکہ اور مدینہ طیبہ میں مرا قیامت کے دن امن والوں سے اٹھایا جائے گا۔

marfat.com

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری قبر اور منبر کا درمیان جنت کے باغوں سے باغ ہے۔

کنز العمال ۶/۲۵۴ { مَابَيْنَ قَبْرِيْ وَمِنْبَرِيْ رَوْضَةٌ مِّنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ وَقَوَائِمُ مِنْبَرِيْ رَوَائِبُ فِي الْجَنَّةِ (ق عن سهل بن سعد)

میری قبر اور منبر کا درمیان جنت کے باغوں سے باغ ہے اور میرے منبر کے پائے جنت میں ۔

کنز العمال ۶/۲۵۴ { مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يُّصَلِّيَ فِيْ رَوْضَةٍ مِّنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ فَلْيُصَلِّ بَيْنَ قَبْرِيْ وَمِنْبَرِيْ (الديلمي عن عبيد الله بن بعيد)

حضرت عبید اللہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کو پسند ہو کہ جنت کے باغوں سے کسی باغ میں نماز پڑھے تو وہ میری قبر اور منبر کے درمیان نماز پڑھ لے۔

کنز العمال ۶/۲۵۴ { مَابَيْنَ قَبْرِيْ وَمِنْبَرِيْ رَوْضَةٌ مِّنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ وَاِنَّ مِنْبَرِيْ لَعَلٰى حَوْضِيْ (حل عن ابن عمر)

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری قبر اور منبر کا درمیان جنت کے باغوں سے باغ ہے اور بے شک میرا یہی منبر میرے حوض کوثر پر ہے۔

marfat.com

نا موسی بہ ھلال العبدی عن عبید اللہ بن عمر عن نافع عن ابن عمر قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ زَارَ قَبْرِیْ وَجَبَتْ لَہٗ شَفَاعَتِیْ =

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے میری قبر کی زیارۃ کی میری شفاعت اس کے لئے واجب ہو گئی۔

"محمد عمر" اس حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوا

کہ اگر کسی مسلمان کو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کی ضرورت ہو تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ وہ میری قبر کی زیارت کرے تو مجھ پہ اس کی شفاعت واجب ہو گئی یعنی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کا زائر گناہ کے سبب جہنم میں نہیں جا سکتا۔

اس حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے کئی مسائل حل ہو گئے۔

(۱) مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کی نیت کر کے سفر کرنا سنت ثابت ہوا۔ وہابیوں کا شرک کا فتویٰ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے باطل ثابت کر دیا۔

(۲) مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کی محض زیارۃ سے ہی آپ کے ایماندار اُمتی کو فائدہ پہنچتا ہے۔

(۳) مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کی زیارۃ سے آپ کا ایماندار اُمتی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کا یقیناً مستحق بن جاتا ہے۔

کنز العمال ۹۹/۸ } مَنْ زَارَ قَبْرِیْ وَجَبَتْ لَہٗ شَفَاعَتِیْ (عد ھد عن ابی عمر)

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے

marfat.com

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کی زیارت سے زندگی کی زیارۃ کا ثواب ملتا ہے

دار قطنی ۲۷۸/۲ } حدثنا عبد اللہ بن محمد بن عبد العزیز نا ابو الربیع الزہرانی نا حفص بن ماقد عن لیث بن ابی سلیم عن مجاہد عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ حَجَّ فَزَارَ قَبْرِیْ بَعْدَ وَفَاتِیْ فَکَاَنَّمَا زَارَنِیْ فِیْ حَیَاتِیْ۔

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے حج کیا اور میرے وصال کے بعد میری قبر کی زیارۃ کی اس کو ایسا ثواب ہے جیسا کہ اس نے میری زندگی میں زیارۃ کی۔

کنز العمال ۸/۹۹ } مَنْ حَجَّ فَزَارَ قَبْرِیْ بَعْدَ وَفَاتِیْ کَانَ کَمَنْ زَارَنِیْ فِیْ حَیَاتِیْ (طب ھق عن ابن عمر)

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے حج کی تو میرے وصال کے بعد میری قبر کی بھی زیارۃ کی ایسا ہے جیسا کہ اس نے میری زندگی میں میری زیارۃ کی۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کی زیارت سے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کا مستحق بن جاتا ہے

دار قطنی ۲۸۰/۲ } حدثنا القاضی المحاملی نا عبید اللہ بن محمد الوراق

marfat.com

جیسا کہ قبل از وصال آنا تھا۔

"محمد عمر" علامہ شوکانی نے ثابت کر دیا کہ جب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم زندہ ہیں اور یہ تمام متکلمین محدثین کا متفقہ فیصلہ ہے تو اب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر کی طرف سفر کر کے جانا ایسا ہے جیسا کہ وصال کے پہلے جانا تھا تو یہ بھی معلوم ہوا کہ آپ کے گنبد خضرا کی طرف سفر کر کے جانے سے روکنے والا ایسا ہے۔ جیسا کہ ذات مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی حیات دنیاوی میں آپ کی طرف جانے سے بند کرتا ہے اور جو شخص مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف جانے سے روکتا ہے وہ آپ کی اُمت سے خارج ہے دشمن مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ہے دوزخ کا ایندھن ہے۔

"وہابی" مولوی صاحب نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لَا تَجْعَلُوْا قَبْرِیْ عِیْدًا میری قبر کو عید نہ بنانا۔ جسکا مطلب یہ ہے جیسا کہ عید میں اجتماع جوق در جوق ہو جاتا ہے ایسے نہ کرنا جس کا صاف مطلب ہے کہ نبی علیہ السلام نے سفر کر کے نبی کی قبر کے واسطے جانے سے آپ نے منع فرما دیا۔

"محمد عمر" وہابی صاحب تم نے حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا مطلب غلط سمجھا ہے اگر تمہارا ہی مطلب لیا جائے تو نماز جنازے کے لئے بھی بڑے بڑے اجتماعات ہوتے ہیں جو میت کو دفن کرنے کے لئے قبرستان میں بھی جاتے ہیں تو تمہارے اس مطلب سے تو دفن کرنے اور نماز جنازہ کے لئے بھی اجتماعات گناہ ثابت ہوگا لہٰذا تمہارا یہ مطلب غلط ثابت ہوا عید کے لفظ سے کئی مطالب حل ہو گئے۔

(۱) نئے نئے کپڑے فاخرانہ پہن کر نکلا جاتا ہے اور یہ عقیدہ رکھنا پڑتا ہے کہ ہم رمضان شریف کے روزے رکھ کر بخشے جا چکے ہیں اب ہم شیطان کو جلانے کے لئے پاک ہو کر نکلتے ہیں۔

marfat.com

فرمایا جس شخص نے میری قبر کی زیارۃ کی اس کے لئے میری شفاعت واجب ہو گئی۔

"وہابی" مولوی صاحب سچ بتانا تم بھی مدینہ طیبہ محض محمد علیہ السلام کی خاطر گئے کیا تم نے حضور کی قبر دیکھی ؟

"محمد عمر" لیکن جس مکان میں تشریف فرما ہو اس مکان کی زیارۃ قبر کی زیارۃ سمجھی جاتی ہے جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

تمہارے شوکانی صاحب جو وہابیہ کے مسلمہ محدث ہیں انہوں نے تمہارے منہ پر طمانچہ رسید کیا سنو

وہابیوں کے بڑے علامہ شوکانی کی زبانی لارشد الرحال کا حل

نیل الاوطار ۵/۱۰۱ } قَالَ الْمُتَكَلِّمُوْنَ الْمُحَقِّقُوْنَ مِنْ اَصْحَابِنَا اَنَّ نَبِيَّنَا صلے اللہ عَلَيْهِ وسلم حَيٌّ بَعْدَ وَفَاتِهٖ حَيٰوةً اِنْشَاءِيَّةً وَيُؤَيِّدُ ذٰلِكَ مَا ثَبَتَ اَنَّ الشُّهَدَاءَ اَحْيَاءٌ يُرْزَقُوْنَ فِيْ قُبُوْرِهِمْ وَالنَّبِيُّ صلے اللہ عَلَيْهِ وسلم مِنْهُمْ وَاِذَا ثَبَتَ اَنَّهٗ حَيٌّ فِيْ قَبْرِهٖ كَانَ الْمَجِيْئُ اِلَيْهِ بَعْدَ الْمَوْتِ كَالْمَجِيْئِ اِلَيْهِ قَبْلَهٗ۔

ہمارے ساتھی تمام متکلمین محققین نے کہا ہے کہ ہمارے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم وصال کے بعد بھی زندہ ہیں۔ فقط اور اس کی تائید کی جاتی ہے جو ثابت ہے کہ شہداء اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔ اور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم بھی انہی زندوں سے ہیں اور جب ثابت ہو گیا کہ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اپنی قبر میں زندہ ہیں تو حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد بھی آپ کی طرف آنا ایسا ہے

marfat.com

کھانے کے مزے اڑائے جائیں تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لَا تَجْعَلُوْا قَبْرِیْ عِیْدًا کہ میری قبر کو عید نہ بنانا یعنی میری قبر کو کھانا کھانے کا مقام تعیش نہ بنانا کیونکہ میری قبر کے پاس آکر تو تمہیں اپنے گناہ سامنے رکھنے چاہئیں تاکہ میں تمہارے گناہوں کی سفارش کرا کر بخشش کراؤں میرے پاس آؤ تو گناہ سے پاک ہو کر جاؤ گناہوں کو واپس نہ لے جاؤ اور اگر تم میری قبر کے پاس آکر بھی پیٹ بھرنے میں لگے رہے تو گناہوں کے پاک ہونے سے محروم رہ جاؤ گے ایسے ہی عید الاضحیٰ کے دن بھی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قربانیوں کا گوشت تم خود بھی کھاؤ یتامیٰ اور مساکین کو بھی کھلاؤ چونکہ یوم عید کھانے کے تعیش کا دن ہے تو نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اپنی عمر میں اپنے گھروں اور شہروں میں بہت عید کے دن منا چکے ہو خدا کی مزے کھا چکے ہو میری قبر کو عید نہ بنانا بلکہ اپنی تمام عمر کے گناہوں کی بخشش کا فکر کرنا تاکہ تمہاری زندگی صحیح ہو جائے۔

قرآن کریم سے یوم عید کھانے کا دن ہوتا ہے

المائدہ ۱۵ قَالَ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ۝

عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نے فرمایا اے اللہ ہمارے پروردگار ہم پر آسمان سے کھانا اتار ہمارے اوّلین و آخرین کے لئے عید ہو گی اور تیری طرف سے ایک نشانی ہو گی تو ہمیں رزق دے تو رزق دینے والوں کا بہترین رزاق ہے

اس آیۃ کریمہ سے ثابت ہوا کہ عید کھانا کھانے کے دن کو کہا گیا تو نبی کریم صلے اللہ

marfat.com

تو نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا کہ میری قبر کو عید نہ بنانا فاخرانہ کپڑے پہن کر اور یہ نیت لے کر نہ آنا کہ ہم بخشے جا چکے ہیں یہ غلط ہے بلکہ جس لباس میں مجرم ہو ویسے ہی آؤ اور بفرمان خداوندی وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ یہ نیت لے کر میری قبر پر آؤ کہ میں از حد گنہگار ہوں اپنے نفس پر میں نے بہت ظلم کیا ہے اب دربار مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم میں تمام عمر کے گناہ کا اقرار کرتے ہوئے حاضر ہو رہا ہوں اور گناہوں کی معافی کا طلبگار ہوں اور امید لے کر حاضر ہوا ہوں کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم بھی میرے گناہوں کی سفارش دربار خداوندی میں فرمادیں تاکہ میری تمام عمر کے گناہوں کی بخشش ہو جائے تو دربار مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی حاضری عید کی حاضری کے برعکس ہو گی کیونکہ عید میں بخشیدہ ہو کر جاتا ہے۔ اور دربار مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم میں عمر کے گناہ لے کر پیش ہوتا ہے اور بخشش حاصل کرنے کے لئے جانا قرآنی حکم کے عین موافق ہوتا ہے اسی لئے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لَا تَجْعَلُوْا قَبْرِیْ عِیْدًا کہ میری قبر کو عید نہ بناؤ یعنی بفرمان خداوندی سفارش مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور بخشش حاصل کرنے کیلئے آنا۔

عید کا قرآنی فیصلہ

۱۔ اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے کہ تم رمضان شریف سے فارغ ہو گئے تم نے بحکم خداوندی فاقے پورے کر کے گناہ بخشوا لئے اب عید کا دن آگیا کُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِي الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ سیر ہو کر کھاؤ اور پیو جو تم نے خالی دن گزارے ہیں تو عید کا دن خوب کھانے کا ہے تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے تو عام قبرستان میں کھانا کھانے سے منع فرمایا ہے چہ جائیکہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کے پاس

marfat.com

لَهَا بِالْحُضُوْرِ لَدَيْهَا بِالْمَرَاسِيْمِ وَالْأَعْرَاسِ وَنَحْوِهَا وَيَحْسَبُوْنَ أَنَّهُمْ عَلٰى شَيْءٍ وَلَيْسُوْا فِي الْحَقِيْقَةِ عَلٰى شَيْءٍ إِلَّا عَلَى الذَّنْبِ الْأَكْبَرِ الَّذِيْ لَا يَغْفِرُهُ اللّٰهُ لِغَيْرِهٖ أَبَدًا وَهُوَ الشِّرْكُ الْأَعْظَمُ الَّذِيْ هُوَ الشِّرْكُ الْجَلِيُّ وَالْكُفْرُ الْوَاضِحُ۔

اس زمانے میں اکثریت مسلمانوں کی علما صوفیائے کرام" متولیان اور مقامی اہل قبور کے ساتھ اور اہل قبور کی تعظیم میں غلو کرنا اور ان کے لئے خضوع کرنا اور ان کے روبرو دوزانو بیٹھنا اور ان پر قبے تعمیر کرنا اور ان پر قیمتی قیمتی کپڑے ڈالنا۔ ۴ محمد عمر" مسلمانو تم نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور اولیاء اللہ کی عداوۃ وہابی زبان اور تحریر سے سن لی۔

۱) اس تحریر میں محمد بن عبدالوہاب نجدی دنیائے وہابیت کے سرغنہ نے لکھا ہے کہ اہل قبور کو صدقہ اور ذکر خیر پڑھ کر ثواب پہنچانا جو عرس کی رسم ہے یہ گناہ کبیرہ ہے یعنی جتنا زنا کا گناہ ہے اتنا گناہ ہے بلکہ شرک اور کفر کا فتویٰ دیا ہے۔

۲) یہ بھی لکھا ہے کہ قبور کی تعظیم شرک ہے حالانکہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے قبور کی تعظیم عملاً فرمائی قبر کے ساتھ ٹیک لگانے قبر کے اوپر پاؤں رکھنے قبر کے اوپر دیوار رکھنے سے منع فرمایا۔ لیکن وہابی مذہب کا سرغنہ کہتا ہے کہ قبر کی تعظیم کرنا شرک ہے۔

۳) قبر کے پاس خشوع سے بیٹھنا وہابی شرک کہتا ہے بیچارہ کشف قبور سے ناواقف ہے اسی لئے اہل قبور کے تعلق سے بھی بے خبر ہے خشوع کر کے قبر کے پاس بیٹھنا صاحب قبر سے تعلق کے متعلق ہے قبر کا اس سے کوئی تعلق نہیں یہ وہابی کی جہالت ہے مسلمانوں کی قبور کی تعظیم حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کرتا ہوں۔

۴ اور ان کی بزرگی کے نشے دیکھ کر اور ان کی کرامات اور کرشمے سن کر اور ان کو بعض گناہ کبیرہ کے اور کچھ نہیں بلکہ ایسے لوگوں کی کوئی

marfat.com

علیہ وسلم نے فرمایا میری قبر کو عید نہ بنانا یعنی میری قبر کو خدا کی عبادت کا مقام نہ بنانا بلکہ بفرمان خداوندی اپنے گناہوں کی بخشش اور اپنے گناہوں کے لئے میری سفارش کا مرکز بنانا یہ ہے لَا تَجْعَلُوْا قَبْرِیْ عِیْدًا کا مطلب جو قرآنی استدلال سے فقیر نے بیان کر دیا تم نے حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا مطلب غلط سمجھا ہے اور فرقہ وہابیہ تم قرآن و حدیث سے اپنا بیان کردہ مطلب ثابت کرو کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہو کہ عید سفر کا دن ہے تو ہم سمجھ لیں گے کہ واقعی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے گنبد خضرا کی طرف سفر کر کے جانا منع ہے بلکہ عید کے دن تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے سفر سے منع فرمایا ہے تو معلوم ہوا لَا تَجْعَلُوْا قَبْرِیْ عِیْدًا کا جو تم نے مطلب تفسیر بالرائے سے بیان کیا ہے کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے گنبد خضرا کی طرف سفر کر کے جانا منع ہے محض جھوٹ اور افترا ہے اور فقیر نے جو عید منانے کا مطلب قرآن کریم سے بیان کیا ہے وہ صحیح ہے جس کا رد کرنا سوائے مکذب قرآن و حدیث کے کوئی کر سکتا ہی نہیں۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے وہابی عداوۃ ۸

وہابی مذہب میں اہل قبور کی تعظیم شرک جلی اور کفر واضح ہے

کتاب التوحید ۲۲ مَا وَقَعَ فِیْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ وَالْعُصُوْرِ فِیْ كَثِیْرٍ مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ بِالْعُلَمَاءِ وَالْعُبَّادِ وَالْمُوَالِیْ وَالْاَهَالِیْ مَعَ اَرْبَابِ الْقُبُوْرِ وَغُلُوِّهِمْ فِیْ تَعْظِیْمِهَا وَالْخُضُوْعِ لَهَا وَالْعُكُوْفِ [illegible] عَلَیْهَا وَاَلْبَاسِهَا بِالثِّیَابِ الْفَاخِرَةِ وَصَرْفِ جُلِّ الْاِكْرَامِ

جائیں گے تو ستر ہزار فرشتوں کی جماعت میں آپ میدان حشر میں نکلیں گے

(ا) اس حدیث سے ثابت ہوا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے گنبد خضرا کی تعظیم کرنا اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ کی سنت ہے اور علیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین المھدیین فرمان مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے عین موافق ہے۔

(ب) اس حدیث شریف سے ثابت ہوا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کی تعظیم کرنا نوریوں کی سنت ہے ناری تعظیم سے محروم ہے۔

قبور کی تعظیم اور خشوع و خضوع سے قبور کے پاس بیٹھنا حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے

(۲) المستدرک ۴/۵۱۵ } حدثنا ابو العباس محمد بن یعقوب ثنا العباس بن محمد بن حاتم الدوری ثنا ابو عامر عبد الملک بن عمرو العقدی ثنا کثیر بن زید عن داود بن ابی صالح قال اقبل مروان یوما فوجد رجلا واضعا وجھہ علی القبر فاخذ برقبتہ وقال اتدری ما تصنع قال نعم فاقبل علیہ فاذا ھو ابو ایوب الانصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فقال جئت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولم آت الحجر سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا تبکوا علی الدین اذا ولیہ اھلہ ولکن ابکوا علیہ اذا ولیہ غیر اھلہ ھذا حدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاہ۔

marfat.com

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کی تعظیم

نوری ملائکہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کی اپنے پروں سے چوری کرتے ہیں

۱۔ تفسیر ابن کثیر ۳/۵۱۷ } قال اسماعیل القاضی حدثنا معاذ بن اسد حدثنا عبد اللہ بن المبارک اخبرنا ابن لہیعۃ حدثنی خالد بن یزید عن سعید بن ابی ہلال عن بنیۃ ابن وہب اَنَّ کَعْبًا دَخَلَ عَلٰی عَائِشَۃَ رضی اللہ عنہا فَذَکَرُوْا رَسُوْلَ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ کَعْبٌ مَا مِنْ فَجْرٍ یَطْلُعُ اِلَّا نَزَلَ سَبْعُوْنَ اَلْفًا مِّنَ الْمَلَائِکَۃِ حَتّٰی یَحُفُّوْنَ بِالْقَبْرِ یَضْرِبُوْنَ بِاَجْنِحَتِہِمْ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم سَبْعُوْنَ اَلْفًا بِاللَّیْلِ وَسَبْعُوْنَ اَلْفًا بِالنَّہَارِ حَتّٰی اِذَا انْشَقَّتْ عَنْہُ الْاَرْضُ خَرَجَ فِیْ سَبْعِیْنَ اَلْفًا مِّنَ الْمَلَائِکَۃِ یَزِفُّوْنَہٗ۔

حضرت کعب رضی اللہ تعالےٰ عنہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا تذکرہ ہوا حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے کہا کہ ہر فجر کو ستر ہزار فرشتے اترتے ہیں اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کا طواف کرتے ہیں اپنے پروں سے قبر شریف کو چوری کرتے ہوئے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھتے ہیں ایسے ہی ستر ہزار فرشتے رات کو اترتے ہیں اور ستر ہزار دن کو حتیٰ کہ قیامت کے دن جب آپ قبر شریف سے اٹھائے

marfat.com

مسلمانوں کی قبر کے پاس خشوع وخضوع اور زاری مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی زبانی

(۳) کنز العمال ۸/۹۸ } کُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ اِلَّا فَزُوْرُوْهَا فَاِنَّهَا تَرِقُّ الْقَلْبَ وَتَدْمَعُ الْعَيْنَ وَتُذَكِّرُ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَقُوْلُوْا هُجْرًا (دلک عن انس)

انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے تمہیں پہلے قبور کی زیارۃ سے منع کیا تھا مگر اب زیارۃ کیا کرو کیونکہ قبور کی زیارۃ کرنا دل کو نرم کرتا ہے۔ آنکھیں بہاتا ہے آخرۃ یاد دلاتا ہے اور گناہ نہ کہو۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی زبانی ثابت ہوا ایماندار کی قبر پر جب مسلمان جاتا ہے تو قبر کی زیارت مسلمان کے دلوں کو نرم کرتی ہے مومن مومن کی قبر کی زیارت کرتا ہے۔ تو ایماندار کی آنکھیں روتی ہیں اور قبر کی زیارۃ سے آخرۃ یاد آجاتی ہے۔

اور حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ بھی ثابت ہوا مومن کی قبر کے پاس جا کر جس شخص کو رقت طاری نہ ہو رونا نہ آئے صاحب قبر کی محبت میں قبر کے پاس بیٹھکر آخرۃ یاد نہیں آئی موت سے خائف نہیں ہوا قبر کی زیارۃ کر کے مومنین کی قبور کی زیارۃ سے اولیاء اللہ اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبور کی زیارۃ کا شوق نہیں بڑھا بلکہ زیارۃ قبور مسلمین کو گناہ و شرک کہے تو ایسا شخص مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی امت میں شامل نہیں بلکہ خارج از اسلام ہے۔

marfat.com

داؤد بن صالح نے کہا کہ ایک دن مروان آیا تو ایک آدمی نے اپنا منہ قبر پر رکھا ہوا تھا مروان نے اس کو گردن سے پکڑا اور کہا کہ تجھے معلوم ہے تو کیا کر رہا ہے اس نے جواب دیا کہ ہاں جب وہ اس آدمی کے قریب ہوا تو وہ ابو ایوب انصاری تھا ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا کہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا ہوں پتھر کے پاس نہیں آیا۔ میں نے خود رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے فرماتے تھے دین پر نہ رونا جب اس کا والی دیندار ہو لیکن دین پر اس وقت رونا جب اس کا والی بے دین ہو۔

"محمد عمر" (ا) اس حدیث شریف سے ثابت ہوا کہ صاحب قبر کی محبت سے قبر پر منہ رکھ دیا جائے بوسہ لیا جائے تو جائز ہے ایمان و محبت کی علامت ہے۔

(ب) قبر شریف اور اس کے ملحقات کے پاس آنا صاحب قبر کی خدمت میں حاضری ہوتی ہے

(ج) قبر کے ساتھ یا چوفیرا یا اوپر جو شے لگ جائے مثلاً پتھر یا مٹی یا لوہا یا تانبا وغیرہم ان میں صاحب قبر کی برکت و رحمت یقیناً ہوتی ہے۔

ان احادیث مذکورہ بالا سے یقیناً یہ ثابت ہو گیا کہ قبر کے پاس خشوع خضوع رونا اور قبر کی تعظیم کرنا عین ایمان ہے قبر کے پاس جا کر جس کو یہ چیزیں حاصل نہ ہوں وہ صاحب قبر سے غیر متعلق ہے۔ قبر و حشر اس کو یاد نہیں متکبر ہے ایمان سے خالی ہے کیونکہ قبر کے پاس جانا مقصد وہ پتھر نہیں ہوتے حقیقۃً صاحب قبر کی تعظیم ہوتی ہے کیونکہ اللہ والے قبروں میں قیامت تک صحیح و سلامت رہتے ہیں اور رہیں گے۔

---

marfat.com

عنہ نے معاذ بن جبل رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کے پاس بیٹھ کر روتے ہوئے دیکھا۔

"محمد عمر" اس حدیث شریف سے ثابت ہوا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کے پاس صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین بیٹھتے اور روتے اب تمہارے وہابیوں کے پیشوا کا فتویٰ ہے کہ گناہ کبیرہ شرک اور کفر ہے تو وہابیوں کے امام نے تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے اصحاب پر بھی کفر و شرک کا فتویٰ جڑ دیا اب تم سوچو کہ اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا عمل اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے موافق چلنا اسلام ہے یا وہابیوں کا پیشوا اچھا ہے؟

حضرت عثمان غنی رضی اللہ کا قبرستان میں رونا

حلیۃ لابی نعیم ۱/۶۱ } حدثنا فاروق الخطابی ثنا ابو مسلم الکشی ثنا علی بن عبد اللہ المدینی ثنا ھشام بن یوسف ثنا عبد اللہ بن بجیر عن ھانیٔ مولی عثمان قَالَ کَانَ عُثْمَانُ اِذَا وَقَفَ عَلٰی قَبْرٍ بَکٰی حَتّٰی یَبُلَّ لِحْیَتَہٗ ۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے غلام ھانی نے کہا کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ جب کسی قبر پر ٹھہرتے اتنا روتے کہ آپ کی داڑھی تر ہو جاتی۔

اور وہابیو قبروں پر رونا خلفا اربعہ سے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی سنت ہے اب تم سوچو کہ تم نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کی سنت پر عمل

marfat.com

(۴) المستدرک ۱/۳۷۷ بیہقی شریف ۴/۷۷ حدثنا ابو علی الحسین بن علی الحافظ انبأ عبدان الاھوازی ثنا بشر بن معاذ العقدی ثنا عامر بن یساف ثنا ابراہیم بن طھمان عن یحیی بن عباد عن انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کنت نھیتکم عن زیارۃ القبور الا فزوروھا فانہ یرق القلب وتدمع العین وتذکر الاخرۃ ولا تقولوا ھجرا۔

انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تمہیں قبروں کی زیارۃ سے منع کیا کرتا تھا مگر اب حکم کرتا ہوں کہ تم ان کی زیارۃ کو جایا کرو کیونکہ قبروں کی زیارۃ کرنا دل کو نرم کرتا ہے آنکھ کو بہاتا ہے آخرۃ یاد دلاتا ہے اور گناہ نہ کہو۔

اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا آپ کی قبر شریف کے پاس خشوع و خضوع سے رونا

(۵) حلیۃ لابی نعیم الاصبھانی ۱/۵ حدثنا سعید بن ابی مریم حدثنا نافع بن یزید حدثنی عیاش بن عیاش عن عیلی بن عبد الرحمٰن عن زید بن اسلم عن ابیہ عن ابن عمر قال وجد عمر بن الخطاب معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ قاعدا عند قبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یبکی۔

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ عمر بن خطاب رضی اللہ تعالےٰ

marfat.com

مولوی رسول اللہ کا کلمہ ترک کر دو اور سوچو کہ تمہارے مولوی محمد بن عبدالوہاب نجدی کا قبور کے متعلق فیصلہ اور عقیدہ صحیح ہے یا فرمان مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر ایمان رکھنا فرض ہے۔ یار وہابیو! تمہارے ملاں تو تمہیں تقریروں رسالوں اخباروں میں لکھتے ہیں۔

پس حدیث مصطفےٰ برجان مسلم داشتن

ثابت ہوتا ہے کہ یہ دعویٰ تمہارا محض مسلمانوں کو دھوکہ دینے کے لئے ہے اور فراڈ ہے۔ حقیقۃً تم محمد بن عبدالوہاب نجدی کے کلمہ گو ہو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے تمہیں کوئی تعلق نہیں۔

محدثین کا قبور کی تعظیم کرنا

۷۔ ابن خلکان ۲/۳۰۹ } وَكَانَ جَدِّي إِذَا وَصَلَ إِلَى مَشْهَدِ الْأُسْتَاذِ لَا يَدْخُلُهُ احْتِرَامًا بَلْ كَانَ يُقَبِّلُ عَتَبَةَ الْمَشْهَدِ وَهِيَ مُرْتَفِعَةٌ بِدَرَجَاتٍ وَيَقِفُ سَاعَةً عَلَى هَيْئَةِ التَّعْظِيمِ وَالتَّوْقِيرِ ثُمَّ يُعَبِّرُ عَنْهُ كَالْمُوَدِّعِ لِعَظِيمِ الْهَيْبَةِ وَإِذَا وَصَلَ إِلَى مَشْهَدِ أَبِي عُمَرَ إِنَّهُ كَانَ أَشَدَّ تَعْظِيمًا لَهُ وَإِجْلَالًا وَكَانَ يَقِفُ أَكْثَرَ مِنْ ذَالِكَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى أَجْمَعِينَ ۔

عمر بن الصفار جب استاد ابو اسحٰق رحمۃ اللہ کی قبر شریف کے پاس پہنچتے تو احتراماً ان کے احاطے میں داخل نہ ہوتے بلکہ چوکھنڈی کے تھڑے کو بوسہ دیتے اور چوکھنڈی کا تھڑا کئی سیڑھیاں اونچا تھا اور تعظیم و توقیر کی ہیئت کذائیہ

marfat.com

پیرا ہو یا نہ ؟

قبر کا بوسہ حدیث شریف سے

(۶) مجمع الزوائد ۴/۲ } عن ابی داود بن ابی صالح قَالَ اَقْبَلَ مَرْوَانُ یَوْمًا فَوَجَدَ رَجُلًا وَاضِعًا وَجْهَهٗ عَلَی الْقَبْرِ فَقَالَ اَتَدْرِیْ مَا یَصْنَعُ فَاَقْبَلَ عَلَیْهِ فَاِذَا هُوَ اَبُوْ اَیُّوْبَ فَقَالَ نَعَمْ جِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَلَمْ اَتِ الْحَجَرَ وَهُوَ بِتَمَامِهٖ فِیْ کِتَابِ الْخِلَافَةِ۔ رواہ احمد و داود بن ابی صالح قال الذهبی لم یرو عنه غیر الولید بن کثیر وروی عنه کثیر بن زید کما فی المسند ولم یضعفه احدٌ ۔

ایک دفعہ مروان آیا تو اس نے دیکھا کہ ایک آدمی نے قبر پہ منہ رکھا ہوا ہے اس نے کہا کہ جانتے ہو یہ کیا کر رہا ہے مروان اس کے پاس آگیا تو وہ ابوایوب انصاری تھا اس نے کہا ہاں میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے ممانعت نہیں دیکھی۔

"محمد عمر" حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالےٰ عنہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے خاص اصحابی تھے جن کے متعلق یہ گمان ہی نہیں ہو سکتا کہ وہ خلاف سنت کرینگے اور نہ ہی کسی اصحابی نے ان کو قبر مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پہ چہرہ رکھنے سے منع کیا مروان نے اعتراض کیا تو وہ ناراض ہوئے کہ میں حق پہ ہوں۔ اب تم سوچو کہ تم ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالےٰ کے دھڑے کے ہو یا مروان کے ؟

او نام کے اہلحدیثو لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھو اور لا الہ الا اللہ

marfat.com

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یُعَذَّبَانِ وَمَا یُعَذَّبَانِ فِیْ کَبِیْرٍ ثُمَّ قَالَ بَلٰی کَانَ اَحَدُھُمَا لَا یَسْتَبْرِیْ مِنْ بَوْلِہٖ وَکَانَ الْاٰخَرُ یَمْشِیْ بِالنَّمِیْمَۃِ ثُمَّ دَعَا بِجَرِیْدَۃٍ فَکَسَرَھَا کَسْرَتَیْنِ فَوَضَعَ عَلٰی کُلِّ قَبْرٍ مِنْھُمَا کَسْرَۃً فَقِیْلَ لَہٗ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیک لِمَ فَعَلْتَ ھٰذَا قَالَ لَعَلَّہٗ اَنْ یُّخَفَّفَ عَنْھُمَا مَا لَمْ یَیْبَسَا اَوْ اِلٰی اَنْ یَّیْبَسَا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکے یا مدینے کے ایک چوکھنڈی کے پاس سے گزرے اپنے دو انسانوں کا آواز سنا جو اپنی قبروں میں عذاب میں گرفتار تھے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان دو قبر والوں کو عذاب ہو رہا ہے اور عذاب بھی کسی کبیرہ گناہ کی وجہ سے نہیں پھر فرمایا ہاں ایک آدمی پیشاب سے پرہیز نہیں کرتا تھا اور دوسرا چغل باز تھا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے کھجور کی ایک ٹہنی منگائی اس کے دو ٹکڑے کرکے دونوں قبروں پر رکھ دیے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایسا آپ نے کیوں کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے امید ہے کہ جب تک یہ خشک نہ ہوں گی ان کو عذاب نہ ہوگا۔

۱۔ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث شریف سے ثابت ہوا کہ قبر پر درخت کی سبز شاخ رکھنا سنت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ہے۔

۲۔ یہ بھی ثابت ہوا کہ سبز تازی چیز قبر کے اوپر رکھنے سے قبر والے کو فائدہ پہنچتا ہے اور رحمت الٰہی کا نزول ہوتا ہے۔

marfat.com

سے کچھ دیر ٹھہرتے پھر اُن پر بہت بڑی ہیبت سے متاثر ہوتے معلوم کیا جاتا اور جب ابو عوانہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی زیارت گاہ کے پاس پہنچتے تو حد سے زیادہ زیارت گاہ کی تعظیم و توقیر اور بزرگی سمجھتے اور تمام اولیاء اللہ رحمہم اللہ سے زیادہ ابو عوانہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے مزار پہ قیام فرماتے۔

اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوا کہ انہوں نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کی تعظیم کی اور قبر شریف کے پاس خشوع و خضوع سے بیٹھے اور روتے بھی رہے اور محدثین کا بھی یہی عمل ثابت ہوا اب تم سوچو! کہ اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور محدثین تمہارے نزدیک کافر و مشرک ٹھہرے پھر تمہارے نزدیک تو ابلیس، نمرود، فرعون اور گوبند سنگھ وغیرہم ہی کورے مسلمان بنے یہ اسلام وہابی فرقے کو ہی مبارک رہے ہمیں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین تابعین تبع تابعین اور محدثین کا عقیدہ اور اعمال اور اسلام منظور و مستحسن ہے۔

قبر پر سبز چیز رکھنا سنت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ہے

نسائی شریف ۱/۲۹۱
بخاری شریف ۱/۱۸۲

اخبرنا محمد بن قدامة حدثنا جریر عن منصور عن مجاهد عن ابن عباس قال مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بِحَائِطٍ مِّنْ حِيْطَانِ مَكَّةَ اَوِ الْمَدِيْنَةِ سَمِعَ صَوْتَ اِنْسَانَيْنِ يُعَذَّبَانِ فِيْ قُبُوْرِهِمَا

اِلٰی جَلْدِہٖ خَیْرٌ لَّہٗ مِنْ اَنْ یَّجْلِسَ عَلٰی قَبْرٍ ۔

ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آگ کے کوئلوں پر تمہارا بیٹھنا اور کپڑے جل جائیں بدن جل جائے تو قبر پر بیٹھنے سے بہتر ہے ۔

۱۲۔ ابوداؤد ۲/۱۰۴ } حدثنا ابراھیم بن موسیٰ الرازی انا عیسیٰ نا
مسلم شریف ۱/۳۱۲ } عبدالرحمٰن یعنی ابن یزید بن جابر عَنْ بُسْرِ بن عبید اللہ قَالَ سَمِعْتُ وَاثِلَةَ بْنَ الْاَسْقَعِ یَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا مَرْثَدٍ الْغَنَوِیَّ یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وسلم لَا تَجْلِسُوْا عَلَی الْقُبُوْرِ وَلَا تُصَلُّوْا اِلَیْھَا ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قبروں پر نہ بیٹھو اور قبروں کی طرف نماز پڑھو ۔

۱۳۔ نسائی ۱/۲۸۷ } اخبرنا محمد بن عبد اللہ بن المبارک عن وکیع عن سفیان عن سھیل عن ابیہ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لَاَنْ یَّجْلِسَ اَحَدُکُمْ عَلٰی جَمْرَۃٍ حَتّٰی تُحْرِقَ ثِیَابُہٗ خَیْرٌ مِّنْ اَنْ یَّجْلِسَ عَلٰی قَبْرٍ ۔

ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم سے کوئی بھی قبر پر بیٹھے تو اس سے بہتر ہے کہ آگ کے انگاروں پر بیٹھ جائے اور اس کے کپڑے وغیرہ جل جائیں ۔

۱۴۔ نسائی شریف ۱/۲۸۷ } اخبرنا محمد بن عبد اللہ بن عبد الحکم عن شعیب حدثنا اللیث حدثنا خالد عن ابن ابی

marfat.com

نوٹ: اس حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوا کہ قبر پر کھجور کی سبز ٹہنی یا خوشبودار پھول رکھنے سے فائدہ پہنچتا ہے تو ضروری ہے کہ قبر والے کو فائدہ پہنچنے سے وہ دعا بھی ضرور دیتا ہے جیسا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ قبر والے کو تکلیف نہ دو وہ تمہیں تکلیف دے گا۔ جب قبر والا تکلیف دینے سے تکلیف دیتا ہے تو فائدہ پہنچنے سے دعا بھی ضرور دیتا ہے۔

مسلمین مومنین کی قبروں کی بے حرمتی کا گناہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی زبانی

۹۔ کنز العمال ۵/۸۷ { اِیَّاکُمْ وَالْبَوْلَ عَلَی الْمَقَابِرِ فَاِنَّہٗ یُوْرِثُ الْبَرَصَ (الدیلمی عن انس)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قبروں پر پیشاب کرنے سے پرہیز کرو کیونکہ قبروں پر پیشاب کرنے سے برص کی بیماری ہو جاتی ہے۔

۱۰۔ کنز العمال ۸/۹۸ { لَاَنْ اَطَاَ عَلٰی جَمْرَۃٍ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ اَطَاَ عَلٰی قَبْرِ (خط عن ابی ہریرۃ)

حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی دہکتے کوئلوں کی آگ پر بیٹھنا بہتر ہے قبر پر بیٹھنے سے۔

۱۱۔ ابوداؤد ۲/۱۰۴ مسلم شریف ۱/۳۱۲ { حدثنا مسدد نا خالد نا سہیل عن ابیہ عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لان یجلس احدکم علی جمرۃ فتحرق ثیابہ حتی تخلص

marfat.com

قبروں سے گزرے تو فرمایا کہ یہ لوگ خیر کثیر سے گزر چکے ہیں اور آپ نے اپنی توجہ بائیں پھر ایک آدمی کو دیکھا کہ وہ قبروں کے درمیان اپنے جوتوں سمیت پھر رہا ہے آپ نے فرمایا کہ او جوتوں والے ان کو اتار دے۔

۱۶۔ ابوداؤد ۲/۱۰۴ } حدثنا سهل بن بكار نا الاسود بن شيبان عن خالد بن سمير السدوسي عن بشير بن نهيك عن بشير مولى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال ما اسمك فقال زحم، قال بل انت بشير قال بينما انا اماشي رسول الله صلى الله عليه وسلم مر بقبور المشركين فقال لقد سبق هؤلاء خيرا كثيرا ثلاثا ثم مر بقبور المسلمين فقال لقد ادرك هؤلاء خيرا كثيرا ثم انت من رسول الله صلى الله عليه وسلم نظرة فاذا رجل يمشي في القبور عليه نعلان فقال يا صاحب السبتيتين ويحك ابن سبتيتيك فنظر الرجل فلما عرف رسول الله صلى الله عليه وسلم خلعهما فرمى بهما۔

زحم بن معبد سے روایت ہے کہ وہ ہجرت کر کے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف آیا تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیرا نام کیا ہے تو اس نے عرض کیا کہ زحم آپ نے فرمایا بلکہ تو بشیر ہے میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مشرکین کی قبروں سے گزرے تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے تین دفعہ فرمایا کہ یہ لوگ کثیر سے گزر چکے ہیں پھر مسلمانوں کی قبروں سے گزرے تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انہوں نے خیر کثیر کو حاصل کیا ہے پھر فرمایا کہ ہوئی تو ایک آدمی جوتوں سمیت قبرستان میں جا رہا ہے تو نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور جوتوں والے تجھ پر افسوس

ھلال عن ابی بکر بن حزم عن النضر بن عبد اللہ السلمی عن عمر بن حزم عَنْ رَسُوْلِ اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقْعُدُوْا عَلَی الْقُبُوْرِ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے آپ نے فرمایا کہ قبروں پر مت بیٹھو۔

نوٹ:۔ ان مذکورہ آٹھ کتب احادیث کی صحیح حدیثوں سے مسلمانوں کی قبروں کی تعظیم ثابت ہوئی۔

(۲) یہ بھی ثابت ہوا کہ اولیاء اللہ مومنین کی قبروں کی بے حرمتی سے بدنی اور ایمانی نقصان ہوتا ہے۔

قبرستان میں جوتوں سمیت چلنے کی ممانعت

۱۵۔ نسائی شریف ۱/۲۸۷ } اخبرنا محمد بن عبد اللہ بن المبارک حدثنا وکیع عن الاسود بن شیبان وکان ثقة عن خالد بن سمیر عن بشیر بن نہیک ان بشیر بن الخصاصیة قَالَ کُنْتُ اَمْشِیْ مَعَ رَسُوْلِ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فَمَرَّ عَلٰی قُبُوْرِ الْمُسْلِمِیْنَ فَقَالَ لَقَدْ سَبَقَ ھٰؤُلَاءِ شَرًّا کَثِیْرًا ثُمَّ مَرَّ عَلٰی قُبُوْرِ الْمُشْرِکِیْنَ فَقَالَ لَقَدْ سَبَقَ ھٰؤُلَاءِ خَیْرًا کَثِیْرًا فَاَنَتْ مِنْہُ الْتِفَاتَةً فَرَاٰی رَجُلًا یَمْشِیْ بَیْنَ الْقُبُوْرِ فِیْ نَعْلَیْہِ فَقَالَ یَا صَاحِبَ السِّبْتِیْنِ اَلْقِھِمَا۔

بشیر کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جا رہا تھا آپ مسلمانوں کی قبروں سے گزرے تو فرمایا کہ یہ لوگ شر کثیر سے گزر چکے ہیں پھر آپ مشرکین کی

marfat.com

بدلہ نہیں چاہتا مجھے اللہ تعالےٰ نے کوئی کمی نہیں رہنے دی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم مسلمانوں کے قبرستان سے گذرے آپ نے فرمایا انہوں نے اللہ تعالےٰ سے ہر خیر کثیر پالی ہے پھر مشرکوں کے قبرستان سے گذرے آپ نے فرمایا یہ لوگ خیر کثیر سے تجاوز کر چکے ہیں۔ ابن خصاصہ نے کہا کہ اچانک میری نگاہ ایسے شخص پر پڑی جو مع جوتوں کے قبرستان سے گذر رہا تھا تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور جوتوں والے ان کو اتار دے۔

ابن ماجہ صحاح کی ایک مسلمہ کتاب حدیث ہے جس نے قبرستان میں جوتے اتار کر چلنے کا باب باندھ کر اس حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو بیان کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جوتے پہن کر قبرستان میں چلنے والے کو ڈانٹا اور قبرستان میں جوتے اتار کر قبرستان کے احترام سے ننگے پاؤں چلنے کا ارشاد فرمایا اب قبر کا احترام کرنا سب امت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے تو سنت ثابت ہوا اور قبروں کی بے حرمتی کرنے والا امت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے خارج ثابت ہوا۔

فقیر اب اولیاء اللہ کے عرس کا دن منانا اور تقرر عرس احادیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت کرتا ہے۔

اہل قبور صالحین کا عرس مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی زبانی

ترمذی شریف ۱/۱۲۶ } حدثنا ابو سلمة یحیی بن خلف البصری نا بشر بن المفضل عن عبدالرحمٰن بن اسحٰق عن سعید بن ابی سعید المقبری عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم

marfat.com

ہے اپنے جوتے اتار دے تو اس آدمی نے دیکھا جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو پہچانا تو اس شخص نے جوتے اتار کر پھینک دئے اور قبرستان میں ننگے پاؤں چلا ،

باب ماجاء فی خلع النعلین فی المقابر

قبرستان میں جوتے اتار کر چلنے کا باب ہے

۱۷۔ ابن ماجہ ۱۱۳ حدثنا علی بن محمد ثنا وکیع ثنا الاسود بن شیبان عن خالد بن سمیر عن بشیر بن نہیک عن بشر بن الخصاصیۃ قال بینا انا امشی مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا ابن الخصاصیۃ ما تنقم علی اللہ اصحبت تمشی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقلت یا رسول اللہ ما القم علی اللہ شیئا کل خیر قد اتانیہ اللہ فمر علی مقابر المسلمین فقال ادرک ھؤلاء خیرا کثیرا ومر علی مقابر المشرکین فقال سبق ھؤلاء خیرا کثیرا قال فالتفت فرای رجلا یمشی بین المقابر فی نعلیہ فقال یا صاحب السبتین القیھما ۔

بشر بن خصاصیۃ سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جا رہا تھا تو نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابن الخصاصیۃ اللہ تعالے سے کیا بدلہ چاہتا ہے تو صبح صبح ہی اللہ تعالے کے رسول کے ساتھ جا رہا ہے میں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اللہ تعالے سے کچھ

marfat.com

الصُّوْدُسِ اُس نئی شادی شدہ دُلہن کی طرح سوجا کر جس کو اس کے گھر سے زیادہ محبوب کے سوا کوئی بیدار نہیں کر سکتا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کو اپنے اس بستر سے اُٹھائے گا۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث صحاح سے واضح ہوا کہ جو شخص وصال کے بعد قبر میں رکھا جاتا ہے۔ تو منکر نکیر اس سے حساب لیتے ہیں جب مومن حساب میں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی زیارۃ سے مشرف ہو کر پہچان لیتا ہے اور ان کے روبرو اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ کا اقرار کر لیتا ہے تو منکر اور نکیر دو نو فرشتے اس کو لُمْ كَنَوْمَةِ الْعُرُوْسِ کا تمغہ دیتے ہیں۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی حدیث کے مطالب،

(۱) صالحین کے وصال کا دن قبر میں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی زیارۃ سے مشرف ہونے کا دن ہوتا ہے۔

(۲) صاحب قبر کے لئے دنیاوی تمام زندگی کامیابی کا دن ہوتا ہے۔

(۳) صاحب قبر مومن کو حساب لینے والے خداوندی ملائکہ کی طرف سے عروس کا سرٹیفکیٹ ملتا ہے۔

(۴) خداوندی ملائکہ صاحب قبر کو تھپکی سے سلاتے ہیں یہ نہیں کہتے کہ تم مر جاؤ جس سے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی زبانی ثابت ہوا کہ صالحین اہل قبور اپنی قبروں میں زندہ آرام فرما ہوتے ہیں مردہ نہیں ہوتے جیسا کہ منکرین کا عقیدہ ہے اللہ تعالیٰ نے بھی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کی تائید فرمائی ہے اصحب کہف اولیاء اللہ کے متعلق قرآن کریم میں فرمایا تَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ اصحب کہف آپ جاگتے خیال

إِذَا قُبِرَ الْمَيِّتُ فَقَالَ اَحَدُكُمْ اَتَاهُ مَلَكَانِ اَسْوَدَانِ اَزْرَقَانِ يُقَالُ لِاَحَدِهِمَا الْمُنْكَرُ وَالْاٰخَرُ نَكِيْرٌ فَيَقُوْلَانِ مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِيْ حَقِّ هٰذَا الرَّجُلِ فَيَقُوْلُ مَا كَانَ يَقُوْلُ هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ فَيَقُوْلَانِ قَدْ كُنَّا نَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْلُ هٰذَا ثُمَّ يُفْسَحُ لَهٗ فِيْ قَبْرِهٖ سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فِيْ سَبْعِيْنَ ثُمَّ يُنَوَّرُ لَهٗ فِيْهِ ثُمَّ يُقَالُ لَهٗ نَمْ فَيَقُوْلُ اَرْجِعُ اِلٰى اَهْلِيْ فَاُخْبِرُهُمْ فَيَقُوْلَانِ نَمْ كَنَوْمَةِ الْعَرُوْسِ الَّذِيْ لَا يُوْقِظُهٗ اِلَّا اَحَبُّ اَهْلِهٖ اِلَيْهِ حَتّٰى يَبْعَثَهُ اللّٰهُ مِنْ مَضْجَعِهٖ ذٰلِكَ ۔

ابو ہریرۃ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تمہاری کسی میت کو قبر میں دفن کیا جاتا ہے اس کے پاس سیاہ رنگ والے اور بھدی آنکھوں والے دو فرشتے آتے ہیں جن کو منکر اور نکیر کہا جاتا ہے وہ دونو صاحب قبر سے سوال کرتے ہیں کہ اس شخص (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کے متعلق دنیا میں تو کیا کہتا تھا وہ جو دنیا میں کہتا تھا جواب دے گا کہ یہ اللہ تعالےٰ کے بندے اور رسول ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالےٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک محمد صلے اللہ علیہ وسلم اللہ تعالےٰ کے بندے اور رسول ہیں تو منکر اور نکیر دونو فرشتے کہتے ہیں کہ ہم جانتے تھے کہ تو یہی جواب دے گا پھر اس کی قبر ستر در ستر ہاتھ چوڑے فراخ کر دی جاتی ہے اور اس کی قبر کو اندر سے تمام منور کر دیا جاتا ہے پھر اس کو کہا جاتا ہے کہ تو سو جا تو قبر والا کہتا ہے کہ میں گھر والوں کو جا کر یہ خبر بتا دوں تو دونو فرشتے منکر اور نکیر اس کو کہتے ہیں نَمْ كَنَوْمَةِ

marfat.com

زیادہ عطا فرمائیں گے تو صالحین مسلمین مومنین کے اس مقررہ یوم عرس کو مناتے ہوئے اہل اسلام ذکر اللہ اور نوافل میں مشغول ہو کر اللہ تعالےٰ کا شکریہ بھی ادا کرتے ہیں جس سے یوم عرس منانے والے کو یہ امید ہوتی ہے کہ اللہ تعالےٰ اپنے فضل و کرم سے ہمیں بھی کامیابی عطا فرمائے اور قبر میں زیارۃ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے مشرف فرما کر پہچاننے کی توفیق عطا فرمائے اور توحید و رسالت کے اقرار میں مدد فرمائے تاکہ ہمیں بھی یہ تمغہ عنایت ہو۔

اور صاحب قبر صالح مومن کی طرف سے کچھ صدقہ تقسیم کر کے کچھ پڑھ کر بخشا جاتا ہے تاکہ صاحب قبر بھی ہمارے لئے دعا خیر فرمادے یہ ہے صالحین مومنین مسلمین کے عرس کا ثبوت جو فقیر نے ایماندارون کے لئے حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے پیش کر دیا اور یہ نوری تمغہ عطا ہونے کا دن مسلمانوں کے واسطے ایام اللہ میں داخل ہے اور خداوند کریم کے نزدیک اللہ تعالےٰ کے بندوں کا مقام شعائر اللہ میں شامل ہے تو شعائر اللہ کے مقامات پر صاحب قبر کا عرس کا مقررہ دن حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے جو شخص صاحب قبر کے عرس کا منکر ہے وہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا مکذب ہے اسلام کا دشمن ہے۔

وہابی "مولوی صاحب عرس کا ثبوت حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے تو ثابت ہو گیا لیکن ایک وضاحت کافی ہے ہر سال عرس منانا اور قبور صلحاء پر جانا یہ تو اسلام میں بدعت ہے نہ ؟

محمد عمر "ہر سال صالحین مومنین مسلمین کی قبور پر مسلمانوں کا جانا وہاں جا کر شب بیداری کرنا" رونا احترام کرنا ذکر اللہ میں مشغول ہونا یہ بھی سنت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ہے تم بیچارے تو احادیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے محروم ہو جب اہل ذکر کی مجلس سے مسلمان مشرف ہوتا ہے تو ان کی شان و شوکت کی حدیثیں تلاش کر کے ایمان تازہ کرتا ہے اور

marfat.com

کریں گے حالانکہ وہ سوئے ہوئے ہیں۔ تو صالحین مومنین کا اپنی آرامگاہوں میں آرام سے سونا قرآن وحدیث صحیحہ سے ثابت ہوا۔

(ہ) مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی زبانی ثابت ہوا کہ مومن صالح جب قبر میں کامیابی کا سرٹیفکیٹ حاصل کرلیتا ہے۔ تو کہتا ہے۔ اِرْجِعُ اِلٰی اَھْلِیْ فَاُخْبِرُھُمْ کہ میرے پھپھوں کو یعنی گھر والے معتقدین مریدین جو ابھی زمین کے اوپر دنیاوی زندگی بسر کر رہے ہیں ان کو میری آج کی کارروائی۔

(ا) مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہونے۔

(ب) مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے روبرو توحید ورسالت کا اقرار کرکے کامیاب ہونے۔

(ج) خداوندی حساب لینے والے ملائکہ کا مجھے عروس کا تمغہ عنایت فرمانے۔

(د) مجھے تھپکی دے کر سلانے۔

(ر) موت سے نجات پانے۔

کی اطلاع دے دو تاکہ میرے متعلق ان کا فکر دور ہو جائے اور وہ لوگ میری کامیابی سے خوش ہو جائیں اور نوافل اور ذکر اللہ کرکے خداوند کریم کا شکریہ ادا کریں۔

تو مسلمین مومنین مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد پر یقین رکھتے ہوئے مومن مسلمان صاحب قبر صالح کا وہ زیارۃ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم والا دن اور دنیا داروں کے روبرو اس تمغے کا اعلان کرنے کے لئے دن مناتے ہیں اور اعلان کرتے ہیں اور ذکر اللہ اور نوافل وعبادت خداوندی میں مشغول ہو کر رب کریم کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ یا اللہ تیرا ہم شکریہ ادا کرتے ہیں کہ تو نے ہمارے بزرگ کو یہ شرف بخشا اور عروس کا تمغہ عطا فرمایا اور فرمان خداوندی ہے لَئِنْ شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ کہ اگر تم نے شکریہ ادا کیا تو ہم تمہیں اور

marfat.com

کی قبروں پر تشریف لاتے جب ان کے کنارے پر پہنچتے فرماتے السلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار یعنی اے اللہ تعالیٰ کے بندو تم پر سلام ہو جو تم نے صبر کیا ہے اور تمہاری عاقبت بہت اچھی ہے پھر نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ شہداء کی قبور پر تشریف لاتے رہے ایسے ہی ان کے بعد حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لاتے رہے ان کے بعد حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لاتے رہے واقدی نے کہا ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم شہداء علیہم السلام کی زیارۃ کے لئے ہر سال تشریف لاتے رہے جب ان کی دیوار کے کنارے پہنچتے تو فرماتے السلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار پھر ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا یہی وطیرہ ہر سال رہا پھر حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما اسی طرح تشریف لاتے رہے اور اسی پر عمل کرتے رہے اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی شہداء علیہم السلام کی قبور پر تشریف لاتیں تو ان کے پاس روتیں اور ان کے لئے دعا فرماتیں اور حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی ان کی سلامی کے لئے حاضر ہوتے پھر باقی اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبروں کی حضری دیتے پھر فرماتے کہ تم ایسی قوم کی سلامی کے لئے کیوں نہیں جاتے جو تمہاری طرف رجوع کرتے ہیں۔ پھر ابوسعید ابوہریرۃ، عبداللہ بن عمر اور ام سلمۃ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے بھی شہداء علیہم السلام کی قبور کی زیارۃ کے متعلق انہوں نے واقعہ بیان کیا۔

تمام حدیث شریف سے ثابت ہوا کہ صالحین مسلمین مومنین کی قبور پر ہر سال جانا

marfat.com

عمل کرنے کی طرف راغب ہوتا ہے سنیئے ابن کثیر نے اپنی کتاب البدایۃ والنہایہ میں لکھا ہے کہ ہر سال اللہ کے بندوں کی قبروں پر جانا سنت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ہے

ہر سال صالحین مومنین مسلمین کی قبور پر جانا سنت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین ہے

البدایۃ والنہایۃ ج ۴ ص ۵ } وروی البیہقی عن حدیث موسیٰ بن یعقوب عن عباد بن ابی صالح عن ابیہ عن ابی ہریرۃ

قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَاْتِي قُبُوْرَ الشُّهَدَاءِ فَاِذَا اَتٰى فُرْضَةَ الشِّعْبِ قَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ثُمَّ كَانَ اَبُوْ بَكْرٍ بَعْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَفْعَلُهُ وَكَانَ عُمَرُ بَعْدَ اَبِيْ بَكْرٍ يَفْعَلُهُ وَكَانَ عُثْمَانُ بَعْدَ عُمَرَ يَفْعَلُهُ قَالَ الْوَاقِدِيُّ كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَزُوْرُهُمْ كُلَّ حَوْلٍ فَاِذَا بَلَغَ فُرْضَةَ الشِّعْبِ يَقُوْلُ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ثُمَّ كَانَ اَبُوْ بَكْرٍ يَفْعَلُ ذَالِكَ كُلَّ حَوْلٍ ثُمَّ عُمَرُ ثُمَّ عُثْمَانُ وَكَانَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم تَاْتِيْهِمْ فَتَبْكِيْ عِنْدَهُمْ وَتَدْعُوْ لَهُمْ وَكَانَ سَعْدٌ يُسَلِّمُ ثُمَّ يُقْبِلُ عَلٰى اَصْحَابِهٖ فَيَقُوْلُ اَلَا تُسَلِّمُوْنَ عَلٰى قَوْمٍ يَرُدُّوْنَ عَلَيْكُمْ ثُمَّ حَكٰى زِيَادٌ ثَمَّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَعَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ وَاُمِّ سَلَمَةَ رضى الله عنهم =

ابو ہریرۃ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم ہمیشہ شہداء

marfat.com

پر اس کو فضیلت دینا میں دی میں نے عرض کیا کہ حضور میرے لئے بھی دعا فرمائیں کہ اللہ تعالےٰ مجھے بھی معاف فرمائے۔ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے حق میں بھی دعا فرمائی۔ فرمایا اے اللہ عبید اللہ بن قیس کے بھی گناہ معاف فرمائے اور قیامت کے دن جنت نصیب فرما ابوہریرہؓ نے کہا کہ ایک دعا آپ نے ابو عامر کے لئے فرمائی اور دوسری ابو موسیٰؓ عنہا کے لئے فرمائی۔

"محمد عمر" اس حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوا کہ صاحب قبر کے لئے دعا خیر کرنا جس کو فاتحہ سے تعبیر کیا جاتا ہے سنت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ہے بدعت نہیں۔ بدعت کہنے والا حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا منکر ہے۔

وہابی فرقہ صراحۃً مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ولی عناد رکھتے ہیں

۷۔ النہج المقبول مصنفہ مولوی نور الحسن صاحب بن نواب صدیق الحسن ۴۹ | و دعا کردن نزد قبر مبارک از برائے خود بدعت است اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو قبر کے پاس یا رسول کہنا اور اپنے لئے دعا کرنا بدعت ہے

"محمد عمر" کیوں بھی مسلمانو! اب تو تمہاری تسلی ہو گئی اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ بالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ" مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ایمانداروں کے لئے ہر وقت شفقت کرنے والے ہر وقت رحم کرنے والے ہیں اگر فرقہ وہابیہ ایماندار ہیں تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی شفقت اور رحم کے قائل نہ ہوں اور فائدہ نہ اٹھائیں تو ان جیسا کون بدقسمت ہے اور حضور کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کے پاس بھی آپ کا اسم پاک یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کہنے کو بدعت کہے تو ثابت ہوا کہ ایسا شخص یکا بدعتی ہے اور ایسا

marfat.com

عرس منانا دعائیں مانگنی وہاں ذکر اللہ میں مشغول ہونا سنت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا اجماعی مسئلہ ہے اس کے خلاف دنیا کا کوئی مولوی مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان "کسی اصحابی کا فرمان" تابعی تبع تابعی کا قول پیش نہیں کر سکتا۔ وما علینا الا البلاغ المبین۔

صاحب قبر کے لئے دعا خیر و فاتحہ

مسلم شریف ۲/۳۰۳ فَاَخْبَرَتْهُ بِخَبَرِنَا وَخَبَرِ اَبِیْ عَامِرٍ وَقُلْتُ لَهٗ قَالَ قُلْ لَهٗ یَسْتَغْفِرْ لِیْ فَدَعَا بِمَاءٍ فَتَوَضَّاَ مِنْهُ ثُمَّ رَفَعَ یَدَیْهِ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعُبَیْدٍ اَبِیْ عَامِرٍ حَتّٰی رَاَیْتُ بَیَاضَ اِبْطَیْهِ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فَوْقَ کَثِیْرٍ مِّنْ خَلْقِكَ اَوْ مِنَ النَّاسِ فَقُلْتُ وَلِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاسْتَغْفِرْ فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ قَیْسٍ ذَنْبَهٗ وَاَدْخِلْهُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مُدْخَلًا کَرِیْمًا قَالَ اَبُوْ بُرْدَةَ اَحَدُ هُمَا لِاَبِیْ عَامِرٍ وَالْاُخْرٰی لِاَبِیْ مُوْسٰی۔

ابو موسیٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے اپنی اور ابو عامر کی ان کو خبر دی ابی عبید بن ابو عامر نے کہا کہ ان کو عرض کرنا کہ میرے لئے دعا فرمائیں تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے پانی منگا کر وضو کیا پھر آپ نے دونوں ہاتھ اٹھائے فرمایا اے اللہ عبید بن ابی عامر کو معاف کر دے حتیٰ کہ آپ کی بغلوں کی سفیدی مجھے نظر آئی پھر دعا فرمائی کہ اے اللہ قیامت کے دن اپنی اکثر مخلوق پر یا اکثر لوگوں

marfat.com

سے شہدا رعلیہم السلام کو السلام علیکم کہا میری خالہ نے کہا کہ میں نے اپنے کانوں سے سلام کا جواب سنا جو زمین کے نیچے سے آیا امید میں اس کو ایسے پہچانتی ہوں جیسا کہ اپنے خالق کو اور جیسا کہ رات کو تو میرے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔

قبر کے پاس پتھر کھڑا کرنا وہابی محدث نے اقرار کر لیا،

نیل الاوطار ۴/۹۱ } وَاِیْهَامُ الصَّحَابِیِّ لَا یَضُرُّ وَفِیْهِ دَلِیْلٌ عَلٰی جَوَازِ جَعْلِ عَلَامَةٍ عَلٰی قَبْرِ الْمَیِّتِ کَنَصْبِ حَجَرٍ اَوْ نَحْوِهَا قَالَ الْاِمَامُ یَحْیٰی فَاَمَّا نَصْبُ حَجَرَیْنِ عَلَی الْمَرْاَةِ وَحَجَرٍ عَلَی الرَّجُلِ بِدْعَةٌ قَالَ فِی الْبَحْرِ قُلْتُ لَا بَاْسَ بِهٖ لِقَصْدِ التَّمْیِیْزِ لِنَصْبِهٖ عَلٰی قَبْرِ ابْنِ مَظْعُوْنٍ۔

اصحابی کا وہم کرنا نقصان نہیں دیتا اس میں میت کی قبر پر کوئی نشانی رکھنے کی دلیل ہے جیسا کہ پتھر کھڑا کیا جائے یا مثل اس کی امام یحییٰ نے کہا ہے کہ عورت کی قبر پر دو پتھر کھڑے کرنا اور مرد کی قبر پر ایک پتھر کھڑا کرنا بدعت ہے بحر میں لکھا ہے کہ کوئی حرج نہیں تمیز کے لئے ابن مظعون اصحابی کی قبر شریف کے پاس پتھر گاڑا گیا تھا۔

اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے اس عمل سے ثابت ہوا کہ قبر کے سر کی طرف کتبہ پتھر کا ہو یا سیمنٹ وغیرہ کا سنت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین ہے بدعت نہیں۔ تو صالحین کی قبر کے پاس پہچان کے لئے کتبہ گاڑنا سنت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہ اجمعین ثابت ہوا۔

marfat.com

فرقہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے دلی عناد رکھتا ہے۔ اور عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ کا مکذب ہے۔

صالحین مومنین مسلمین اہل قبور کے پاس جاکر نوافل پڑھنے اور دعائیں مانگنی

البدایۃ والنہایۃ ۴/۴۵ } وقال ابن ابی الدنیا حدثنی ابراھیم حدثنی الحکم بن نافع حدثنا العطاف بن خالد حدثنی خالتی قالت رکبت یوما الی قبور الشھداء وکانت لا تزال تاتیھم فنزلت عند حمزۃ فصلیت ما شاء اللہ ان اصلی وما فی الوادی داع ولا مجیب الا غلاما قائما اخذا برأس دابتی فلما فرغت من صلوتی قلت ھکذا بیدی السلام علیکم قالت فسمعت رد السلام علی یخرج من تحت الارض اعرفہ کما اعرف ان اللہ عزوجل خلقنی وکما اعرف اللیل والنھار فما تشعرت کل شعرۃ منی ۔

عطاف بن خالد فرماتے ہیں کہ میری خالہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے بیان کیا کہ میں ایک دن شہداء علیہم السلام کی قبروں کی طرف اسوار ہو کر گئی چلتی چلتی حضرت حمزہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی قبر کے پاس پہنچی جو اللہ تعالےٰ کا ارادہ تھا میں نے نماز ادا کی اس وادی میں کوئی پکارنے والا یا جواب دینے والا نہ تھا سوائے ایک غلام کے جو میری اسواری کی باگ تھامے ہوئے تھا جب میں نماز سے فارغ ہوئی میں نے ہاتھوں کے اشارے

marfat.com

علیہ وسلم معاذ اللہ صنم اکبر ہے تو نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے پہلے ہی فیصلہ فرما دیا کہ لَا تَجْعَلُوْا قَبْرِیْ وَثَنًا کہ میری قبر کو بت نہ بنانا تو تم نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے گنبد خضرا کو بت کہہ کر مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مکذب ثابت ہوئے۔

تیسرا جواب: مطلب نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے واضح فرما دیا کہ بعض انبیاء علیہم کی قبروں کی پرستش ہوتی رہی ہے اے میری ایمان دار امت تم قبر کو معبود نہ بنا لینا یعنی جیسا کہ میں اب نبی اللہ اور رسول اللہ (صلے اللہ علیہ وسلم) ہوں وصال کے بعد بھی مجھے نبی اللہ اور رسول اللہ (صلے اللہ علیہ وسلم) ہی تسلیم کرنا معبود نہ سمجھنا۔ کیونکہ صرف اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہے یہ آپ نے اپنی امت مسلمہ کو شرک سے بچنے کا ارشاد فرمایا۔

چوتھا جواب: مطلب یہ ہے کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری قبر کو بت نہ بنانا اور بت کی تعریف قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کلام کو نقل فرماتے ہوئے بیان فرمایا یٰٓاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا یَسْمَعُ وَلَا یُبْصِرُ وَلَا یُغْنِیْ عَنْکَ شَیْئًا اے باپ تو اس کی عبادت کیوں کرتا ہے جو نہ سنتا ہے نہ دیکھتا ہے نہ ہی تجھ سے کوئی تکلیف ہٹا سکتا ہے۔ تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بت کی تین صفات کا بیان فرمایا کہ بت نہ سنتا ہے نہ دیکھتا ہے نہ کوئی تکلیف ہٹا سکتا ہے تمہارا غیر مقلد وہابیوں کا عقیدہ ہے کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نہ سنتے نہ دیکھتے ہیں نہ ہی کوئی تکلیف دور کر سکتے ہیں جیسا کہ عنقریب انشاء اللہ بیان کیا جائے گا تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لَا تَجْعَلُوْا قَبْرِیْ وَثَنًا یعنی کہ میری قبر کو معبودیت نہ سمجھنا کہ کہ اس بت کی عبادت کرتا ہے جو نہ سنتا ہے نہ دیکھتا ہے

marfat.com

"وہابی" مولوی صاحب نبی علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ تَجْعَلُوْا قَبْرِیْ وَثَنًا یُّعْبَدُ لہٰذا قبر نبی علیہ السلام کی تعظیم وغیرہ اور خشوع خضوع سے آپ نے روک دیا پھر جائیکہ دوسری قبروں کی تعظیم اور خشوع وخضوع کیا جاوے۔ اسی حدیث کے مطابق ہمارے اہلحدیث اکابرین نے لکھا ہے جیسا کہ کتاب التوحید میں محمد بن عبدالوہاب نے لکھا ہے۔

"محمد عمر" جواب اول: فقیر نے احادیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے قبر کے پاس خشوع وخضوع سے بیٹھنا قبر کی تعظیم کرنا "آخرۃ کو یاد کرنا" قبور کے پاس رونا ثابت کر دیا جس سے ثابت ہوا کہ یہ افعال قبر پرستی نہیں بلکہ شعار اسلامی ہے سنت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور سنت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور سنت محدثین ہے شرک بدعت اور کفر کہنے والا ہندومت رکھنے والا بت پرست اور وہابی ہے۔

دوسرا جواب:۔ تمہارا حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنے مطلب کے لئے پیش کرنا غلط ہے تمہارے دعوے کے موافق یہ استدلال صحیح نہیں ہے۔ تم نے غلط بیانی سے کام لیا ہے یہ تو نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے تمہارے مذہب کا رد کیا ہے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو علم غیب تھا کہ آخیر زمانے میں میری امت میں ایک فرقہ ایسا ظاہر ہوگا جو میرا کلمہ پڑھ کر میری قبر کو بت کہیں گے لہٰذا تم وہابی اہل قبور کو انبیاء علیہم السلام ہوں یا اولیاء اللہ من دون اللہ کہتے ہو اللہ تعالےٰ نے قرآن کریم میں ابلیس اور بتوں کو من دون اللہ کا فتویٰ دیا ہے اور تم وہابی فرقہ اس کا بدلہ لینے کے لئے اللہ تعالےٰ کے مقرب بندوں کو من دون اللہ کا فتویٰ جڑتے ہو اور کہتے ہو کہ یہ قبریں لیٹے ہوئے بت ہیں جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے کہ تمہارے نزدیک قبر النبی صلے اللہ

marfat.com

وہابی عقیدہ نمبر ۲۰

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے وہابی عداوۃ ۹

وہابیوں کو محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے ذاتی عناد ہے،

۸۔ صراط مستقیم مولوی محمد اسمٰعیل ۸۶

وصرف ہمت بسوئے شیخ وامثال آن از معظمین گر جناب رسالت مآب باشند بچندیں مرتبہ بدتر از استغراق در صورت گاؤ خر خواہد است کہ خیال آں با تعظیم واجلال بسوید اے دل انسان میچسپد بخلاف خیال گاؤ وخر کہ نہ آنقدر چسپیدگی مے برد ونہ تعظیم بلکہ ہمان ومحقر میبود وایں تعظیم و اجلال غیر کہ در نماز ملحوظ ومقصود میشود وبشرک میشود۔

پیروں اور بزرگوں کی طرف خیال رکھنا گو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہی ہوں جتنی دفعہ خیال کریں اپنے گدھے کے خیال سے بھی بہت برا ہے کیونکہ پیر بزرگ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا خیال تعظیم کی طرف رغبت دلاتے ہیں یعنی انسان کا دل لطف اٹھاتا ہے بخلاف گدھے کے کہ اس کے ساتھ اتنا لگاؤ نہیں ہوتا اور نہ ہی اتنی تعظیم کا خیال ہوتا ہے بلکہ گدھے کا خیال حقارت اور کمینگی کی طرف ہوتا ہے اور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی تعظیم اور بزرگی غیر اللہ کی تعظیم ہے جو نماز میں لحاظ کرنا مقصود بن جاتا ہے اور یہ شرک ہے۔

"محمد عمر" (۱) اس وہابی مسئلہ میں وہابیوں کے مسلمہ پیشوا نے توہین مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی ایک اور صورت بیان کی نماز کا مسئلہ بیان کر کے محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے خیال سے گدھے کے خیال کو اچھا کہا اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے خیال کو بدتر کہا معاذ اللہ جس کا خیال بدتر ہے تو قائل کے نزدیک اس

marfat.com

اور نہ ہی کوئی تکلیف دور کر سکتا ہے۔ بلکہ میں قبر میں جا کر بھی سنوں گا، دیکھوں گا اپنی امت سے تکلیف بھی دُور کروں گا جیسا کہ اب تمہارے سامنے تمام کے آواز کر سنتا ہوں جہاں بھی تم ہو گے اور میں تمہیں دیکھتا ہوں جہاں بھی تم ہو گے میری نظر میں ہو کیونکہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی نگاہ پاک عرش معلےٰ سے تحت الثریٰ کے ذرے ذرے پر ہے جیسا کہ فرمان خداوندی ہے وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ عنقریب تمہارے اعمال کو اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور اولیاء اللہ دیکھیں گے۔ یہ ہے قرآن کریم کے قانون میں نگاہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم جو امتی کے ہر اعمال کو ملاحظہ فرماتے ہیں۔ اور ایمانداروں کی تکلیف بھی دور کرتے ہیں، جیسا کہ فرمان الٰہی قرآن کریم میں موجود ہے بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ایمانداروں کے واسطے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ہر وقت شفقت کرنے والے ہر وقت رحم کرنے والے ہیں تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری قبر کو بت نہ بنانا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث کا مصداق اب وہابی مذہب پیدا ہوا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی اس غیبی اطلاع لَا تَجْعَلُوْا قَبْرِيْ وَثَنًا يُّعْبَدُ کی صداقت تمہارے عقیدے سے ہو گئی کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا فرمان صحیح ثابت ہوا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی مذکورہ حدیث نے وہابی مذہب کا پول نکال کر ان کو منکر حدیث ثابت کر دیا اس حدیث کو تم وہابی ہم پر غلط چسپاں کرتے ہو اس حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے تو وہابی مذہب کی جڑ اکھاڑ دی ہے۔

وہابیو اگر کچھ ذرہ ایمان کا ہے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر کو بت نہ کہنا بلکہ بت کہنے والے کو ایمان سے خارج اور مکذب حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سمجھنا۔

marfat.com

سب سے اس پر لعنت و پھٹکار ہے۔

وہابیوں کے سرغنہ نواب صاحب نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے بھی بہتری مدد طلب کی لیکن مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم بھی صحیح العقیدہ کی امداد کرتے ہیں۔ جو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے دربار شریف کو گرانے کا فتویٰ دے کر اور بیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو شرک و الحاد کا سبب کہکر پھر امداد طلب کرے بھلا کیسے ممکن ہے آپ تو بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَؤُفٌ رَّحِيْمٌ ہیں بفرمان خداوندی اپنی امت کے مومن کی تنگی کے وقت فوراً دادرسی کرتے ہیں کیونکہ آپ کا شان ہے عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ ہے ایمانداروں کی تکلیف آپ کو گوارہ نہیں نواب صاحب دائرہ وہابیت میں ہی بھٹکتے رہے تو نواب صاحب کو پھر ان کے سر پہ وہابی کی چوٹ پڑی جو ان اشعار میں پہ مذکور ہے کہ غیروں سے جو مدد مانگتا ہے وہ مشرک ہے دنیا میں اس جیسا کوئی بد نہیں ایسے شخص کے گلے میں دوزخی رسی ہے لعنت و پھٹکار کا سزاوار ہے۔

marfat.com

پڑھتے ہیں تمہارے نزدیک غیر اللہ ہے یا نہیں ؟ اگر غیر اللہ ہے تو تمام حجازیں گاندھی کو نامانہ پکار کر سلام پڑھنے کی تعلیم دی جاتی ہے کتابوں میں نجدی کتابوں میں شائع کیا جارہا ہے تمہارا منہ اور قلم ان کے خلاف اٹھی ؟ کہ یہ شرک ہے نجدیو کیوں شرک کرتے ہو لیکن وہاں سے راتب ملتا ہے جب تمہارے بڑے مشرک ہیں تم موحد کیسے کہلا سکتے ہو کیا ہم مسلمان یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یا سید عبدالقادر کہدیں تو تم بدّ" مشرک" لعنتی اور حبل من مسد کا پٹہ ہمارے گلے ڈالنے کی کوشش کرو اور تم تمہارے بڑے یا گاندھی کا سلام پڑھیں تو پوتر موحد سبحان اللہ کیا نرالا مذہب ہے۔

القرامۃ الاعدادیہ الجزء الثانی ۲۳۶

سَلَامٌ كُلَّمَا صَلَّيْتَ عُرْيَانًا فِي اللَّبَدِ
جب تو ننگا اور ننگا لحاف میں نماز ادا کرتا ہے

وَفِي زَاوِيَةِ السِّجْنِ وَفِي سِلْسِلَةِ الْقَيْدِ
ہتھکڑیوں اور قید خانوں میں

مِنَ الْمَائِدَةِ الْخَضْرَاءِ خُذْ حِذْرَكَ يَا غَانْدِي
خدا کی سرسبز زمین کے دسترخوان سے اپنے ہتھیارے یا گاندھی

کیوں جی غیر مقلدین وہابیو! یہ تمہارا السلام ہے اور یارسول اللہ صلے اللہ علیہ کا کہنا ہمارا شرک ہے ؟ کہ مسٹر گاندھی کی امرت پرستی اگنی پرستی کو توحید کا خطاب کرتے ہو اور خدائی نماز سمجھتے ہو اور یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور اولیاء اللہ کے نعروں کو کفر و شرک کہتے ہو تو لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ ہمارا کہنا غلط نہ ہوگا۔ کیونکہ لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ تمہیں ہمارا سنا دینا ہی کافی ہے۔

marfat.com

شَبِیْہُ الرُّسُلِ فِی الْوُدِّ عَنِ الْحَقِّ وَ فِی الزُّہْدِ

حق اور زہد اور اعمال میں رسولوں کی مشابہ ہے۔

یہ اشعار حجاز میں نجدی کی حکومت سکولوں کے بچوں کو تعلیماً پڑھاتی ہے کیا کسی وہابی نے ان پر فتوی لگایا کہ تم امرت پرست، بت پرست اور اگنی پرست گاندھی کو نبی ماننے کی تعلیم دیتے ہو اور دلواتے ہو یہ کفر و شرک ہے لیکن وہابی سے تو وہابیت کی بنیاد شروع ہوئی اب راتب بھی وہیں سے ملتا ہے ان کو کیسے کہیں یہ ہے محمد بن عبدالوہاب نجدی کے مذہب کا سرنامہ جو یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے نعرے کو شرک و کفر کہتا ہے لیکن امرت پرست، اگنی پرست، وائیو پرست اور بت پرستوں کو اپنا نبی سمجھتا ہے۔ اور یا گاندھی کے نعرہ کو سنت وہابیہ سمجھتا ہے اور امام مہدی کا خطاب بھی مسٹر گاندھی کے ہی سر رکھ دیا جس فرقے کا نبی اور امام مہدی مسٹر گاندھی ہو بھلا اس فرقے کا ایمان کیسا ہو گا۔

نجدی وہابی فرقہ یا غاندی پکارنا جائز سمجھتا ہے

القراءۃ الاعدادیۃ الجزء الثانی للسنۃ الرابعۃ السید احمد البجان ۲۳۵

سَلَامٌ اَلنِّیْلِ یَا غَانْدِیْ وَھٰذَا الزَّھْرُ مِنْ عِنْدِیْ

اے مسٹر گاندھی دریائے نیل کی طرف سے تمہیں سلام ہو یہ تحفہ تمہیں میری طرف سے ہے۔

کیوں جی وہابیو اب تو تم دریا پرست ثابت ہوئے اور گاندھی ہندو کو مرنے کے بعد اس کی مڑی سے غائبانہ خطاب کر رہے ہو۔

وہابی ملاؤ ذرا بتاؤ کہ تمہارے پیشوا آقا ہندوؤں کے اوتار مسٹر گاندھی کی تعتیں

marfat.com

بْنَ عَبْدِ اللّٰہِ ثُمَّ قَالَ لِعَلِیٍّ اُمْحُ رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ عَلِیٌّ لَا وَاللّٰہِ لَا اَمْحُوْکَ اَبَدًا فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم الْکِتَابَ وَلَیْسَ یُحْسِنُ یَکْتُبُ فَکَتَبَ ھٰذَا مَا قَاضٰی مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ لَا یُدْخِلُ مَکَّۃَ اِلَّا السَّیْفَ فِی الْقِرَابِ ۔

بما روی عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ذی قعدہ میں نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم عمرہ کے لئے تشریف لے گئے تو مکے والوں نے مکے میں داخل ہو کر دعا مانگنے سے انکار کر دیا کہ پہلے بعض شرائط پر آپس میں فیصلہ ہوا تین دن نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے مکے کے باہر ہی قیام کیا پھر آپس میں جو فیصلہ ہوا مسلمانوں نے یہ تحریر لکھی، اس پر ہم نے محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم، سے فیصلہ کیا کفار نے کہا کہ ہم محمد کی رسالت کا اقرار ہی نہیں کرتے اگر ہمیں معلوم ہو جائے کہ آپ رسول اللہ ہیں ہم آپ کو کسی چیز سے منع نہ کرتے تو صرف محمد بن عبداللہ ہے تو آپ نے فرمایا کہ میں رسول اللہ ہوں اور محمد بن عبداللہ بھی پھر (ان کے اصرار پر) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے علی رسول اللہ کے لفظ کو مٹا دے حضرت علی المرتضیٰ نے فرمایا کہ حضور میں آپ کے اس خطاب کو نہیں مٹاؤں گا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تحریر لے لی اور آپ نے تحریر چھوٹی نہیں محسوس کی (یہ لکھا) کہ محمد بن عبداللہ نے فیصلہ کیا ہے کہ سوائے نیام میں بند تلوار کے کسی قسم کا اسلحہ لے کر مکے میں ہمارا کوئی مسلمان داخل نہیں ہو سکتا۔

نوٹ، اس حدیث شریف سے ثابت ہوا کہ لفظ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی تحریر

marfat.com

یہ اشعار نجدی حکومت کی چوتھی جماعت کو تعلیم دی جاتی ہے کہ مسٹر گاندھی ہندوؤں کے اوتار کو نجدیوں کا "نبی مہدی" بزرگ یا گاندھی کر کے سلام پڑھو معلوم ہوا کہ وہابی نجدی نے محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو شرک کہا اور کہنے والے کو مشرک کہا اور آپ کے قائم مقام گاندھی جی کو یا گاندھی پکارنا شروع کر دیا کیوں بھئی وہابیو ثابت ہوا کہ نجدی وہابی فرقہ ہندوؤں کے اوتاروں کے پجاری ہیں۔ اسی لئے ہندو کے گھر کی مٹھائی کو کھانا حلال سمجھتے ہیں اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سے صدقہ کیا جائے یا غوث الاعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی طرف سے خیرات کی جائے تو حرام کہتے ہیں یہ ہے وہابی مذہب

بولو وہابیو گاندھی جی کی۔ _____

اور ہم یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا نعرہ لگاتے ہی رہیں گے۔

یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو نہ مٹانا اور مٹانے کو کون کہتے تھے

۳۲۔ بخاری شریف ۲/۶۱۰ } حدثنا عبید اللہ بن موسیٰ عن اسرائیل عن ابی اسحٰق عن البراء قال اعتمر النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی ذی القعدۃ فابی اھل مکۃ ان یدعوہ یدخل مکۃ حتی قاضاھم علی ان یقیم بھا ثلثۃ ایام فلما کتبوا الکتاب کتبوا ھذا ما قاضا علیہ محمد رسول اللہ قالوا لا نقر بھذا لو نعلم انک رسول اللہ ما منعناک شیئا ولکن انت محمد بن عبد اللہ فقال انا رسول اللہ وانا محمد

marfat.com

چاہیے تھا یا نہیں اللہ تعالےٰ نے اختیار توڑنے کے لئے پیدا کیا ہی وہابیو فقیر ایک بات کہتا ہے کیا مولوی اسمٰعیل نے اس گستاخی سے جیسا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو کہا ہے، جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں کبھی اپنے باپ عبدالغنی کو منہ پر کہتا کہ جس کا نام عبدالغنی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں اور اگر کہے تو ادھر سے کیا جواب ملے گا اور کچھ نہیں تو اتنا تو ضرور کہے گا کہ میں نے اسمٰعیل کو اپنی جائیداد سے لاوارث کر دیا ہے یہ میرا گستاخ ہے تو کیا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اتنا بھی نہیں کر سکتے کہ اسمٰعیل کہتا ہے "محمدؐ کسی چیز کا مختار نہیں" لہٰذا ایسا گستاخ میری امت میں شامل نہیں میری امت سے خارج ہے۔ تو کیا اسمٰعیل کو یہ اختیار ہے کہ دربار خداوندی میں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے وسیلے کے بغیر بخشش کی امید رکھ سکے کلا وحاشا حَتّٰی یَلِجَ الْجَمَلُ فِیْ سَمِّ الْخِیَاطِ۔

اللہ تعالےٰ فرماوے یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَکُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ وَلَا تَجْھَرُوْا لَہٗ بِالْقَوْلِ کَجَھْرِ بَعْضِکُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُکُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝

اے ایمان والو تمہاری آواز نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے آواز سے کبھی اونچی نہ ہو جائے اور نہ ہی تم نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو اونچی آواز کرنا جیسا کہ تم ایک دوسرے پر کرتے ہو تمہارے تمام اعمال صالحہ مٹ جائیں گے اور تم معلوم نہ کر سکو گے۔

وہابیو! بھلا اس آیۃ کریمہ کو بھی سامنے رکھو اور اپنے مولوی اسمٰعیل صاحب کے اس مذکورہ حوالے جس کا نام محمد ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں" کا مقابلہ کر کے دیکھو کیا رب العزۃ

سے کفار چڑتے تھے اور تم بھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو لفظ لکھنے سے چڑتے ہو اب تم سمجھو کہ تم کون ہو محمد بن عبداللہ سے تم دونوں کا اتفاق ہے تم سوچو کہ تم کون ہو؟

تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ فرمان خداوندی پر ہمارا یقین ہے اور وہابی فرقہ خود سمجھ لے۔

وہابی عقیدہ ۲۵

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے وہابی عداوت ۱۴

غیر مقلد وہابی اختیار میں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنے سے کم سمجھتا ہے

تقویۃ الایمان ۴۷ | جو ان کاموں کا مختار ہے اس کا نام اللہ ہے محمدؐ یا علیؓ نہیں اور جس کا نام محمدؐ یا علیؓ ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں۔

"محمد عمر" غیر مقلد وہابی نے اس عبارت سے کھلم کھلا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی توہین کی ہے۔ مسلمانو سوچو اگر کسی معمولی آدمی کو کہو کہ تیرا کچھ اختیار نہیں پیچھے ہٹ تو وہ بھی اس کے گلے لپٹ جائے گا۔ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو ایسے کلمات اللہ تعالےٰ خالق نے استعمال نہیں کئے لیکن امتی کہلکر یہ وہابی الفاظ استعمال کرتا ہے کیا یہ کلمات بڑا چھوٹے کو کہہ سکتا ہے یا چھوٹا بڑے کو یہ کلمات بول سکتا ہے تو رب العزت کو ان کے کہے اس وقت استعمال کرنے چاہیئے تھے جب آپ کے ارشاد کے مطابق چاند ٹکڑے ہو کر نیچے گرایا گیا سورج کو الٹا پھیرا گیا بقول تمہارے اللہ تعالےٰ کو کہنا چاہیئے تھا کہ تمہیں کوئی اختیار نہیں یہ میری مرضی پر موقوف ہے میں یہ کام نہیں ہونے دیتا جب اللہ تعالےٰ نے آپ کی مرضی سے سورج کو الٹا پھیر دیا چاند کو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے کہنے سے ٹکڑے کر کے نیچے گرا دیا تو یہ آپ کا اختیار اللہ تعالےٰ کو توڑنا

marfat.com

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالےٰ نے حکم رانی میں اختیار کلی عطا فرمادیا

(۳) المائدہ ۶/۶ } فَاِنْ جَآءُوْكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ وَاِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ يَّضُرُّوْكَ شَيْئًا ۔

یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اگر یہ لوگ آپ کے دربار عالیہ میں حاضر ہوں تو آپ ان کے درمیان حکم جاری فرمادیں یا اعراض فرمالیں (اختیار کلی ہے) اور اگر آپ ان سے اعراض فرمادیں تو یہ آپ کا کچھ بگاڑ نہیں سکتے۔

اس آیتہ کریمہ سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ یہ منکرین آپ کا کچھ بگاڑ نہیں سکتے تو وہابیوں نے اس کا جواب دیا کہ تیرے نبی کو بھی کوئی اختیار نہیں۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی حکومت اور معافی کا اختیار کلی

(۴) النور ۱۸/۸ } فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان سے جس کو چاہیں آپ اجازت بخشش اور جس کے لئے چاہیں معافی نامہ پیش کردیں بے شک اللہ تعالےٰ بڑا معاف کرنے والا بڑا رحم کرنے والا ہے۔

اس آیتہ کریمہ میں بھی رب العزت نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو اختیار کلی عطا فرمایا ہے۔

marfat.com

کے اس مذکورہ حکم کی تعمیل ہے یا صراحۃً نافرمانی ہے مولوی اسمٰعیل صاحب نے تو ایسے مرحری کہدیا جیسا کہ انکا کوئی اسلام سے تعلق ہی نہیں انہوں نے حضرت سرور کائنات صلے اللہ علیہ وسلم کا کلمہ پڑھا ہی نہیں خدا کی قسم اگر تمہارا مولوی اسمٰعیل حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے زمانے میں ہوتا تو حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ ضرور نوری قتل کر دیتے اور جس نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو اس معاندانہ کلام سے گستاخی کی ہے تم اس کو اپنی جماعت وہابیہ کا بزرگ اور شہید رحمۃ اللہ علیہ سے نوازتے ہو جس سے ثابت ہوتا ہے کہ فرقہ وہابیہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا گستاخ اور مکذب فرقہ ہے اور قرآن کریم کی برملا تکذیب کرتا ہے اب قرآن کریم سے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا مختار کل ہونا بیان کرتا ہوں سنو!۔

مختار کل کے چند دلائل

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالےٰ نے عالمین کی حکومت عطا فرمائی

(۱) الفرقان ۱/۱۸ { تَبٰرَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ لِیَكُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرًا ۔ بابرکت ہے وہ اللہ جس نے حق باطل کے فرق کرنے والی کتاب اپنے بندے (محمد صلے اللہ علیہ وسلم) پہ نازل فرمائی تاکہ تمام جہانوں کے لئے حکم بنیں۔

رب العزت نے تمام مخلوق مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے سپرد فرمادی

(۲) الکوثر ۱۰۸ { اِنَّاۤ اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۔ یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہم نے آپ کو تمام کثرت عطا فرمادی۔

marfat.com

کو پس پشت ڈال کر یہودیوں کی سنت سے بچو اور سنت اللہ پر عمل پیرا بن جاؤ اور سابقہ گستاخیوں کی معافی چاہو۔

نوٹ: مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو رب العزت نے قُلْ کا خطاب فرما کر آپ کے حکم کے اجرا کا فیصلہ کر دیا کہ عالمین میں مخلوق کے لئے میرے فیصلے قُلْ سے حکم آپ کا ہی جاری ہوگا۔ جگہ جگہ قرآن کریم میں قُلْ فرمایا کہ آپ حکم جاری فرمایئے یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور لِلْعَالَمِیْنَ سَنِدِیْر اُسے آپ کے حکم کا وسعت بیان فرما دی اور تم نے اس خداوندی فرمان سے سر پھیر دیا اور کہہ دیا کہ "محمد کسی چیز کا مختار ہی نہیں" بتاؤ وہابیو! فرقہ وہابیہ منکر قرآن ثابت ہوا یا نہ؟ لَوْنُوْا اِلَی اللّٰہِ اَیُّھَا الْمُفْتَرِیْنَ الْوَھَابِیَّہ۔

کیا تمہیں اختیار ہے کہ جس کو چاہو گمراہ بنا دو اور جسے چاہو مسلمان کہہ دو جس کو چاہو حرام کہہ دو اور جس کو چاہو حلال بنا دو گیارھویں شریف کے کھانے پر قرآن کریم پڑھا جائے تو حرام کھوے اور گوہ اور خارپشت کو حلال کہہ کر کھا جاؤ تو تمہیں اختیار کلی ہے تم نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنے سے بھی کم سمجھا ہے۔

وہابی عقیدہ ۲۶

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے وہابی عداوت ۱۵

وہابی مذہب میں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کچھ سنوار اور بگاڑ نہیں سکتے

کشف الشبہات ۱۱ } وَاَنَّ مُحَمَّدًا لَا یَمْلِکُ لِنَفْسِہٖ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا
مصنفہ محمد بن عبدالوہاب } فَضْلًا عَنْ عَبْدِ الْقَادِرِ اَوْ غَیْرِہٖ۔

marfat.com

رب کریم کی طرف سے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو خزائن اللہ پر اختیار کلی

(۵) ص ۲۳/۳۹ { هٰذَا عَطَاۗؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یہ ہماری عطا آپ کو بے حساب ہے چاہے آپ باحسان کسی کو عطا فرما دیں چاہے جمع رکھیں (آپ کو اختیار کلی ہے۔

بتاؤ وہابیو؟ تمہارا عقیدہ ہے کہ "محمدؐ کسی چیز کا مختار نہیں" اور اللہ تعالےٰ نے قرآن مجید میں مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ کی رسید لکھ دی پھر فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ سے کثرت کی تقسیم کا اختیار کلی عطا فرمایا اور لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا سے تمام عالمین تک کثرت اور عطا کی حد مقرر کر دی اور مذکور فرمان سے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو عالمین کے اختیار کلی کا پٹہ لکھ دیا اب تم اپنے عقیدے کو سامنے رکھ کر ان آیات فرقانیہ کے آئینے میں دیکھو کہ تم مکذب قرآن ہو یا نہیں؟ یہ فیصلہ تم پر چھوڑتا ہوں، اور دعا کرتا ہوں کہ تم دھڑے بندی کو بالائے طاق رکھ کر لا الٰہ الا اللہ مودی رسول اللہ کو ترک کر کے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھ لو اور اسی کو اپنا معمول بناؤ اور اللہ تعالےٰ سے گڑگڑا کر دعا مانگو کہ یا اللہ ہمیں قرآن کریم میں شان مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور شان اولیا۔ اللہ سمجھنے کی توفیق عطا فرما اور ہر قسم کے گستاخوں اور گستاخی سے محفوظ رکھ اور تم مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور اولیا۔ اللہ کے متعلق قرآن کریم کو مقدم سمجھو اور کتاب اللہ

marfat.com

سوال کرتا ہے کہ رَؤُفٌ رَّحِیْمٌ اور بَشِیْرًا نَّذِیْرًا ذات مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی صفات لازمی ہیں یا نہیں ان میں آپ اپنے نفس کے مالک ہیں یا نہیں؟ وہابی چونکہ قرآن کریم کو پس پشت رکھتا ہے اس لئے اس کی عقل بھی الٹی ہے اے وہابیو! جس کا ہر قول وفعل اپنا ہی نہیں الٰہی رضا سے متحرک ہے یہ وہ شان ہے جو مخلوق سے سوائے محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے کسی اور کو نصیب ہی نہیں ہوا لیکن وہابی شان کو بھی نقیص سمجھتا ہے اور اپنے توہین کرنے کو توحید خیال کرتا ہے واہ رے میاں مٹھے۔ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات مطہرہ کے متعلق تو اللہ تعالےٰ نے فیصلہ فرمادیا کہ

اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بے شک آپ پر اللہ تعالےٰ کا فضل بہت بڑا ہے۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم مشرکین کی بھی جائے پناہ ہیں

وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اگر مشرکوں سے بھی کوئی آپ سے پناہ مانگے تو اس کو آپ پناہ دیجئے۔

محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات کے نقصان کا ذمہ دار تو اللہ تعالےٰ خود ہے فرمایا وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ انسانوں سے کوئی انسان آپ کو نقصان نہیں پہنچا سکتا آپ بے فکر رہیں میرا ذمہ ہے نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ۔

marfat.com

اور یقیناً محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) اپنے نفس کے نفع و نقصان کے مالک نہیں چہ جائیکہ عبدالقادر وغیرہ۔

بولو وہابیو! فرمان خداوندی وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ کے صاف منکر ہو یا نہیں؟ اور اس سے زیادہ شان اور کیا ہو سکتا ہے کہ جس کے نفس کی ہر طرح کی ذمہ داری نفع و نقصان کی اللہ تعالےٰ کے ذمے ہو جائے وہ تو ہر قسم کے حساب سوال و جواب سے مبرا ہو گیا کیونکہ جس کا قول و فعل ہی اپنے نفس کی طرف سے نہیں ہے اللہ تعالےٰ کی طرف سے ہے تو حساب و سوال کا کیا۔

"وہابی" کیا نبی اللہ کے دانت مبارک شہید نہ ہوئے اگر آپ اپنے نفس کے مالک ہوتے تو دانت توڑنے والوں کا تختہ الٹ دیتے۔

محمد عمر

وہابیوں کا یہ عقیدہ اور کفار و مشرکین کا ایک ہی ہے

(۱) ال عمران ۴/۱۲۰ { وَاِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ وَاِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا بِهَا۔

اے مسلمانو تمہیں اگر نیکی پہنچے تم انہیں برے لگتے ہو اور اگر تمہیں کوئی تکلیف پہنچے تو وہ اس کے ساتھ خوش ہوتے ہیں۔

ایسے ہی نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو سراجاً منیرا کا خطاب خداوند کریم طرف سے ہوا تو تمہیں شرک نظر آتا ہے اور اگر دانت مبارک شہید ہوئے تو تم خوش ہوتے ہو کیا فرمان خداوندی تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ کے تم مصداق نہیں؟ اب تم سے فقیر

marfat.com

(۵) اگر آپ کو اپنے نفس کے نفع و نقصان کا مالک نہ تسلیم کیا جائے تو تبلیغ خداوندی کا حق کس نے ادا کیا کیونکہ تمہارے مذہب میں تو آپ اپنے نفع نقصان کے مالک ہی نہیں حالانکہ فرمان خداوندی ہے کہ آپ کی تبلیغ کا فائدہ ایماندار کو پہنچتا ہے تو یقینی امر ہے کہ آپ کی تبلیغ کے منکر کو نقصان بھی ضرور ہوتا ہے اور ہوگا اب تم سوچو کہ تم کس دھڑے میں ہو۔

ہر ایماندار مسلمان کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اپنے نفس کے نفع اور نقصان کے مالک تھے لیکن ہر قسم کی ذمہ داری اللہ تعالےٰ نے اپنے ذمے لے رکھی ہے۔

اب چند آیتیں نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فائدہ دینے کی فقیر عرض کرتا ہے سنیئے۔

از روئے قرآن کریم مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور اولیاء اللہ اپنے اور اپنے متبعین کے نفع و نقصان کے مالک ہیں

(۱) یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِیْكُمْ نَارًا۔

اے ایمان والو تم اپنے نفسوں اور اہل و عیال کو دوزخ کی آگ سے بچاؤ۔

"محمد عمر": کیوں بئی وہابیو! بتاؤ ہر ایمان دار از روئے قانون قرآنی اپنے نفس کے نفع و نقصان کا مالک ہے یا نہ؟ اور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم اب تمہارے مذہب وہابیہ میں معاذ اللہ ایمان دار ہیں یا نہ؟ اگر ہیں تو اپنے نفس کے مالک ہیں مذکورہ آیت خداوندی ثابت کرتی ہے کہ ہر ایماندار اپنے نفس کا مالک ہے بلکہ ارشاد خداوندی ہے وَاَهْلِیْكُمْ کہ اپنے اہل و عیال کو بھی عذاب دوزخ سے بچاؤ تو ہر مومن کو رب العزۃ کا حکم جاری ہوا کہ تم اپنے نفسوں کو اور اہل کو بھی دوزخ کی آگ سے بچاؤ نبی کریم

marfat.com

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنے نفس کا مالک نہ تسلیم کرنے کی خرابی

(۱) نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے ازواج مطہرات کے ساتھ نکاح کیا اگر آپ اپنے نفس کے نفع نقصان کے مالک نہ تھے تو آپ کا نکاح ہی درست نہیں ہو سکتا کیونکہ فَمَتِّعُوْهُنَّ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ تم ان کو تم نفع دو اپنی طاقت کے مطابق مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج مطہرات کو نفع دیا نہ اگر دیا تو ہم سچے ورنہ تمہارے اس عقیدے نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو معاذ اللہ تمام عمر ازواج مطہرات کو بے نکاح رکھنے کا الزام لگایا۔

(۲) مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے تمام عمر تجارت کی اگر آپ کو اپنے نفس کے نفع نقصان کا مالک تسلیم نہ کیا جائے تو معاذ اللہ آپ کی تجارت حلال نہ رہے گی فرقہ وہابیہ نے معاذ اللہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی کمائی کو حلال نہ سمجھا۔

(۳) نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے کفار کے ساتھ معاہدے کئے ان تحریروں پر اپنے دستخط ثبت کئے اگر آپ کو اپنے نفس کا مالک نہ تسلیم کیا جائے تو معاذ اللہ آپ کا دستخط کرنا جھوٹ ثابت ہوگا کیونکہ تمہارے نزدیک آپ نفع نقصان کے مالک ہی نہیں تو فرقہ وہابیہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا مکذب ثابت ہوا۔

(۴) مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو اگر اپنے نفس کے نفع نقصان کا مالک نہ کہا جائے تو اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا آپ کے دست پاک پر بیعت کرنا جھوٹ ثابت ہوگا اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا خلاف بیعت کرنے سے مؤاخذہ نہ ہونا چاہیئے تھا تو تم نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو معاذ اللہ جھوٹا کہا۔

marfat.com

اللہ تعالےٰ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو لکھ کر غلبہ عطا فرمائے اور وہابی فرقہ کہے کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کچھ کر نہیں سکتے کیونکہ اپنے نفس کے مالک نہیں تو اب ہمارے نزدیک تو کلام خداوندی قابل عمل ہے اس کے مقابلے میں ہم ہر بات کو رد کرتے ہیں لہٰذا قرآن کریم کی مذکورہ آیت کے مقابلے ہم مسلمان وہابی فرقہ کے اس عقیدے کو مردود سمجھتے ہیں۔ نبی اللہ اپنے نفس کا مالک ہوتا ہے۔

(۳) المائدہ ۶/۴ } رَبِّ اِنِّیْ لَآ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِیْ وَاَخِیْ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اے میرے پروردگار میں اپنے نفس اور اپنے بھائی کے نفس کے سوا کسی کے نفس کا مالک نہیں۔

بولو وہابیو آمنا

کیا حضرت موسیٰ علیہ السلام دربار خداوندی میں اقرار کر سکتے ہیں کہ میں اپنے نفس کے نفع اور نقصان کا ذمہ دار ہوں اور اپنے بھائی کے نفع نقصان کا ذمہ دار ہوں اور کسی کا نہیں کیا حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو تم فرقہ وہابیہ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے بھی کم سمجھتے ہو؟

ہرگز نہیں یہ آیت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی شان اور بے پرواہی کا اظہار کر رہی ہے۔ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ نَفْسِیْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اللہ تعالےٰ نے اس آیت کریمہ میں آپ کے نفس کی ذمہ داری کو اتار دیا ہے کہ آپ کے کسی کام کی ذمہ داری آپ پر عائد نہ ہوگی آپ کے نفس کی ذمہ داری کا میں ذمہ دار ہوں اسی لئے فرمایا قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِیْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَآءَ اللہ یعنی آپ جو کچھ بھی کریں آپ کو اختیار کلی ہے آپ سے باز پرس نہ ہوگی آپ کی ذمہ داری مجھ پر رہی میں خود نمٹوں گا۔ تم وہابی ایسی الٹی سمجھ رکھتے ہو کہ مصطفےٰ

marfat.com

صلے اللہ علیہ وسلم کے اہل آپ کے فرمانبردار اُمتی ہیں تو آپ کو بھی حکم خداوندی ہوا کہ آپ اپنے نفس اور امت کو بھی دوزخ کی آگ سے بچا لیجئے اس آیۃ کریمہ کے روسے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو دوزخ سے اپنی امت کے بچانے کا حکم ہو رہا ہے۔ تم کہتے ہو کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نہ اپنے نفس کے مالک ہیں اور نہ ہی فرمانبردار اُمت کو بچا سکتے ہیں تو اس آیت قرآنیہ کی روسے تم تمام فرقہ وہابیہ قرآن کریم کے مکذب قرآن اور دشمن مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ثابت ہوئے۔ ایسے ہر ولی اللہ اپنے نفس کو اور اپنے متبعین مریدین کو دوزخ میں نہیں جانے دینگے جو انکار کرے وہ مکذب قرآن حکیم ہے اس آیۃ کریمہ نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنے نفس اور اپنی امت کے نفع پہنچانے کا ارشاد فرمایا سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ باقی تمام اولیاء اللہ کا اپنے متبعین کو فائدہ پہنچانے کا ثبوت آیت خداوندی نے دے دیا۔ تو انبیاء علیہم السلام اور اولیاء اللہ بحکم خداوندی اپنے اور اپنے متبعین کے نفسوں کے نفع نقصان کے مالک ہیں ان کو بچاتے ہیں اور بچائیں گے اور منکرین پر شہادت دے کر نقصان پہنچائیں گے۔

(۲) المجادلہ ۲۸/۳ { کَتَبَ اللّٰہُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِیْ اِنَّ اللّٰہَ قَوِیٌّ عَزِیْزٌ

اللہ تعالےٰ نے تحریری بیان دیا ہے کہ میں اور میرے تمام رسل ضرور غالب ہوں گے بے شک اللہ تعالےٰ زبردست طاقت ور بہت بڑا غلبے والا ہے اس آیۃ کریمہ میں بھی اللہ تعالےٰ نے ارشاد فرمایا کہ میرا اور میرے تمام رسولوں کا ہی ہر وقت غلبہ رہے گا۔ جب اللہ تعالےٰ ہر وقت غالب ہے اور اپنے رسولوں کو اس نے ہر وقت غالب ہی رکھنا ہے جو غالب ہوگا وہ یقیناً اپنوں کو فائدہ پہنچائے گا یعنی جو غالب ہوگا وہ ضرور فائدہ دے گا۔

marfat.com

بیعت کرتے ہیں۔

کیوں جی وہابیو بتاؤ تم نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے مسلمان کو بدظن کرتے ہو کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم اپنے نفس کے نفع و نقصان کے مالک نہیں ہیں یعنی تم اس مقصد کو ظاہر کرتے ہو کہ جو شخص اپنے نفس کے نفع نقصان کے مالک نہیں وہ امت کا ذمہ دار یا بچانے والا کیسے ہو سکتا ہے لیکن اللہ تعالےٰ نے مسلمانوں کو یقین دلایا کہ تم دشمنوں کی بات نہ سنا بلکہ میں یقین دلاتا ہوں کہ جس شخص نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے بیعت کی اس نے اللہ تعالےٰ سے بیعت کی یعنی جیسا کہ تمہیں اللہ تعالےٰ پر بھروسہ ہے۔ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے بیعت کرنے والوں کو ایسے ہی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر بھروسہ رکھنا چاہیئے۔

اسی لئے آگے ارشاد فرمایا یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ بیعت کرنے والوں کے ہاتھ پر اللہ تعالےٰ کا ہاتھ ہے۔ جس کا ہاتھ اللہ تعالےٰ تھامے وہ کبھی نقصان نہیں اُٹھا سکتا ایسے ہی جس نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کی یہاں بھی نقصان ممکن نہیں اب اس آیۃ کریمہ میں رب العزت ایمان داروں کو یقین دلاتا ہے کہ اے دست مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر بیعت کرنے والو تمہیں کوئی کھٹکا نہیں کسی قسم کا خطرہ نہیں تمہارا ہاتھ میرے ہاتھ میں ہو گیا۔ تم کہتے ہو کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم اپنے نفس کے مالک نہیں دوسرے کو کیا فائدہ دینگے اب تم سوچو کہ تمہارا مذہب قرآن کریم کے موافق ہے؟ اب تمہارے ملاؤں کا وثوق سے اعتبار کریں یا اللہ تعالےٰ کا۔

وہابیو تم نے اس سے صرف مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا ہی انکار نہیں کیا بلکہ طاقت ربانی کا بھی انکار کر دیا ہے تم نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو بے دست و پا کہکر محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے بھی عناد اگلا ہے اور منکر خداوند کریم بھی ثابت ہوئے

marfat.com

صلے اللہ علیہ وسلم کے شان کو بھی معاذ اللہ عتاب سمجھتے ہو خداوند کریم تمہیں ہدایت دے۔

محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا نفع قرآن سے

محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا نفع ایمانداروں کو پہنچتا ہے۔

(۴) الذاریت ۲۷/۳ { وَذَكِّرْ فَإِنَّ الذِّكْرَىٰ تَنفَعُ الْمُؤْمِنِينَ ۝

یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آپ وعظ فرمایئے یقیناً آپ کا وعظ فرمانا ایمانداروں کو نفع دیتا ہے۔

او محمدی نفع کا انکار کرنے والو بتاؤ؟ فرمان خداوندی سے محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا نفع بخشنا ثابت ہوا یا نہ؟ ہاں البتہ اللہ تعالےٰ نے نفع مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک قید مومنین کی لگادی کہ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا نفع ایمانداروں کو پہنچتا ہے اب تم سوچو کہ تم ایماندار ہو یا نہیں؟ اگر ایماندار ہو تو بفرمان خداوندی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا نفع تمہیں بھی ضرور پہنچنا چاہیئے اور اگر نہیں پہنچتا تو تم بفرمان خداوندی ایمان سے خالی ہو۔ اسی لئے تمہارا عقیدہ ہے کہ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نفع کے مالک نہیں یہ تمہارا ایمان سے خالی ہونے کا عین ثبوت ہے۔

وہابیو! اب تو قرآن کریم کے موافق اپنا ایمان درست کر لو اور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے نفع کے قائل ہو جاؤ اور یقینی امر ہے۔ بموجب اس آیت کے کہ جس نے آپ سے فائدہ نہیں اٹھایا اس کو نقصان عظیم ہے۔

(۵) الفتح ۲۶/۱ { إِنَّ الَّذِينَ يُبَايِعُونَكَ فَإِنَّمَا يُبَايِعُونَ اللَّهَ

بے شک جو لوگ آپ سے بیعت کرتے ہیں اور کوئی بات نہیں وہ اللہ تعالےٰ سے

marfat.com

(۵) جو شخص مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے اس فائدے کا قائل نہیں وہ مکذب قرآن کریم ہے۔

قرآن کریم میں ذات مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا فائدہ

(۷) الانفال ۹/۴ } وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ

اور اللہ تعالےٰ کے لئے لائق نہیں کہ کفار و منافقین کو عذاب کرے اور آپ بھی ان میں موجود ہوں۔

کیوں بئی وہابیو! اب بتاؤ کہ رب العزت فرماوے کہ یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آپ کی موجودگی میں کفار و منافقین کو بھی عذاب نہیں کرتا۔

اب تم اپنے عقیدے کو قرآن کریم کی اس مذکورہ آیت کے سامنے کرکے پرکھو کہ کیا وہابیوں کا عقیدہ قرآن کریم کے موافق ہے؟ یاد رکھو جب تک قرآن کریم کے موافق مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے نفع و نقصان کے قائل بن کر اپنا عقیدہ صحیح نہ کرو گے تم اسلام میں کبھی داخل نہیں ہو سکتے تم نے بانئ اسلام کی مخالفت کا ٹھیکہ لے رکھا ہے اور وہابی فرقہ قرآن کریم کے احکام کو اس بے دردی سے ٹھکراتا ہے کہ الامان نجدی اور ہند کی بات ایسے عذر قبول کرتا ہے جیسا کہ بجو اور گوہ کو۔ اور ثابت ہوا کہ جو فرقہ یہ عقیدہ رکھے کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے نفس کا کوئی فائدہ نہیں وہ مکذب قرآن ہے۔

کیوں وہابیو! بتاؤ؟ قرآنی قانون سے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا فائدہ ہوا یا ناں اور وہابی فرقہ مکذب قرآن ثابت ہوا یا ناں۔

اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فائدہ دیا یا ناں اب آگے قرآنی آیت سے فقیر ثابت کرتا ہے کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نقصان بھی دیتے ہیں۔

marfat.com

اور ہمارا یہ عقیدہ ہے۔ کہ جس شخص کو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا نفع پہنچتا ہے اس کو اللہ تعالےٰ کی طرف سے بھی ضرور نفع پہنچتا ہے۔

(۶) التوبہ ۱۱/۱۲۹ { لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ۝ یقیناً محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تمہارے نفسوں سے پیدا ہوئے تمہاری تکلیف آپ پر گوارہ نہیں تم پر بڑے حریص ہے ایمانداروں کے ساتھ ہر وقت شفقت کرنے والے ہر وقت رحم کرنے والے ہیں۔

اس آیت کریمہ میں اللہ تعالےٰ نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے میلاد شریف کا ذکر فرماتے ہوئے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے مخلوق خداوند کریم کو چار فائدوں کا ذکر فرمایا اور آپ کی چاروں صفات کا ذکر فرمایا۔

(۱) مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم تمہاری تکلیف کو برداشت نہیں کر سکتے خواہ تم کسی زمان و مکان میں ہو۔

(۲) مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم تم پر بڑے حریص ہیں کہ تم میری اتباع میں آجاؤ (ب) جہنم کی آگ سے بچ جاؤ (ج) آپ کی تمام امت جنت میں جائے (د) میری امت کی زیادتی ہو کمی نہ رہے۔

(۳) ایمانداروں کے لئے آپ کا نفس ہر وقت شفیق ہے اور ان پر ہر وقت شفقت کرتے رہتے ہیں۔

(۴) ایمانداروں کے لئے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ہر وقت رحم کرنے والے ہیں۔ آپ کا رحم ہر وقت ہر ساعت ہر مومن پر ہے۔

marfat.com

یقیناً وہ ابدی ناری ہے۔

اس آیۃ کریمہ سے ثابت ہوا کہ جو شخص مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا نافرمان ہے وہ اللہ تعالےٰ کا نافرمان ہے۔ اور جو اللہ تعالےٰ اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا نافرمان ہے وہ ابدی ناری ہے یہ حکم خداوندی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کچھ نقصان نہیں کر سکتے وہ مکذب قرآن ہے کیونکہ آپ کی نافرمانی وگستاخی ابدی دوزخی بنا دیتی ہے جس کی کوئی عبادت نیکی قبول نہیں بلکہ مردود ہے ملاں جی اس سے زیادہ اور کیا بگڑے ؟۔ یہ ہے مختصراً تمہارے اس عقیدے کا رد جو تم کہتے ہو کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کچھ بگاڑ نہیں سکتے۔ کفار مکہ کو تو کچھ وقت کے لئے اندھا بنا دیا اب تمہیں رحمۃ للعالمین کی رحمت کا کیا قدر تمہیں تو نوح علیہ السلام جیسا نبی درکار ہے۔

ایمانداروں کو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا فائدہ احادیث سے

(۱) ابوداؤد شریف ۲/۳۲ } حدثنا قتیبۃ بن سعید ثنا یعقوب یعنی الاسکندرانی عن عمرو عن المطلب عن جابر بن عبد اللہ قال شہدت مع رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم الاضحیٰ فی المصلیٰ فلما قضیٰ خطبتہ نزل من منبرہ وأتی بکبش فذبحہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیدہ قال بسم اللہ واللہ اکبر ھذا عنی وعمن لم یضح من امتی =

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ میں عیدالاضحیٰ کے موقعہ پر عید گاہ میں حاضر ہوا۔

marfat.com

محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا منکرین کو نقصان دینا قرآن مجید میں،

(۷) الانفال ۹/۲ { وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۝

یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب اپنے کفار کو کنکریاں ماریں وہ آپ کی مار نہ تھی بلکہ اللہ تعالےٰ کی مار تھی۔

کیوں جی وہابی ملاؤں ؟ بتاؤ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے غزوہ احد میں کنکریاں پھینکیں جب وہ حملہ آور ہوتے ہیں تو اندھے اگر واپس لوٹتے ہیں تو نظر آتا ہے اب یہ کفار کی آنکھوں کو نقصان کس کے ہاتھ سے پہنچا اور رب العزت نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں کو ایسا کر دیا گیا اگر کہو کہ نبی علیہ السلام کسی کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے تو یہ طاقت خداوندی کا انکار ہے کیونکہ دست مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم میں کرشمہ خداوندی موجود ہے جس نے کفار کی آنکھوں کو نقصان پہنچایا تو ثابت ہوا کہ کفار کو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے نقصان نہ کرنے کا عقیدہ رکھنے والا قرآن خداوندی کا مکذب ہے

اس آیۃ کریمہ سے ثابت ہوا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی مار اللہ تعالےٰ کی مار ہے اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا نقصان پہنچانا اللہ تعالےٰ کا نقصان پہنچانا ہے اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے متعلق جو شخص یہ عقیدہ رکھے کہ آپ نقصان نہیں پہنچا سکتے وہ طاقت خداوندی کا منکر ہے اور جو طاقت خداوندی کا منکر ہے وہ خداوند کریم کا منکر ہے۔

(۸) الجن ۲۹/۲ { وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۝ اور جو شخص اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے گا

marfat.com

منکر مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو وہابی معاذ اللہ مردہ سمجھتا اور کہتا ہے اور مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے اختیار کا منکر مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم معاذ اللہ جبرائیل علیہ السلام کا شاگرد سمجھتا ہے مسلمان کے کھانے پر قرآن مجید پڑھا جائے تو وہابی کے لئے حرام ہے "کچھوا" خارپشت اور بجو وہابی کی محبوب خوراک معاذ اللہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو جبرئیل علیہ السلام سے علمی طاقت میں کم سمجھتا ہے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو گناہ کبیرہ کا مرتکب اور غلطیوں کا حامل سمجھتا ہے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی محبوب شی کو نگاہ نفرت سے دیکھتا ہے۔ وسلموا تسلیما فرمان خداوندی کا مکذب ہے کا منکر عزت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا منکر مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی شفاعت منکر۔

اللہ تعالےٰ اس فرقہ وہابیہ نجدیہ سے مسلمانوں کو محفوظ رکھے قبر میں بھی فائدہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے محب کو ضرور پہنچے گا وہابی محروم رہیگا حشر میں مصطفےٰ صلے علیہ وسلم کے جھنڈے تلے بھی نہیں اسکتا کیونکہ مخالف ہے اور جھنڈے تلے نے سے فائدہ پہنچے گا

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی زبانی صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا نفع نقصان دینا

بخاری شریف ۲/۹۴۳ — وَلَعَلَّكَ تُخَلَّفُ حَتّٰى يَنْتَفِعَ بِكَ اَقْوَامٌ وَيُضَرَّ بِكَ آخَرُوْنَ اَللّٰهُمَّ اِمْضِ لِاَصْحَابِيْ هِجْرَتَهُمْ وَلَا تَرُدَّهُمْ عَلٰى اَعْقَابِهِمْ سعد بن ابی وقاص

بخاری شریف ۱/۱۷۳

marfat.com

جب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے خطبے کو پورا کیا اپنے منبر سے اترے تو ایک مینڈھا لایا گیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اسے اپنے دست مبارک سے ذبح کیا فرمایا بسم اللہ اللہ اکبر یہ قربانی میری طرف سے ہے اور میرے اس امتی کی طرف سے جس نے قربانی نہیں کی۔

قیامت کے دن نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی اُمت کے ہر امیر کے ساتھ اس کی قربانی کھڑی ہو گی لیکن نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی امت کے ہر غریب و مسکین کے ساتھ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی قربانی کھڑی ہو گی۔

بتاؤ وہابیو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا فائدہ مسکین اُمتیوں کو ہر وقت پہنچا یا نہ ؟

اور وہابیوں کا عقیدہ کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کسی فائدے سے یا نفع کے مالک نہیں یہ عقیدہ ازروئے حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم جھوٹا ثابت ہوا یا نہ ؟ حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے منکرو دنیا میں تم امت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے خارج تمہاری مسجدیں اُمت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے الگ کنویں کھانا پینا رشتہ داری نماز اوقات نماز روزہ اوقات روزہ کلمہ اور زکوۃ الگ تمہارا وہابیوں کا عقیدہ ہے کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم نفع کے مالک نہیں لہٰذا قبر میں آپ کی پہچان سے محروم وہابی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی پہچان کر سکتا ہی نہیں کیونکہ دنیا میں تمام عمر مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے مخالفت رہی نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے نفع نقصان کا وہابی منکر لہٰذا شفاعت سے محروم روضہ اطہر پر سفر کر کے جانے کا منکر آپ کے درود شریف کا منکر ذکر میلاد شریف کا منکر آپ کی طرف سے کوئی اُمتی صدقہ خیرات کرے تو وہ کھانا وہابی کے لئے حرام ہو گیا کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ کے ساتھ محمد رسول اللہ پڑھنے کا منکر یا رسول اللہ کہنے کا

marfat.com

(۳) ابوداؤد شریف ۲/۳۰۴ ترمذی شریف ۲/۶۶ مستدرک ۲/۳۸۲ ابوداؤد الطیالسی ۲۷۰

حدثنا سلیمن بن حرب نا بسطام بن حدیث عن اشعث الحدانی عن انس بن مالکؓ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ شفاعتی لِاَھْلِ الْکَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِیْ =

انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت بیان کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کے کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لئے بھی میری سفارش ہو گی۔

اس حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوا کہ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اپنی اُمت کے کبیرہ گناہ مثلاً زنا چوری اللہ کے سوا سجدہ کرنے والوں کو سفارش کر کے چھڑائیں گے جہنم سے بچائیں گے اس حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے بھی ثابت ہوا کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا نفع امت کو ضرور پہنچتا ہے اور پہنچتا رہے گا گو کبیرہ گناہوں کے مرتکب کیوں نہ ہوں اور یقینی امر ہے کہ جس کو آپ نے اپنی شفاعت سے محروم کر دیا وہ کبھی ناجی نہیں ہو سکتا خواہ کچھ بھی کیوں نہ ہو۔ تو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا اُمت کو نفع و نقصان دینا احادیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوا منکر حدیث کا کوئی علاج ہی نہیں۔

(۴) ابوداؤد شریف ۲/۳۰۴

حدثنا مسدد نا یحییٰ عن الحسن بن ذکوان قال نا ابو رجاء قال حدثنی عمران بن حصین عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ یَخْرُجُ قَوْمٌ مِنَ النَّارِ بِشَفَاعَةِ مُحَمَّدٍ صلی اللہ عَلَیْہِ وسلم فَیُدْخَلُوْنَ الْجَنَّةَ وَیُسَمَّوْنَ الْجَهَنَّمِیِّیْنَ =

marfat.com

نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے سعد بن وقاص رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو فرمایا شاید تو پیچھے چھوڑے گا حتیٰ کہ نفع پکڑیں گے تیرے سبب کئی تو ہیں اور تیرے سبب دوسرے مخالفین نقصان اُٹھائیں گے۔ اے اللہ میرے اصحاب کی لغزشیں درگزر فرما اور ان کو بدلنے سے بھی بچا۔

کیوں جی اہلحدیث بننے کا دعویٰ کرنے والو اب اگر تمہارا مذہب واقعی اہلحدیث ہے تو بخاری شریف کی حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم تمہارے سامنے ہے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحابی کو فرمایا کہ تجھ سے پیچھے آنے والے ایسے پیدا ہوں گے کہ تیری برکت سے کئی قوموں کو نفع پہنچے گا اور جو مخالفین ہوں گے ان کو تیری مخالفت کی وجہ سے نقصان پہنچے گا اگر واقعی تمہارا مذہب سچا اہلحدیث ہے تو مذہبی تقلید کو ترک کرتے ہوئے ایمان درست کرو گے کہ واقعی اللہ کے بندوں کی برکت سے نفع پہنچتا ہے اور ان کی مخالفت کی وجہ سے نقصان جب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی امت کے افراد سے بعض افراد کو نفع پہنچتا ہے اور بعض کو نقصان تو آقا و مولےٰ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے امت کو کیسے نفع نہیں پہنچ سکتا اور ان کی مخالفت یا گستاخی سے نقصان کیوں نہیں پہنچ سکتا تو تمہارا یہ عقیدہ کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا امت کو کوئی فائدہ نہیں اور نہ ہی آپ نفع پہنچا سکتے ہیں ایسے ہی نہ آپ کی گستاخی" نافرمانی اور مخالفت نقصان دے سکتی ہے تو یہ قرآن و حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے صراحۃً خلاف ہے اور یہ عقیدہ رکھنے والا دشمن و مبغض مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ہے اور مخالف مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ہے اسلام سے خارج ہے۔ اللہ یَجْتَبِیْ اِلَیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَیَھْدِیْ اِلَیْہِ مَنْ یُّنِیْبُ =

marfat.com

اَعْمَالُکُمْ فَاِنْ رَاَیْتُ خَیْرًا حَمِدْتُ اللّٰہَ وَاِنْ رَاَیْتُ شَرًّا اسْتَغْفَرْتُ لَکُمْ (ابن سعد عن بکر بن سعد)

نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری زندگی بھی تمہارے لئے خیر ہے تم حدیث بیان کرتے ہو اور تمہارے لئے حدیث بیان کی جاتی ہے پھر جب میرا وصال ہو جائے گا میرے وصال کے بعد بھی تمہیں فائدہ ہو گا کیونکہ تمہارے اعمال میرے پاس پیش کئے جائیں گے تو اگر میں نے نیکی دیکھی تو میں اللہ تعالےٰ کی تعریف کروں گا۔ اور اگر میں نے تمہارے بُرے اعمال دیکھے تو تمہارے لئے اللہ تعالےٰ سے معافی مانگوں گا۔

آہ ہا آہ ہا بولو وہابیو آمنا

دیکھا میرے محبوب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا فرمان اب انصاف تم پر ہے۔ ثُمَّ لَا یَجِدُوْا فِیْ اَنْفُسِہِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَیْتَ وَیُسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ہ کے حکم خداوندی تسلیم کرتے ہو یا نہیں ؟ او اہلحدیث کہلانے والو میرے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ں از وصال اور بعد از وصال نفع و نقصان کے مالک ہوئے یا نہ ؟ اب یہ مذکورہ بالا یث اور مومن کا عقیدہ ہم نے تو تسلیم کیا ہوا ہے اب تمہارے امتحان کا وقت ہے تے ہیں کہ مذہب حقہ کو تسلیم کرنے والے ہو تو نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے نفع اور ان کے قائلین بن جاؤ گے تو اہلحدیث کہلا سکتے ہو ورنہ نہیں اگر محض دھڑے بندی کا ہے تو سر پھیر دو گے ایسے لوگوں کے لئے رب العزت نے فرمادیا ہے۔ اَخَذَتْہُ الْعِزَّۃُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُہٗ جَہَنَّمُ - اٰمِنُوْا اَوْلَا فَوْرِمِنُوْا۔

مسلمانو! ہوشیار ہو جاؤ اس فرقہ وہابیہ سے بچ جاؤ یہ منکرین توحید لامکانی کو مکانی

عمران بن حصین رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی سفارش کے ساتھ ایک قوم دوزخ سے نکلے گی تو وہ جنت میں داخل کئے جائیں گے اور اُن کا نام جہنمیوں کے نام سے پکارا جائیگا۔

یہ ہے شان مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کہ آپ دوزخ سے دوزخیوں کی ایک گنہگار قوم کو نکالیں گے پھر جنت میں ان کو داخل کیا جائے گا بسیں گے جنت میں لیکن ان کو جنت میں بھی جہنمی ہی کہکر پکارا جائے گا۔ جیسا کہ مہاجرین کو خواہ کتنا عرصہ ہی گزر جائے اولاد در اولاد مقیم ہو جائیں لیکن مہاجرین کے نام سے ان کو پکارا جاتا ہے ایسے ہی جو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی سفارش سے جنت میں داخل کئے جائیں گے ان کو جنتی لوگ جہنمی کہہ کر ہی پکاریں گے گو وہ جنت میں ہی مقیم ہوں گے کیونکہ وہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی سفارش سے جنتی ہوں گے پہلے وہ جہنمی ہی تھے۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا قبل از وصال اور بعد از وصال فائدہ دینا:

(۵) جامع صغیر ۲/۱۲۵ { حَیَاتِیْ خَیْرٌ لَّکُمْ وَمَمَاتِیْ خَیْرٌ لَّکُمْ (الحدیث عن انس)

انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری زندگی میں بھی تمہیں میرا فائدہ ہے اور میرے وصال کے بعد بھی تمہیں میرا فائدہ ہے۔

جامع صغیر ۲/۱۲۵ مجمع الزوائد ۹/۲۴ { حَیَاتِیْ خَیْرٌ لَّکُمْ تُحَدِّثُوْنَ وَ یُحَدَّثُ لَکُمْ فَاِذَا اَنَا مِتُّ کَانَتْ وَفَاتِیْ خَیْرٌ لَّکُمْ تُعْرَضُ عَلَیَّ

سیدنا وَمَوْلانا وَھَادِیْنَا وغیرہ یہ قطعاً ثابت نہیں۔ بلکہ جو درود لوگوں کے من گھڑت ہیں مثلاً درود تاج درود لکھی وغیرہ کے ان میں اس قسم کے الفاظ پائے جاتے ہیں۔

یہ ہے وہابی مذہب فیتراب حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور قرآن کریم سے ثبوت پیش کرتا ہے۔

حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے سیدنا ومولانا

بخاری شریف ۲/۶۱۰ } وَقَالَ لِزَیْدٍ اَنْتَ اَخُوْنَا وَمَوْلانا نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید بن حارثہ کو فرمایا تو ہمارا بھائی اور ہمارا مولا ہے۔

اس حدیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوا کہ چھوٹے کو عزت کے خطاب دینے جائز ہیں بڑے کو اعلیٰ خطابات سے نوازنا کیسے منع ہو سکتا ہے۔

خداوند کریم نے آپ کو سیّد کا خطاب فرمایا

لیٰس اے سید صلے اللہ علیہ وسلم

تو نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو سیّد کا خطاب قرآن کریم سے ثابت ہوا مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو سید کا خطاب خواہ درود شریف میں ہو سنت اللہ ہے۔

نبی کریم سیّد عالمین صلے اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے

حلیۃ لابی نعیم ۱/۶۳ } اَنَا سَیِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ میں آدم علیہ السلام کی تمام اولاد کا

marfat.com

سمجھنے والے یہ دشمن رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم یہ گستاخ خداوند کریم اور رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم یہ اسلام کے دشمن یہ اولیاء اللہ کو بکواس کرنے والے یہ عیاشی کے موجد یہ نجاست کے پتلے قرن شیطان کے پجاری یہ رحمانی بابرکت اوقات کو برا سمجھنے والے اور شیطانی وقت کو پسند کرنے والے یہی ہیں فقیر نے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے نفع ونقصان کی آیتوں اور احادیث مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر اختصار سے کام لیا ہے۔ تاکہ طوالت کی وجہ سے پڑھنے والے تنگ نہ ہو جائیں۔

تمہیں جہنم کے وسط میں لے جائیں گے اگر اسلام کو پسند کرتے ہو تو اس فرقہ کو پس پشت ڈال کر ذکر اللہ اور ذکر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنا وظیفہ بنا لو تاکہ تمہیں بھی مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے فائدہ پہنچے۔

کہدو وہابیو!

نعرہ رسالت یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نجات پاؤ گے۔

وہابی عقیدہ ۲۸

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے وہابی عداوۃ ۱۶

وہابی محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو سیدنا کہنے کا منکر ہے

فتوی ستاریہ ۳/۳۹ سوال (۳۵۰) درود شریف اصلی کتنے ہیں؟ کسی درود میں لفظ سیدنا ہے یا نہیں؟

جواب: (۳۵۵) ۔ ۔ ۔ عوام میں جو الفاظ مروج ہیں مثلاً اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

من کنت مولاہٗ فھذا مولاہٗ قال رباح فلما مضوا تبعتھم فقلت من ھٰؤلاء قالوا نفر من الانصار فیھم ابو ایوب انصاری رواہ احمد والطبرانی الا انہ قال قالوا سمعنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من کنت مولٰہ فعلی مولاہٗ۔

رباح بن حارث سے روایت ہے کہ ایک گروہ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا السلام علیک یا مولانا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ میں تمہارا مولا کیسے ہوں حالانکہ تم بھی عربی ہو انہوں نے کہا کہ ہم نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے غدیر خم کے دن سنا تھا آپ فرماتے تھے کہ جس کا میں مولا ہوں یہ علی بھی اس کا مولا ہے رباح نے کہا جب وہ چلے گئے میں ان کے پیچھے ہو لیا میں نے پوچھا کہ یہ کون لوگ ہیں انہوں نے کہا کہ یہ انصار کی جماعت تھی ان میں ابو ایوب انصاری بھی تھے۔

حافظ علی بن ابی بکر ہیثمی رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے اپنی اس کتاب مجمع الزوائد میں تین۳ سندوں سے بیان کیا ہے۔

المستدرک ۳/۱۳۴ { وَقَالَ ابن عباس وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَاِنَّ مَوْلَاہُ عَلِیٌّ۔

جس شخص کا میں مولا ہوں یقیناً علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہ بھی اس کے مولےٰ ہیں ان احادیث مذکورہ بالا سے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا مولا ہونا بھی ثابت ہوا لہٰذا درود شریف میں اور علاوہ درود شریف کے بھی سیدنا و مولانا محمد پڑھ سکتے ہیں۔

marfat.com

سیّد ہوں۔

منافق کو سیّد کہنا منع ہے،

الترغیب والترہیب ۳/۵۷۹

عن بریدہ رضی اللہ عنہ قال وسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تقولو للمنافق سید فانہ ان یک سید افقد اسخطتم ربکم عز وجل رواہ ابو داؤد والنسائی باسناد صحیح والحاکم ولفظہ قال اذا قال الرجل للمنافق یا سید فقد اغضب ربہ وقال صحیح الاسناد۔

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ منافق کو سید نہ کہو کیونکہ وہ سیّد نہیں ہے تمہارا پروردگار تم پر ناراض ہوگا ابوداؤد اور نسائی اور حاکم نے اس حدیث کو بیان کیا ہے حاکم کے یہ الفاظ زیادہ ہیں کہ جب کوئی آدمی منافق کو یا سیّد کہتا ہے تو ایسے شخص پر اس کا پروردگار ناراض ہو جاتا ہے۔

نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم تو عجز و انکساری سے اللھم صل علی محمد فرما سکتے ہیں لیکن امت سوائے سید کے کہ نہیں سکتے کیونکہ آپ آدم علیہ السلام کی تمام اولاد کے سید ہیں اب تم سوچو کہ حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد ہو یا نہیں اگر ہو تو اللھم صل علی سیدنا و مولانا محمد پڑھا لیا کرو ورنہ تمہیں کوئی ضرورت نہیں۔

مجمع الزوائد ۹/۱۰۴

عن رباح ابن الحارث قال جاء رھط الی علی بالربذۃ قالوا السلام علیک یا مولانا فقال کیف اکون مولاکم وانتم قوم عرب قالو سمعنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم غدیر خم یقول

marfat.com

علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالےٰ اور اس کا رسول صلے اللہ علیہ وسلم مولا ہیں یہ علی بھی اس کا مولا ہے یا اللہ جو علی المرتضیٰ سے دوستی کرے تو اسے دوست بنالے اور جو شخص اس سے دشمنی کرے تو اس کا دشمن ہو جا۔

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث شریف میں صرف ایک ہی مقام عرض کرتا ہوں کہ اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اَللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ مولانا اللہ تعالےٰ اور اس کا رسول صلے اللہ علیہ وسلم ہمارا مولیٰ ہیں۔

اس سے ثابت ہوا کہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو مولا کہنا سنت اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ہے۔

وہابی عقیدہ ۲۹

مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے وہابی عداوۃ ۱۷

مرزائی الہاموں کی ابتدا اور جعلی نبوۃ کی بنیاد وہابیوں سے ہوئی

(۱) سوانح عمری مولوی عبداللہ صاحب غزنوی مولفہ مولوی عبدالجبار صاحب غزنوی ص ۳

اور فرماتے تھے کہ جب میں الہام کو نہ سمجھتا تھا اور توحید سے بخوبی واقف نہ تھا ایک بار میں اپنے دادا محمد شریف کی قبر کے پاس جو اس دیار میں مرجع اور مقبول انام ہے گیا تو القا ہوا لا الہ غیرک لیکن اس وقت میں نے غلطی کی اور میں نے خیال کیا کہ یہ ورد مجھ کو وظیفہ کرنے کے لئے سکھایا گیا ہے اب میں نے جان لیا کہ وہ اللہ کی طرف سے الہام تھا کہ میرے سوا دوسروں کی طرف رجوع کرنا عبادت اور استعانت میں شرک ہے اکیلے اللہ کی طرف پوری توجہ چاہیئے قبروں پر اس نیت سے جانا کہ میرا فلاں مطلب حاصل

اصحاب مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا آپ کو مولینا کہنا

مجمع الزوائد ۹/۱۰۶

وعن جریر قال شھدنا الموسم فی حجۃ الوداع مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فبلغنا مکانا یقال لہ غدیر خم فنادی الصلوٰۃ جامعۃ فاجتمعنا المھاجرون والانصار فقام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وسطنا فقال ایھا الناس بم تشھدون قالوا نشھد ان لا الٰہ الا اللہ قال ثم مہ قالوا وان محمدا عبدہ ورسولہ قال فمن ولیکم قالوا اللہ ورسولہ مولانا قال من ولیکم ثم مد بیدہ الی عضد علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ فاقامہ فنزع عضدہ فاخذ بید راعیہ فقال من یکن اللہ ورسولہ مولاہ فان ھذا مولاہ اللھم وال من والاہ وعاد من عاداہ۔

غدیر خم کے مقام پر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا اجتماع ہوا اذان ہوئی مہاجرین اور انصار جمع ہو گئے ہمارے درمیان مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے فرمایا اے لوگو کس کی شہادت دیتے ہو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا کہ ہم گواہی دیتے ہیں لا الہ الا اللہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر کسی کو انہوں نے عرض کیا ان محمدا عبدہ ورسولہ فرمایا تمہارا ولی کونسا ہے انہوں نے عرض کیا اللہ تعالےٰ اور اس کا رسول صلے اللہ علیہ وسلم ہمارا مولیٰ ہے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارا کون ولی ہے پھر آپ

marfat.com

میری کتاب ہے اور یہ میرے بندے ہیں پس پڑھ میری کتاب میرے بندوں پر اور یہ بھی الہام ہوتا ہے ولئن اتبعت اھواءھم بعد الذی جاءک من العلم مالک من اللہ من ولی ولا نصیر۔

(۵) سوانح عمری مولوی عبداللہ صاحب غزنوی ص۲۰ | جو الہام اور خوابیں آپ کو کتاب وسنت پر ثابت رہنے اور خلق اللہ کو کتاب وسنت کی طرف جانے اور تقویٰ اور توکل اور صبر اور خشیت اور زہد وقناعت وترک ماسوی اللہ اور انابت اور آپ کے مقام امانت میں پہنچنے اور آپ کی حفظ اور غفران ومغفرت کے وعدہ پر ہوئے ہیں وہ سینکڑوں بلکہ ہزاروں تک پہنچتے ہیں ان کے جمع کے لئے ایک بڑی کتاب چاہیئے۔

مولوی عبداللہ صاحب غزنوی کا دعویٰ کہ حبیب اللہ قندھاری نے خداوند کو دیکھا

(۶) سوانح عمری مولوی عبداللہ صاحب غزنوی ۳۵ | فجر کی نماز کے بعد میں نے رب العالمین کو خواب میں دیکھا۔

کیوں جی وہابیو تم تو کہتے ہو کہ خداوند کریم کا دیدار دنیا میں محال ہے اب تمہارے بڑے نے اقرار کر لیا اب اس پر کیا فتویٰ لگاؤ گے۔ تمہارا بڑا منکر قرآن ہوا یا نہ؟

(۷) سوانح عمری مولوی عبداللہ غزنوی ۳۵/۳۶ | اور سکندر پور کے باغ میں جو ہزارہ کے علاقے میں ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے فجر کی نماز کے بعد یہ القاء ہوا کہ ایمان کی لذت حاصل نہیں ہوتی جب تک نالوں کی طرف مائل ہونے سے پرہیز نہ کیا جائے یعنی اس آیۃ کریمہ کا مضمون الہام ہوا ولا تمدن الی الذین

marfat.com

ہو جاوے توحید میں رخنہ ڈالتا ہے اور کلمہ شہادت یعنی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے معنی کے مخالف ہے۔

مولوی عبدالرحمٰن لکھوی کو الہام

(۲) سوانح عمری مولوی عبداللہ غزنوی ۹ — مولوی عبدالرحمٰن بن شیخ محمد بارک اللہ کہ وقت کے عالموں سے مشہور عالم ہیں اور زہد اور تقوی اور صلاحیت میں اپنے زمانے کے امام آپ کی صحبت بابرکت سے فیض حاصل کرنے کے لئے ملک پنجاب سے سفر کر کے ملک غزنی تک جو دو ماہ کی مسافت ہے گئے راستے میں جو انہوں نے مخالفوں سے کچھ کلمات آنجناب کی نسبت سنے تو حیران ہوئے اسی رات ان کو یہ الہام ہوا فو رب السما والارض انہ لحق مثل ما انکم تنطقون دوسری بار یہ الہام ہوا و انہ عندنا لمن المصطفین الاخیار تیسری بار یہ الہام ہوا ان ھوا لا عبد انعمنا علیہ

(۳) سوانح عمری مولوی عبداللہ صاحب غزنوی ص۱۴ — جنگل کی کسی غار میں اکیلے جا کر چھپ گئے اور کچھ مدت پوشیدہ رہے ان دنوں میں یہ الہام ہوا فقطع دابر القوم الذین ظلموا فالحمد للہ رب العالمین اور یہ شعر بھی الہام ہوا ؎ اے مدعی پیچ کہ سرپیچ میشوی من سبزہ دمیدہ زبستان کیستم"

انہی دنوں میں اس کی سلطنت الٹ پلٹ ہو گئی

(۴) سوانح عمری مولوی عبداللہ صاحب غزنوی ص۱۵ — بارہا مجھ کو الہام ہوا ہے یا عبدی ھذا کتابی وھذا عبادی فاقرؤ کتابی علی عبادی۔ یعنی اے میرے بندے یہ

marfat.com

یعنی جو تدبر اور تفکر قرآن کا تیرے دل میں ہم نے ڈال دیا ہے اس کو مت بھول کیونکہ مومن کا خواب ایک حصہ ہے نبوۃ کے چھیالیس حصوں میں سے اور فرماتے تھے وہلی میں یہ الہام ہوا ولا تطع من اغفلنا قلبہ عن ذکرنا واتبع ھواہ وکان امرہ فرطا اور فرمانبرداری نہ کر اس شخص کی جو غافل کیا ہم نے اس کے دل کو اپنی یاد سے اور پیچھے پڑا اپنی خواہش کے اور ہے کام اس کا حد سے بڑھا ہوا یعنی غافلوں کی غفلت میں پیروی نہ کر اور یہ بھی القا ہوا کن فی الناس کاحد من الناس یعنی ہو تو لوگوں میں جیسے دوسرے لوگ ہیں اور القا ہوا اگر وقتے غفلت شد تدارک آن وقت دیگر لازم است یعنی اگر وقت غفلت ہو جاوے تو دوسرے وقت میں اس کا تدارک لازم ہے۔

(۸) سوانح عمری مولوی عبداللہ صاحب ۳۶

اور فرماتے تھے تین بار الہام ہوا وللہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلا اور واسطے اللہ کے ہے اوپر لوگوں کے حج کرنا بیت اللہ کا جو طاقت رکھے طرف اس کی راہ کی اور فرماتے تھے الہام ہوا ولسوف یعطیک ربک فترضیٰ یعنی اور البتہ جلدی دے گا تجھ کو رب تیرا پھر تو خوش ہو جاوے گا اور فرماتے تھے الہام ہوا الم نشرح لک صدرک یعنی کیا نہیں کھولا ہم نے سینہ تیرا۔

وہابیو! تمہیں اس خاص پینے کی قسم ذرا انصاف سے کہنا کہ تمہارے مولوی محمد عبداللہ صاحب نے پہلے الہاموں کی ابتدا کی اس کے بعد مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کو راستہ مل گیا کہ اگر یہ الہامی سلسلہ ہو سکتا ہے جاری ہے تو نبوت بھی جاری ہو سکتی ہے

marfat.com

ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ اور ظالم کی تعریف ان لفظوں سے معلوم کرائی والظالمون هم الذين يخالفون عن امره بهم ثم لا يتوبون یعنی ظالم وہی ہیں جو اللہ تعالیٰ کے ارشادوں کی مخالفت کرتے ہیں اور باز نہیں آتے اور جن لوگوں کی صحبت اختیار کرنی چاہیئے ان کو اس مضمون کے ساتھ آگاہ کیا واصبر نفسك مع الذين يدعون ربهم بالغداوة والعشي يريدون وجهه اور فرماتے تھے کہ الہام ہوا فاذا قرأناه فاتبع قرآنه ثم ان علينا بيانه یعنی جو کچھ الہام ہوتا ہے اس کے لفظ یاد رکھ اور اس کا بیان کرنا اور تفسیر ہمارا ذمہ ہے اور فرماتے تھے الہام ہوا واما من خاف مقام ربه الاية یعنی وہ شخص کہ ڈرا اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے اور یہ الہام ہوا کہ ہمیشہ بدل خود مطالعہ کردہ باش مبادا کدورتے از ماسوی بنشیند یعنی ہمیشہ اپنے دل میں جھانکتے رہو ایسا نہ ہو کہ اللہ تعالیٰ کے سوا اور کدورت بیٹھ جاوے اور شہر دہلی میں یہ الہام ہوا ولا تمدن عينيك الى ما متعنا به ازواجا منهم زهرة الحيوة الدنيا اور مت پھیلا اپنی آنکھیں طرف ان کی کہ فائدہ دیا ہم نے ساتھ اس کے بھانت بھانت لوگوں کو زندگانی دنیا کی تازگی سے اور باغ سکندریہ میں یہ الہام ہوا قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَاَوْلَادِكَ وَاَتْبَاعِكَ قُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ یعنی کہدے اپنی بیبیوں اور اولاد اور تابعداروں کو کہ کھڑے ہو جاؤ اللہ کے لئے تابعدار ہو کر اور اس کے اخیر میں یہ الہام ہوا انا حبيبك وانيلك فلا تحزن یعنی میں تیرا مددگار ہوں تو غم نہ کھا اور یہ بھی الہام ہوا ما اودعت فی قلبك فاروه يا المومن جزء من ستة واربعين جزءا من النبوة

marfat.com

ہوا کہ فرقہ وہابیہ خداوندی ہلاکت کی زد میں پڑا ہوا ہے اور پھر کتاب اللہ کو تغیر و تبدل کرنے والا بھی فرقہ وہابیہ ہے جیسا کہ مذکور ہو چکا اللہ تعالےٰ کی طرف سے عذاب الٰہی کا مستحق بھی فرقہ وہابیہ اور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سے بھی عذاب الٰہی کا مستحق یہی فرقہ وہابیہ نجدیہ موجود ہے۔

ال عمران ۳/۸ وَاِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيْقًا يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتٰبِ لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ۔

اور بے شک بعض ان سے اپنی زبانی لکھ لیتے ہیں تاکہ تم اس کو کتاب اللہ سے یقین کرو حالانکہ وہ کتاب اللہ سے نہیں ہے اور وہ دعویٰ کرتے ہیں کہ یہ اللہ تعالےٰ کی طرف سے ہے حالانکہ وہ اللہ تعالےٰ کی طرف سے نہیں۔

اللہ تعالےٰ نے یہ وہابیوں کے الہاموں کا پول نکال دیا اور رب العزت نے واضح فرما دیا کہ یہ یہودیوں کا طریقہ ہے مسلمانوں کا نہیں ہے کیونکہ قرآن کریم مکمل کتاب ہے اس کے بعد کسی تحریر یا الہام کی ضرورت نہیں فرمان خداوندی ہے۔ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ میں نے آج دن سے تمہارے دین کو مکمل کر دیا۔

